النحو للعلوم كالضوء للنجوم

سعی الفقیر

شرح

نحو میر

ترجمہ وتشریح

فوائد وترکیبی ضوابط

نقشہ جات

تمرینی سوالات

نمونہ حل سوالات

مشکل الفاظ کی ترکیب

مؤلفہ

محمد جمیل عُفي عنہ

مدرس جامعہ اسلامیہ بحر العلوم نزد سریاب کسٹم کوئٹہ

مکتبہ محمودیہ

عبدالستار روڈ، شیرانی مارکیٹ، کوئٹہ فون: 0334-2793808

besturdubooks.wordpress.com

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
1	تقریظات	7
2	پیش لفظ	15
3	مبادی علم نحو	18
4	علم نحو کی تعریف	18
5	علم نحو کا موضوع	18
6	علم نحو کی غرض	18
7	علم نحو کا مقام و مرتبہ	18
8	علم نحو کا واضع	19
9	حالات مصنف	19
10	لفظ کی تعریف	22
11	کلمہ کی اقسام	22
12	اسم کی تعریف	22
13	فعل اور حرف کی تعریف	22
14	مرکب کی تعریف	22
15	مرکب مفید	23
16	جملہ خبریہ کی تعریف	24
17	جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی تعریف	24
18	مسند الیہ اور مسند کی تعریف	25
19	جملہ انشائیہ کی تعریف اور اقسام	27
20	جملہ خبریہ وانشائیہ کی پہچان	28
21	مرکب غیر مفید کی تعریف	30
22	مرکب تقییدی	30
23	مرکب غیر تقییدی	31
24	مرکب اضافی، مرکب توصیفی	31
25	مرکب بنائی، مرکب منع صرف، مرکب صوتی	31
26	نقشہ اقسام لفظ	34
27	مطالعہ کا طریقہ	35
28	علامات اسم	36
29	علامات فعل اور علامت حرف	37
30	معرب ومبنی کی تعریف	39
31	اسم متمکن اور اسم غیر متمکن کی تعریف	40
32	مبنی الاصل کی تعریف اور اقسام	40
33	مبنی غیر اصل کی تعریف اور اقسام	40
34	معرب کی اقسام	41
35	نقشہ اقسام معرب ومبنی	42
36	اسم غیر متمکن کی قسمیں	43
37	مضمرات	44
38	اسم ظاہر اور اسم ضمیر کی تعریف	44
39	ضمیر مرفوع، منصوب، مجرور کی تعریف	44
40	مرفوع متصل کی تعریف	44
41	مرفوع منفصل کی تعریف	45
42	منصوب متصل، منصوب منفصل کی تعریف	45

besturdubooks.wordpress.com

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر	نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
41	مجرور متصل کی تعریف	45	42	مرفوع متصل کی ضمائر	45
43	مرفوع منفصل کی ضمائر	45	44	منصوب متصل کی ضمائر	45
45	منصوب منفصل کی ضمائر	46	46	مجرور متصل کی ضمائر	46
47	ضمیر بارز کی تعریف	46	48	ضمیر مستتر کی تعریف	47
49	ضمیر دائمی اور ضمیر عارضی کی تعریف	47	50	فعل ماضی معلوم کی ترکیب	48
51	فعل ماضی مجہول کی ترکیب	50	52	فعل مضارع معلوم کی ترکیب	50
53	فعل مضارع مجہول کی ترکیب	52	54	اسم فاعل کی ترکیب	52
55	اسم مفعول کی ترکیب	53	56	مضمرات کا نقشہ	55
57	ضمائر کی گردانوں کا تفصیلی نقشہ	56	58	اسمائے اشارات	57
59	اسم اشارہ کی تعریف	57	60	اسمائے اشارات کی تعداد	57
61	اسمائے اشارات کے کلمات کے معانی	57	62	نقشہ اسمائے اشارات	58
63	اسمائے اشارات کا ترکیبی ضابطہ	59	64	اسمائے موصولات	60
65	اسم موصول کی تعریف	60	66	اسمائے موصولہ کی تعداد	60
67	اسم موصول کے کلمات کے معانی	61	68	من اور ما میں فرق	61
69	ذو کی قسمیں	61	70	ایّ اور ایّۃ کی چار حالتیں	62
71	اسمائے موصولہ کا ترکیبی ضابطہ	62	72	اسمائے افعال	64
73	اسم فعل کی تعریف اور قسمیں	64	74	اسمائے اصوات	65
75	اسم صوت کی تعریف	65	76	اسمائے ظروف	66
77	اسم ظرف کی تعریف اور قسمیں	66	78	اسمائے کنایات	67
79	اسم کنایہ کی تعریف اور قسمیں	67	80	مرکب بنائی	67
81	معرفہ اور نکرہ کی تعریف	69	82	معرفہ کی قسمیں	69
83	اعلام کی قسمیں	70	84	مذکر اور مؤنث کی تعریف	72
85	تانیث کی علامات	72	86	مؤنث قیاسی و مؤنث سماعی	73

besturdubooks.wordpress.com

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر	نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
87	مؤنث حقیقی، مؤنث لفظی	73	88	نقشہ اقسام مؤنث	75
89	واحد، مثنیٰ، مجموع	78	90	جمع لفظی، جمع معنوی	78
91	جمع تکسیر کی تعریف اور اوزان	79	92	جمع تصحیح کی تعریف اور اقسام	79
93	جمع قلت، جمع کثرت اور ان کے اوزان	79	94	تفصیلی نقشہ اقسام اسم	81
95	اعراب کی قسمیں	82	96	اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی قسمیں	83
97	مفرد منصرف صحیح کا اعراب	83	98	جاری مجریٰ صحیح کا اعراب	84
99	جمع مکسر منصرف کا اعراب	84	100	جمع مؤنث سالم کا اعراب	85
101	غیر منصرف کا اعراب	86	102	غیر منصرف و منصرف کی تعریف	86
103	منع صرف کے اسباب	87	104	اسمائے ستہ مکبرہ کی بحث اور ان کا اعراب	88
105	مثنیٰ کی تعریف	89	106	مثنیٰ اور کِلاو کِلْتا کا اعراب	90
107	اِثْنان و اِثْنَتان کا اعراب	91	108	جمع مذکر سالم کا اعراب	92
109	اُولُوْا کا اعراب	93	110	عِشْرُون تا تِسْعُوْنَ کا اعراب	93
111	اسم مقصور کا اعراب	94	112	غیر جمع مذکر سالم مضاف بیای متکلم کا اعراب	94
113	اسم منقوص کا اعراب	95	114	جمع مذکر سالم مضاف بیای متکلم کا اعراب	96
115	نقشہ اقسام اسم متمکن باعتبار اعراب	98	116	اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی قسمیں	100
117	اول: صحیح مجرد از ضمیر بارز	100	118	دوم: مفرد معتل واوی و یائی	100
119	سوم: مفرد معتل الفی	100	120	چہارم: صحیح یا معتل با ضمائر و نونہائے مذکورہ	101
121	فعل مضارع کا اعراب پہچاننے کا طریقہ	102	122	نقشہ اقسام فعل مضارع باعتبار اعراب	104
123	عوامل کی بحث کا مختصر خلاصہ	105	124	عوامل کا نقشہ	109
125	معمولات کی بحث کا مختصر خلاصہ اور نقشہ	110	126	**باب اول در حروف عاملہ**	111
127	فصل اول درحروف عاملہ دراسم	111	128	حروف جرّ	111
129	ظرف حقیقی اور ظرف مجازی کی تعریف	112	130	ظرف لغو کی تعریف	112
131	ظرف مستقر کی تعریف	113	132	حروف مشبہ بالفعل	115

besturdubooks.wordpress.com

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر	نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
133	إنَّ اور أنَّ میں فرق اور إنَّ اور أنَّ کے مواضع	116	134	ما و لا مشبہتان بلیس	119
135	ما اور لا میں فرق	119	136	لائے نفی جنس	120
137	لائے نفی جنس کے اسم کی مختلف صورتیں	120	138	اعراب کے اعتبار سے منادی کی قسمیں	123
139	حروف نداء	123	140	فصل دوم در حروف عاملہ در مضارع	127
141	حروف ناصبہ	127	142	حروف جازمہ	131
143	نقشہ حروف عاملہ	136	144	**باب دوم در عمل افعال**	137
145	فعل لازمی اور فعل متعدی کی تعریف	137	146	فعل معلوم کی تعریف	137
147	فعل مجہول کی تعریف	138	148	فعل لازمی فعل متعدی اور فعل مجہول کا عمل	138
149	فاعل	140	150	مفعول مطلق	140
151	مفعول فیہ	140	152	مفعول معہ	140
153	مفعول لہ	141	154	حال	141
155	تمیز	142	156	مفعول بہ	143
157	فاعل کی قسمیں	145	158	مؤنث کی قسمیں	145
159	فعل کو مذکر اور مؤنث لانے کی مختلف صورتیں	146	160	فعل مجہول کا عمل	148
161	مفعول کے اعتبار سے فعل متعدی کی قسمیں	150	162	افعال قلوب	151
163	افعال ناقصہ	153	164	افعال مقاربہ	155
165	افعال مدح وذم	158	166	افعال تعجب	161
167	نقشہ افعال عاملہ	163	168	**باب سوم در عمل اسمائے عاملہ**	164
169	اسمائے شرطیہ	164	170	اسمائے افعال بمعنی ماضی	166
171	اسمائے افعال بمعنی امر حاضر	166	172	اسم فاعل	168
173	اسم مفعول	171	174	نقشہ اقسام اسم مفعول	173
175	صفت مشبہ	174	176	اسم تفضیل	176
177	اسم مصدر	177	178	اسم مضاف	178

besturdubooks.wordpress.com

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر	نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
179	اسم تام	180	180	اسمائے کنایہ از عدد	180
181	نقشہ اسمائے عاملہ	183	182	**قسم دوم در عوامل معنوی**	184
183	اول ابتداء	184	184	دوم خلو	185
185	**خاتمہ در فوائد متفرقہ**	187	186	فصل اول در توابع	187
187	تابع کی تعریف	187	188	تابع کا حکم	188
189	صفت	188	190	تاکید	190
191	بدل	194	192	عطف بحرف اور عطف بیان	195
193	نقشہ توابع	198	194	فصل دوم در بیان منصرف وغیر منصرف	199
195	فوائد ضروریہ	199	196	فصل سوم در حروف غیر عاملہ	202
197	حروف تنبیہ	203	198	حروف ایجاب	203
199	حروف تفسیر	204	200	حروف مصدریہ	204
201	حروف تحضیض	205	202	حرف توقع	205
203	حروف استفہام	205	204	حرف ردع	206
205	تنوین	206	206	نون تاکید	208
207	حروف زیادت	208	208	حروف شرط	209
209	لولا	209	210	لام مفتوحہ	210
211	ما بمعنی مادام	210	212	حروف عطف	210
213	**بحث مستثنیٰ**	212	214	مستثنیٰ کی تعریف	212
215	مستثنیٰ کا حکم	213	216	مستثنیٰ متصل و مستثنیٰ منقطع	213
217	مستثنیٰ مفرغ و مستثنیٰ غیر مفرغ	213	218	کلام موجب وغیر موجب	213
219	مستثنیٰ کا اعراب	215	220	لفظ غیر کا اعراب	217
221	**خلاصہ نحومیر**	220	222	**مشکل الفاظ کی ترکیب**	223

besturdubooks.wordpress.com

انتساب

میں اس کاوش کو اپنے مرشد و مربی، ولی کامل، رأس الاتقیاء

شیخ طریقت حضرت **مولانا پیر ذوالفقار احمد صاحب** نقشبندی

زید مجدہم

اور

اپنے والدین و تمام اساتذہ کرام

کی طرف منسوب کرتا ہوں، جن کی محنت، محبت و شفقت اور مقبول دعاؤں کی برکت سے بندہ کو تعلیم، تدریس اور تالیف کی توفیق نصیب ہوئی۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فہرست تقریظات

نمبر شمار	تقریظ	صفحہ نمبر
1	حضرت مولانا ڈاکٹر منظور مینگل صاحب :استاد الحدیث جامعہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی کراچی	8
2	حضرت مولانا عزیز الرحمٰن صاحب:استاد الحدیث جامعہ دار العلوم کراچی	9
3	حضرت مولانا قاضی حمید اللہ خان صاحب: مہتمم وشیخ الحدیث جامعہ انوار العلوم شیرانوالہ باغ گوجرانولہ	10
4	حضرت مولانا فیض الرحمٰن صاحب:مدرس جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ	10
5	حضرت مولانا محمد حسن صاحب:مدرس جامعہ محمدیہ لیک روڈ نمبر ۴، چوبرجی لاہور	11
6	حضرت مولانا مفتی حمید اللہ جان صاحب: رئیس دار الافتاء واستاد الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور	12
7	حضرت مولانا حبیب اللہ صاحب نقشبندی: شیخ الحدیث معہد الفقیر الاسلامی جھنگ	13
8	حضرت مولانا محمد نعیم خان صاحب: خطیب جامع مسجد عثمان غنی کھائیگلہ راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر	14

besturdubooks.wordpress.com

☆ تقریظ ☆

مناظر اسلام حضرت مولانا ڈاکٹر منظور احمد مینگل صاحب دامت برکاتہم العالیہ

استاذ الحدیث جامعہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی کراچی ورئیس جامعہ صدیقیہ کراچی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِوَلِیِّہٖ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَصَفِیِّہٖ

امابعد! علم نحو کی افادیت اور اہمیت کسی صاحب علم اور ذی شعور پر مخفی نہیں ہے۔صدیوں سے یہ علم مخدوم آرہا ہے، ان گنت حضرات نے اس بحر زخار میں غوطہ زنی کی ہے، اور اس کے لعل وجواہر سے خود بھی مستفید ہوئے ہیں اور دوسروں کے قلوب کو بھی اس سے منور کیا ہے۔سیّد شریف علی بن محمد جرجانی رحمہ اللہ کی ''نحومیر'' بھی اسی سلسلہ کی ایک مضبوط کڑی ہے، خاص طور پر برصغیر میں ''نحومیر'' کو اللہ تعالیٰ نے بہت مقبولیت بخشی، اور بیسیوں علمائے کرام نے اس کی خدمت کیلئے خامہ فرسائی فرمائی ہے، اور اسے سہل اور دلنشین انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔

مولانا محمد جمیل صاحب مدظلہٗ فاضل دارالعلوم کراچی نے بھی علم نحو کی شہرۂ آفاق کتاب کی ''سعی الفقیر شرح نحومیر'' کے نام سے تسہیل وتشریح فرمائی ہے۔مولانا موصوف نے بنیادی قواعد، ضروری تمارین اور عملی اجراء کے ذریعے اس کتاب کی مباحث کو ذہن نشین کرانے کی مفید کوشش کی ہے، جو بہت مبارک اور قابل صد تحسین ہے۔

اپنی مصروفیات اور مشاغل کی کثرت کی بناپر میں اس پر تفصیل سے تو نظر نہ ڈال سکا، تاہم اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کاوش کو طلبہ اور مدرسین کی استعداد میں اضافہ کا سبب بنائے اور اسے قبولیت سے سرفراز فرماکر مؤلف کیلئے ذخیرۂ آخرت بنائے، آمین۔

منظور احمد عفی عنہ

besturdubooks.wordpress.com

☆ تقریظ ☆

حضرت مولانا عزیز الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ

استاذ الحدیث جامعہ دار العلوم کراچی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم　　نحمدہٗ ونُصَلِّي علٰی رسُولِہِ الکَرِیم

مولانا محمد جمیل صاحب کی یہ تصنیف جو نحو کی مشہور ابتدائی کتاب ''نحو میر'' کی تشریح وتوضیح پر مشتمل ہے، احقر نے سرسری طور پر اس کا جائزہ لیا۔ ماشاء اللہ مولوی صاحب نے قواعد کی تفہیم وتسہیل کیلئے دقیقہ رسی کے ساتھ عمدہ کام کیا ہے، خاص طور پر ہر بحث کی تکمیل پر تمرین کا مستقل عنوان قائم کر کے اجراء کا طریقہ بھی سکھایا ہے۔

مولائے کریم موصوف کی اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے، اور یہ سعی جمیل مدارس دینیہ کے طلبہ کیلئے علم النحو سے مناسبت اور اس کے نتیجے میں عربی عبارت کی درست خواندگی کی صلاحیت کے حصول کا کامیاب وسیلہ بنائے، آمین۔

العبد عزیز الرحمٰن　استاذ جامعہ دار العلوم کراچی

۱۵ رمضان المبارک ۱۴۳۲ھ

besturdubooks.wordpress.com

☆ تقریظ ☆

ماہرِ فنون حضرت مولانا فیض الرحمٰن صاحب مدّ ظلہٗ العالی

مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ   نحمدہٗ ونُصَلِّی علٰی رَسُوْلِہِ الکَرِیْم ط

برادرم مولانا محمد جمیل صاحب کی تصنیفی کاوش بنام "سعی الفقیر" اردو شرح نحو میر کو انتہائی غور وخوض کے ساتھ اوّل سے لے کر آخر تک مطالعہ کیا۔ انتہائی آسان فہم، پر مغز اور علمی نکات سے بھرا ہوا پایا۔ خصوصاً تمارین اور اس کے حل کا جو انداز ہے، شاید اپنی مثال آپ ہے۔

مزید برآں مولوی حبیب الرحمٰن صاحب نے قواعد وضوابط کے مطابق کمپوزنگ کر کے حسنِ ظاہری سے بھی مالا مال بنایا۔

اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ

فیض الرحمٰن حقانی

مدرس جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک (نوشہرہ)

☆ تقریظ ☆

جامع المعقول والمنقول حضرت مولانا قاضی حمید اللہ خان صاحب رحمہ اللہ

مہتمم وشیخ الحدیث جامعہ انوار العلوم شیرانوالہ باغ گوجرانوالہ

التقریظ صواب وصاحب التقریظ مصیبٌ فی رأیہٖ

خویدم حمید اللہ عفی عنہ

besturdubooks.wordpress.com

☆ تقریظ ☆

امام الصرف والنحو حضرت مولانا محمد حسن صاحب دامت برکاتہم العالیہ

مدرس جامعہ محمدیہ لیک روڈ نمبر ۴ چوبرجی لاہور

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم   نحمدہٗ ونُصَلّی علٰی رسُولِہِ الکَرِیم ط

اللہ ربّ ذوالجلال کا بہت بڑا احسان وفضل ہے کہ انہوں نے اپنے دین مبین کی حفاظت کا ذمہ خود لیا ہے، جیسے ارشادِ ربانی ہے "اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ" اور عالم اسباب میں اس کی حفاظت کا یوں انتظام فرمایا ہے کہ اہل حق کی ایک جماعت کو چن لیا ہے جو قیامت کی صبح تک دین حق کے تمام شعبوں کی پاسداری کا فریضہ سرانجام دیتی رہے گی۔

انہی خوش نصیب ہستیوں میں سے ہمارے نیک مخلص استاد حضرت مولانا محمد جمیل صاحب دامت برکاتہم العالیہ ہیں، جنہوں نے بڑی محبت اور محنت سے دینی مدارس میں مبتدی طلباء کرام کو پڑھائی جانے والی مقبول عند اللہ کتاب "نحو میر" کی ایسی عمدہ اور بہترین شرح لکھی ہے، جس کا مطالعہ مبتدی اور منتہی طلباء کرام اور معلمین کیلئے مفید ہوگا۔

اللہ پاک کی بارگاہ میں التجاء ہے کہ وہ حضرت استاد کی اس نیک کاوش کو قبول فرمائے اور ذخیرۂ آخرت بنادے، آمین۔

محتاجِ دعا

محمد حسن عفی عنہ

besturdubooks.wordpress.com

☆ تقریظ ☆

حضرت مولانا مفتی حمید اللہ جان صاحب دامت برکاتہم العالیہ

رئیس دار الافتاء، واستاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ، فیروز پور روڈ لاہور

بسْمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيْمِ نحمده ونُصَلّي على رَسُولِهِ الكَرِيم

بعونہ تعالیٰ "سعی الفقیر شرح نحومیر" کے بعض مباحث کا مطالعہ کیا۔ عزیز القدر مولانا محمد جمیل صاحب نے مجموعی لحاظ سے بہترین محنت کر کے نحومیر کی وضاحت وتشریح میں کامیاب سعی کی ہے، جو کہ باعث تحریک ہے۔

اللہ کریم ان کی اس محنت کو قبول فرما کر مزید دینی خدمات کی توفیق سے نواز دے،، آمین ثم آمین۔ فقط

حمید اللہ جان عفی عنہ خادم الحدیث والافتاء

جامعہ اشرفیہ لاہور

۹ شعبان المعظم ۱۴۳۲ھ

besturdubooks.wordpress.com

☆ تقریظ ☆

حضرت مولانا حبیب اللہ صاحب نقشبندی مجددی شیخ الحدیث معہد الفقیر الاسلامی جھنگ

خلیفہ مجاز پیر کامل حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد صاحب نقشبندی مجددی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

امت محمدیہ جن خصوصیات کی بناء پر باقی امتوں سے ممتاز ہے ان میں سے ایک کثرت تصنیف وتالیف بھی ہے۔ ایک ایک موضوع پر بیسیوں نہیں بلکہ سینکڑوں کتب کی تصانیف، اس امت کی خصوصیت ہے۔

نحو کے موضوع پر لکھے گئے ایک چھوٹے سے رسالے ''نحو میر'' کی جس کثرت سے شروحات لکھی گئی ہیں، عقل کو حیران کرنے کیلئے یہی کافی ہے۔

ویسے تو ''نحو میر'' پر علمی دنیا میں بہت کچھ لکھا گیا ہے، تاہم برادر مکرم حضرت مولانا محمد جمیل صاحب زید مجدہ کی لکھی گئی شرح ''سعی الفقیر'' کو بعض مقامات سے دیکھا تو اپنے ناقص فہم کی بناء پر بعض پہلوؤں سے بے مثل پایا۔

امید کی جاتی ہے کہ طلبہ اور اساتذہ، سب کیلئے مفید ثابت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مؤلف موصوف کی اس سعی کو شرف قبولیت سے نوازے، اور اہل علم کے لئے نافع بنادے۔ ''آمین ثم آمین''

کتبہ: حبیب اللہ نقشبندی مجددی

معہد الفقیر الاسلامی جھنگ

besturdubooks.wordpress.com

☆ تقریظ ☆

حضرت مولانا محمد نعیم خان صاحب خطیب جامع مسجد عثمان غنی

کھائیگلہ راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم نحمدہٗ ونُصَلِّی علٰی رسُولِہِ الکَرِیم

سعی الفقیر شرح نحومیر جس کو مولانا محمد جمیل صاحب مدظلہٗ نے تالیف کیا ہے، مختلف مقامات سے پڑھنے کا موقع ملا ہے۔ ماشاء اللہ مولانا نے بڑی محنت اور کاوش سے کام کیا ہے، جو کہ بالکل آسان اور دلچسپ ہے۔ حلِ کتاب اور مشکل مقامات کو احسن طریقہ سے بیان کیا ہے، خصوصاً نقوش کی مدد سے طلبہ کیلئے مزید آسانیاں پیدا کر دی ہیں۔

اللہ تعالیٰ مولانا کی سعی کو قبول فرمائیں، اور امت کو اس مستفیض ہونے کی توفیق نصیب فرمائیں، آمین۔

العبد الضعیف محمد نعیم خان خطیب جامع مسجد عثمان غنی
کھائیگلہ راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر

۲۹/۷/۲۰۱۱

besturdubooks.wordpress.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

کتاب الٰہی اور سنت نبویہ علی صاحبہا الف تحیۃ وسلام کو کما حقہ سمجھنے کیلئے مختلف علوم وفنون کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان تمام علوم آلیہ میں علم نحو اور علم صرف بنیادی حیثیت رکھتے ہیں، خاص کر علم نحو، جو ابتداء ہی سے ارباب علم وفن کا منظورِ نظر چلا آ رہا ہے۔ ہر زمانے میں علماء نے درساً، تالیفاً، شرحاً غرض ہر اعتبار سے اس فن کی آبیاری کی ہے۔ سینکڑوں کتب میں یہ علم سمویا ہوا ہے، انہی کتب میں سے ایک کتاب ''نحومیر'' ہے جو برسہا برس سے مبتدی طلباء کو پڑھایا جاتا ہے، اور برصغیر پاک وہند کے تقریباً تمام مدارس میں داخل نصاب ہے۔

بندہ ناچیز کو کئی بار یہ کتاب پڑھانے کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ اور چند سالوں سے شعبان، رمضان کی تعطیلات میں مدرسہ نعمانیہ لورالائی میں دورہ نحو وصرف پڑھانے کی توفیق بھی حاصل ہو رہی ہے۔ دورانِ درس طلباء سے اسباق لکھواتا رہا، چنانچہ ایک مسودہ تیار ہوا جس سے طلباء فوٹو اسٹیٹ کروا کے استفادہ کرتے رہے، بعض مخلص احباب اصرار کرتے رہے کہ اگر اس مسودہ کو طبع کرا کے باقاعدہ کتابی شکل دی جائے، تو معلّمین اور متعلّمین کیلئے اس سے مستفید ہونے میں سہولت رہے گی۔ مگر بندہ اس میدان میں اپنی کم مائیگی کو دیکھتے ہوئے ہمت نہیں کر سکا۔

اسی اثناء میں ماہر علوم وفنون متعدد شروحات کے مؤلف حضرت مولانا فیض الرحمٰن صاحب (استاد جامعہ حقانیہ، اکوڑہ خٹک) لورالائی تشریف لائے، تو اپنے شاگرد مولوی عبدالواحد صاحب حمزہ زئی کے ہمراہ ہمارے ہاں بھی تشریف فرما ہوئے۔ چنانچہ مولوی عبدالواحد صاحب نے یہ مسودہ حضرت کو دکھایا، مسودہ کو دیکھ کر حضرت نے اپنے تعاون کی یقین دہانی فرماتے ہوئے مشورہ دیا کہ اگر اس کو جامع کتاب کی شکل دے کر طبع کیا جائے، تو مدرسین اور طلباء کیلئے مفید ثابت ہوگا۔ حضرت کی حوصلہ افزائی فرمانے کے بعد بندہ کو ہمت ہوئی، اور آج یہ مسودہ زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

خصوصیات:

☆ سب سے پہلے نحومیر کا متن ذکر کر کے اس کا لفظی ترجمہ کیا گیا ہے۔

☆ اس کے بعد مصنفؒ کی عبارت کی دلنشین تشریح کر دی گئی ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

☆ اس کے بعد بحث سے متعلقہ ضروری فوائد، ترکیبی ضوابط کو ذکر کیا گیا ہے، نیز مثالوں کی ترکیب کی گئی ہے۔

☆ ہر بحث کے آخر میں "**تمرینی سوالات**" کے عنوان سے اجراء کیلئے 15 مثالیں ذکر کی گئی ہیں۔ کل 31 اجزاء ہیں، جن میں 465 مثالوں کو ذکر کیا گیا ہے، جو اکثر قرآن مجید سے ماخوذ ہیں۔

☆ سوالات کے بعد "**نمونۂ حلِ سوالات**" کے عنوان سے 3 سوالوں کو حل کر کے اجراء کا طریقہ بتایا گیا ہے، کل 93 مثالوں کو حل کر دیا گیا ہے۔

☆ ہر بحث کے آخر میں بحث کو نقشے کی مدد سے سمجھایا گیا ہے۔

☆ حروف عاملہ، افعال عاملہ اور اسمائے عاملہ کی بحث سے پہلے تمام 100 عوامل، اور ان کے معمولات کا مختصر جائزہ لیا گیا ہے، جو آئندہ تین ابواب میں بیان کردہ ابحاث کے سمجھنے کیلئے مُمد ومعاون رہے گا۔

☆ کتاب کے آخر میں پوری نحو میر کا خلاصہ پیش کر دیا گیا ہے۔

☆ اور اس کے بعد 50 مشکل اور کثیر الوقوع الفاظ کی ترکیب پیش کر دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

اظہارِ تشکر

اس موقع پر اولاً میں اپنے محسن حضرت مولانا فیض الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ (استاد جامعہ حقانیہ، اکوڑہ خٹک) کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جن کی تحریک وتعاون سے بندہ کو تصنیف کی ہمت ہوئی، اور جنہوں نے مسودہ پر نظر ثانی فرما کر اصلاح کی حتی الوسع کوشش کی۔

ثانیاً اپنے ان عظیم اساتذہ کرام اور اکابرین عظام دامت فیوضھم العالیہ کا انتہائی شکر گذار ہوں، جنہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود خصوصی عنایت فرماتے ہوئے اپنی مبارک آراء لکھ کر بندہ کی حوصلہ افزائی فرمائی۔

ثالثاً عزیزم مولوی حبیب الرحمٰن سلمہ اللہ کا انتہائی شکر گذار ہوں، جنہوں نے کانٹ چھانٹ کی کلفت برداشت کی، اور کمپوزنگ کا مشکل مرحلہ بحسن وخوبی سرانجام دیا۔

رابطاً ان تمام احباب کا ممنون ہوں، جنہوں نے اس شرح کی تیاری میں کسی بھی طرح کا تعاون فرمایا ہو۔ خاص کر برادرم مفتی زین الدین صاحب مدرس جامعہ بحر العلوم کوئٹہ کا، جنہوں نے نحو میر کے ترجمہ میں تعاون کیا ہے۔

آخری گذارش یہ ہے کہ انسان خطاء ونسیان کا مجموعہ ہے، کتاب میں بندہ سے غلطیاں یقیناً ہوئی ہونگی، تمام احباب سے التجاء ہے کہ اگر کہیں قابل اصلاح غلطی نظر آجائے تو بندہ کو ضرور مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کی جاسکے۔

نوٹ: چونکہ یہ شرح ان مباحث پر مشتمل ہے جو دورۂ نحو کے دوران پڑھائے جاتے ہیں، جس میں اکثر منتہی طلباء یا وہ طلباء شامل ہوتے ہیں جنہوں نے کم ازکم درجہ اولی پڑھا ہوا ہوتا ہے۔ لھذا مدرسین حضرات سے گذارش ہے کہ نحو میر پڑھانے کے دوران ان تمام مباحث کو پڑھانا کوئی ضروری نہیں ہے۔ طلباء کی استعداد کے مطابق ضروری مباحث پڑھائے جائیں تو بہتر ہے۔

محمد جمیل عفی عنہ

فاضل جامعہ دار العلوم کراچی

و مدرس جامعہ اسلامیہ بحر العلوم نزد سریاب کسٹم کوئٹہ

besturdubooks.wordpress.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم ۔نَحمدهٗ وَنُصَلِّی عَلیٰ رَسُوْلِهِ الْکَرِیْم۔

مبادی علم نحو

ہر علم کے شروع کرنے سے پہلے چند چیزوں کا جاننا ضروری ہے۔(1)تعریف علم (2)موضوع علم (3)غرض علم (4)مقام علم (5)واضع علم (6)حالات مصنف

علم نحو بھی ایک عظیم علم ہے جس کے شروع کرنے سے پہلے بھی مذکورہ بالا اُمور کا جاننا ضروری ہے۔

علم نحو کی تعریف:

نحو کا مشہور لغوی معنی ہے "قصد کرنا" اور اصطلاحی تعریف یہ ہے "اَلنَّحْوُ عِلْمٌ بِاُصُوْلٍ یُعْرَفُ بِهَا اَحْوَالُ اَوَاخِرِ الْکَلِمِ الثَّلَاثِ مِنْ حَیْثُ الْاِعْرَابِ وَالْبِنَاءِ وَکَیْفِیَّةُ تَرْکِیْبِ بَعْضِهَا مَعَ بَعْضٍ" یعنی علم نحو چند ایسے قوانین کا نام ہے جن کے ذریعے تین کلموں (اسم، فعل، حرف) کے آخر کے احوال کو معرب اور مبنی ہونے کے اعتبار سے معلوم کیا جائے اور ان میں سے بعض کلموں کو بعض کے ساتھ ملانے کا صحیح طریقہ معلوم کیا جائے۔

علم نحو کا موضوع:

"الکلمة والکلام" یعنی علم نحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہے۔

علم نحو کی غرض:

"صیانة الذهن عن الخطأ اللفظی فی کلام العرب" یعنی ذہن کو کلام عربی میں لفظی غلطی سے بچانا

علم نحو کا مقام و مرتبہ:

(1) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے "تعلّموا النحو کما تعلمون السنن والفرائض" (علم نحو سیکھو جیسا کہ تم سنن اور فرائض کو سیکھتے ہو)

(2) صاحب مفتاح فرماتے ہیں کہ "علم نحو کا حاصل کرنا فرض کفایہ ہے"

(3) ایوب سجستانی کا قول ہے "تعلّموا النحو فانّهٗ جمالٌ للوضیع وترکهٗ هجنةٌ للشریف" (نحو سیکھو اسلئے کہ یہ گھٹیا شخص کے لئے باعث جمال ہے اور شریف شخص کے لئے اس کا ترک کرنا باعث عیب ہے)

besturdubooks.wordpress.com

علم نحو کی عظمت اور ضرورت کا اندازہ درج ذیل اقوال سے بھی ہوتا ہے۔ النحو فی ا لکلام کالملح فی الطعام.

الصرف امّ العلوم والنحو ابوھا. النحو للعلوم کالضوء للنجوم. النحو فی الکلام کالضوء فی الظلام.

علم نحو کا واضع:

علم نحو کے واضع کے بارے میں تین اقوال ہیں۔

(1) علم نحو کا واضع حضرت علی رضی اللہ عنہ ہے۔ (2) ابوالاسود دؤلیؒ ہے۔ (3) بحیثیت آمر حضرت عمرؓ اور بحیثیت مأ مور ابوالاسود دؤلی رحمہ اللہ علم نحو کا واضع ہے۔

حالات مصنفؒ:

نام ونسب:

مصنف کا نام علی، کنیت ابوالحسن، لقب زین الدین، والد کا نام محمد اور دادا کا نام علی ہے۔ آپ جرجان کے سادات خاندان کے ساتھ تعلق رکھتے تھے، اسی تعلق کی وجہ سے آپ سید شریف اور سید سند کے لقب سے مشہور ہوئے۔ آپ کو میر بھی کہا جاتا ہے، میر اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپ کی بہت سے کتابوں کے مروجہ نام لفظ میر پر ہیں، مثلاً نحو میر، صرف میر، میر قطبی، میر ایسا غوجی وغیرہ۔

سنہ پیدائش:

آپؒ ۲۲ شعبان المعظم ۷۴۰ھ میں جرجان میں پیدا ہوئے، اسی لئے آپ کو جرجانی کہا جاتا ہے۔

تفتازانی اور جرجانی کے باہمی مناظرے:

مصنفؒ نے شیراز میں سکونت اختیار کی، جب تیمور لنگ کا ۷۸۹ھ میں شیراز پر تسلط ہوا تو انہوں نے مصنفؒ کا بڑا اکرام واعزاز کیا اور اپنے ساتھ چلنے کی درخواست کی، مصنفؒ درخواست قبول کرتے ہوئے تیمور لنگ کے ساتھ سمرقند چلے گئے، اور وہاں پر درس وتدریس کا سلسلہ جاری رکھا۔ جب تیمور لنگ کی وفات ہوگئی تو مصنفؒ شیراز واپس تشریف لائے۔

صاحب مختصر المعانی علامہ تفتازانیؒ بھی تیمور لنگ کے پاس رہا کرتے تھے، سید شریفؒ اور علامہ تفتازانیؒ کا اکثر آپس میں بحث ومباحثہ اور مناظرہ ہوتا رہتا تھا، اور ہر ایک یہ کوشش کرتا کہ دوسرے کو شکست دے لیکن ایک دوسرے کو شکست نہ دے سکے۔ تیمور لنگ کہا کرتا تھا کہ یہ دونوں علم میں برابر ہیں لیکن نسبی شرافت کی وجہ سے سید شریف افضل ہیں۔ اسی وجہ سے ان کا بڑا اکرام کرتا تھا۔ کسی مسئلے میں سید شریفؒ اور علامہ تفتازانیؒ کا مناظرہ ہوا ثالث نے سید شریف کے حق میں فیصلہ دیا اسی غم کی وجہ سے علامہ تفتازانیؒ کی وفات ہوگئی۔

besturdubooks.wordpress.com

وفات :

مصنفؒ ۷۶ سال کی عمر میں ۶ ربیع الاول ۸۱۶ھ بروز چہار شنبہ، شیراز میں وفات پا گئے۔

اساتذہ کرام :

علوم دینیہ میں استاد علامۃ الدھر اکمل الدین محمد بن محمود البابرتی تھے۔ اور علوم عقلیہ میں استاد علامہ مبارک شاہ مصری تھے۔

تصنیفات :

مصنفؒ انتہائی فہیم اور ذکی تھے، نوعمری ہی میں بعض کتابیں تالیف فرمائیں۔ اور ان کی تصنیفات 50 سے متجاوز ہیں، جن میں سے چند یہ ہیں (۱) ترجمہ قرآن فارسی زبان میں (۲) حاشیہ بیضاوی (۳) حاشیہ مشکوٰۃ شریف (۴) حاشیہ ھدایہ (۵) حاشیہ مطول (۶) نحومیر (۷) شریفیہ شرح سراجی (۸) شریفیہ شرح کافیہ (۹) شریفیہ فی فن المناظرہ وغیرہ۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

بسم اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيم

اَلحَمدُ لِلّٰهِ رَبِّ العٰلَمِينَ وَالعَاقِبَةُ لِلمُتَّقِينَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلامُ عَلٰى خَيرِ خَلقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجمَعِينَ ط

امابعد بدان اَرشَدَکَ اللّٰہ تعالٰی کہ این مختصریست مضبوط درعلم نحو کہ مبتدی را بعد حفظ مفردات لغت ومعرفت اشتقاق وضبط مہمات تصریف بآسانی بکیفیت ترکیب عربی راہ نماید وبزودی درمعرفت اعراب وبناوسواد خواندن توانائی وہد بِتَوفِیقِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَعَونِہٖ

ترجمہ:..... شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کے پالنے والے ہیں، اور اچھا انجام پرہیز گاروں کیلئے ہے، اور رحمت اور سلامتی ہو اللہ کی مخلوق میں سے سب سے بہتر پر جو محمد ﷺ ہیں، اور ان کی تمام آل پر۔

امابعد: تو جان، اللہ تعالی تیری رہنمائی کرے، کہ یہ ایک مختصر رسالہ ہے جو لکھا گیا ہے علم نحو میں، جو مبتدی کو لغت کے مفردات یاد کرنے کے بعد اور اشتقاق کو پہچاننے کے بعد اور علم صرف کی ضروری چیزیں یاد کرنے کے بعد آسانی کے ساتھ عربی ترکیب کی کیفیت کی راہ دکھلاتا ہے۔ اور بہت جلدی معرب ومبنی کو پہچاننے میں اور عبارت صحیح پڑھنے میں توانائی دیتا ہے، اللہ تعالی کی توفیق اور اس کی مدد سے۔

فصل: بدانکہ لفظ مستعمل درسخن عرب بردوقسم است مفرد ومرکب، مفرد لفظی باشد تنہا کہ دلالت کند بریک معنی، وآن را کلمہ گویند، وکلمہ برسہ قسم است، اسم چون رَجُلٌ، وفعل چون ضَـرَبَ، وحرف چون هَـلْ، چنانکہ در تصریف معلوم شدہ است، امامرکب لفظی باشد کہ از دوکلمہ یا بیشتر حاصل شدہ باشد، ومرکب بردوگونہ است مفید وغیر مفید، مفید آنست کہ چون قائل برآن سکوت کند سامع را خبری یا طلبی معلوم شود، وآنرا جملہ گویند وکلام نیز، پس جملہ بردوقسم است خبریہ وانشائیہ۔

ترجمہ فصل: تو جان کہ استعمال شدہ لفظ عربی زبان میں دو قسم پر ہے، مفرد اور مرکب۔ مفرد وہ اکیلا لفظ ہے جو ایک معنی پر دلالت کرے، اور اس (مفرد) کو کلمہ (بھی) کہتے ہیں۔ اور کلمہ تین قسم پر ہے، اسم جیسا کہ رَجُلٌ (ایک مرد) اور فعل جیسا کہ ضَرَبَ (ایک مرد نے مارا) اور حرف جیسا کہ هَلْ (کیا) جیسا کہ علم صرف میں معلوم ہو چکا ہے۔ بہر حال مرکب وہ لفظ ہے جو دو کلموں یا زیادہ سے حاصل ہوا ہو۔ اور مرکب دو قسم پر ہے مفید اور غیر مفید، مفید وہ (مرکب) ہے کہ جب کہنے والا اس پر خاموش ہو جائے تو سننے والا کو کوئی خبر یا طلب معلوم ہو جائے۔ اور اس (مرکب مفید) کو جملہ کہتے ہیں اور کلام بھی۔ اور جملہ دو قسم پر ہے، جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ۔

besturdubooks.wordpress.com

تشریح: اس فصل میں مصنف رحمہ اللہ لفظ کی تعریف و تقسیم بیان کرتے ہیں۔

لفظ کی تعریف: لفظ کا لغوی معنی ہے "پھینکنا اور ڈالنا" اور اصطلاح میں لفظ اس بامعنی یا بے معنی آواز کو کہتے ہیں، جو انسان کے منہ سے نکلے۔

پھر لفظ کی دو قسمیں ہیں (۱) موضوع (۲) مہمل

موضوع: اگر لفظ کوئی معنی رکھتا ہو تو اسے موضوع اور مستعمل کہتے ہیں۔ جیسے ماءٌ (پانی) خُبزٌ (روٹی)

مہمل: اور اگر لفظ کوئی معنی نہ رکھتا ہو تو اس کو مہمل اور غیر مستعمل کہتے ہیں۔ جیسے اردو زبان میں پانی کے ساتھ وانی اور روٹی کے ساتھ شوٹی کہتے ہیں، یا عربی زبان میں دیز جو زید کا عکس ہے۔

پھر لفظ موضوع کی دو قسمیں ہیں (۱) مفرد (۲) مرکب

(1) مفرد: مفرد کا لغوی معنی ہے "تنہا کیا ہوا" اور اصطلاح میں مفرد اس اکیلے لفظ کو کہا جاتا ہے جو ایک معنی پر دلالت کرے۔ جیسے رَجُلٌ (آدمی) فرسٌ (گھوڑا) مفرد کا دوسرا نام کلمہ ہے۔

کلمہ کی اقسام: کلمہ کی تین قسمیں ہیں (۱) اسم (۲) فعل (۳) حرف

(۱) اسم: اسم کا لغوی معنی ہے "بلندی" اور اصطلاح میں اسم اس کلمہ کو کہا جاتا ہے جو مستقل معنی پر دلالت کرے، یعنی اپنے معنی پر دلالت کرنے میں کسی دوسرے کلمے کا محتاج نہ ہو، اور تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ اس میں نہ پایا جائے۔ جیسے رَجُلٌ.

فائدہ: زمانے کل تین ہیں (۱) ماضی (۲) حال (۳) استقبال

ماضی: گذرے ہوئے زمانے کو کہتے ہیں۔ حال: موجودہ زمانے کو کہتے ہیں۔ استقبال: آئندہ زمانے کو کہتے ہیں۔

(۲) فعل: فعل کا لغوی معنی ہے "کام" اور اصطلاح میں فعل اس کلمہ کو کہا جاتا ہے جو مستقل معنی پر دلالت کرے، یعنی اپنے معنی پر دلالت کرنے میں کسی دوسرے کلمے کا محتاج نہ ہو، اور تین زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ اس میں پایا جائے۔ جیسے ضَرَبَ۔

(۳) حرف: حرف کا لغوی معنی ہے "طرف اور کنارہ" اور اصطلاح میں حرف اس کلمے کو کہا جاتا ہے جو مستقل معنی پر دلالت نہ کرے یعنی اپنے معنی پر دلالت کرنے میں کسی دوسرے کلمے کا محتاج ہو۔ اور تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ اس میں نہ پایا جائے۔ جیسے هَلْ، مِنْ، اِلٰی

(2) مرکب: مرکب وہ لفظ ہے جو دو یا دو سے زیادہ کلموں سے مل کر بنا ہو۔

پھر مرکب کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) مفید (۲) غیر مفید

besturdubooks.wordpress.com

مرکب مفید: مرکب مفید ایسے مرکب کو کہتے ہیں کہ جب اس کا بولنے والا اس کو بول کر خاموش ہو جائے تو سننے والے کو کسی بات کی خبر یا کسی چیز کی طلب معلوم ہو۔ خبر کی مثال، جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ طلب کی مثال، جیسے اِیْتِ بِالْمَاءِ.

مرکب مفید کو جملہ، کلام، مرکب اسنادی، مرکب تام اور اسنادِ تام بھی کہتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

درج ذیل الفاظ میں کون کون سے مفرد اور کون سے مرکب ہیں۔ نیز مفرد ہونے کی صورت میں مفرد کی کون سی قسم ہے؟

(۱) رَسُوْلُ اللّٰہِ (۲) خَلَقَ الْاِنْسَانَ (۳) قَدْ (٤) صَلٰوۃُ الصُّبْحِ (٥) مَکَّۃُ (٦) زَیْدٌ قَائِمٌ (۷) بَقَرٌ (۸) ضَرَبَ زَیْدٌ (۹) ضُرِبَتْ هِنْدٌ (۱۰) مَدِیْنَۃٌ (۱۱) اَلْخَالِقُ (۱۲) ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا (۱۳) اَلْقَدْرُ (١٤) مَلِکُ النَّاسِ (١٥) فِیْ

(نمونہ حل سوالات)

(۱) رَسُوْلُ اللّٰہِ: (اللہ کا رسول) یہ مرکب ہے، کیونکہ دو کلموں سے مل کر بنا ہے۔

(۲) خَلَقَ الْاِنْسَانَ: (اللہ نے انسان کو پیدا کیا) یہ مرکب ہے کیونکہ دو کلموں سے مل کر بنا ہے۔

(۳) قَدْ: (تحقیق) یہ مفرد ہے کیونکہ اکیلا ہے، اور مفرد کے اقسام میں سے حرف ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ جملہ خبریہ آنست کہ قائلش رابصدق وکذب صفت توان کرد، وآن بر دو نوع ست، اول آنکہ جزو اولش اسم باشد وآنرا جملہ اسمیہ گویند چون زَيْدٌ عَالِمٌ یعنی زید داناست، جزو اولش مسند الیہ ست وآنرا مبتدا گویند، وجزو دوم مسند است وآنرا خبر گویند،، دوم آنکہ جزو اولش فعل باشد وآنرا جملہ فعلیہ گویند چون ضَرَبَ زَيْدٌ "بزد زید" جزو اولش مسند ست وآنرا فعل گویند، وجزو دوم مسند الیہ ست وآنرا فاعل گویند۔

ترجمہ: فصل: تو جان کہ جملہ خبریہ وہ ہے جس کے کہنے والے کو سچ اور جھوٹ سے متصف کیا جا سکے، اور وہ دو قسم پر ہے۔ اول وہ جس کا پہلا جزء اسم ہو اور اس کو جملہ اسمیہ کہتے ہیں، جیسا کہ زَيْدٌ عَالِمٌ یعنی "زید جاننے والا ہے" اس کا پہلا جزء مسند الیہ ہے اور اس کو مبتداء کہتے ہیں، اور دوسرا جزء مسند ہے اور اس کو خبر کہتے ہیں۔ دوسرا وہ (جملہ) ہے جس کا پہلا جزء فعل ہو، اور اس کو جملہ فعلیہ کہتے ہیں، جیسا کہ ضَرَبَ زَيْدٌ "زید نے مارا" اس کا پہلا جزء مسند ہے اور اس کو فعل کہتے ہیں، اور دوسرا جزء مسند الیہ ہے اور اس کو فاعل کہتے ہیں۔

تشریح: جملہ کی دو قسمیں ہیں (۱) خبریہ (۲) انشائیہ

(1) جملہ خبریہ: جملہ خبریہ وہ جملہ ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہہ سکیں۔ جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ (زید کھڑا ہے)

جملہ خبریہ کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) جملہ اسمیہ (۲) جملہ فعلیہ

(۱) جملہ اسمیہ: جملہ اسمیہ وہ جملہ خبریہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو، اور دوسرا جز خواہ اسم ہو یا فعل ہو۔ اول کی مثال جیسے "زَيْدٌ قَائِمٌ" اور دوسرے کی مثال، جیسے "زَيْدٌ ضَرَبَ" جملہ اسمیہ کے پہلے جز کو مسند الیہ اور دوسرے جز کو مسند کہتے ہیں، ترکیب کرتے وقت پہلے جز کو مبتدا اور دوسرے جز کو خبر کہتے ہیں۔ جیسے زَيْدٌ عَالِمٌ میں زیدٌ مبتدا اور عالِمٌ خبر ہے۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) جملہ فعلیہ: جملہ فعلیہ وہ جملہ خبریہ ہے جسکا پہلا جز فعل اور دوسرا جز اسم ہو۔ جیسے "ضَرَبَ زَيْدٌ" جملہ فعلیہ کے پہلے جز کو مسند اور دوسرے جز کو مسند الیہ کہتے ہیں۔ ترکیب کرتے وقت پہلے جز کو فعل اور دوسرے جز کو فاعل کہا جاتا ہے۔ جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ میں ضَرَبَ فعل اور زَيْدٌ اس کا فاعل ہے۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

besturdubooks.wordpress.com

بدانکه مسند حکم است و مسند الیہ آنچہ بر وحکم کنند، واسم مسند ومسند الیہ تواند بود، وفعل مسند باشد ومسند الیہ نتواند بود، وحرف نہ مسند باشد ونہ مسند الیہ۔

ترجمہ: تو جان کہ مسند حکم ہے اور مسند الیہ وہ جس پر حکم کریں۔ اور اسم مسند اور مسند الیہ دونوں ہوسکتا ہے، اور فعل مسند ہوسکتا ہے مسند الیہ نہیں ہوسکتا، اور حرف نہ مسند ہوسکتا ہے اور نہ مسند الیہ۔

تشریح: یہاں سے مصنف رحمۃ اللہ مسند الیہ اور مسند کی تعریف کرر ہے ہیں۔

مسند الیہ: مسند الیہ وہ اسم ہے جس پر کوئی حکم لگایا جائے۔ جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ میں زیدٌ مسند الیہ ہے کیونکہ اس پر حکم لگایا گیا ہے۔

مسند: مسند وہ حکم ہے جو کسی پر لگایا جائے۔ جیسے زَیْدٌ عَالِمٌ میں عالمٌ مسند ہے کیونکہ یہ حکم ہے جو زید پر لگایا گیا ہے۔

اسم مسند اور مسند الیہ دونوں ہوسکتا ہے۔ جیسے "زَیْدٌ عَالِمٌ" کہ اس میں زیدٌ اور عالمٌ دونوں اسم ہیں اور عالم کی نسبت زید کی طرف ہورہی ہے، اس لئے زیدٌ مسند الیہ اور عالمٌ مسند ہے۔

فعل صرف مسند ہوسکتا ہے، مسند الیہ نہیں ہوسکتا۔ جیسے "زَیْدٌ عَلِمَ اور عَلِمَ زَیْدٌ" ان دونوں جملوں میں عَلِمَ کی نسبت زیدٌ کی طرف ہورہی ہے، اس لئے عَلِمَ مسند اور زیدٌ مسند الیہ ہے۔

اور حرف نہ مسند ہوسکتا ہے، نہ مسند الیہ۔

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں پہچانیں۔ کہ کون مسند، کون مسند الیہ، کون مبتدا، کون خبر، کون فعل اور کون فاعل ہے۔ نیز جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی تمیز مع ترکیب وترجمہ کیجئے۔

(۱) اَلشَّمْسُ طَالِعَةٌ (۲) اِنْفَطَرَتِ السَّمَآءُ (۳) اَلْقِیَامَةُ اٰتِیَةٌ (٤) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ (۵) خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (٦) اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ (۷) هُدًى لِّلْمُتَّقِیْنَ (۸) تَنَزَّلُ الْمَلٰئِكَةُ (۹) اَلْقَبْرُ رَوْضَةٌ (۱۰) لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِیْبٌ (۱۱) اِسْتَغْفَرَ زَیْدٌ (۱۲) صَامَ مَحْمُوْدٌ (۱۳) اَلْجَنَّةُ حَقٌّ (١٤) سَمِعَ اللّٰهُ (۱۵) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

(نمونۂ حل سوالات)

(۱) **اَلشَّمْسُ طَالِعَةٌ**: .... ترجمہ: سورج طلوع ہونے والا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

ترکیب: اَلشَّمسُ مبتدا اور طَالِعَةٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلشَّمسُ مبتدا اور مسند الیہ طَالِعَةٌ خبر اور مسند ہے۔ اور مذکورہ جملہ، جملہ اسمیہ ہے۔

(۲) اِنفَطَرَتِ السَّمَاءُ: ..... ترجمہ: آسمان پھٹ گیا۔

ترکیب: اِنفطرتْ فعل، اَلسَّماءُ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اِنفَطَرَتْ فعل اور مسند، اَلسماءُ فاعل اور مسند الیہ ہے۔ مذکورہ جملہ، جملہ فعلیہ ہے۔

(۳) اَلقِيَامَةُ اٰتِيَةٌ: ..... ترجمہ: قیامت آنے والی ہے۔

ترکیب: اَلقِیامۃُ مبتدا اور اٰتِیَۃٌ خبر ہے۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلقِیَامَۃُ مبتدا اور مسند الیہ ہے، اٰتِیَۃٌ خبر اور مسند ہے۔ مذکورہ جملہ، جملہ اسمیہ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

بدانکہ جملہ انشائیہ آنست کہ قائلش را بصدق وکذب صفت نتوان کرد، وآن بر چند قسم ست، امر چون اِضْرِبْ، ونہی چون لَا تَضْرِبْ، واستفہام چون هَلْ ضَرَبَ زَيْدٌ، وتمنّی چون لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ، وترجّی چون لَعَلَّ عَمْرًا غَائِبٌ، وعقود چون بِعْتُ وَاشْتَرَيْتُ، ونداچون يَا اَللّٰهُ، وعرض چون اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا، وقسم چون وَاللّٰهِ لَأَضْرِبَنَّ زَيْدًا، وتعجب چون مَا أَحْسَنَهُ وَأَحْسِنْ بِهٖ۔

ترجمہ : تُو جان کہ جملہ انشائیہ وہ ہے جس کے کہنے والے کو سچ اور جھوٹ سے متصف نہ کیا جا سکے، اور وہ چند قسم پر ہے، (۱) امر، جیسے اِضْرِبْ (تو مار) (۲) اور نہی، جیسے لَا تَضْرِبْ (تو مت مار) (۳) اور استفہام، جیسے هَلْ ضَرَبَ زَيْدٌ (کیا زید نے مارا) (٤) اور تمنّی، جیسے لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ (کاش زید حاضر ہوتا) (۵) اور ترجّی، جیسے لَعَلَّ عَمْرًا غَائِبٌ (امید ہے کہ عمر غائب ہو) (٦) اور عقود، جیسے بِعْتُ وَاشْتَرَيْتُ (میں نے بیچا اور میں نے خریدا) (۷) اور ندا، جیسے يَا اَللّٰهُ (اے اللہ) (۸) اور عرض، جیسے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا (آپ ہمارے پاس کیوں نہیں آتے تا کہ آپ بہتری پائیں) (۹) اور قسم، جیسے وَاللّٰهِ لَأَضْرِبَنَّ زَيْدًا (اللہ تعالیٰ کی قسم البتہ میں ضرور زید کو ماروں گا) (۱۰) اور تعجب، جیسے مَا أَحْسَنَهُ وَأَحْسِنْ بِهٖ (وہ کس قدر حسین ہے)

تشریح: یہاں سے مصنف رحمہ اللہ جملہ انشائیہ کی تعریف اور اقسام بیان کرتے ہیں۔

(2) جملہ انشائیہ: جملہ انشائیہ وہ جملہ ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہہ سکیں۔ جیسے اِضْرِبْ زَيْدًا (تو زید کو مار)

جملہ انشائیہ کی مشہور دس قسمیں ہیں۔

(۱) امر (۲) نہی (۳) استفہام (٤) تمنّی (۵) ترجّی (٦) عقود (۷) نداء (۸) عرض (۹) قسم (۱۰) تعجب

امر: اس جملہ انشائیہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعے کسی سے کام کرنے کا مطالبہ کیا جائے، جیسے اِضْرِبْ.

نہی: اس جملہ انشائیہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعے کسی سے کام نہ کرنے کا مطالبہ کیا جائے، جیسے لَا تَضْرِبْ.

استفہام: اس جملہ انشائیہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعے ناواقف متکلم، واقف مخاطب سے کسی چیز کے متعلق سوال کرے، جیسے اَقَامَ زَيْدٌ

تمنّی: اس جملہ انشائیہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعے متکلم کسی پسندیدہ چیز کی آرزو کرے، جیسے لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ.

ترجّی: اس جملہ انشائیہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعے متکلم کسی چیز کی امید ظاہر کرے، جیسے لَعَلَّ عَمْرًا غَائِبٌ.

عقود: اس جملہ انشائیہ کو کہتے ہیں جو کسی معاملہ کو طے کرتے وقت بولا جائے، جیسے بِعْتُ، اِشْتَرَيْتُ.

besturdubooks.wordpress.com

ندا: اس جملہ انشائیہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعے متکلم کسی کو اپنی طرف متوجہ کرے، جیسے یَا زَیْدُ

عرض: اس جملہ انشائیہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعے متکلم مخاطب کو نرمی سے کسی چیز کے حصول کی رغبت دلائے جیسے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا

قسم: اس جملہ انشائیہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعے متکلم اپنی بات کو پختہ کرے، جیسے وَاللّٰہِ لَاَضْرِبَنَّ زَیْدًا.

تعجب: اس جملہ انشائیہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعے کسی چیز پر تعجب ظاہر کیا جائے، جیسے مَا اَحْسَنَ زَیْدًا.

فائدہ: مذکورہ بالا مشہور اقسام کے علاوہ جملہ انشائیہ کی چند اور قسمیں بھی ہیں۔

مثلاً (۱) دعا (۲) افعالِ مدح وذم (۳) افعالِ مقاربہ (۴) تخصیص (۵) رُبَّ (۶) کم خبریہ، وغیرہ۔

جملہ خبریہ وانشائیہ کی پہچان:

جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ کی پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ اگر کوئی جملہ، انشاء کی درج بالا 16 قسموں میں سے کوئی قسم ہو تو جملہ انشائیہ ہے ورنہ خبریہ ہے۔ پھر خبریہ ہونے کی صورت میں جملہ دو حال سے خالی نہیں ہوگا جملہ اسمیہ ہوگا یا فعلیہ، اگر پہلا جز اسم ہو تو اسمیہ ہے، اور اگر پہلا جز فعل ہو تو فعلیہ ہے۔

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں یہ بتائیں کہ کونسا جملہ، جملہ خبریہ اور کونسا جملہ، جملہ انشائیہ ہے؟ اور انشائیہ کی صورت میں انشائیہ کی کونسی قسم ہے؟ نیز ترجمہ وترکیب کیجئے۔

(۱) اٰمِنُوا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ (۲) اَلَا تُکْرِمُ زَیْدًا (۳) اَزَیْدٌ ذَھَبَ (۴) وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ (۵) وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْھَرْ (۶) مَا اَعْجَلَ زَیْدًا (۷) وَتَاللّٰہِ لَاَکِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ (۸) اِجْلِسْ عَلٰی سَرِیْرٍ (۹) اِشْتَرَیْتُ الْفَرَسَ (۱۰) نَکَحْتُکَ (۱۱) لَا تَکْفُرُوْا (۱۲) لَیْتَ زَیْدًا جَاءَ (۱۳) حَمِدَ خَالِدٌ (۱۴) لَعَلَّ بَکْرًا نَائِمٌ (۱۵) یَا زَیْدُ

(نمونہ حل سوالات)

(۱) **اٰمِنُوا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ:**..... ترجمہ: تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ۔

مذکورہ بالا جملہ، جملہ انشائیہ ہے اور انشاء کے اقسام میں سے امر ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

ترکیب: اٰمِنُوا فعل، واؤ ضمیر فاعل، باء حرفِ جار، لفظِ اَللّٰہ معطوف علیہ، واؤ حرفِ عطف، رَسُوْل مضاف، ہ ضمیر مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر معطوف، معطوف علیہ ومعطوف مل کر مجرور، جار ومجرور مل کر ظرفِ لغو متعلق ہوا اٰمِنُوا فعل کیلئے، فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

(۲) اَلَا تُکْرِمُ عَمْرًا: ...... ترجمہ: آپ عمرو کا اکرام کیوں نہیں کرتے۔

مذکورہ بالا جملہ، جملہ انشائیہ ہے اور انشاء کی اقسام میں سے عرض ہے۔

ترکیب: اَلَا برائے عرض، تُکْرِمُ فعل، اَنْتَ ضمیر در ومستتر فاعل، عَمْرًا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ عرضیہ ہوا۔

(۳) أَزَیْدٌ ذَھَبَ: ...... ترجمہ: کیا زید چلا گیا؟

مذکورہ بالا جملہ، جملہ انشائیہ ہے اور انشاء کی اقسام میں سے استفہام ہے۔

ترکیب: ھمزہ برائے استفہام، زَیْدٌ مبتدا، ذَھَبَ فعل، ھُوَ ضمیر در ومستتر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ مرکب غیر مفید آنست کہ چون قائل برآں سکوت کند سامع را خبری یا طلبی حاصل نہ شود، وآں بر سہ قسم ست، اول مرکب اضافی چوں غُلَامُ زَیْدٍ، جزِ اول را مضاف گویند و جزو دوم را مضاف الیہ، ومضاف الیہ ہمیشہ مجرور باشد، دوم مرکب بنائی واو آنست کہ دو اسم را یکے کردہ باشند واسمِ دوم متضمن حرفی باشد چون اَحَدَعَشَرَ تا تِسْعَةَ عَشَرَ، کہ دراصل اَحَدٌ وَّعَشَرٌ و تِسْعَةٌ وَّعَشَرٌ بودہ است، واو را حذف کردہ ہر دو اسم را یکے کردند وہر دو جزمبنی باشند بر فتح اِلّا اِثْنَاعَشَرَ کہ جزِ اول معرب است، سوم مرکب منع صرف واو آنست کہ دو اسم را یکے کردہ باشند واسم دوم متضمن حرفی نباشد چوں بَعْلَبَکَّ وحَضَرَمَوْتُ، کہ جزِ اول مبنی باشد بر فتح بر مذہب اکثر علماء وجزِ دوم معرب، بدانکہ مرکب غیر مفید ہمیشہ جزِ جملہ باشد چوں غُلَامُ زَیْدٍ قَائِمٌ و عِنْدِیْ اَحَدَعَشَرَ دِرْهَمًا و جَآءَ بَعْلَبَکُّ۔

ترجمہ: فصل، تو جان کہ مرکب غیر مفید وہ ہے کہ جب کہنے والا اس پر خاموش ہو جائے تو سننے والے کو کوئی خبر یا طلب معلوم نہ ہو جائے اور یہ تین قسم پر ہیں، اول مرکب اضافی جیسے غُلَامُ زَیْدٍ (اس کے) پہلے جزء کو مضاف اور دوسرے جزء کو مضاف الیہ کہتے ہیں اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور رہتا ہے۔ دوسرا مرکب بنائی، اور یہ وہ مرکب ہے کہ دو اسموں کو ایک کر لیا جائے اور دوسرا اسم کسی حرف کو شامل ہو، جیسے اَحَدَ عَشَرَ سے تِسْعَةَ عَشَرَ تک، جو اصل میں اَحَدٌ وَّعَشَرٌ اور تِسْعَةٌ وَّعَشَرٌ تھا، واو کو حذف کر کے دونوں اسموں کو ایک کر لیا، اور (اس کے) دونوں جز مبنی ہوتے ہیں فتح پر، سوائے اِثْنَا عَشَرَ کے، کہ (اس کا) پہلا جز معرب ہے۔ تیسرا مرکب منع صرف، اور یہ وہ ہے کہ دو اسموں کو ایک کر لیا جائے اور دوسرا اسم کسی حرف کو شامل نہ ہو، جیسے بَعْلَبَکَّ اور حَضَرَمَوْتُ، کہ اس کا پہلا جز مبنی ہوتا ہے فتحہ پر اکثر علماء کے مذہب پر، اور دوسرا جز معرب ہے۔ تو جان کہ مرکب غیر مفید ہمیشہ جملہ کا جزء ہوتا ہے، جیسے غُلَامُ زَیْدٍ قَائِمٌ (زید کا غلام کھڑا ہے) اور عِنْدِیْ اَحَدَعَشَرَ دِرْهَمًا (میرے پاس گیارہ درہم ہیں) اور جَآءَ بَعْلَبَکُّ (بعلبک آیا)

تشریح: اس فصل سے مصنف رحمہ اللہ مرکب غیر مفید کی تعریف اور اسکی قسمیں بیان کرتے ہیں۔

مرکب غیر مفید: مرکب غیر مفید ایسے مرکب کو کہتے ہیں کہ جب اس کا بولنے والا اس کو بول کر خاموش ہو جائے تو سننے والے کو کسی بات کی خبر یا کسی چیز کی طلب معلوم نہ ہو۔ جیسے غُلَامُ زَیْدٍ (زید کا غلام)

مرکب غیر مفید کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) مرکب تقییدی (۲) مرکب غیر تقییدی

مرکب تقییدی: مرکب تقییدی وہ مرکب ہے جس کا دوسرا جز پہلے جز کے لئے قید ہو۔ یعنی پہلا جز عام ہو، دوسرے جز کی وجہ سے اس

besturdubooks.wordpress.com

میں تخصیص آجائے۔ جیسے "غُلامُ زیدٍ" میں غلام عام تھا، زید کی وجہ سے اس میں تخصیص آگئی۔

مرکب غیر تقییدی: مرکب غیر تقییدی وہ مرکب غیر مفید ہے جس کا دوسرا جز پہلے جز کے لئے قید نہ ہو۔ جیسے اَحَدَ عَشَرَ، بَعْلَبَکَّ

مرکب تقییدی کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) مرکب اضافی (۲) مرکب توصیفی

(۱) مرکب اضافی: مرکب اضافی وہ مرکب غیر مفید ہے جس میں ایک اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی جائے۔ جس اسم کی نسبت ہوتی ہے اس کو مضاف اور جس اسم کی طرف ہوتی ہے اسے مضاف الیہ کہتے ہیں۔ مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوا کرتا ہے۔ جیسے غُلامُ زَیْدٍ میں غلام کی اضافت زید کی طرف ہو رہی ہے، تو غلام مضاف اور زیدٍ مضاف الیہ ہے۔

(۲) مرکب توصیفی: مرکب توصیفی وہ مرکب غیر مفید ہے جس میں کسی کی اچھائی یا برائی بیان کی گئی ہو۔ جس کی اچھائی یا برائی بیان کی گئی ہو اس کو موصوف اور جس اسم کے ذریعے اچھائی یا برائی بیان کی گئی ہو اس کو صفت کہتے ہیں۔ جیسے رَجُلٌ عَالِمٌ میں رَجُلٌ موصوف اور عَالِمٌ صفت ہے۔

مرکب غیر تقییدی کی تین قسمیں ہیں (۱) مرکب بنائی (۲) مرکب منع صرف (۳) مرکب صوتی

(۱) مرکب بنائی: مرکب بنائی وہ مرکب غیر مفید ہے جس میں دو اسموں کو ملا کر ایک کر دیا گیا ہو، اور دوسرا اسم حرف کو متضمن ہو۔ یعنی دوسرے اسم سے پہلے واؤ کا معنی سمجھا جاتا ہو۔ جیسے اَحَدَ عَشَرَ تا تِسْعَةَ عَشَرَ، اصل میں تھا اَحَدٌ وَّ عَشَرٌ و تِسْعَةٌ وَّ عَشَرٌ، پھر واؤ کو گرا کر دونوں اسموں کو ایک کر دیا گیا، تو اَحَدَ عَشَرَ تِسْعَةَ عَشَرَ ہوا۔ مرکب بنائی کو مرکب عددی اور مرکب تعدادی بھی کہتے ہیں۔

فائدہ. مرکب بنائی کے دونوں جز فتحہ پر مبنی ہوتے ہیں، مگر اِثْنَا عَشَرَ کا پہلا جز معرب ہے۔ (تفصیل بڑی کتابوں میں ہے)

(۲) مرکب منع صرف: مرکب منع صرف وہ مرکب غیر مفید ہے جس میں دو اسموں کو ملا کر ایک کر دیا گیا ہو، مگر دوسرا اسم حرف کو متضمن نہ ہو۔ جیسے بَعْلَبَکَّ، اصل میں بَعْلَ اور بَکَّ تھا، بعل بت کا نام تھا اور بَکَّ بانی شہر بادشاہ کا نام تھا، پھر دونوں کو ملا کر شہر کا نام رکھ دیا گیا۔ اسی طرح حَضَرَمَوْتُ اور مَعدِیکَرِبُ ہے۔

فائدہ: اکثر علماء کے نزدیک مرکب منع صرف کا پہلا جز مبنی برفتح، اور دوسرا جز معرب غیر منصرف ہے (تفصیل بڑی کتابوں میں ہے)

(۳) مرکب صوتی: مرکب صوتی وہ مرکب غیر مفید ہے جس میں دوسرا جز صوت (آواز) ہو۔ جیسے سِیْبَوَیْہ، اصل میں سیب اور ویہ تھا، ویہ صوت ہے، دونوں کو ملا کر ایک کر دیا گیا۔ یہ عمرو بن عثمان شیرازی کا لقب ہے، جو نحو کے جلیل القدر امام ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

بدانکه مرکب غیر مفید همیشه (الخ)...

مرکب غیر مفید ہمیشہ جملہ کا جز (مسند الیہ یا مسند) واقع ہوتا ہے، پورا جملہ واقع نہیں ہوتا۔ جیسے غُلامُ زَیدٍ قائِمٌ میں غُلامُ زَیدٍ مرکب غیر مفید، مرکب اضافی مسند الیہ ہے۔ عِندِی اَحَدَ عَشَرَ دِرْهَمًا میں اَحَدَ عَشَرَ مرکب غیر مفید، مرکب بنائی مسند الیہ ہے۔ جَاءَ بَعْلَبَکُّ میں بَعْلَبَکُّ مرکب غیر مفید، مرکب منع صرف مسند الیہ ہے۔

مثالوں کی ترکیب:

(۱) **غُلامُ زَیدٍ قائِمٌ**: غُلامُ مضاف، زَیدٍ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مبتدا، قائِمٌ اس کی خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) **عِندِی اَحَدَ عَشَرَ دِرْهَمًا**: عِندَ مضاف، ی ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ثابتٌ مقدر کا، ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو ضمیر مستتر ہے جو فاعل ہے، شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مقدم، اَحَدَ عَشَرَ ممیز، دِرْهَمًا تمیز، ممیز اپنی تمیز سے مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) **جَآءَ بَعْلَبَکُّ**: جاءَ فعل، بَعْلَبَکُّ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

ذیل کی مثالوں میں مرکب غیر مفید کی قسمیں بتائیں۔ اور یہ بتائیں کہ درج ذیل جملوں میں مرکب غیر مفید جملے کا کون سا جز واقع ہو رہا ہے۔ نیز ہر مثال کا ترجمہ وترکیب کریں۔

(۱) عِندِی ثَمَانِیَةَ عَشَرَ کِتابًا (۲) اَدَآءُ الزَّکٰوۃِ بَرَکَۃُ المالِ (۳) جَآءَ رَجُلٌ عالِمٌ (٤) مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰہِ (۵) قَرَأتُ نَحوَ مِیرَ (٦) ذَهَبتُ اِلٰی بَعْلَبَکَّ (۷) خَطَبَ سِیبَوَیْهِ (۸) رَأَیتُ مِسْکَوَیْهِ (۹) شَرِبتُ ماءً بارِدًا (۱۰) لَقِیتُ غُلامًا حَبَشِیًّا (۱۱) عَذابُ القَبرِ حَقٌّ (۱۲) صَومُ رَمَضانَ فَرضٌ (۱۳) عَلَیهَا تِسْعَةَ عَشَرَ (١٤) اِهْدِنا الصِّراطَ المُسْتَقِیمَ (۱۵) جَلِیسُ السُّوءِ شَیطانٌ

besturdubooks.wordpress.com

(نمونۂ حلِ سوالات)

(۱) عِنْدِی ثَمَانِیَۃَ عَشَرَ کِتَابًا.....ترجمہ: میرے پاس اٹھارہ کتابیں ہیں۔

مذکورہ مثال میں ثمانیۃ عشر مرکب غیر مفید کی قسموں میں سے مرکب بنائی ہے اور یہ جملہ میں مبتدا واقع ہو رہا ہے۔

ترکیب:۔ عِنْدَ مضاف، ی ضمیر مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول فیہ ثابتٌ مقدر کا، ثابتٌ شبہ فعل اپنے فاعل (ھو ضمیر)، اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مقدم، ثَمَانِیَۃَ عَشَرَ ممیز، کِتَابًا تمیز، ممیز اپنی تمیز سے ملکر مبتدا مؤخر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) اَدَآءُ الزَّکٰوۃِ بَرَکَۃُ الْمَالِ......ترجمہ: زکوٰۃ ادا کرنا مال کی برکت ہے۔

مذکورہ بالا جملہ میں اَدَآءُ الزَّکٰوۃِ اور بَرَکَۃُ الْمَالِ دونوں مرکب غیر مفید کی قسموں میں سے مرکب اضافی ہیں۔ اوّل الذکر جملہ میں مبتدا اور مؤخر الذکر خبر ہے۔

ترکیب: اَدَآءُ الزَّکٰوۃِ مضاف ومضاف الیہ مل کر مبتدا، بَرَکَۃُ الْمَالِ مضاف ومضاف الیہ مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) جَاءَ رَجُلٌ عَالِمٌ ...... ترجمہ: میرے پاس عالم آدمی آیا۔

مذکورہ بالا جملے میں رَجُلٌ عَالِمٌ مرکب غیر مفید کی قسموں میں سے مرکب توصیفی ہے، اور جملہ میں فاعل واقع ہو رہا ہے۔

ترکیب: جَاءَ فعل، رَجُلٌ موصوف، عَالِمٌ صفت، موصوف صفت مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

نقشۂ اقسام لفظ



besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ ہیچ جملہ کمتر از دو کلمہ نباشد لفظاً چون ضَرَبَ زَیْدٌ وَ زَیْدٌ قَائِمٌ یا تقدیراً چون اِضْرِبْ کہ اَنْتَ درو مستتر ست، وازیں بیشتر باشد و بیشتر را حدی نیست، بداں کہ چون کلمات جملہ بسیار باشد اسم و فعل وحرف را با یک دیگر تمیز باید کردن ونظر کردن کہ معرب است یا مبنی وعامل است یا معمول، وباید دانستن کہ تعلق کلمات با یک دیگر چگونہ است تا مسند ومسند الیہ پیدا گردد ومعنی جملہ بہ تحقیق معلوم شود۔

ترجمہ: فصل، تو جان کہ کوئی جملہ دو کلموں سے کم نہیں ہوتا، (خواہ وہ) لفظاً (دو کلمے) ہوں جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ (زید نے مارا) اور زَیْدٌ قَائِمٌ (زید کھڑا ہے) یا تقدیراً جیسے اِضْرِبْ (تو مار) کہ اَنْتَ اس میں پوشیدہ ہے۔ اور اس سے زیادہ (بھی) ہوتے ہیں اور زیادہ کی کوئی حد نہیں ہے، تو جان کہ جب جملہ کے کلمات بہت ہوں تو اسم فعل اور حرف کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر لینا چاہئے، اور دیکھنا چاہئے کہ معرب ہے یا مبنی، اور عامل ہے یا معمول، اور (اسی طرح یہ بھی) جاننا چاہئے کہ کلمات کا تعلق آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ کیا ہے، تاکہ مسند اور مسند الیہ حاصل ہو جائے اور جملہ کا معنی تحقیق سے معلوم ہو جائے۔

تشریح: یہاں سے مصنفؒ ایک فائدہ بیان کر رہے ہیں، کہ کوئی بھی جملہ دو کلموں سے کم نہیں ہوتا۔ یعنی ہر جملے میں کم از کم دو کلموں کا ہونا ضروری ہے، خواہ وہ دونوں ملفوظ ہوں، جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ، زَیْدٌ قَائِمٌ۔ یا ایک ملفوظ اور دوسرا مقدر ہو، جیسے "اِضْرِبْ" کہ یہ دو کلموں اِضْرِبْ اور اَنْتَ سے مرکب ہے۔ اِضْرِبْ ملفوظ اور اَنْتَ مقدر ہے۔ اور جملہ میں دو کلموں سے زیادہ کی کوئی حد نہیں ہے۔

بدانکہ چون کلمات جملہ بسیار باشد الخ...

یہاں سے مصنفؒ مطالعہ کرنے کا طریقہ بیان کر رہے ہیں، کہ اگر کسی جملہ میں بہت سے کلمات ہوں تو وہاں پر چار کام کرنے ہیں

(1) اسم فعل اور حرف کی پہچان کرنا۔

(2) معرب اور مبنی کی پہچان کرنا۔

(3) عامل اور معمول کی پہچان کرنا۔

(4) کلمات کا باہمی تعلق معلوم کرنا، کہ ان کلمات کا آپس میں کیا تعلق ہے؟ کیا یہ مبتدا و خبر ہیں؟ موصوف وصفت ہیں؟ یا فعل اور فاعل ہیں؟ وغیرہ۔

یہ چار کام اس لئے کرنے ہیں، تاکہ مسند اور مسند الیہ واضح ہو جائے۔ اور جملہ کا معنی تحقیق سے معلوم ہو جائے۔

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ علامت اسم آنست کہ الف ولام یا حرفِ جر دراولش باشد چون اَلْحَمْدُ وَبِزَیْدٍ یا تنوین درآخرش باشد چون زَیْدٌ یا مسندالیہ باشد چون زَیْدٌ قَائِمٌ یا مضاف باشد چون غُلَامُ زَیْدٍ یا مصغر باشد چون قُرَیْشٌ یا منسوب باشد چون بَغْدَادِیٌّ یا مثنی باشد چون رَجُلَانِ یا مجموع باشد چون رِجَالٌ یا موصوف باشد چون جَآءَ رَجُلٌ عَالِمٌ یا تائے متحرک بدو پیوند د چون ضَارِبَةٌ ،،وعلامت فعل آنست کہ قَدْ دراولش باشد چون قَدْ ضَرَبَ یا سین باشد چون سَیَضْرِبُ یا سوف باشد چون سَوْفَ یَضْرِبُ یا حرفِ جزم بود چون لَمْ یَضْرِبْ یا ضمیر مرفوع متصل بدو پیوند د چون ضَرَبْتُ یا تائے ساکن چون ضَرَبَتْ یا امر باشد چون اِضْرِبْ یا نہی باشد چون لَاتَضْرِبْ ،،وعلامتِ حرف آنست کہ ہیچ علامتی از علاماتِ اسم وفعل درونبود۔

ترجمہ: فصل؛تو جان کہ اسم کی علامت یہ ہے کہ الف ولام یا حرفِ جر اس کے اول میں ہو جیسے اَلْحَمْدُ اور بِزَیْدٍ، یا تنوین اس کے آخر میں ہو، جیسے زَیْدٌ، یا مسند الیہ ہو، جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ (زید کھڑا ہے) یا مضاف ہو، جیسے غُلَامُ زَیْدٍ (زید کا غلام) یا مصغر ہو، جیسے قُرَیْشٌ (ایک قبیلہ کا نام ہے) یا منسوب ہو، جیسے بَغْدَادِیٌّ (بغداد شہر کا رہنے والا) یا تثنیہ ہو، جیسے رَجُلَانِ (دومرد) یا جمع ہو، جیسے رِجَالٌ (بہت سے مرد) یا موصوف ہو، جیسے جَآءَ رَجُلٌ عَالِمٌ (ایک عالم مرد آیا) یا تائے متحرک اس کے ساتھ لگی ہوئی ہو، جیسے ضَارِبَةٌ (مارنے والی عورت) اور فعل کی علامت یہ ہے کہ قَد اس کے شروع میں ہو، جیسے قَدْ ضَرَبَ (بیشک اس ایک مرد نے مارا ہے) یا سین ہو، جیسے سَیَضْرِبُ (عنقریب مارے گا وہ ایک مرد) یا سوف ہو، جیسے سَوْفَ یَضْرِبُ (عنقریب مارے گا وہ ایک مرد) یا حرف جزم ہو، جیسے لَمْ یَضْرِبْ (نہیں مارا اس ایک مرد نے) یا ضمیر مرفوع متصل اس کے ساتھ لگی ہوئی ہو، جیسے ضَرَبْتُ (مارا میں ایک مرد یا عورت، یا تو ایک مرد، یا تو ایک عورت نے) یا تائے ساکنہ، جیسے ضَرَبَتْ (مارا اس ایک عورت نے) یا امر ہو، جیسے اِضْرِبْ (تو مار) یا نہی ہو، جیسے لَاتَضْرِبْ (تو مت مار) اور حرف کی علامت یہ ہے کہ کوئی علامت اس میں اسم اور فعل کی علامتوں میں سے نہ ہو۔

تشریح: یہاں سے مصنفؒ اسم، فعل اور حرف کی علامات بیان کررہے ہیں۔ مصنفؒ نے اختصاراً اسم کی صرف 10 اور فعل کی 8 علامات بیان کی ہیں۔ ہم اجراء میں آسانی کے پیشِ نظر اسم کی 24 اور فعل کی 17 علامات بیان کرتے ہیں۔

علامات اسم:

(۱) شروع میں الف لام کا آنا۔ جیسے اَلْحَمْدُ (۲) شروع میں حرف جر کا آنا۔ جیسے بِزَیْدٍ

(۳) آخر میں تنوین کا آنا جیسے زَیْدٌ (٤) مسند الیہ ہونا۔ جیسے زیدٌقائمٌ میں زَیْدٌ

besturdubooks.wordpress.com

(۵) مضاف ہونا۔ جیسے غُلَامُ زَیْدٍ، میں غُلَامُ (۶) مصغر ہونا۔ جیسے قُرَیْشٌ

(۷) تثنیہ ہونا۔ جیسے رَجُلَانِ (۸) جمع ہونا۔ جیسے رِجَالٌ

(۹) منسوب ہونا۔ جیسے بَغْدَادِیٌّ (۱۰) تمام چیزوں کے نام۔ جیسے زَیْدٌ، فَرَسٌ، بَقَرٌ

(۱۱) آخر میں تائے متحرکہ کا آنا۔ جیسے، ضَارِبَۃٌ (۱۲) شروع میں حرف نداء کا آنا۔ جیسے، یَا اَللّٰہُ

(۱۳) صفت ہونا۔ جیسے رَجُلٌ عَالِمٌ میں عَالِمٌ (۱۴) موصوف ہونا۔ جیسے رَجُلٌ عَالِمٌ میں رَجُلٌ

(۱۵) شروع میں میم زائدہ کا آنا۔ جیسے مَضْرُوْبٌ (۱۶) ذوالحال ہونا۔ جیسے جَآءَ نِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا میں زَیْدٌ

(۱۷) معرفہ ہونا۔ جیسے، ھٰذَا (۱۸) نکرہ ہونا۔ جیسے رَجُلٌ

(۱۹) مذکر ہونا۔ جیسے، جَمَلٌ (۲۰) مؤنث ہونا۔ جیسے نَاقَۃٌ

(۲۱) فاعل ہونا۔ جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ میں زَیْدٌ (۲۲) مفعول ہونا۔ جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا میں عَمْرًا

(۲۳) مستثنیٰ ہونا۔ جیسے جَآءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا میں زَیْدًا (۲٤) مستثنیٰ منہ ہونا۔ جیسے جآءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا میں الْقَوْمُ

علامات فعل:۔

(۱) شروع میں قد کا آنا۔ جیسے قَدْ ضَرَبَ (۲) شروع میں سین کا آنا۔ جیسے سَیَضْرِبُ

(۳) شروع میں سوف کا آنا۔ جیسے سَوْفَ یَضْرِبُ (٤) شروع میں حرف جازم کا آنا۔ جیسے لَمْ یَضْرِبْ

(۵) آخر میں ضمیر مرفوع متصل بارز کا آنا، جیسے ضَرَبْتَ، ضَرَبْتِ (۶) آخر میں تائے ساکنہ کا آنا۔ جیسے، ضَرَبَتْ

(۷) امر ہونا۔ جیسے، اِضْرِبْ (۸) نہی ہونا۔ جیسے، لَا تَضْرِبْ

(۹) ماضی ہونا۔ جیسے، ضَرَبَ (۱۰) مضارع ہونا۔ جیسے، یَضْرِبُ

(۱۱) آخر میں نون تاکید ثقیلہ کا آنا۔ جیسے، لَیَضْرِبَنَّ (۱۲) آخر میں نون تاکید خفیفہ کا آنا۔ جیسے لَیَضْرِبَنْ

(۱۳) نفی مؤکد بلن ہونا۔ جیسے، لَنْ یَّضْرِبَ (۱٤) شروع میں حرف نفی کا آنا۔ جیسے لَا یَضْرِبُ

(۱۵) شروع میں حروفِ نواصب میں سے کوئی حرف آنا۔ جیسے اَنْ یَّضْرِبَ (۱۶) گردانوں کا ہونا۔ جیسے ضَرَبَ، ضَرَبَا، ضَرَبُوْا۔

(۱۷) شروع میں حروفِ اتین میں سے کسی حرف کا آنا۔ جیسے یَضْرِبُ، تَضْرِبُ، اَضْرِبُ، نَضْرِبُ۔

علامات حرف:۔ حرف کی صرف ایک ہی علامت ہے، وہ یہ کہ اسم اور فعل کی علامات کا نہ ہونا حرف کی علامت ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں اسم، فعل اور حرف کو اپنی علامات سے پہچان لیں۔ اور اس علامت کو بھی ظاہر کر دیں جس سے آپ نے پہچانا ہے۔

(۱) قَدْ سَمِعَ (۲) رَسُوْلُ اللّٰهِ (۳) اِلٰی (٤) اُنْصُرْ (۵) لا تَقُمْ (٦) عَلٰی سَطْحٍ (۷) سَوْفَ تَرْجِعُ (۸) رُجَيْلٌ (۹) اَلْكِتَابُ (۱۰) مَسَاجِدُ (۱۱) مَكِّيٌّ (۱۲) سَاحِرَانِ (۱۳) اَلْجَنَّةُ (۱٤) تِلْمِيْذٌ نَشِيْطٌ (۱۵) حِجَازِيٌّ

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱) قَدْ سَمِعَ:...... ترجمہ: تحقیق اس نے سن لیا۔

مذکورہ مثال میں سَمِعَ فعل ہے، کیونکہ اس پر فعل کی علامت قَدْ داخل ہے۔

(۲) رَسُوْلُ اللّٰهِ:...... ترجمہ: اللہ کا رسول۔

مذکورہ بالا مثال میں رَسُوْلُ اللّٰهِ اسم ہے، کیونکہ اس میں اسم کی علامات میں سے ایک علامت اضافت موجود ہے۔

(۳) اِلٰی:............ ترجمہ: تک

مذکورہ مثال حرف کی ہے، کیونکہ اس میں اسم اور حرف کی علامات میں سے کوئی علامت نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ جملہ کلماتِ عرب بردوقسم است، معرب ومبنی، معرب آنست کہ آخرش باختلاف عوامل مختلف شود چون زَیْدٌ در جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَرَأَیْتُ زَیْدًا وَمَرَرْتُ بِزَیْدٍ، جَآءَ عامل است وزَیْدٌ معرب است وضمہ اعراب است ودال محلِ اعراب، ومبنی آنست کہ آخرش باختلافِ عوامل مختلف نشود چون ھٰؤُلَآءِ کہ درحالت رفع ونصب وجر یکساں ست۔

ترجمہ: تو جان کہ تمام عربی کلمات دوقسم پر ہیں معرب اورمبنی، معرب وہ ہے جس کا آخر عوامل کے اختلاف سے مختلف ہوتا ہو، جیسے زَیْدٌ جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَرَأَیْتُ زَیْدًا وَمَرَرْتُ بِزَیْدٍ میں، جَآءَ عامل ہے، اور زَیْدٌ معرب ہے، اور ضمہ اعراب ہے اور دال محل اعراب ہے۔ اورمبنی وہ ہے جس کا آخر عوامل کے بدلنے سے نہ بدلے، جیسے ھٰؤُلَآءِ کہ یہ رفع، نصب اور جر کی حالت میں یکساں رہتا ہے۔

تشریح: اس فصل میں مصنف رحمۃ اللہ معرب اورمبنی کی تعریفیں بیان کررہے ہیں۔فرماتے ہیں کہ عربی کلمات کی دوقسمیں ہیں۔

(۱) معرب (۲) مبنی

(۱) **معرب:** معرب وہ کلمہ ہے جس کا آخر عامل کے بدلنے سے بدلے۔ (معرب کی یہ تعریف مبتدیوں کیلئے ہے، تفصیل بڑی کتابوں میں ہے)

فائدہ: جس چیز کی وجہ سے معرب کے آخر میں تبدیلی آجائے اسے عامل کہتے ہیں۔جس حرف یا حرکت کے ساتھ تبدیلی واقع ہوا سے اعراب کہتے ہیں۔اورجس حرف پر تبدیلی واقع ہوا سے محلِ اعراب کہتے ہیں۔جیسے "جَآءَ زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ" ان مثالوں میں جَآءَ، رَأَیْتُ اور باء عوامل ہیں، زَیْدٌ معرب ہے، فتحہ، ضمہ، کسرہ اعراب ہیں، اور دال محل اعراب ہے۔

(۲) **مبنی:** مبنی وہ کلمہ ہے جس کا آخر عامل کے بدلنے سے نہ بدلے۔جیسے "جَآءَ ھٰؤُلَاءِ، رَأَیْتُ ھٰؤُلَاءِ، مَرَرْتُ بِھٰؤُلَاءِ" ان مثالوں میں ھٰؤُلَاءِ مبنی ہے، اور تینوں حالتوں (حالتِ رفعی، حالتِ نصبی، حالتِ جری) میں یکساں ہے۔ (مبنی کی یہ تعریف بھی مبتدیوں کیلئے ہے)

معرب اورمبنی کی تعریف کو کسی شاعر نے اپنے شعر میں یوں بیان کیا ہے۔

شعر۔ مبنی آن باشد کہ ماند برقرار معرب آن باشد کہ گردد بار بار

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ جملہ حروف مبنی است، واز افعال فعل ماضی وامر حاضر معروف وفعل مضارع بانونہائے جمع مؤنث وبانونہائے تاکید نیز مبنی ست، بدانکہ اسم غیر متمکن مبنی است، واما اسم متمکن معرب ست بشرطِ آنکہ در ترکیب واقع شود، وفعل مضارع معرب ست بشرطِ آنکہ از نونہائے جمع مؤنث ونونِ تاکید خالی باشد، پس در کلامِ عرب بیش ازیں دوقسم معرب نیست باقی ہمہ مبنی است، واسم غیر متمکن اسمیست کہ بامبنی اصل مشابہت دارد، ومبنی اصل سہ چیز است فعل ماضی وامر حاضر معروف وجملہ حروف، واسم متمکن اسمیست کہ بامبنی اصل مشابہ نباشد۔

ترجمہ: فصل، تو جان کہ تمام حروف مبنی ہیں، اور فعلوں میں سے فعل ماضی اور امر حاضر معروف، اور فعل مضارع ''نوناتِ جمع مؤنث یانوناتِ تاکید کے ساتھ'' بھی مبنی ہے۔ تو جان کہ اسم غیر متمکن مبنی ہے، اور بہر حال اسم متمکن معرب ہے بشرطیکہ ترکیب میں واقع ہو، اور فعل مضارع معرب ہے بشرطیکہ نوناتِ جمع مؤنث اور نونِ تاکید سے خالی ہو۔ پس کلامِ عرب میں ان دوقسموں سے زیادہ معرب نہیں ہے۔ اور اسم غیر متمکن وہ اسم ہے جو مبنی اصل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو، اور مبنی اصل تین چیزیں ہیں فعل ماضی، امر حاضر معروف اور تمام حروف، اور اسم متمکن وہ اسم ہے جو مبنی اصل کے ساتھ مشابہ نہ ہو۔

تشریح: اس فصل میں مصنفؒ معرب اور مبنی کی قسمیں بیان کر رہے ہیں، لیکن اس سے پہلے ایک فائدے کا جاننا ضروری ہے۔

فائدہ: اسم کی دوقسمیں ہیں۔ (۱) اسم متمکن (۲) اسم غیر متمکن

اسم متمکن: اسم متمکن وہ اسم ہے جو مبنی اصل کے ساتھ مشابہ نہ ہو۔

اسم غیر متمکن: اسم غیر متمکن وہ اسم ہے، جو مبنی اصل کے ساتھ مشابہ ہو۔

مبنی کی اقسام:

مبنی کی دوقسمیں ہیں (۱) مبنی اصل (۲) مبنی غیر اصل

مبنی اصل: مبنی اصل وہ ہے جو اصل وضع کے اعتبار سے مبنی ہو۔

مبنی اصل کی چار قسمیں ہیں۔ (۱) فعل ماضی (۲) امر حاضر معروف (۳) جملہ حروف (٤) جملہ (عند البعض)

مبنی غیر اصل: مبنی غیر اصل وہ ہے، جو اصل وضع کے اعتبار سے مبنی نہ ہو۔

مبنی غیر اصل کی چار قسمیں ہیں۔ (۱) اسم غیر متمکن (۲) اسم متمکن، جبکہ ترکیب میں واقع نہ ہو۔ (۳) اسم متمکن، جبکہ ترکیب

besturdubooks.wordpress.com

میں عامل کے ساتھ واقع نہ ہو۔(٤) فعل مضارع، جبکہ نون جمع مؤنث اور نون تاکید ثقیلہ یا خفیفہ پر مشتمل ہو۔

فائدہ: امر حاضر معروف کے علاوہ امر کے دوسرے صیغے، اسی طرح نہی اور نفی کے صیغے فعل مضارع کے حکم میں ہیں۔ یعنی اگر وہ نونِ جمع مؤنث یا نونِ تاکید ثقیلہ یا خفیفہ پر مشتمل ہوں تو مبنی ہیں، اور اگر مشتمل نہ ہوں تو معرب ہیں۔

معرب کی اقسام:

معرب کی دو قسمیں ہیں (١) اسم متمکن جو ترکیب میں عامل کے ساتھ واقع ہو۔ جیسے جَآءَ زَیْدٌ میں زَیْدٌ (٢) فعل مضارع، جبکہ نون جمع مؤنث اور نون تاکید ثقیلہ اور خفیفہ سے خالی ہو۔ جیسے یَضْرِبُ

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں کون معرب اور کون مبنی ہے؟ اور ان دونوں کی اقسام میں سے کون سی قسم ہے؟ نیز ترجمہ وترکیب بھی کریں۔

(١) اِشْتَرَیْتُ دَرَّاجَةً (٢) اَکْرِمْ زَیْدًا (٣) یَنْصُرُ (٤) یَضْرِبْنَ (٥) هٰذَا قَلَمِیْ (٦) اِذْهَبُوْا (٧) بَکْرٌ (٨) یَضْرِبَنَّ (٩) یَنْزِلُ الْمَطَرُ (١٠) اَخَذْتُ جَائِزَةً (١١) خَرَجَ الطُّلَّابُ اِلَی الْحَدِیْقَةِ (١٢) اُنْظُفْ ثِیَابِیْ (١٣) لَمْ یَضْرِبْ (١٤) لَا تَفْتَحِ الْبَابَ (١٥) عَوِّدُوْا اَنْفُسَکُمْ بِتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ

(نمونۂ حلِ سوالات)

(١) **اِشْتَرَیْتُ دَرَّاجَةً:**...... ترجمہ: میں نے سائیکل خریدی۔

مذکورہ مثال میں اِشْتَرَیْتُ مبنی اصل ہے، اور مبنی اصل کے اقسام میں سے ماضی ہے۔ اور دَرَّاجَةً معرب ہے، معرب کی قسموں میں سے اسم متمکن، ترکیب میں عامل کے ساتھ واقع ہے۔

ترکیب: اِشْتَرَیْتُ فعل، تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل، دَرَّاجَةً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(٢) **اَکْرِمْ زَیْدًا:**........ ترجمہ: زید کا اکرام کر۔

اَکْرِمْ مبنی اصل ہے، اور مبنی اصل کے اقسام میں سے امر حاضر ہے۔ زَیْدًا معرب ہے، اور معرب کے اقسام میں سے اسم

besturdubooks.wordpress.com

متمکن ترکیب میں عامل کے ساتھ واقع ہے۔

ترکیب: اَکْرِمْ فعل، اَنْتَ ضمیر در و مستتر فاعل، زَیْدًا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ کے ساتھ مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

(۳) یَنْصُرُ: ...... ترجمہ: وہ مدد کرتا ہے۔

یَنْصُرُ معرب ہے، اور معرب کے اقسام میں سے "فعل مضارع بغیر نونِ جمع مؤنث و نوناتِ تاکید" ہے۔

ترکیب: یَنْصُرُ فعل، ھُوَ ضمیر در و مستتر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

نقشۂ اقسام معرب و مبنی



besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ اسم غیر متمکن ہشت قسم ست، اول مضمرات چون اَنَا من مرد وزن وضَرَبْتُ زدم من وإيَّايَ خاص مرا، وضَرَبَنِيْ بزد مرا، ولِيْ مرا، واین ہفتاد ضمیر است، چہاردہ مرفوع متصل، ضَرَبْتُ ضَرَبْنَا ضَرَبْتَ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُمْ ضَرَبْتِ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُنَّ ضَرَبَ ضَرَبَا ضَرَبُوْا ضَرَبَتْ ضَرَبَتَا ضَرَبْنَ ۔ وچہاردہ مرفوع منفصل اَنَا نَحْنُ اَنْتَ اَنْتُمَا اَنْتُمْ اَنْتِ اَنْتُمَا اَنْتُنَّ هُوَ هُمَا هُمْ هِيَ هُمَا هُنَّ ۔ وچہاردہ منصوب متصل ضَرَبَنِيْ ضَرَبَنَا ضَرَبَكَ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُمْ ضَرَبَكِ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُنَّ ضَرَبَهٗ ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُمْ ضَرَبَهَا ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُنَّ ۔ وچہاردہ منصوب منفصل إيَّايَ إيَّانَا إيَّاكَ إيَّاكُمَا إيَّاكُمْ إيَّاكِ إيَّاكُمَا إيَّاكُنَّ إيَّاهُ إيَّاهُمَا إيَّاهُمْ إيَّاهَا إيَّاهُمَا إيَّاهُنَّ ۔ وچہاردہ مجرور متصل لِيْ لَنَا لَكَ لَكُمَا لَكُمْ لَكِ لَكُمَا لَكُنَّ لَهٗ لَهُمَا لَهُمْ لَهَا لَهُمَا لَهُنَّ

ترجمہ: تو جان کہ اسم غیر متمکن آٹھ قسم ہیں، پہلی (قسم) ضمیریں، جیسے اَنَا "میں ایک مرد یا ایک عورت" اور ضَرَبْتُ "میں نے مارا" اور إيَّايَ "خاص میرے لئے" اور ضَرَبَنِيْ "مجھ کو مارا" اور لِيْ "میرے لئے"۔ اور یہ ستر (۷۰) ضمیریں ہیں، چودہ مرفوع متصل، جیسے، ضَرَبْتُ ضَرَبْنَا ضَرَبْتَ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُمْ ضَرَبْتِ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُنَّ ضَرَبَ ضَرَبَا ضَرَبُوْا ضَرَبَتْ ضَرَبَتَا ضَرَبْنَ، اور چودہ مرفوع منفصل، جیسے، اَنَا نَحْنُ اَنْتَ اَنْتُمَا اَنْتُمْ اَنْتِ اَنْتُمَا اَنْتُنَّ هُوَ هُمَا هُمْ هِيَ هُمَا هُنَّ، اور چودہ منصوب متصل، جیسے ضَرَبَنِيْ ضَرَبَنَا ضَرَبَكَ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُمْ ضَرَبَكِ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُنَّ ضَرَبَهٗ ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُمْ ضَرَبَهَا ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُنَّ، اور چودہ منصوب منفصل، جیسے إيَّايَ إيَّانَا إيَّاكَ إيَّاكُمَا إيَّاكُمْ إيَّاكِ إيَّاكُمَا إيَّاكُنَّ إيَّاهُ إيَّاهُمَا إيَّاهُمْ إيَّاهَا إيَّاهُمَا إيَّاهُنَّ ،اور چودہ مجرور متصل، جیسے لِيْ لَنَا لَكَ لَكُمَا لَكُمْ لَكِ لَكُمَا لَكُنَّ لَهٗ لَهُمَا لَهُمْ لَهَا لَهُمَا لَهُنَّ،

تشریح: اس فصل میں مصنفؒ اسم غیر متمکن کی قسمیں بیان کر رہے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ اسم غیر متمکن کی کل آٹھ قسمیں ہیں۔

(۱) مضمرات (۲) اسمائے اشارات (۳) اسمائے موصولات (٤) اسمائے افعال (۵) اسمائے اصوات (٦) اسمائے ظروف (۷) اسمائے کنایات (۸) مرکب بنائی۔

besturdubooks.wordpress.com

(1) **مضمرات:** مضمرات، مضمر کی جمع ہے، مضمر کو ضمیر بھی کہتے ہیں۔ضمیر کا لغوی معنی ہے "پوشیدہ" اور اصطلاح میں ضمیر اس اسم کو کہتے ہیں جو متکلم، مخاطب یا ایسے غائب پر دلالت کرے جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو۔

متکلم کی مثال: جیسے اَنَا (میں) مخاطب کی مثال: جیسے اَنْتَ (تو) غائب کی مثال: جیسے ھُوَ (وہ)

فائدہ (۱) بات کرنے والے کو متکلم کہتے ہیں۔جس سے بات کی جائے اسے مخاطب کہتے ہیں۔اور وہ شخص یا چیز، جس کی بابت بات کی جائے، غائب کہلاتا ہے۔

فائدہ (۲) جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو، اسے مرجع کہتے ہیں۔اور جو ضمیر اس کی طرف لوٹ رہی ہو، اسے راجع کہا جاتا ہے۔جیسے، زَیْدٌ ضَرَبَ میں زَیْدٌ مرجع ہے۔اور ضَرَبَ کے اندر جو ھُوَ ضمیر مستتر ہے، (جو زید کی طرف لوٹ رہی ہے) راجع ہے۔

فائدہ (۳) اسم کی دو قسمیں ہیں، (۱) اسم ظاہر (۲) اسم ضمیر

اسم ظاہر: اسم ظاہر وہ اسم ہے جو ضمیر نہ ہو، یعنی ضمیر کے علاوہ باقی جتنے اسماء ہیں سب کے سب اسم ظاہر ہیں۔

اسم ضمیر: اسم ضمیر کی تعریف گذر چکی ہے۔

پھر ضمیر کی ابتداءً تین قسمیں ہیں (۱) مرفوع (۲) منصوب (۳) مجرور

(۱) **ضمیر مرفوع:** مرفوع کا لغوی معنی ہے "بلند کیا ہوا" اصطلاح میں مرفوع وہ ضمیر ہے، جو ترکیب میں مبتدأ، خبر، فاعل یا نائب فاعل واقع ہو۔یہ سب چونکہ مرفوع ہوتے ہیں، اس لئے ان کی ضمیر کو بھی مرفوع کہتے ہیں۔

(۲) **ضمیر منصوب:** منصوب کا لغوی معنی ہے "نصب دیا ہوا" اصطلاح میں منصوب وہ ضمیر ہے، جو ترکیب میں مفعول بہ یا عامل ناصب کا معمول واقع ہو۔یہ دونوں چونکہ منصوب ہوتے ہیں، اس لئے ان کی ضمیر کو بھی منصوب کہتے ہیں۔

(۳) **ضمیر مجرور:** مجرور کا لغوی معنی ہے "جر دیا ہوا" اصطلاح میں مجرور وہ ضمیر ہے جو ترکیب میں حرف جر کے لئے مجرور یا مضاف کیلئے مضاف الیہ واقع ہو۔یہ دونوں چونکہ مجرور ہوتے ہیں، اس لئے ان کی ضمیر کو بھی مجرور کہتے ہیں۔

ضمیر کی ثانیاً پانچ قسمیں ہیں: (۱) مرفوع متصل (۲) مرفوع منفصل (۳) منصوب متصل (٤) منصوب منفصل (٥) مجرور متصل

(۱) **مرفوع متصل:** متصل کا لغوی معنی ہے "ملنے والا" اصطلاح میں ضمیر مرفوع متصل وہ ضمیر ہے، جو اپنے عامل یعنی فعل سے ملی ہوئی ہو، اور ترکیب میں ہمیشہ فاعل واقع ہو۔پھر چاہے فاعل حقیقی ہو یا حکمی ہو (فاعل حکمی سے مراد نائب فاعل، افعال ناقصہ کا اسم وغیرہ ہے)

besturdubooks.wordpress.com

(۲) مرفوع منفصل: منفصل کا لغوی معنی ہے "جدا ہونے والا" اصطلاح میں ضمیر مرفوع منفصل وہ ضمیر ہے، جو اپنے عامل سے ملی ہوئی نہ ہو۔ اور ترکیب میں مبتدا، خبر یا فاعل واقع ہو۔

(۳) منصوب متصل: ضمیر منصوب متصل اس ضمیر کو کہتے ہیں جو اپنے عامل سے ملی ہوئی ہو اور ترکیب میں مفعول بہ یا عامل ناصب کا معمول ہو۔

(٤) منصوب منفصل: ضمیر منصوب منفصل وہ ضمیر ہے جو اپنے عامل سے ملی ہوئی نہ ہو، اور ترکیب میں مفعول بہ واقع ہو۔

(۵) ضمیر مجرور متصل: ضمیر مجرور متصل وہ ضمیر ہے جو اپنے عامل سے ملی ہوئی ہو، اور ترکیب میں حرف جار کا مجرور یا مضاف کیلئے مضاف الیہ واقع ہو۔

مرفوع متصل کی ضمائر:

مرفوع متصل کی چودہ ضمائر ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

(۱) ضَرَبْتُ (۲) ضَرَبْنَا (۳) ضَرَبْتَ (۴) ضَرَبْتُمَا (۵) ضَرَبْتُمْ (۶) ضَرَبْتِ (۷) ضَرَبْتُمَا
(۸) ضَرَبْتُنَّ (۹) ضَرَبَ (۱۰) ضَرَبَا (۱۱) ضَرَبُوْا (۱۲) ضَرَبَتْ (۱۳) ضَرَبَتَا (۱۴) ضَرَبْنَ

مرفوع منفصل کی ضمائر:

مرفوع منفصل کی بھی چودہ ضمائر ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

(۱) اَنَا (۲) نَحْنُ (۳) اَنْتَ (۴) اَنْتُمَا (۵) اَنْتُمْ (۶) اَنْتِ (۷) اَنْتُمَا (۸) اَنْتُنَّ (۹) هُوَ (۱۰) هُمَا (۱۱) هُمْ (۱۲) هِيَ (۱۳) هُمَا (۱۴) هُنَّ

منصوب متصل کی ضمائر:

ضمیر منصوب متصل کی چودہ ضمائر ہیں، اور ان کے واقع ہونے کی تین صورتیں ہیں۔

(۱) کبھی یہ فعل کے بعد واقع ہو کر مفعول بہ بنتی ہیں۔ جیسے

(۱) ضَرَبَنِیْ (۲) ضَرَبَنَا (۳) ضَرَبَکَ (۴) ضَرَبَکُمَا (۵) ضَرَبَکُمْ (۶) ضَرَبَکِ (۷) ضَرَبَکُمَا
(۸) ضَرَبَکُنَّ (۹) ضَرَبَهٗ (۱۰) ضَرَبَهُمَا (۱۱) ضَرَبَهُمْ (۱۲) ضَرَبَهَا (۱۳) ضَرَبَهُمَا (۱۴) ضَرَبَهُنَّ

besturdubooks.wordpress.com

(۲) کبھی یہ اسم فعل کے بعد واقع ہو کر مفعول بہ بنتی ہیں۔ جیسے،

(۱) رُوَیْدَ نِیْ (۲) رُوَیْدَ نَا (۳) رُوَیْدَکَ (۴) رُوَیْدَ کُمَا (۵) رُوَیْدَ کُمْ (۶) رُوَیْدَکِ (۷) رُوَیْدَ کُمَا

(۸) رُوَیْدَ کُنَّ (۹) رُوَیْدَهٗ (۱۰) رُوَیْدَهُمَا (۱۱) رُوَیْدَ هُمْ (۱۲) رُوَیْدَهَا (۱۳) رُوَیْدَهُمَا (۱۴) رُوَیْدَهُنَّ

(۳) اور کبھی عامل ناصب کے لئے معمول بنتی ہیں۔ جیسے

(۱) اِنَّنِیْ (۲) اِنَّنَا (۳) اِنَّکَ (۴) اِنَّکُمَا (۵) اِنَّکُمْ (۶) اِنَّکِ (۷) اِنَّکُمَا

(۸) اِنَّکُنَّ (۹) اِنَّهٗ (۱۰) اِنَّهُمَا (۱۱) اِنَّهُمْ (۱۲) اِنَّهَا (۱۳) اِنَّهُمَا (۱۴) اِنَّهُنَّ

منصوب منفصل کی ضمائر:

منصوب منفصل کی چودہ ضمائر ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

(۱) اِیَّایَ (۲) اِیَّانَا (۳) اِیَّاکَ (۴) اِیَّاکُمَا (۵) اِیَّاکُمْ (۶) اِیَّاکِ (۷) اِیَّاکُمَا

(۸) اِیَّاکُنَّ (۹) اِیَّاهُ (۱۰) اِیَّاهُمَا (۱۱) اِیَّاهُمْ (۱۲) اِیَّاهَا (۱۳) اِیَّاهُمَا (۱۴) اِیَّاهُنَّ

مجرور متصل کی ضمائر:

مجرور متصل کی بھی چودہ ضمائر ہیں، اور ان کے واقع ہونے کی دو صورتیں ہیں۔

(۱) کبھی حرف جر کے لئے مجرور واقع ہوتی ہیں۔ جیسے

(۱) لِیْ (۲) لَنَا (۳) لَکَ (۴) لَکُمَا (۵) لَکُمْ (۶) لَکِ (۷) لَکُمَا

(۸) لَکُنَّ (۹) لَهٗ (۱۰) لَهُمَا (۱۱) لَهُمْ (۱۲) لَهَا (۱۳) لَهُمَا (۱۴) لَهُنَّ

(۲) اور کبھی مضاف کے لئے مضاف الیہ واقع ہوتی ہیں۔ جیسے

(۱) غُلَامِیْ (۲) غُلَامُنَا (۳) غُلَامُکَ (۴) غُلَامُکُمَا (۵) غُلَامُکُمْ (۶) غُلَامُکِ (۷) غُلَامُکُمَا

(۸) غُلَامُکُنَّ (۹) غُلَامُهٗ (۱۰) غُلَامُهُمَا (۱۱) غُلَامُهُمْ (۱۲) غُلَامُهَا (۱۳) غُلَامُهُمَا (۱۴) غُلَامُهُنَّ

فائدہ (٤) ضمیر مرفوع متصل کی دو قسمیں ہیں، (۱) بارز (۲) مستتر

ضمیر بارز: ضمیر بارز وہ ضمیر ہے جو لفظوں میں موجود ہو۔ جیسے ضَرَبْتُ میں تُ ضمیر بارز ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

ضمیر مستتر: ضمیر مستتر وہ ضمیر ہے جو لفظوں میں موجود نہ ہو۔ جیسے ضَرَبَ میں هُوَ ضمیر مستتر ہے۔

فائدہ (۵) ضمیر مرفوع متصل مستتر کی دو قسمیں ہیں، (۱) ضمیر دائمی (۲) ضمیر عارضی

ضمیر دائمی: ضمیر دائمی وہ ضمیر مرفوع متصل مستتر ہے جو اس فعل میں پوشیدہ ہو جس کا فاعل کبھی بھی اسم ظاہر نہیں ہوتا۔ جیسے تَضْرِبُ میں اَنْتَ ضمیر مستتر دائمی ہے۔ اس کا دوسرا نام واجب الاستتار ہے۔

ضمیر عارضی: ضمیر عارضی وہ ضمیر متصل مستتر ہے جو فعل یا شبہ فعل میں وقتی طور پر پوشیدہ ہو، یعنی اگر فعل یا شبہ فعل کا فاعل اسم ظاہر نہ ہو تب تو ضمیر پوشیدہ ہو، اور اگر فاعل اسم ظاہر ہو تو ضمیر پوشیدہ نہ ہو۔ جیسے ضَرَبَ میں هُوَ ضمیر۔ اور اس کا دوسرا نام جائز الاستتار ہے۔

فائدہ (۶) فعل ماضی کے چودہ صیغوں میں سے دو صیغوں یعنی واحد مذکر غائب اور واحد مؤنث غائب میں ضمیر مستتر عارضی ہوگی۔ باقی بارہ صیغوں میں ضمیر ہمیشہ بارز ہوگی، اور وہ یہ ہیں۔

ضَرَبَا میں الف، ضَرَبُوْا میں واؤ، ضَرَبَتَا میں الف، ضَرَبْنَ میں نَ، ضَرَبْتَ میں تَ، ضَرَبْتُمَا میں تُمَا، ضَرَبْتُمْ میں تُمْ، ضَرَبْتِ میں تِ، ضَرَبْتُمَا میں تُمَا، ضَرَبْتُنَّ میں تُنَّ، ضَرَبْتُ میں تُ اور ضَرَبْنَا میں نَا ضمیر بارز ہے۔

فائدہ (۷) فعل مضارع کے چودہ صیغوں میں سے پانچ صیغوں، یعنی واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائبہ، واحد مذکر مخاطب، واحد متکلم اور جمع متکلم میں ضمیر مستتر ہوگی۔

پھر ان میں سے دو صیغوں، یعنی واحد مذکر غائب اور واحد مؤنث غائبہ میں ضمیر مستتر عارضی ہوگی۔ واحد مذکر غائب میں هُوَ ضمیر، اور واحد مؤنث غائبہ میں هِيَ ضمیر۔ واحد مذکر غائب کی مثال، جیسے يَضْرِبُ میں هُوَ۔ واحد مؤنث غائبہ کی مثال، جیسے تَضْرِبُ میں هِيَ،

باقی تین صیغوں یعنی واحد مذکر مخاطب، واحد متکلم اور جمع متکلم میں ضمیر مستتر دائمی ہوگی۔ واحد مذکر مخاطب میں اَنْتَ ضمیر جیسے تَضْرِبُ میں اَنْتَ۔ واحد متکلم میں اَنَا ضمیر جیسے اَضْرِبُ میں اَنَا۔ جمع متکلم میں نَحْنُ ضمیر جیسے نَضْرِبُ میں نَحْنُ

مضارع کے باقی نو (۹) صیغوں میں ہمیشہ ضمیر بارز ہوگی۔ اور وہ صیغے یہ ہیں۔

يَضْرِبَانِ میں الف، يَضْرِبُوْنَ میں واؤ، تَضْرِبَانِ میں الف، يَضْرِبْنَ میں نَ، تَضْرِبَانِ میں الف، تَضْرِبُوْنَ میں واؤ تَضْرِبِيْنَ میں یْ، تَضْرِبَانِ میں الف، تَضْرِبْنَ میں نَ۔

فائدہ (۸) اسم صفت کے صیغوں میں ضمیر عارضی ہوتی ہے۔ اسم صفت سے مراد (۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ (۴)

besturdubooks.wordpress.com

اسم تفضیل (۵) اسم منسوب (٦) اسم مبالغہ ہیں۔ان چھ اسموں میں ضمیر عارضی ہوگی۔یعنی اگر ان کا فاعل اسم ظاہر نہ ہو تب تو ان میں ضمیر مستتر عارضی ہوگی، اور اگر ان کا فاعل اسم ظاہر ہو تو ان میں ضمیر مستتر نہ ہوگی۔

واحد مذکر اسم صفت میں هُوَ ضمیر، تثنیہ مذکر اسم صفت میں هُمَا ضمیر، جمع مذکر اسم صفت میں هُمْ ضمیر، واحد مؤنث اسم صفت میں هِيَ ضمیر، تثنیہ مؤنث اسم صفت میں هُمَا ضمیر اور جمع مؤنث اسم صفت میں هُنَّ ضمیر مستتر عارضی ہوگی۔

مثلاً اسم صفت کی قسموں میں سے ایک قسم اسم فاعل ہے، اس میں ضمیریوں مستتر ہوگی۔ ضَارِبٌ میں هُوَ، ضَارِبَانِ میں هُمَا، ضَارِبُوْنَ میں هُمْ، ضَارِبَةٌ میں هِيَ، ضَارِبَتَانِ میں هُمَا، ضَارِبَاتٌ میں هُنَّ.

باقی اسم مصدر، اسم ظرف اور اسم آلہ میں ضمیر نہیں ہوا کرتی ہے۔

فائدہ (۹) اسم صفت کے صیغوں میں جو ضمیر مستتر عارضی ہوتی ہے وہ ضمیر اسم صفت کے ماقبل کے اعتبار سے مستتر ہوگی، اگر اسم صفت سے پہلے متکلم کا صیغہ ہو تو اسم صفت میں متکلم کی ضمیر مستتر ہوگی۔ اگر غائب کا صیغہ ہو تو اسم صفت میں غائب کی ضمیر مستتر ہوگی۔ اور اگر مخاطب کا صیغہ ہو تو اسم صفت میں مخاطب کی ضمیر مستتر ہوگی۔.... متکلم کی مثال۔ جیسے "اَنَا ضَارِبٌ" یہاں ضَارِبٌ کے اندر اَنَا ضمیر مستتر ہے۔ مخاطب کی مثال۔ جیسے "اَنْتَ ضَارِبٌ" یہاں ضَارِبٌ میں اَنْتَ ضمیر مستتر ہے۔ غائب کی مثال۔ جیسے "زَيْدٌ ضَارِبٌ" یہاں ضَارِبٌ میں هُوَ ضمیر مستتر ہے۔

فائدہ (۱۰) اگر جملے سے پہلے مرجع کے ذکر کے بغیر غائب کی ضمیر واقع ہو، اور مابعد والا جملہ اس ضمیر کی تفصیل اور وضاحت کرتا ہو، تو اگر وہ ضمیر مذکر کی ہے تو اس کو ضمیر شان کہتے ہیں۔ اور اگر مؤنث کی ضمیر ہے تو ضمیر قصہ کہلاتی ہے۔

ضمیر شان کی مثال۔ جیسے اِنَّهٗ زَيْدٌ قَائِمٌ ضمیر قصہ کی مثال۔ جیسے اِنَّهَا زَيْنَبُ قَائِمَةٌ

☆☆☆☆☆☆☆

فعل ماضی معلوم کی ترکیب:

ضَرَبَ:... ضَرَبَ فعل، هُوَ ضمیر در و مستتر راجع بسوئے فلاں مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبَا:... ضَرَبَا فعل، الف ضمیر برائے تثنیہ مذکر غائب مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

besturdubooks.wordpress.com

ضَرَبُوْا:... ضَرَبُوْا فعل، واؤ ضمیر برائے جمع مذکر غائب مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبَتْ:... ضَرَبَتْ فعل، ھِیَ ضمیر در وہ مستتر برائے واحدہ مؤنثہ غائبہ راجع بسوئے فلانۃ، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبَتَا:... ضَرَبَتَا فعل، الف ضمیر برائے تثنیہ مؤنث غائبتین مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبْنَ:... ضَرَبْنَ فعل، "ن" ضمیر برائے جمع مؤنث غائبات، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبْتَ:... ضَرَبْتَ فعل، "تَ" ضمیر برائے واحد مذکر مخاطب، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبْتُمَا:... ضَرَبْتُمَا فعل، تُمَا ضمیر برائے تثنیہ مذکر مخاطبین، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبْتُمْ:... ضَرَبْتُمْ فعل، تُمْ ضمیر برائے جمع مذکر مخاطبین، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبْتِ:... ضَرَبْتِ فعل، تِ ضمیر برائے واحدہ مؤنثہ مخاطبہ، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبْتُمَا:... ضَرَبْتُمَا فعل، تُمَا ضمیر برائے تثنیہ مؤنث مخاطبتین، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبْتُنَّ:... ضَرَبْتُنَّ فعل، تُنَّ ضمیر برائے جمع مؤنث مخاطبات، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

besturdubooks.wordpress.com

ضَرَبْتُ:... ضَرَبْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبْنَا:... ضَرَبْنَا فعل، نَا ضمیر برائے جمع متکلم، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فعل ماضی مجہول کی ترکیب:۔

ضُرِبَ:... ضُرِبَ فعل، ھُوَ ضمیر در و مستتر راجع بسوئے فلاںٌ مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً نائب فاعل، فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضُرِبَا:... ضُرِبَا فعل، الف ضمیر برائے تثنیہ مذکر غائب مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً نائب فاعل، فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضُرِبُوْا:... ضُرِبُوْا فعل، واؤ ضمیر برائے جمع مذکر غائب مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً نائب فاعل، فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضُرِبَتْ:... ضُرِبَتْ فعل، ھِیَ ضمیر در و مستتر برائے واحدہ مؤنث غائبہ راجع بسوئے فلانۃٌ مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً نائب فاعل، فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

باقی صیغوں کی ترکیب ماضی معلوم کے صیغوں کی ترکیب پر قیاس کریں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ فعل ماضی معلوم کے صیغوں میں جہاں فاعل آرہا تھا، وہیں ماضی مجہول کے صیغوں میں نائب فاعل آئے گا۔

فعل مضارع معلوم کی ترکیب:۔

یَضْرِبُ... یَضْرِبُ فعل، ھُوَ ضمیر در و مستتر واحد مذکر غائب راجع بسوئے فلاںٌ مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یَضْرِبَانِ:... یَضْرِبَانِ فعل، الف ضمیر برائے تثنیہ مذکر غائب مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یَضْرِبُوْنَ:... یَضْرِبُوْنَ فعل، واؤ ضمیر برائے جمع مذکر غائب مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ

besturdubooks.wordpress.com

فعلیہ خبریہ ہوا۔

تَضْرِبُ:... تَضْرِبُ فعل، ھِیَ ضمیر درو مستتر برائے واحدہ مؤنث غائبہ راجع بسوئے فلانۃ، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تَضْرِبَانِ:... تَضْرِبَانِ فعل، الف ضمیر برائے تثنیہ مؤنث غائبتین مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يَضْرِبْنَ:... يَضْرِبْنَ فعل، "ن" ضمیر برائے جمع مؤنث غائبات، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تَضْرِبُ:... تَضْرِبُ فعل، اَنْتَ ضمیر درو مستتر برائے واحد مذکر مخاطب، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تَضْرِبَانِ:... تَضْرِبَانِ فعل، الف ضمیر برائے تثنیہ مذکر مخاطبین، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تَضْرِبُوْنَ:... تَضْرِبُوْنَ فعل، واؤ ضمیر برائے جمع مذکر مخاطبین، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تَضْرِبِيْنَ:... تَضْرِبِيْنَ فعل، "ی" ...رائے واحدہ مؤنثہ مخاطبہ، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تَضْرِبَانِ:... تَضْرِبَانِ فعل، الف ضمیر برائے تثنیہ مؤنث مخاطبتین، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تَضْرِبْنَ:... تَضْرِبْنَ فعل، "ن" ضمیر برائے جمع مؤنث مخاطبات، مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَضْرِبُ:... اَضْرِبُ فعل، اَنَا ضمیر درو مستتر برائے واحد متکلم مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

besturdubooks.wordpress.com

نَضْرِبُ:... نَضْرِبُ فعل، نَحْنُ ضمیر درو مستتر برائے جمع متکلم مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فعل مضارع مجهول کی ترکیب:۔

يُضْرَبُ:... يُضْرَبُ فعل، هُوَ ضمیر درو مستتر راجع بسوئے فلانٌ مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً نائب فاعل، فعل اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

باقی صیغوں کی ترکیب مضارع معلوم کے صیغوں کی ترکیب پر قیاس کریں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ معلوم کے صیغوں میں جہاں فاعل آرہا تھا وہیں مجہول کے صیغوں میں نائب فاعل آئے گا۔

اسم فاعل کی ترکیب:۔

ضَارِبٌ:... ضَارِبٌ شبہ فعل، هُوَ ضمیر درو مستتر برائے واحد مذکر غائب مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

ضَارِبَانِ:... ضَارِبَانِ شبہ فعل، هُمَا ضمیر درو مستتر برائے تثنیہ مذکر غائب، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

ضَارِبُوْنَ:... ضَارِبُوْنَ شبہ فعل، هُمْ ضمیر درو مستتر برائے جمع مذکر غائب، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

ضَارِبَةٌ:... ضَارِبَةٌ شبہ فعل، هِيَ ضمیر درو مستتر برائے واحدہ مؤنثہ غائبہ مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

ضَارِبَتَانِ:... ضَارِبَتَانِ فعل، هُمَا ضمیر درو مستتر برائے تثنیہ مؤنث غائبتین، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

ضَارِبَاتٌ:... ضَارِبَاتٌ شبہ فعل، هُنَّ ضمیر درو مستتر برائے جمع مؤنثہ غائبات، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

besturdubooks.wordpress.com

اسم مفعول کی ترکیب:۔

مَضْرُوْبٌ:... مَضْرُوْبٌ شبہ فعل، ھُوَ ضمیر در و مستتر راجع بسوئے فلاں مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً نائب فاعل، شبہ فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

مَضْرُوْبَانِ:... مَضْرُوْبَانِ شبہ فعل، ھُمَا ضمیر در و مستتر برائے تثنیہ مذکر غائب، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً نائب فاعل، شبہ فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

مَضْرُوْبُوْنَ:... مَضْرُوْبُوْنَ شبہ فعل، ھُمْ ضمیر در و مستتر برائے جمع مذکر غائب، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً نائب فاعل، شبہ فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

مَضْرُوْبَۃٌ:... مَضْرُوْبَۃٌ شبہ فعل، ھِیَ ضمیر در و مستتر برائے واحدہ مؤنثہ غائبہ مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً نائب فاعل، شبہ فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

مَضْرُوْبَتَانِ: مَضْرُوْبَتَانِ شبہ فعل، ھُمَا ضمیر در و مستتر برائے تثنیہ مؤنث غائبتین، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً نائب فاعل، شبہ فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

مَضْرُوْبَاتٌ: مَضْرُوْبَاتٌ شبہ فعل، ھُنَّ ضمیر در و مستتر برائے جمع مؤنثہ غائبات، مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً نائب فاعل، شبہ فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں ضمائر کی قسمیں بتائیں۔ نیز ترجمہ و ترکیب کریں۔

(۱) اِیَّاکَ نَعْبُدُ (۲) ضَرَبْتُکُنَّ ھِنْدٌ (۳) لَھَا کِتَابٌ (٤) ھُمَا عَالِمَانِ (۵) ضَرَبْنَاھَا (٦) ھٰذَا عَبْدِیْ (۷) ضَرَبُوْھُمْ (۸) نَصَرَتْنِی ھِنْدٌ (۹) اِنِّی اَنَا اللّٰہُ (۱۰) لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ (۱۱) رَبُّنَا اللّٰہُ (۱۲) عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا (۱۳) نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِکَ (۱٤) اَرْسَلَ عَلَیْھِمْ (۱۵) اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ۔

besturdubooks.wordpress.com

(نمونہ حل سوالات)

(۱) اِیَّاکَ نَعْبُدُ: ...... ترجمہ: ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔

مذکورہ جملے میں اِیَّاکَ ضمیر منصوب منفصل ہے، اور نَعْبُدُ میں نَحْنُ ضمیر مرفوع متصل مستتر ہے۔

ترکیب: اِیَّاکَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم، نَعْبُدُ فعل، نَحْنُ ضمیر درو مستتر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۲) ضَرَبَتْکُنَّ هِنْدٌ: ...... ترجمہ: ھندہ نے تم سب عورتوں کو مارا۔

درج بالا جملے میں کُنَّ ضمیر منصوب متصل ہے۔

ترکیب: ضَرَبَتْ فعل، کُنَّ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ مقدم، هِنْدٌ فاعل مؤخر، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۳) لَهَا کِتَابٌ: ...... ترجمہ: اس کے لئے کتاب ہے۔

مذکورہ جملے میں هَا ضمیر مجرور متصل ہے۔

ترکیب: لَهَا جار مجرور متعلق ہے ثَابِتٌ مقدر کے لئے، ثَابِتٌ شبہ فعل اپنے فاعل هُوَ ضمیر مستتر اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر مقدم، کِتَابٌ مبتدا مؤخر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

نقشہ



☆☆☆☆☆☆☆

ضمائر کی گردانوں کا تفصیلی نقشہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

besturdubooks.wordpress.com

ضمائر کی گردانوں کا تفصیلی نقشہ

ضمیر

مرفوع — **منصوب** — **مجرور**

مرفوع: متصل	مرفوع: منفصل	منصوب: متصل بفعل	منصوب: متصل باسم فعل	منصوب: متصل بعامل ناصب	منصوب: منفصل	مجرور: متصل بحرف جر	مجرور: متصل باضافت
ضَرَبْتُ	اَنَا	ضَرَبَنِي	رُوَیْدَنِي	اِنَّنِي	اِیَّایَ	لِي	غُلَامِي
ضَرَبْنَا	نَحْنُ	ضَرَبَنَا	رُوَیْدَنَا	اِنَّنَا	اِیَّانَا	لَنَا	غُلَامُنَا
ضَرَبْتَ	اَنْتَ	ضَرَبَکَ	رُوَیْدَکَ	اِنَّکَ	اِیَّاکَ	لَکَ	غُلَامُکَ
ضَرَبْتُمَا	اَنْتُمَا	ضَرَبَکُمَا	رُوَیْدَکُمَا	اِنَّکُمَا	اِیَّاکُمَا	لَکُمَا	غُلَامُکُمَا
ضَرَبْتُمْ	اَنْتُمْ	ضَرَبَکُمْ	رُوَیْدَکُمْ	اِنَّکُمْ	اِیَّاکُمْ	لَکُمْ	غُلَامُکُمْ
ضَرَبْتِ	اَنْتِ	ضَرَبَکِ	رُوَیْدَکِ	اِنَّکِ	اِیَّاکِ	لَکِ	غُلَامُکِ
ضَرَبْتُمَا	اَنْتُمَا	ضَرَبَکُمَا	رُوَیْدَکُمَا	اِنَّکُمَا	اِیَّاکُمَا	لَکُمَا	غُلَامُکُمَا
ضَرَبْتُنَّ	اَنْتُنَّ	ضَرَبَکُنَّ	رُوَیْدَکُنَّ	اِنَّکُنَّ	اِیَّاکُنَّ	لَکُنَّ	غُلَامُکُنَّ
ضَرَبَ	هُوَ	ضَرَبَهُ	رُوَیْدَهُ	اِنَّهُ	اِیَّاهُ	لَهُ	غُلَامُهُ
ضَرَبَا	هُمَا	ضَرَبَهُمَا	رُوَیْدَهُمَا	اِنَّهُمَا	اِیَّاهُمَا	لَهُمَا	غُلَامُهُمَا
ضَرَبُوْا	هُمْ	ضَرَبَهُمْ	رُوَیْدَهُمْ	اِنَّهُمْ	اِیَّاهُمْ	لَهُمْ	غُلَامُهُمْ
ضَرَبَتْ	هِيَ	ضَرَبَهَا	رُوَیْدَهَا	اِنَّهَا	اِیَّاهَا	لَهَا	غُلَامُهَا
ضَرَبَتَا	هُمَا	ضَرَبَهُمَا	رُوَیْدَهُمَا	اِنَّهُمَا	اِیَّاهُمَا	لَهُمَا	غُلَامُهُمَا
ضَرَبْنَ	هُنَّ	ضَرَبَهُنَّ	رُوَیْدَهُنَّ	اِنَّهُنَّ	اِیَّاهُنَّ	لَهُنَّ	غُلَامُهُنَّ

besturdubooks.wordpress.com

دوم اسمائے اشارات ذَا،وذَانِ ، وَذَیْنِ ، وتَـا ،وتِـیْ ، وَ تِهٗ ، وذِهٗ ، وذِهِیْ ، وَ تِهِیْ ، وتَانِ ، وتَیْنِ ، واُولآءِ بمد، واُولٰی بقصر،

ترجمہ: دوسری (قسم) اسمائے اشارات (جو یہ ہیں) ذَا، ذَانِ ،ذَیْنِ ،تَـا ، تِیْ ، تِهٗ ،ذِهٗ ،ذِهِیْ، تِهِیْ، تَانِ، تَیْنِ ، اُولآءِ مد کے ساتھ، اوراُولٰی قصر کے ساتھ۔

② اسمائے اشارات: اسم غیر متمکن کی دوسری قسم اسمائے اشارات ہیں۔اسماء اسم کی جمع ہےاوراشارات اشارہ کی جمع ہے۔

اسم اشارہ: اسم اشارہ وہ اسم ہے جس کے ذریعے کسی معین چیز کی طرف اشارہ کیا جائے۔اشارہ کرنے والے کومشیر کہتے ہیں،جس چیز کی طرف اشارہ کیا جائے اسے مشارٌ الیہ کہتے ہیں،جس لفظ سے اشارہ کیا جائے اس کواسم اشارہ کہتے ہیں اورجس کیلئے اشارہ کیا جائے اس کو مشارلہٗ اورمخاطب کہتے ہیں۔مثلاً زید کی کتاب گم ہوگئی عمرو کی نظراس کتاب پر پڑی،عمرو نے زید کو کتاب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا "هٰذَا الْكِتَابُ" تواس مثال میں عمرومشیر،کتاب مشارٌ الیہ،هٰذَااسم اشارہ اورزید مشارلہٗ اورمخاطب ہے۔

اسمائے اشارات کی تعداد: اسم اشارہ کے مشہورتیرہ (١٣) کلمات ہیں،جودرج ذیل ہیں۔

ذَا، ذَانِ، ذَیْنِ، تَا، تِیْ، تِهٗ، تِهِیْ، ذِهٗ، ذِهِیْ، تَانِ، تَیْنِ، اُولآءِ (بمد)، اُولٰی (بقصر)۔

اسمائے اشارات کے کلمات کے معانی:۔

اسم اشارہ	صیغہ	معنی
ذَا	واحد مذکر	یہ ایک مرد
ذَان	تثنیہ مذکر (حالت رفعی میں)	یہ دومرد
ذَیْن	تثنیہ مذکر (حالت نصبی وجری میں)	یہ دومرد
تَا، تِیْ، تِهٗ، تِهِیْ، ذِهٗ، ذِهِیْ	واحدہ مؤنثہ	یہ ایک عورت
تَان	تثنیہ مؤنث (حالت رفعی میں)	یہ دوعورتیں
تَیْن	تثنیہ مؤنث (حالت نصبی وجری میں)	یہ دوعورتیں
اُولآءِ (بمد)	جمع مذکرومؤنث	یہ سب مرد یا یہ سب عورتیں
اُولٰی (بقصر)	جمع مذکرومؤنث	یہ سب مرد یا یہ سب عورتیں

besturdubooks.wordpress.com

فائدہ ① اگر اسم اشارہ مشار الیہ قریب کے لئے استعمال کیا جائے تو اس وقت غافل مخاطب کو بیدار کرنے کے لئے اسم اشارہ کے شروع میں ھا تنبیہ لاتے ہیں۔ جیسے ،ھٰذَا ،ھٰذَانِ، ھٰنَا ،ھٰتَانِ وغیرہ۔

فائدہ ② اگر اسم اشارہ مشار الیہ متوسط کے لئے استعمال کیا جائے تو اسم اشارہ کے آخر میں ''کَ'' حرف خطاب لگا دیتے ہیں، تا کہ مخاطب کے مفرد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث ہونے پر دلالت کرے۔ اور یہ چار اسموں (تَہٗ ،تِہِیْ، ذِہٗ ،ذِہِیْ) کے علاوہ باقی تمام اسموں پر داخل ہو سکتا ہے۔

حروف خطاب چھ ہیں۔ کَ، کُمَا، کُمْ، کِ، کُمَا، کُنَّ . ان سب کا نقشہ ملاحظہ فرمائیں۔

اسم اشارہ	مخاطب مفرد مذکر	مخاطب تثنیہ مذکر	مخاطب جمع مذکر	مخاطب مفرد مؤنث	مخاطب تثنیہ مؤنث	مخاطب جمع مؤنث
ذَا	ذَاکَ	ذَاکُمَا	ذَاکُمْ	ذَاکِ	ذَاکُمَا	ذَاکُنَّ
ذَانِ	ذَانِکَ	ذَانِکُمَا	ذَانِکُمْ	ذَانِکِ	ذَانِکُمَا	ذَانِکُنَّ
ذَیْنِ	ذَیْنِکَ	ذَیْنِکُمَا	ذَیْنِکُمْ	ذَیْنِکِ	ذَیْنِکُمَا	ذَیْنِکُنَّ
تَا	تَاکَ	تَاکُمَا	تَاکُمْ	تَاکِ	تَاکُمَا	تَاکُنَّ
تِیْ	تِیْکَ	تِیْکُمَا	تِیْکُمْ	تِیْکِ	تِیْکُمَا	تِیْکُنَّ
تَانِ	تَانِکَ	تَانِکُمَا	تَانِکُمْ	تَانِکِ	تَانِکُمَا	تَانِکُنَّ
تَیْنِ	تَیْنِکَ	تَیْنِکُمَا	تَیْنِکُمْ	تَیْنِکِ	تَیْنِکُمَا	تَیْنِکُنَّ
اُولَآءِ	اُولَآئِکَ	اُولَآئِکُمَا	اُولَآئِکُمْ	اُولَآئِکِ	اُولَآئِکُمَا	اُولَآئِکُمْ
اُولٰی	اُولَاکَ	اُولَاکُمَا	اُولَاکُمْ	اُولَاکِ	اُولَاکُمَا	اُولَاکُنَّ

فائدہ ③ اگر اسم اشارہ مشار الیہ بعید کیلئے استعمال کیا جائے تو اسم اشارہ اور کاف خطاب کے درمیان لام لاتے ہیں، جو کہ حرف بُعد ہے۔ جیسے ذَاکَ سے ذَالِکَ، ذَاکُمْ سے ذَالِکُمْ، تَاکَ سے تِلْکَ۔ تِلْکَ دراصل تَالِکَ تھا پھر تاء کے الف کو حذف کر کے تاء کے فتحہ کو کسرہ سے تبدیل کر کے لام کو ساکن کر دیا، تِلْکَ ہوا۔

فائدہ ④ مشارٌ الیہ کو اسم اشارہ پر مقدم بھی کیا جا سکتا ہے۔ جیسے ''بِوَرِقِکُمْ ھٰذِہٖ'' اس مثال میں وَرِقِکُمْ مشار الیہ ہے، جو کہ

besturdubooks.wordpress.com

مقدم ہےاور هٰذِهٖ اسم اشارہ مؤخر ہے۔

فائدہ ⑤ کبھی کبھار اسم اشارہ مذکر سے مشار الیہ مؤنث کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔جیسے "فَلَمَّا رَأَالشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّیْ" اس مثال میں الشَّمْسَ مؤنث سماعی مشار الیہ ہے،اور هٰذَا اسم اشارہ مذکر ہے۔

اسمائے اشارات کا ترکیبی ضابطہ:۔

اسمائے اشارات کا ترکیبی ضابطہ تین (۳) صورتوں پر مشتمل ہے،جو درج ذیل ہیں۔

(۱) اگر اسم اشارہ کا مابعد نکرہ ہو تو اسم اشارہ مبتدأ اور مابعد اس کی خبر ہے۔جیسے "هٰذَا قَلَمٌ" هٰذَا مبتدأ،قَلَمٌ خبر ہے۔

(۲) اگر اسم اشارہ کا مابعد علَم یا مضاف ہو،تو اسم اشارہ مبتدأ اور مابعد اس کی خبر ہے۔

علَم کی مثال،جیسے هٰذَا زَیْدٌ مضاف کی مثال،جیسے هٰذَا قَلَمُ سَعِیْدٍ

(۳) اگر اسم اشارہ کا مابعد معرف باللام یا موصول ہو،تو چار (۴) ترکیبیں کی جاسکتی ہیں۔

☆ اسم اشارہ موصوف،مابعد صفت،عموماً یہی ترکیب کی جاتی ہے۔

☆ اسم اشارہ مبیَّن،اور مابعد عطف بیان۔

☆ اسم اشارہ مبدل منہ اور مابعد بدل۔

☆ اسم اشارہ مبتدأ،مابعد خبر۔یہ ترکیب قلیل الاستعمال ہے۔

معرف باللام کی مثال: "رَأَیْتُ هٰذَا الرَّجُلَ" اس مثال میں هٰذَا اسم اشارہ موصوف،مبیّن یا مبدل منہٗ ہے۔اور الرَّجُلَ صفت، عطف بیان یا بدل ہے۔

اسم موصول کی مثال: "اَکْرَمْتُ هٰذَا الَّذِیْ ضَرَبْتَهٗ" اس مثال میں بھی هٰذَا اسم اشارہ موصوف،مبیَّن یا مبدل منہٗ ہے۔اور اَلَّذِیْ ضَرَبْتَهٗ بالترتیب صفت،عطف بیان یا بدل ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

سوم اسمائے موصولہ: اَلَّذِیْ ،اَلَّذَانِ،وَالَّذَیْنِ،وَالَّذِیْنَ،وَالَّتِیْ ، اَللَّتَانِ،اَللَّتَیْنِ،وَاللَّاتِیْ،وَاللَّوَاتِیْ،وَمَا، وَمَنْ،وَاَیٌّ،وَاَیَّةٌ،والف ولام بمعنی اَلَّذِیْ دراسم فاعل واسم مفعول چوں اَلضَّارِبُ وَالْمَضْرُوْبُ،وذُوْ بمعنی اَلَّذِیْ درلغتِ بنی طےنحو جَآءَ نِیْ ذُوْ ضَرَبَکَ ،بدانکہ اَیٌّ وَاَیَّةٌ معرب ست۔

ترجمہ: تیسری (قسم) اسمائے موصولہ (جو یہ ہیں) اَلَّذِیْ ،اَلَّذَانِ ،اَلَّذَیْنِ ،اَلَّذِیْنَ ، اَلَّتِیْ ،اَللَّتَانِ ،اَللَّتَیْنِ ،اَللَّاتِیْ، اَللَّوَاتِیْ ،ما، مَنْ ، اَیٌّ ، اَیَّةٌ ،اورالف ولام جواَلَّذِیْ کے معنی میں ہواسم فاعل اوراسم مفعول میں، جیسے اَلضَّارِبُ وَالْمَضْرُوْبُ ،اورذُوْ بمعنی اَلَّذِیْ بنی طے کی لغت میں جیسے جَآءَ نِیْ ذُوْ ضَرَبَکَ (آیا میرے پاس وہ شخص جس نے تجھے مارا)، تو جان کہ اَیٌّ اوراَیَّةٌ معرب ہیں۔

(3) **اسمائے موصولات**: اسم غیر متمکن کی تیسری قسم اسمائے موصولات ہیں۔ اسماء اسم ،اور موصولات موصول کی جمع ہے۔

اسم موصول: اسم موصول وہ اسم ہے جوصلہ کے بغیر جملے کا کامل جزنہ بن سکے۔کامل جز سے مراد مبتدا،خبر، فاعل،مفعول،صفت وغیرہ ہے۔

صلہ: صلہ کا لغوی معنی ہے ''ملنا'' اور اصطلاح میں صلہ وہ جملہ خبریہ ہے جو موصول کے بعد مذکور ہواوراس میں ایک ایسا عائد ہو جو موصول کی طرف راجع ہو۔ یہ عائد اکثر ضمیر ہوتا ہے جیسے '' جَآءَ الَّذِیْ ضَرَبَکَ ''میں اَلَّذِیْ اسم موصول اور ضَرَبَکَ صلہ ہے۔

ترکیب:۔ جَآءَ فعل ،نون وقایہ،یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ مقدم،اَلَّذِیْ اسم موصول، ضَرَبَ فعل،ھُوَ ضمیر دروِ مستتر برائے واحد مذکر غائب راجع بسوئے اَلَّذِیْ مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل،کَ ضمیر برائے واحد مذکر مخاطب منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ ،فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ،موصول اپنے صلے سے مل کر فاعل مؤخر جَآءَ فعل کا،جَآءَ فعل اپنے فاعل مؤخراور اپنے مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اسمائے موصولہ کی تعداد: اسم موصول کے مشہور پندرہ (۱۵) کلمات ہیں۔جودرج ذیل ہیں۔

اَلَّذِیْ، اَلَّذَانِ، اَلَّذَیْنِ، اَلَّذِیْنَ، اَلَّتِیْ، اَللَّتَانِ، اَللَّتَیْنِ،اَللَّاتِیْ، اَللَّوَاتِیْ، مَا، مَنْ، اَیٌّ، اَیَّةٌ، وہ الف لام جو اسم فاعل پرداخل ہوکر بمعنی اَلَّذِیْ ہو،ذُوْ بمعنی اَلَّذِیْ (بنی طے کی لغت میں)۔

besturdubooks.wordpress.com

اسم موصول کے کلمات کے معانی:۔

اسم موصول	صیغہ	معنی
اَلَّذِیْ	واحد مذکر	وہ ایک مرد
اَللَّذَانِ	تثنیہ مذکر (حالت رفعی میں)	وہ دو مرد
اَللَّذَیْنِ	تثنیہ مذکر (حالت نصبی وجری میں)	وہ دو مرد
اَلَّذِیْنَ	جمع مذکر	وہ سب مرد
اَلَّتِیْ	واحد مؤنثہ	وہ ایک عورت
اَللَّتَانِ	تثنیہ مؤنث (حالت رفعی میں)	وہ دو عورتیں
اَللَّتَیْنِ	تثنیہ مؤنث (حالت نصبی وجری میں)	وہ دو عورتیں
اَللَّائِیْ و اللَّوَاتِیْ	جمع مؤنث	وہ سب عورتیں
مَنْ	واحد مذکر ومؤنث، تثنیہ مذکر ومؤنث، جمع مذکر ومؤنث	وہ ایک مرد یا ایک عورت، وہ دو مرد یا دو عورتیں، وہ سب مرد یا سب عورتیں
مَا	واحد مذکر ومؤنث، تثنیہ مذکر ومؤنث، جمع مذکر ومؤنث	وہ ایک چیز مذکر یا مؤنث، وہ دو چیزیں مذکر یا مؤنث، وہ سب چیزیں مذکر یا مؤنث
اَیٌّ	واحد مذکر	وہ ایک مرد
اَیَّۃٌ	واحد مؤنثہ	وہ ایک عورت
الف لام	واحد مذکر ومؤنث، تثنیہ مذکر ومؤنث، جمع مذکر ومؤنث	وہ ایک مرد یا ایک عورت، وہ دو مرد یا دو عورتیں، وہ سب مرد یا سب عورتیں
ذُوْ در لغت بنی طے	واحد مذکر	وہ ایک مرد

من اور ما میں فرق: مَنْ ذوالعقول کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے مَنْ رَّبُّکَ۔ اور مَا غیر ذوالعقول کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے مَادِیْنُکَ، کبھی یہ دونوں ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہوتے ہیں۔ وہ مثال جہاں مَنْ، مَا کی جگہ استعمال ہوا ہے، جیسے قرآن مجید میں ہے "فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ" وہ مثال جہاں مَا، مَنْ کی جگہ استعمال ہوا ہے، جیسے "وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنٰهَا"

ذُو کی قسمیں: ذُوْ کی دو قسمیں ہیں (۱) "ذُو بمعنی صاحب" یہ معرب ہوتا ہے۔ جیسے "جَاءَ نِیْ ذُوْمَالٍ، رَأَیْتُ ذَامَالٍ، مَرَرْتُ بِذِیْ مَالٍ" (۲) "ذُو بمعنی الَّذِی بنی طے کی لغت میں" یہ مبنی ہے۔ جیسے جَاءَ نِیْ ذُوْ ضَرَبَکَ (آیا میرے پاس وہ شخص جس نے تجھے

besturdubooks.wordpress.com

مارا) اس کی ترکیب یوں ہے۔ جَاءَ فعل ،نونِ وقایہ، ی ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ مقدم، ذُوْ بمعنی اَلَّذِیْ اسم موصول، ضَرَبَ فعل هُوَ ضمیر در و مستتر برائے واحد مذکر غائب راجع بسوئے ذُوْ مرفوع متصل مستتر مرفوع محلاً فاعل، کَ ضمیر برائے واحد مذکر مخاطب منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر فاعل مؤخر جَاءَ فعل کا، فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ: جو الف لام اسم فاعل اور اسم مفعول پر داخل ہو اور بمعنی اَلَّذِیْ ہو اس کا مستقل صلہ نہیں ہوتا، بلکہ یہی اسم فاعل یا اسم مفعول اس کا صلہ بنتا ہے۔ اس وقت اسم فاعل فعل معلوم کے معنی میں اور اسم مفعول فعل مجہول کے معنی میں ہوتا ہے۔

اسم فاعل کی مثال: جیسے اَلضَّارِبُ بمعنی اَلَّذِیْ ضَرَبَ۔۔ **اسم مفعول کی مثال:** جیسے، اَلْمَضْرُوْبُ بمعنی اَلَّذِیْ ضُرِبَ.

بدانکه اَیٌّ وایَّةٌ معرب ست الخ۔۔۔

یہاں سے مصنفؒ ایک سوال کا جواب دے رہے ہیں، سوال یہ ہے کہ اَیٌّ اور اَیَّةٌ معرب ہیں، پھر ان کو مبنی کی بحث میں کیوں ذکر کیا گیا؟

جواب کا حاصل یہ ہے کہ اَیٌّ اور اَیَّةٌ کی چار حالتیں ہیں۔ تین حالتوں میں یہ معرب اور ایک حالت میں مبنی ہیں، تو ایک حالت میں مبنی ہونے کی وجہ سے ان کو مبنی کی بحث میں ذکر کر دیا گیا ہے۔

اَیٌّ اور اَیَّةٌ کی چار حالتیں: (۱) اَیٌّ اور اَیَّةٌ مضاف نہ ہوں اور صدر صلہ یعنی صلہ کا پہلا جز مذکور ہو۔ جیسے اَیٌّ هُوَ قَائِمٌ (۲) مضاف نہ ہوں اور صدر صلہ بھی مذکور نہ ہو۔ جیسے اَیٌّ قَائِمٌ (۳) مضاف ہوں اور صدر صلہ بھی مذکور ہو۔ جیسے اَیُّهُمْ هُوَ قَائِمٌ۔ ان تین حالتوں میں یہ معرب ہیں۔ (۴) مضاف ہوں اور صدر صلہ مذکور نہ ہو۔ جیسے اَیُّهُمْ قَائِمٌ، اس صورت میں اَیٌّ اور اَیَّةٌ مبنی علی الضم ہیں۔

اسمائے موصولہ کا ترکیبی ضابطہ: اسمائے موصولہ کا ترکیبی ضابطہ چھ صورتوں پر مشتمل ہے۔ جو درج ذیل ہیں۔

(۱) اسم موصول اپنے صلہ کے ساتھ مل کر کبھی محلاً مرفوع ہو کر فاعل بنتا ہے۔ جیسے "جَاءَنِیْ الَّذِیْ ضَرَبَکَ" یہاں اَلَّذِیْ اپنے صلہ کے ساتھ مل کر فاعل ہے جَاءَ فعل کا۔

(۲) کبھی مرفوع محلاً ہو کر مبتدا بنتا ہے، جیسے "اَلَّذِیْ ضَرَبَکَ زَیْدٌ" یہاں اَلَّذِیْ اپنے صلہ سے مل کر مبتدأ ہے، زَیْدٌ اس کی خبر ہے۔

(۳) کبھی مرفوع محلاً ہو کر خبر بنتا ہے، جیسے "اُولٰئِکَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ" یہاں اَلَّذِیْنَ اپنے صلے سے مل کر خبر ہے اُولٰئِکَ

besturdubooks.wordpress.com

مبتداء کی۔

(٤) کبھی منصوب محلاً ہوکر مفعول بہ بنتا ہے۔جیسے "رَأَیْتُ الَّذِیْ ضَرَبَکَ" یہاں اَلَّذِیْ اپنے صلہ کے ساتھ مل کر مفعول بہ ہے رأیْتُ فعل کا۔

(٥) کبھی محلاً مجرور ہوتا ہے۔جیسے "مَرَرْتُ بِالَّذِیْ یَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ" یہاں اَلَّذِیْ اپنے صلے سے مل کر باء حرف جار کے لئے مجرور ہے۔

(٦) کبھی ماقبل کی صفت،عطف بیان یابدل بنتا ہے۔جیسے "اَکْرَمْتُ ھٰذَا الَّذِیْ ضَرَبْتَہٗ" یہاں اَلَّذِیْ اپنے صلے کے ساتھ مل کر ھٰذَا کے لئے نعت،عطف بیان یابدل ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

چهارم اسمائے افعال وآن بر دو قسم ست، اول بمعنی امر حاضر چوں رُوَیْدَ، وَبَلْهَ ، وَحَیَّهَلْ، وَهَلُمَّ، دوم بمعنی فعل ماضی چون هَیْهَاتَ، وَ شَتَّانَ ، پنجم اسمائے اصوات، چون اُحْ اُحْ ، وَاُفْ، وَ بَخْ ، وَنَخْ ،وَغَاق، ششم اسمائے ظروف، ظرف زمان چون اِذْ وَاِذَا وَ مَتٰی وَ کَیْفَ وَ وَ اَیَّانَ وَ اَمْسِ وَ مُذْ وَ مُنْذُ وَ قَطُّ وَ عَوْضُ و قَبْلُ و بَعْدُ وقتیکہ مضاف باشند و مضاف الیہ محذوف منوی باشد، وظرف مکان چون حَیْثُ و قُدَّامُ و تَحْتُ و فَوْقُ وقتیکہ مضاف باشند ومضاف الیہ محذوف منوی باشد، ہفتم اسمائے کنایات چون کَمْ و کَذَا کنایات از عدد، و کَیْتَ وَ ذَیْتَ کنایات از حدیث، ہشتم مرکب بنائی چون اَحَدَ عَشَرَ ۔

ترجمہ: چوتھی (قسم) اسمائے افعال، اور وہ دو قسم پر ہیں، پہلی (قسم) امر حاضر کے معنی میں، جیسے رُوَیْدَ، بَلْهَ، حَیَّهَلْ، اور هَلُمَّ، اور دوسری (قسم) فعل ماضی کے معنی میں جیسے هَیْهَاتَ اور شَتَّانَ۔ پانچویں (قسم) اسمائے اصوات، جیسے اُحْ اُحْ، اُفْ، بَخَّ، نَخَّ، غَاق۔ چھٹی (قسم) اسمائے ظروف (یہ بھی دو قسم پر ہیں) ظرف زمان جیسے اِذْ، اِذَا، مَتٰی، کَیْفَ، اَیَّانَ، اَمْسِ، مُذْ وَمُنْذُ، قَطُّ، عَوْضُ، قَبْلُ، بَعْدُ جس وقت کہ یہ مضاف ہوں اور مضاف الیہ محذوف منوی ہو، اور ظرفِ مکان جیسے حَیْثُ، قُدَّامُ و تَحْتُ و فَوْقُ جس وقت کہ یہ مضاف ہوں اور مضاف الیہ محذوف منوی ہو۔ ساتویں (قسم) اسمائے کنایات، جیسے کَمْ اور کَذَا عدد سے کنایہ کیلئے ہیں، اور کَیْتَ وذَیْتَ بات سے کنایہ کیلئے ہیں۔ آٹھویں (قسم) مرکب بنائی، جیسے اَحَدَ عَشَرَ۔

(4) اسمائے افعال:

اسم غیر متمکن کی چوتھی قسم اسمائے انعال ہیں۔ اسماء اسم کی جمع ہے اور افعال فعل کی جمع ہے۔

اسم فعل: اسم فعل وہ کلمہ ہے جو اصل وضع کے اعتبار سے اسم ہو، بعد میں کلام عرب میں اس کو فعل کے معنی میں استعمال کیا گیا ہو۔

پھر اسم فعل کی دو قسمیں ہیں (۱) اسم فعل بمعنی امر حاضر (۲) اسم فعل بمعنی فعل ماضی

اسم فعل بمعنی امر حاضر: اسم فعل بمعنی امر حاضر وہ کلمہ ہے، جو اصل وضع کے اعتبار سے اسم ہو مگر کلام عرب میں اس کو امر حاضر کے معنی میں استعمال کیا گیا ہو۔

اسم فعل بمعنی فعل ماضی: اسم فعل بمعنی فعل ماضی وہ کلمہ ہے، جو اصل وضع کے اعتبار سے اسم ہو مگر کلام عرب میں اس کو فعل ماضی کے معنی میں استعمال کیا گیا ہو۔

besturdubooks.wordpress.com

اسم فعل بمعنی امر حاضر کے کلمات اور ان کے معانی: اسم فعل بمعنی امر حاضر کے مشہور گیارہ (۱۱) کلمات ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

(۱) دُونَکَ (۲) بَلْهَ (۳) عَلَیْکَ (٤) حَیَّهَلْ (۵) هَا (٦) رُوَیْدَ (۷) آمِیْن (۸) قَطُّ (۹) صَهْ (۱۰) مَهْ (۱۱) هَلُمَّ

(۱) دُونَکَ بمعنی خُذْ۔ جیسے دُونَکَ زَیْدًا (تو زید کو پکڑ) (۲) بَلْهَ بمعنی دَعْ۔ جیسے بَلْهَ زَیْدًا (تو زید کو چھوڑ)

(۳) عَلَیْکَ بمعنی اِلْزِمْ۔ یعنی تو لازم پکڑ (٤) حَیَّهَلْ بمعنی اِیتِ۔ جیسے حَیَّهَلِ الصَّلٰوة (تو نماز کی طرف آ)

(۵) هَا بمعنی خُذْ. جیسے هَا زَیْدًا (تو زید کو پکڑ) (٦) رُوَیْدَ بمعنی اَمْهِلْ۔ جیسے رُوَیْدَ زَیْدًا (تو زید کو مہلت دے)

(۷) آمِیْن بمعنی اِسْتَجِبْ. یعنی تو قبول کر (۸) قَطُّ بمعنی اِنْتَهِ. یعنی تو رک جا'

(۹) صَهْ بمعنی اُسْکُتْ، یعنی تو خاموش ہو جا۔ (۱۰) مَهْ بمعنی اُکْفُفْ یعنی تو رک جا'

(۱۱) هَلُمَّ بمعنی اِیتِ. جیسے هَلُمَّ اِلَیْنَا (تو ہماری طرف آ)

اسم فعل بمعنی فعل ماضی کے کلمات اور ان کے معانی: اسم فعل بمعنی فعل ماضی کے مشہور تین کلمات ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

(۱) هَیْهَاتَ (۲) شَتَّانَ (۳) سَرْعَانَ

(۱) هَیْهَاتَ بمعنی بَعُدَ۔ جیسے هَیْهَاتَ زَیْدٌ (زید دور ہو گیا)

(۲) شَتَّانَ بمعنی اِفْتَرَقَ۔ جیسے شَتَّانَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو (زید اور عمرو جدا ہو گئے)

(۳) سَرْعَانَ بمعنی سَرُعَ۔ جیسے سَرْعَانَ زَیْدٌ (زید نے جلدی کی)

☆☆☆☆☆☆☆

(5) اسمائے اصوات:

اسم غیر متمکن کی پانچویں قسم اسمائے اصوات ہیں۔ اسماء، اسم کی جمع ہے اور اصوات، صوت کی جمع ہے۔

اسم صوت: صوت کا لغوی معنی ہے "آواز" اور اصطلاح میں اسم صوت وہ کلمہ ہے جو طبعی عارضے کی وجہ سے انسان کی زبان پر جاری ہو، یا اس کے ذریعے کسی کی آواز نقل کی جائے، یا اس کے ذریعے کسی جانور کو آواز دی جائے۔

خلاصہ یہ کہ اسمائے اصوات کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) وہ اسم جو طبعی عارضے کی وجہ سے انسان کی زبان پر جاری ہو۔ جیسے اُحْ اُحْ (یہ آواز کھانسی کے وقت نکلتی ہے) اُف (یہ وہ آواز ہے

besturdubooks.wordpress.com

جو درد کے وقت نکلتی ہے)بخٍ (یہ آواز خوشی کے وقت نکلتی ہے۔عرب حضرات جب خوش ہو جائیں تو بَخٍ بَخٍ کہتے ہیں)

(۲) وہ اسم جس کے ذریعے کسی کی آواز نقل کی جائے۔ جیسے غَاق (یہ کوے کی آواز کی نقل ہے)

(۳) وہ اسم جس کے ذریعے کسی جانور کو آواز دی جائے۔ جیسے نَخ (یہ آواز اونٹ بٹھانے کے لئے دی جاتی ہے) ھَلاً (یہ گھوڑا ہنکانے کے لئے دی جاتی ہے)

☆☆☆☆☆☆☆

(6) اسمائے ظروف:۔

اسم غیر متمکن کی چھٹی قسم اسمائے ظروف ہیں۔ظروف، ظرف کی جمع ہے۔

اسم ظرف: ظرف کا لغوی معنی ہے 'برتن' یا وہ چیز جس میں کوئی چیز سمائی جائے۔اور اصطلاح میں اسم ظرف وہ اسم ہے جو وقت یا جگہ والے معنی پر دلالت کرے۔ اگر وقت والے معنی پر دلالت کرے تو ظرف زمان، اور اگر جگہ والے معنی پر دلالت کرے تو ظرف مکان کہلاتا ہے۔

ظرف زمان کے کلمات: اِذْ، اِذَا، مَتٰی، کَیْفَ، اَیَّانَ، اَمْسِ، مُذْ، مُنْذُ، قَطُّ، عَوْضُ، قَبْلُ، بَعْدُ

ظرف مکان کے کلمات: حَیْثُ، قُدَّامُ، خَلْفُ، تَحْتُ، فَوْقُ، اَنّٰی، لَدٰی، لَدُنْ

فائدہ: مذکورہ بالا اسماء سب مبنی ہیں، سوائے قَبْلُ، بَعْدُ، قُدَّامُ اور خَلْفُ کے، ان اسماء کی تین حالتیں ہیں۔

(۱) یہ اسماء مضاف ہوں اور مضاف الیہ مذکور ہو۔ جیسے جِئْتُ قَبْلَ زَیْدٍ وَّبَعْدَ عَمْرٍو (میں زید سے پہلے اور عمرو کے بعد آیا)

(۲) یہ مضاف ہوں اور مضاف الیہ محذوف نسیاً منسیاً ہو۔ یعنی نہ لفظوں میں ہو اور نہ ذہن میں مراد ہو۔ جیسے "رُبَّ بَعْدٍ کَانَ خَیْرًا مِنْ قَبْلٍ" (بہت سے بعد والے پہلے والوں سے بہتر ہیں)

(۳) یہ مضاف ہوں اور مضاف الیہ محذوف منوی ہو، یعنی لفظوں میں نہ ہو لیکن نیت میں مراد ہو۔ جیسے 'لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ' اَیْ مِنْ قَبْلِ کُلِّ شَیْئٍ وَّمِنْ بَعْدِ کُلِّ شَیْئٍ

یہ اسماء پہلی دو صورتوں میں معرب اور تیسری صورت میں مبنی ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

(7) اسمائے کنایات:

اسم غیر متمکن کی ساتویں قسم اسمائے کنایات ہیں۔ کنایات کنایہ کی جمع ہے۔

اسم کنایہ: اسم کنایہ وہ اسم ہے جو مبہم بات یا مبہم عدد پر دلالت کرے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) کنایہ از حدیث (۲) کنایہ از عدد

(۱) کنایہ از حدیث: کنایہ از حدیث وہ اسم کنایہ ہے جو مبہم بات پر دلالت کرے۔ اس کے لئے کلام عرب میں دو لفظ کَیْتَ اور ذَیْتَ وضع کئے گئے ہیں۔ جیسے، سَمِعْتُ کَیْتَ وَکَیْتَ (میں نے ایسا ویسا سنا) قُلْتُ ذَیْتَ وَذَیْتَ (میں نے ایسا ویسا کہا)

(۲) کنایہ از عدد: کنایہ از عدد وہ اسم کنایہ ہے جو مبہم عدد پر دلالت کرے، اس کے لئے دو لفظ کَمْ اور کَذَا وضع کئے گئے ہیں۔ کَمْ اگر استفہامیہ ہو تو اس کے معنی ہیں 'کتنا' جیسے کَمْ ضَیْفًا عِنْدَکَ (آپ کے پاس کتنے مہمان ہیں؟) اور اگر خبریہ ہو تو اس کے معنی ہیں 'بہت سے' جیسے کَمْ ضَیفٍ عِنْدِیْ (میرے پاس بہت سے مہمان ہیں) کَذَا کے معنی ہیں 'اتنا' جیسے کَذَا دِرْهَمًا عِنْدِیْ (میرے پاس اتنے درھم ہیں) کَمْ اور کَذَا کی مزید تفصیل آگے آرہی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

(8) مرکب بنائی:

اسم غیر متمکن کی آٹھویں قسم مرکب بنائی ہے۔ اور اس کی تفصیل مرکب غیر مفید کی بحث میں گذر چکی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں اسم غیر متمکن کی قسموں کو پہچانیں۔ نیز ترجمہ وترکیب کیجئے۔

(۱) هٰؤُلَاءِ إِخْوَتِیْ (۲) حَیْهَلِ الصَّلٰوةِ (۳) نَصَرْتُکَ أَمْسِ (٤) أَیَّانَ یُبْعَثُوْنَ (۵) لِلّٰهِ الْأَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ (٦) وَکَمْ مِنْ مَّلَکٍ فِي السَّمٰوٰتِ (۷) تَبَارَکَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ (۸) مَتٰی نَصْرُ اللّٰهِ (۹) کَمْ دِرْهَمًا عِنْدَکَ (۱۰) إِنِّیْ رَأَیْتُ أَحَدَعَشَرَ کَوْکَبًا (۱۱) إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ (۱۲) کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ (۱۳) قُلْنَا لَهُمْ کَیْتَ وَکَیْتَ (١٤) هَیْهَاتَ یَوْمُ الْعِیْدِ (۱۵) قُلْتُ لِزَیْدٍ ذَیْتَ وَذَیْتَ

besturdubooks.wordpress.com

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱) هٰؤُلَاءِ اِخْوَتِیْ:...... ترجمہ: یہ میرے بھائی ہیں۔

مذکورہ جملے میں اُولَآءِ اسم غیر متمکن کے اقسام میں سے اسم اشارہ ہے۔ اِخْوَتِیْ میں یائے متکلم اسم غیر متمکن کے اقسام میں سے ضمیر ہے۔

ترکیب: ھا برائے تنبیہ، اُولاءِ اسم اشارہ مبتدا، اِخْوَۃ مضاف، ی ضمیر برائے واحد متکلم مجرور متصل مجرور محلاً مضاف الیہ، مضاف و مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) حَیَّهَلِ الصَّلٰوۃَ:...... ترجمہ: آؤ نماز کی طرف۔

درج بالا مثال میں حَیَّهَل اسم غیر متمکن کے اقسام میں سے اسم فعل بمعنی امر حاضر ہے۔

ترکیب: حَیَّهَل اسم فعل بمعنی امر حاضر ایْتِ، اَنْتَ ضمیر در و مستتر فاعل، الصَّلٰوۃَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

(۳) نَصَرْتُکَ اَمْسِ:...... ترجمہ: میں نے کل تیری مدد کی۔

مذکورہ مثال میں نَصَرْتُکَ میں تُ اور کَ اسم غیر متمکن کے اقسام میں سے ضمائر ہیں۔ اور اَمْسِ ظرف ہے۔

ترکیب: نَصَرْتُ فعل، تُ ضمیر فاعل، کَ ضمیر مفعول بہ، اَمس مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ اسم بر دوضرب ست، معرفہ ونکرہ، معرفہ آنست کہ موضوع باشد برائے چیزے معین وآں بر ہفت نوع ست، اول مضمرات، دوم اعلام چون زَیْدٌ وَ عَمْرٌو، سوم اسمائے اشارات، چہارم اسمائے موصولہ وایں دو قسم رامبہمات گویند، پنجم معرفہ بہ ندا چون یَارَجُلُ، ششم معرفہ بالف ولام چون اَلرَّجُلُ ہفتم مضاف بیکی از ینہا چون غُلَامُہٗ و غُلَامُ زَیْدٍ و غُلَامُ ھٰذَا و غُلَامُ الَّذِیْ عِنْدِیْ و غُلَامُ الرَّجُلِ، ونکرہ آنست کہ موضوع باشد برائ چیزے غیر معین چون رَجُلٌ و فَرَسٌ،

ترجمہ: فصل: تو جان کہ اسم دو قسم پر ہے معرفہ اور نکرہ، معرفہ وہ ہے جو بنایا گیا ہو معین چیز کیلئے، اور یہ سات قسم پر ہے۔ پہلی مضمرات، دوسری اعلام جیسے زَیْدٌ اور عَمْرٌو، تیسری اسمائے اشارات، چوتھی اسمائے موصولہ۔ اور ان دو قسموں کو مبہمات کہتے ہیں، پانچویں معرفہ بہ ندا جیسے یَارَجُلُ چھٹی معرفہ بالف ولام، جیسے اَلرَّجُلُ (ایک معین مرد) ساتویں وہ جو مضاف ہو ان میں سے کسی ایک کی طرف، جیسے غُلَامُہٗ و غُلَامُ زَیْدٍ و غُلَامُ ھٰذَا و غُلَامُ الَّذِیْ عِنْدِیْ و غُلَامُ الرَّجُلِ۔ اور نکرہ وہ ہے جو بنایا گیا ہو غیر معین چیز کیلئے، جیسے رَجُلٌ اور فَرَسٌ۔

تشریح: اس فصل میں مصنف رحمہ اللہ عموم وخصوص کے اعتبار سے اسم کی قسمیں بتا رہے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ عموم وخصوص کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں، (۱) معرفہ (۲) نکرہ

معرفہ: معرفہ کا لغوی معنی ہے "جاننا، پہچاننا" اور اصطلاح میں معرفہ وہ اسم ہے جس کو واضع نے کسی معین چیز کے لئے وضع کیا ہو، جیسے زَیْدٌ

نکرہ: نکرہ کا لغوی معنی ہے "نہ جاننا" اور اصطلاح میں نکرہ اس اسم کو کہتے ہیں جس کو واضع نے کسی غیر معین چیز کے لئے وضع کیا ہو، جیسے رَجُلٌ

معرفہ کی قسمیں: معرفہ کی درج ذیل سات (۷) قسمیں ہیں۔

(۱) مضمرات (۲) اعلام (۳) اسمائے اشارات (٤) اسمائے موصولات (۵) معرف باللام (٦) معرفہ بہ ندا، (۷) معرفہ باضافت، یعنی وہ اسم نکرہ جو معرفہ بہ نداء کے علاوہ باقی پانچ اسموں میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو، ضمیر کی طرف مضاف ہو، جیسے غُلَامُہٗ، یا علم کی طرف مضاف ہو، جیسے غُلَامُ زَیْدٍ، یا اسم اشارہ کی طرف مضاف ہو، جیسے غُلَامُ ھٰذَا، یا اسم موصول کی طرف مضاف ہو جیسے غُلَامُ الَّذِیْ عِنْدَہٗ یا معرف باللام کی طرف مضاف ہو، جیسے غُلَامُ الرَّجُلِ...

فائدہ (۱) اسمائے اشارات اور اسمائے موصولات کو مبہمات بھی کہتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

فائدہ (۲) مضمرات، اسمائے اشارات اور اسمائے موصولات کی تعریفیں گذر چکی ہیں، اعلام، معرف باللام اور معرفہ بہ نداء کی تعریفیں درج ذیل ہیں۔

اعلام: اعلام، علَم کی جمع ہے۔علم وہ اسم ہے جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو۔ جیسے زَیدٌ، مَکَّۃُ، نحو میر وغیرہ۔

معرّف باللام: معرف باللام وہ اسم نکرہ ہے جس پر الف لام کو داخل کر کے معرفہ بنا دیا گیا ہو۔ جیسے رَجُلٌ سے اَلرَّجُلُ۔

معرفہ بہ نداء: معرفہ بہ نداء وہ اسم نکرہ ہے جس پر حرف نداء کو داخل کر کے معرفہ بنا دیا گیا ہو۔ جیسے، رَجُلٌ سے یَارَجُلُ۔

فائدہ (۳) اعلام یعنی ناموں کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم محض (۲) لقب (۳) کنّیت (٤) خطاب (۵) تخلص

(۱) اسم محض: اسم محض وہ نام ہے جو والدین نے پیدائش کے وقت رکھا ہو۔ جیسے محمد، طلحہ وغیرہ۔

(۲) لقب: لقب وہ نام ہے جو کسی اچھے یا بُرے وصف کو بیان کرے۔ جیسے اسد اللہ، سیف اللہ وغیرہ۔

(۳) کنّیت: کنّیت وہ نام ہے جس کے شروع میں درج ذیل دس (۱۰) لفظوں میں سے کوئی لفظ ہو۔

اَب، اُم، اخ، اُخت، اِبن، بِنت، خَال، خالۃ، عمّ، عمّۃ۔ جیسے اُمُّ الْکلثوم، اِبنُ مسعود، بنتُ مریم وغیرہ۔

(٤) خطاب: خطاب وہ نام ہے جو کسی بادشاہ، حاکم یا کسی جماعت کی طرف سے بطور اعزاز ملے۔ جیسے امیر شریعت، حکیم الامت، شیخ الاسلام وغیرہ۔

(۵) تخلص: تخلص وہ مختصر نام ہے جو اپنی پہچان کے لئے رکھا جائے۔ جیسے سعدؔی، ہمدرؔد، غالبؔ وغیرہ۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

(تمرینی سوالات)

امثلہ ذیل میں معرفہ اور نکرہ کی تمیز کرنے کے بعد معرفہ کے اقسام پہچانیں۔ نیز جملوں کی ترکیب وترجمہ کریں۔

(۱) هٰذَا كَلَامُ اللّٰهِ (۲) أَنَا يُوسُفُ (۳) اَلْحَجُّ مُطَهِّرٌ (٤) هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ (۵) وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِينَةِ يَسْعٰى (٦) أَنتَ عَبْدُ اللهِ (۷) يَا عَبْدَ اللّٰهِ (۸) وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا (۹) وَامْرَءَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ (۱۰) فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ (۱۱) وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ (۱۲) قَالَ يَا مُوسٰى (۱۳) أُولٰئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ (١٤) فِي جِيدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ (۱۵) أُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ

(نمونه حل سوالات)

(۱) هٰذَا كَلَامُ اللّٰهِ:...... ترجمہ: یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

درج بالا جملے میں هٰذَا معرفہ ہے اور معرفہ کے اقسام میں سے اسم اشارہ ہے۔ کَلام بھی معرفہ ہے اور معرفہ کے اقسام میں سے معرفہ بالاضافت ہے۔ اور لفظ اللّٰہ معرفہ ہوکر علم ہے۔

ترکیب: هَاء برائے تنبیہ، ذَا اسم اشارہ مبتدأ، كَلامُ مضاف، لفظ اللّٰہ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) أَنَا يُوسُفُ:...... ترجمہ: میں یوسف ہوں۔

مذکورہ مثال میں أنا معرفہ ہے اور معرفہ کے اقسام میں سے اسم ضمیر ہے۔ یُوسُفُ بھی معرفہ ہے، اور معرفہ کے اقسام میں سے علم ہے۔

ترکیب: أنا ضمیر مبتدأ، يُوسُفُ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) اَلْحَجُّ مُطَهِّرٌ:...... ترجمہ: حج پاک کرنے والا ہے۔

مذکورہ جملے میں اَلْحَجُّ معرفہ ہے، معرفہ کے اقسام میں سے معرف باللام ہے۔ اور مُطَهِّرٌ نکرہ ہے۔

ترکیب: اَلْحَجُّ مبتدأ، مُطَهِّرٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

بدانکه اسم بر دو صنف ست مذکر و مؤنث، مذکر آنست که درو علامت تانیث نباشد چون رَجُلٌ، و مؤنث آنست که درو علامت تانیث باشد چون اِمْرَءَ ةٌ، وعلامتِ تانیث چہار است، تا چون طَلْحَةُ، والفِ مقصورہ چون حُبْلٰی، والف ممدودہ چون حَمْرَاءُ وتائی مقدرہ چون اَرْضٌ کہ دراصل اَرْضَةٌ بودہ است بدلیل اُرَیْضَةٌ، زیرا کہ تصغیر اسماء را باصل خود برود، واین را مؤنث سماعی گویند، وبدانکہ مؤنث بر دو قسم ست حقیقی ولفظی، حقیقی آنست کہ بازائی او حیوانی مذکر باشد چون اِمْرَءَ ةٌ کہ بازائی او رَجُلٌ است، ونَاقَةٌ کہ بازائی او جَمَلٌ است، ولفظی آنست کہ بازائی او حیوانی مذکر نباشد چون ظُلْمَةٌ وَ قُوَّةٌ۔

ترجمہ: تو جان کہ اسم دو قسم پر ہے مذکر اور مؤنث، مذکر وہ (اسم) ہے جس میں تانیث کی علامت نہ ہو جیسے رَجُلٌ (ایک مرد) اور مؤنث وہ (اسم) ہے کہ جس میں تانیث کی علامت ہو جیسے اِمْرَءَ ةٌ (ایک عورت) اور تانیث کی علامات چار ہیں، (۱) تاء جیسے طَلْحَةُ (۲) الف مقصورہ جیسے حُبْلٰی (حاملہ عورت) (۳) الف ممدودہ جیسے حَمْرَاءُ (سرخ رنگ والی) (۴) تاءِ مقدرہ جیسے اَرْضٌ، کہ اصل میں اَرْضَةٌ تھا اُرَیْضَةٌ کی دلیل سے، کیونکہ تصغیر اسم کو اپنی اصل کی طرف لے جاتی ہے، اس (قسم) کو مؤنث سماعی کہتے ہیں۔ اور تو جان کہ مؤنث دو قسم پر ہے حقیقی اور لفظی، حقیقی وہ (مؤنث) ہے جس کے مقابلے میں کوئی حیوان مذکر ہو جیسے اِمْرَءَ ةٌ کہ اسکے مقابلے میں رَجُلٌ ہے، اور نَاقَةٌ (اونٹنی) اس کے مقابلے میں جَمَلٌ (اونٹ) ہے۔ اور لفظی وہ (مؤنث) ہے جس کے مقابلے میں حیوان مذکر نہ ہو جیسے ظُلْمَةٌ (تاریکی) اور قُوَّةٌ (قوت، توانائی)

تشریح: یہاں سے مصنفؒ جنس کے اعتبار سے اسم کی قسمیں بتا رہے ہیں کہ جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں (۱) مذکر (۲) مؤنث

(۱) مذکر: مذکر وہ اسم ہے جس میں تانیث کی علامات میں سے کوئی علامت نہ پائی جائے۔ جیسے رَجُلٌ

(۲) مؤنث: مؤنث وہ اسم ہے جس میں تانیث کی علامات میں سے کوئی علامت پائی جائے۔

تانیث کی علامات: تانیث کی چار علامات ہیں۔

(۱) تائے ملفوظہ... جیسے اِمْرَءَ ةٌ (۲) تائے مقدرہ... جیسے اَرْضٌ (۳) الف مقصورہ ... جیسے حُبْلٰی (٤) الف ممدودہ... جیسے حَمْرَاءُ

فائدہ: تائے ملفوظہ سے مراد وہ تاء ہے جو لفظوں میں موجود ہو، جیسے طَلْحَةُ، اور تائے مقدرہ سے مراد وہ تاء ہے جو لفظوں میں موجود نہ ہو جیسے اَرْضٌ اس کی اصل اَرْضَةٌ ہے، دلیل یہ ہے کہ اس کی تصغیر اُرَیْضَةٌ آتی ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ اصل میں گرے ہوئے حروف تصغیر میں واپس آجاتے ہیں۔ جب اس کی تصغیر اُرَیْضَةٌ آتی ہے اور اس میں تاء موجود ہے، تو معلوم ہوا کہ اَرْضٌ میں بھی تاء ہے جو کسی وجہ سے

besturdubooks.wordpress.com

گزر چکی ہے۔

فائدہ: الف مقصورہ وہ الف ہے جس کے بعد کوئی ہمزہ نہ ہو جیسے حُبْلٰی، اور الفِ ممدودہ وہ الف ہے جس کے بعد ہمزہ ہو جیسے حَمْرَاءُ

علامات کے اعتبار سے مؤنث کی قسمیں:...

علامات کے اعتبار سے مؤنث کی دو قسمیں ہیں، (۱) قیاسی (۲) سماعی

(۱) **مؤنثِ قیاسی**: مؤنث قیاسی وہ مؤنث ہے جس میں تانیث کی علامت لفظوں میں ظاہر ہو، جیسے طَلْحَۃُ

(۲) **مؤنثِ سماعی**: مؤنث سماعی وہ مؤنث ہے جس میں تانیث کی علامت لفظوں میں ظاہر نہ ہو بلکہ مقدر ہو۔ جیسے شَمْسٌ، اَرْضٌ. اس کا دوسرا نام مؤنث معنوی ہے۔ اس کو سماعی اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس کے پہچاننے میں قیاس کو کوئی دخل نہیں، محض عرب سے اس کا مؤنث پڑھنا سنا گیا ہے۔

ذات کے اعتبار سے مؤنث کی قسمیں:...

ذات کے اعتبار سے مؤنث کی دو قسمیں ہیں، (۱) مؤنث حقیقی (۲) مؤنث لفظی

(۱) **مؤنث حقیقی**: مؤنث حقیقی وہ مؤنث ہے جس کے مقابلے میں مذکر جاندار ہو، خواہ اس میں مؤنث کی علامت لفظوں میں موجود ہو یا نہ ہو۔ مؤنث کی علامت لفظوں میں موجود ہو، جیسے اِمْرَءَ ۃٌ (عورت) اس کے مقابلے میں رَجُلٌ (مرد) مذکر جاندار ہے۔ نَاقَۃٌ (اونٹنی) اس کے مقابلے میں جَمَلٌ (اونٹ) مذکر جاندار ہے... مؤنث کی علامت لفظوں میں موجود نہ ہو، جیسے اَتَانٌ (گدھی) اس کے مقابلے میں حِمَارٌ (گدھا) جاندار مذکر ہے۔

(۲) **مؤنث لفظی**: مؤنث لفظی وہ مؤنث ہے جس کے مقابلے میں یا تو سرے سے مذکر ہی نہ ہو، جیسے عَیْنٌ، یا مذکر تو ہو لیکن جاندار نہ ہو جیسے نَخْلَۃٌ، اس کے مقابلے میں نَخْلٌ مذکر ہے لیکن جاندار نہیں ہے۔

فائدہ:

☆ خد، اور حاجب کے علاوہ جسم کے ظاہری تمام جفت اعضاء مؤنث سماعی ہیں۔ جیسے اُذُنٌ، عَیْنٌ، رِجْلٌ وغیرہ۔

☆ شراب کے تمام نام مؤنث سماعی ہیں۔ جیسے خَمْرٌ وغیرہ۔

☆ جہنم کے تمام نام مؤنث سماعی ہیں، جیسے جَهَنَّم، سَعِیْر وغیرہ۔

besturdubooks.wordpress.com

☆ عورتوں کے تمام نام اوران کی مخصوص صفات کے نام مؤنث سماعی ہیں۔جیسے زَیۡنَبُ، حَامِلٌ، حَائِضٌ وغیرہ۔

☆ ہوا کے تمام نام مؤنث سماعی ہیں۔جیسے رِیۡح، صَرۡصَرٌ، عَاصِف وغیرہ۔

فائدہ: بعض الفاظ ایسے ہیں جن میں تذکیر اور تانیث دونوں جائز ہیں۔وہ درج ذیل ہیں۔

☆ ملکوں اور شہروں کے نام موضعٌ کی تاویل سے مذکر ہیں، اور دَوۡلَۃٌ و بَلۡدَۃٌ کی تاویل سے مؤنث ہیں۔

☆ حروف تہجی مثلاً ا، ب، ت، ث وغیرہ۔

☆ حروف عاملہ، جیسے مِنۡ اور اِلیٰ وغیرہ۔

☆ قوموں کے نام حَیٌّ کی تاویل سے مذکر ہیں، اور قَبِیۡلَۃٌ کی تاویل سے مؤنث ہیں۔

فائدہ: مؤنث سماعی کے جو الفاظ واجب التانیث ہیں وہ ۵۳ ہیں۔اور جو جائز التانیث ہیں وہ ۱۷ ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

مؤنث کے تمام اقسام کا تفصیلی نقشہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

besturdubooks.wordpress.com

اسم

- مذکر
- مؤنث
  - لفظی
  - حقیقی
  - قیاسی
  - سماعی

مؤنث سماعی واجب التانیث

عَینٌ (آنکھ)	وَرِکٌ (سرین)	جَحِیمٌ (دوزخ)	اَفعیٰ (سانپ)
اُذنٌ (کان)	قَوسٌ (کمان)	تِبرٌ (سونے کا ٹکڑا)	شمسٌ (سورج)
نَفسٌ (ذات)	جَهنّمُ (دوزخ)	نَارٌ (آگ)	عَقبٌ (ایڑی)
دَارٌ (گھر)	اَرنَبٌ (خرگوش)	یَنبُوعٌ (چشمہ)	فَرسٌ (گھوڑا)
دلوٌ (ڈول)	سَعِیرٌ (عذاب)	عصا (لاٹھی)	کَاْسٌ (پیالہ)
سِنٌّ (دانت)	خَمرٌ (شراب)	درعٌ (زرہ)	سَقَرٌ (دوزخ)
کَفٌّ (ہتھیلی)	عَقرَبٌ (بچھو)	رِیحٌ (ہوا)	حَربٌ (لڑائی)
فُلکٌ (کشتی)	بِئرٌ (کنواں)	قَدَمٌ (پاؤں)	ثَدیٌ (پستان)
فِردوسٌ (جنت)	اِستٌ (سرین)	لَظیٰ (شعلہ)	عَنکَبُوت (مکڑی)
غَولٌ (بھوت)	عَینٌ (چشمہ)	کَبِدٌ (جگر)	مُوسیٰ (استرا)
ثَعلَبٌ (لومڑی)	عَضُدٌ (بازو)	یَدٌ (ہاتھ)	یَمِینٌ (دایاں)
فَاسٌ (کلہاڑی)	ذَهَبٌ (سونا)	اَرضٌ (زمین)	شِمَالٌ (بایاں)
اِصبَعٌ (انگلی)	رِجلٌ (پاؤں)	سَرَاوِیلُ (شلوار)	ضَبعٌ (بجو)
سَاقٌ (پنڈلی)			

مؤنث سماعی جائز التانیث

سَمَاءٌ (آسمان)	سُلَّمٌ (سیڑھی)
قِدرٌ (ہانڈی)	مِسکٌ (مشک)
حَالٌ (کیفیت)	بَیتٌ (گھر)
طَرِیقٌ (راستہ)	ثَریٰ (نمناک مٹی)
عُنُقٌ (گردن)	لِسَانٌ (زبان)
سَبِیلٌ (راستہ)	ضُحیٰ (چاشت)
صَلَاحٌ (نیک بختی)	قَفَا (گدی)
رَحِمٌ (بچہ دانی)	سَرَطَان (کیکڑا)
سِکّینٌ (چھری)	

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

(تمرینی سوالات)

مشقہ ذیل میں ہر کلمہ میں مذکر ومؤنث، اور مؤنث کی قسمیں بتائیں، نیز ہر مثال کا ترجمہ وترکیب کریں۔

(۱) مُحمدٌ رَسُولُ الله (۲) سَادَةُ الأُمَّةِ الفُقَهاءُ (۳) أَرْضُ اللهِ واسِعَةٌ (٤) إذا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ (٥) بقَرَةٌ صَفْرَاءُ (٦) وامرأتُه حمَّالةَ الحطبِ (٧) إذا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ (٨) الْحَاقَّةُ مَا الْحَاقَّةُ (٩) يَا يَحْيٰى خُذِ الكتابَ بقُوَّةٍ (١٠) وصدَّق بالحُسْنٰى (١١) وإذا الأرضُ مُدَّتْ (١٢) أفرأيتُم اللاتَ والعُزّٰى (١٣) يٰموسٰى إنّي أنا ربُّك (١٤) فسنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرٰى (١٥) لقد رأىٰ مِنْ آياتِ رَبِّهِ الكُبْرٰى

(نمونہ حل سوالات)

(۱) مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ...... ترجمہ: محمد اللہ کا رسول ہے۔

مذکورہ جملے میں محمد، رسول، اور لفظ اللہ تینوں مذکر ہیں۔

ترکیب: محمد مبتدا، رسولُ اللهِ مضاف ومضاف الیہ مل کر خبر، مبتدا وخبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) سَادَةُ الأُمَّةِ الفُقَهاءُ...... ترجمہ: امت کے سردار فقہاء لوگ ہیں۔

مذکورہ جملے میں سادۃ مذکر ہے، کیونکہ یہ جمع مذکر مکسر ہے۔ اصل میں سَيِّدَةٌ تھا، قال باع قانون کی وجہ سے سَادَةٌ بن گیا۔ الامۃ مؤنث قیاسی لفظی ہے۔ الفقہاءُ مذکر ہے کیونکہ یہ جمع مذکر مکسر ہے۔

ترکیب: سادۃُ مضاف، الامۃ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مبتدا، الفقہاءُ خبر، مبتدا وخبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) أَرْضُ اللهِ واسِعَةٌ...... ترجمہ: اللہ کی زمین کشادہ ہے۔

مذکورہ مثال میں ارض مؤنث سماعی ہے۔ لفظ اللہ مذکر ہے۔ اور واسعۃٌ مؤنث قیاسی لفظی ہے۔

ترکیب: ارض مضاف، لفظ اللہ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مبتدا، واسعۃٌ خبر، مبتدا وخبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

بدانکہ اسم بر سہ صنف ست واحد و مثنی و مجموع، واحد آنست کہ دلالت کند بر یکے چوں رَجُلٌ، و مثنی آنست کہ دلالت کند بر دو بسبب آنکہ الف یا یائ ماقبل مفتوح و نونی مکسورہ بآخرش پیوند چون رَجُلَانِ وَرَجُلَيْنِ، و مجموع آنست کہ دلالت کند بر بیش از دو بسبب آنکہ تغییری در واحدش کردہ باشند لفظاً چون رِجَالٌ یا تقدیراً چون فُلْكٌ کہ واحدش نیز فُلْكٌ ست بر وزنِ قُفْلٌ و جمعش ہم فُلْكٌ بر وزنِ اُسُدٌ، بدانکہ جمع باعتبارِ لفظ بر دو قسم است جمع تکسیر و جمع تصحیح، جمع تکسیر آنست کہ بنائ واحد در وسلامت نباشد چون رِجَالٌ وَمَسَاجِدُ، وابنیۂ جمع تکسیر در ثلاثی بسماع تعلق دارد و قیاس را در و مجالی نیست واما در رباعی وخماسی بر وزنِ فَعَالِلُ آید چون جَعْفَرٌ و جَعَافِرُ، و جَحْمَرِشٌ و جَحَامِرُ بحذف حرف خامس، و جمع تصحیح آنست کہ بنائ واحد در وسلامت ماند، وآں بر دو قسم ست جمع مذکر و جمع مؤنث، جمع مذکر آنست کہ واوی ماقبل مضموم یا یائ ماقبل مکسور و نون مفتوح در آخرش پیوندد، چون مُسْلِمُوْنَ وَمُسْلِمِيْنَ، و جمع مؤنث آنست کہ الفی باتائ بآخرش پیوندد چون مُسْلِمَاتٌ، و بدانکہ جمع باعتبارِ معنی بر دو نوع است جمع قلت و جمع کثرت، جمع قلت آنست کہ بر کم از دہ اطلاق کنند، وآں را چہار بناست اَفْعُلٌ مثل اَكْلُبٌ، و اَفْعَالٌ چوں اَقْوَالٌ، و اَفْعِلَةٌ مثل اَعْوِنَةٌ، و فِعْلَةٌ چوں غِلْمَةٌ، و دو جمع تصحیح بے الف ولام یعنی مُسْلِمُوْنَ وَ مُسْلِمَاتٌ، و جمع کثرت آنست کہ بر دہ و بیشتر از دہ اطلاق کنند، وابنیۂ آں ہر چہ غیر ازیں شش بناست۔

ترجمہ: تو جان کہ اسم تین قسم پر ہے واحد، تثنیہ اور جمع، واحد وہ (اسم) ہے جو دلالت کرے ایک پر جیسے رَجُلٌ (ایک مرد) [illegible] ہے جو دلالت کرے دو پر اس سبب سے کہ الف یا یاء ماقبل مفتوح اور نون مکسور اس کے آخر میں لگا ہوتا ہے جیسے رَجُلَانِ اور رَجُلَيْنِ (دو مرد) اور جمع وہ (اسم) ہے جو دلالت کرے دو سے زیادہ پر اس سبب سے کہ اس کے واحد میں کوئی تغیر کیا گیا ہو چاہے لفظاً ہو جیسے رِجَالٌ (بہت سے مرد) یا تقدیراً جیسے فُلْكٌ (بمعنی کشتیاں) کہ اس کا واحد بھی فُلْكٌ ہے فُعْلٌ کے وزن [illegible] اس کی جمع بھی فُلْكٌ ہے اُسُدٌ کے وزن پر۔ تو جان کہ لفظ کے اعتبار سے جمع دو قسم پر ہے جمع تکسیر اور جمع تصحیح، جمع تکسیر وہ جمع ہے کہ واحد کی بنا جس میں سالم نہ رہے جیسے رِجَالٌ اور مَسَاجِدُ (بہت سے مرد اور بہت سی مسجدیں) اور جمع تکسیر کے اوزان ثلاثی میں سماع سے تعلق رکھتے ہیں [illegible] میں کوئی دخل نہیں ہے، البتہ رباعی اور خماسی میں جمع تکسیر فَعَالِلُ کے وزن پر آتی ہے جیسے جَعْفَرٌ اور جَعَافِرُ [illegible] جَحَامِرُ، پانچویں حرف کو حذف کرنے کے ساتھ۔ اور جمع تصحیح وہ ہے کہ واحد کی بنا جس میں سالم [illegible] جمع مذکر اور جمع مؤنث، جمع مذکر وہ (جمع) ہے کہ واو ماقبل مضموم یا یاء ماقبل مکسور اور نون مفتوح اس کے آخر میں لگا ہوا ہو، جیسے مُسْلِمُوْنَ اور مُسْلِمِيْنَ

besturdubooks.wordpress.com

جمع مؤنث وہ (جمع) ہے جس کے آخر میں الف وتاء لگا ہوا ہو، جیسے مُسْلِمَاتٌ۔ تو جان کہ جمع معنی کے اعتبار سے دو قسم پر ہے جمع قلت اور جمع کثرت، جمع قلت وہ ہے جو دلالت کرے دس سے کم پر، اور اس کے چار اوزان ہیں، اَفْعُلٌ جیسے اَكْلُبٌ، اور اَفْعَالٌ جیسے اقوالٌ، اور اَفْعِلَةٌ جیسے اَغْوِنَةٌ، اور فِعْلَةٌ جیسے غِلْمَةٌ، اور دو جمع تصحیح الف ولام کے بغیر، یعنی مُسْلِمُونَ اور مُسْلِمَاتٌ اور جمع کثرت وہ ہے جو دس اور دس سے زیادہ پر دلالت کرے، اور اس کے اوزان وہ ہیں جو ان چھ اوزان کے علاوہ ہوں۔

تشریح: یہاں سے مصنف رحمہ اللہ تعدد کے اعتبار سے اسم کی قسمیں بیان کر رہے ہیں۔ تعدد کے اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) واحد (۲) مثنّٰی (۳) مجموع

(۱) **واحد**: واحد کا لغوی معنی ہے "ایک" اور اصطلاح میں واحد وہ اسم ہے جو ایک پر دلالت کرے۔ جیسے رَجُلٌ (ایک مرد)

(۲) **مثنّٰی**: مثنّٰی کا لغوی معنی ہے "دو کیا ہوا" اور اصطلاح میں مثنّٰی اس اسم کو کہتے ہیں جو دو پر دلالت کرے۔ عربی زبان میں اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ واحد کے آخر میں نونِ مکسورہ لگا دیا جائے اور اس سے پہلے الف ماقبل مفتوح یا یاء ماقبل مفتوح زیادہ کیا جائے، جیسے رَجُلٌ سے رَجُلَانِ یا رَجُلَيْنِ۔ مثنّٰی کا دوسرا نام تثنیہ ہے۔

(۳) **مجموع**: مجموع کا لغوی معنی ہے "جمع کیا ہوا" اور اصطلاح میں مجموع وہ اسم ہے جو دو سے زائد غیر معین پر دلالت کرے۔ اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کے واحد کے حروف یا حرکات میں کچھ تغیر کر دیا جائے، جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ۔ مجموع کا دوسرا نام جمع ہے۔

پھر جمع کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) جمع لفظی (۲) جمع معنوی

(۱) **جمع لفظی**: جمع لفظی وہ ہے جس کے واحد میں لفظاً تغیر کیا گیا ہو۔ یعنی واحد اور جمع کے درمیان لفظاً فرق ہو۔ جیسے "رِجَالٌ" یہ رَجُلٌ کی جمع ہے۔

(۲) **جمع معنوی**: جمع معنوی وہ ہے جس کے واحد میں لفظاً تغیر نہ کیا گیا ہو بلکہ تقدیراً تغیر کیا گیا ہو۔ تقدیری تغیر کا مطلب یہ ہے کہ واحد اور جمع کے درمیان فرق صرف اعتباری ہو، پڑھنے میں ایک جیسے ہوں۔ جیسے فُلْكٌ (کشتی) کی جمع بھی فُلْكٌ ہی ہے جو پڑھنے میں ایک جیسے ہیں، فرق اعتباری یہ ہے کہ فُلْكٌ جو بمعنی "ایک کشتی" واحد ہے، اسے قُفْلٌ کے وزن پر مانا گیا ہے، جس کا معنی ہے "ایک تالا" جو مفرد ہے۔ اور فُلْكٌ جو بمعنی "بہت کشتیاں" جمع ہے، اسے اُسُدٌ کے وزن پر مانا گیا ہے جو اسدٌ (شیر) کی جمع ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

جمع لفظی کی قسمیں:

جمع لفظی کی دوقسمیں ہیں۔ (۱) جمع تکسیر (۲) جمع تصحیح

(۱) **جمع تکسیر:** جمع تکسیر وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن سلامت نہ ہو۔ جیسے "رِجَالٌ" یہ رَجُلٌ کی جمع ہے۔اس کا دوسرا نام جمع مکسّر ہے

جمع تکسیر کے اوزان: ثلاثی میں جمع تکسیر کے اوزان سماع سے تعلق رکھتے ہیں، قیاس کی ان میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔البتہ رباعی اور خماسی میں جمع تکسیر فَعَالِلُ کے وزن پر آتی ہے۔ رُباعی کی مثال جیسے جَعْفَرٌ سے جَعَافِرُ، خُماسی کی مثال، جیسے جَحْمَرِشٌ سے جَحَامِرُ۔ یاد رکھیں خماسی کی جمع تکسیر بناتے وقت حرف خامس کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

(۲) **جمع تصحیح:** تصحیح کا لغوی معنی ہے "درست کرنا" اصطلاح میں جمع تصحیح وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن سلامت ہو۔ جیسے "مُسْلِمُوْنَ" یہ مُسْلِمٌ کی جمع ہے۔ جمع تصحیح کا دوسرا نام جمع سالم ہے۔

جمع سالم کی دوقسمیں ہیں۔ (۱) جمع مذکر سالم (۲) جمع مؤنث سالم

(۱) **جمع مذکر سالم:** جمع مذکر سالم وہ جمع ہے جس کے آخر میں واوٗ ماقبل مضموم، یا یاء ماقبل مکسور اور اس کے بعد نون مفتوحہ ہو۔ جیسے مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِیْنَ۔

(۲) **جمع مؤنث سالم:** جمع مؤنث سالم وہ جمع ہے جس کے آخر میں الف اور تاء ہوں۔ جیسے مُسْلِمَاتٌ.

جمع معنوی کی قسمیں:

جمع معنوی کی دوقسمیں ہیں۔ (۱) جمع قلت (۲) جمع کثرت

(۱) **جمع قلت:** قلت کا لغوی معنی ہے "کم ہونا" اور اصطلاح میں جمع قلت وہ جمع ہے جو تین (۳) سے لے کر نو (۹) تک پر بولی جائے۔

جمع قلت کے چھ (٦) اوزان ہیں۔

(۱) اَفْعُلٌ۔ جیسے اَكْلُبٌ (۲) اَفْعَالٌ۔ جیسے اَقْوَالٌ (۳) اَفْعِلَةٌ۔ جیسے اَرْغِفَةٌ (٤) فِعْلَةٌ۔ جیسے غِلْمَةٌ (۵) جمع مذکر سالم جبکہ الف لام کے بغیر ہو۔ جیسے مُسْلِمُوْنَ (٦) جمع مؤنث سالم جبکہ الف لام کے بغیر ہو۔ جیسے مُسْلِمَاتٌ.

(۲) **جمع کثرت:** جمع کثرت وہ جمع ہے جو دس (۱۰) اور اس سے اوپر پر بولی جائے۔ جمع قلت کے چھ اوزان کے علاوہ باقی سارے اوزان جمع کثرت کے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

فائدہ: بعض دفعہ جمع، واحد کے لفظ کے علاوہ کسی اور لفظ سے آتی ہے، اس کو جمع من غیر لفظہٖ کہتے ہیں۔ جیسے اِمْرَءَ ۃٌ کی جمع نِسآءٌ، اور ذُو کی جمع اُولُوا آتی ہے۔

فائدہ: کبھی واحد کا صیغہ جمع کے معنی دیتا ہے، اس کو اسم جمع کہتے ہیں۔ جیسے قَوْمٌ، رَھْطٌ، رَکْبٌ وغیرہ۔

☆☆☆☆☆☆☆

(سوالات)

درج ذیل مثالوں میں واحد، مثنی اور جمع کی تمیز کرنے کے بعد جمع کی صورت میں یہ بتائیں کہ جمع تصحیح ہے یا تکسیر؟ جمع قلت ہے یا کثرت؟

(۱) عُلَمَآءُ (۲) اَحَدٌ (۳) مَسْجِدَانِ (۴) رُسُلٌ (۵) اَصَابِعُ (۶) مَسَاجِدُ (۷) اَلْمُسْلِمُوْنَ (۸) شَمْسٌ (۹) قواعدُ النَّحو (۱۰) اَبْیَاتٌ (۱۱) قوانینُ الصَّرْفِ (۱۲) نَافِذَتَانِ (۱۳) کُتُبُ بَکْرٍ (۱۴) شُبَّاکٌ (۱۵) قَلَنْسُوَۃٌ

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱) عُلَمَآءُ: ...... یہ جمع ہے، اور جمع کی قسموں میں سے جمع تکسیر اور جمع کثرت ہے۔

(۲) اَحَدٌ: ...... یہ مفرد ہے۔

(۳) مَسْجِدَانِ: ...... یہ تثنیہ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

نقشہ



besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ اعراب اسم سہ است رفع ونصب وجر، واسم متمکن باعتبارِ وجوہِ اعراب برشانزدہ قسم است، اول مفرد منصرف صحیح چوں زَیْدٌ، دوم مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح چوں دَلْوٌ، سوم جمع مکسر منصرف چوں رِجَالٌ، رفع شاں بضمہ باشد ونصب بفتحہ وجر بکسرہ چوں جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَدَلْوٌ وَرِجَالٌ، وَرَأَیْتُ زَیْدًا وَدَلْوًا وَرِجَالاً، وَمَرَرْتُ بِزَیْدٍ وَدَلْوٍ وَرِجَالٍ، چہارم جمع مؤنث سالم رفعش بضمہ باشد ونصب وجر بکسرہ چوں هُنَّ مُسْلِمَاتٌ وَ رَأَیْتُ مُسْلِمَاتٍ وَ مَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ۔

ترجمہ: فصل: تو جان کہ اسم کے اعراب تین ہیں رفع، نصب اور جر، اور اسم متمکن اعراب کے اقسام کے اعتبار سے سولہ اقسام پر ہے۔ پہلی (قسم) مفرد منصرف صحیح، جیسے زَیْدٌ، دوسری (قسم) مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح، جیسے دَلْوٌ، تیسری (قسم) جمع مکسر منصرف، جیسے رِجَالٌ، ان سب کا رفع ضمہ کے ساتھ ہوتا ہے، اور نصب فتحہ اور جر کسرہ کے ساتھ، جیسے جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَدَلْوٌ وَرِجَالٌ، اور رَأَیْتُ زَیْدًا وَدَلْوًا وَرِجَالاً، اور مَرَرْتُ بِزَیْدٍ وَدَلْوٍ وَرِجَالٍ، چوتھی (قسم) جمع مؤنث سالم، اس کا رفع ضمہ کے ساتھ ہوتا ہے، اور نصب وجر کسرہ کے ساتھ، جیسے هُنَّ مُسْلِمَاتٌ اور رَأَیْتُ مُسْلِمَاتٍ اور مَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ۔

تشریح: اس فصل میں مصنف رحمۃ اللہ اعراب کے لحاظ سے اسم متمکن کی قسمیں بیان کررہے ہیں، پہلے ایک فائدہ بتارہے ہیں کہ اسم کے اعراب تین ہیں، رفع، نصب، جر

مقام کی وضاحت کیلئے چند فوائد کا جاننا ضروری ہے۔

فائدہ ① اعراب (جس کی تفصیل گذر چکی ہے) کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) اعراب بالحرکت (۲) اعراب بالحروف

(۱) اعراب بالحرکت: ضمہ، فتحہ، کسرہ کو اعراب بالحرکت کہتے ہیں۔

(۲) اعراب بالحرف: واؤ، یاء، الف کو اعراب بالحرف کہتے ہیں۔

پھر ان میں سے ہر ایک کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) لفظی (۲) تقدیری

(۱) اعراب لفظی: اعراب لفظی وہ اعراب ہے جو لفظوں میں ظاہر ہو۔ جیسے، جاءَ نِیْ زَیْدٌ میں زَیْدٌ کی پیش ہے۔

(۲) اعراب تقدیری: اعراب تقدیری وہ اعراب ہے جو لفظوں میں ظاہر نہ ہو۔ جیسے، جَاءَ نِیْ یَحْیٰی میں یَحْیٰی کی پیش ہے۔

فائدہ ② رفع اس حالت کو کہتے ہیں جو عامل رافع کی وجہ سے پیدا ہو۔ نصب اس حالت کو کہتے ہیں جو عامل ناصب کی وجہ سے پیدا ہو۔ جر اس حالت کو کہتے ہیں جو عامل جار کی وجہ سے پیدا ہو۔ اور جزم اس حالت کو کہتے ہیں جو عامل جازم کی وجہ سے پیدا ہو۔

besturdubooks.wordpress.com

فائدہ (۳)

☆ رفع چار چیزوں کے ساتھ آتا ہے۔ضمہ، واؤ، الف اور اثباتِ نون۔لیکن ان میں ضمہ اصل ہے۔

☆ نصب پانچ چیزوں کے ساتھ آتا ہے۔فتحہ، کسرہ، الف، یاء اور اسقاطِ نون۔ان میں اصل فتحہ ہے۔

☆ جر تین چیزوں کے ساتھ آتا ہے۔کسرہ، فتحہ اور یاء۔ان میں اصل کسرہ ہے۔

☆ جزم تین چیزوں کے ساتھ آتا ہے۔سکون، حذفِ لام اور اسقاطِ نون۔ان میں اصل سکون ہے۔

فائدہ (٤) مبنی کی حرکات کو ضم، فتح، کسر کہتے ہیں۔معرب کی حرکات اور حروف کو رفع، نصب، جر کہتے ہیں۔اور ضمہ، فتحہ، کسرہ مبنی اور معرب کی حرکات کے درمیان مشترک ہیں، یعنی معرب اور مبنی دونوں کی حرکات کو ضمہ، فتحہ، کسرہ کہہ سکتے ہیں۔

فائدہ (۵) جس اسم پر رفع ہو اس کو ترکیب کرتے وقت مرفوع کہتے ہیں۔جس اسم پر نصب ہو اس کو ترکیب کرتے وقت منصوب کہتے ہیں۔اور جس اسم پر جر ہو اس کو ترکیب کرتے وقت مجرور کہتے ہیں۔

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی قسمیں:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی سولہ (16) قسمیں ہیں۔

(1) اول: مفرد منصرف صحیح:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی پہلی قسم مفرد منصرف صحیح ہے۔مفرد ہو، یعنی تثنیہ وجمع نہ ہو۔منصرف ہو، غیر منصرف نہ ہو۔صحیح ہو معتل نہ ہو۔نحات کی اصطلاح میں صحیح وہ ہے جس کے لام کلمے پر حرفِ علت نہ ہو۔جیسے زَیْدٌ۔اور معتل وہ ہے جس کے لام کلمے پر حرف علت ہو جیسے مَاضِیٌ

اعراب: اس قسم کا اعراب رفع ضمہ لفظی کے ساتھ، نصب فتحہ لفظی کے ساتھ، اور جر کسرہ لفظی کے ساتھ ہے جیسے، جَاءَ نِیْ زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ

ترکیب: جَآءَ نِیْ زَیْدٌ..... جاءَ فعل، نون وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ مقدم، زَیْدٌ مرفوع لفظاً فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَأَیْتُ زَیْدًا..... رَأَیْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، زَیْدًا منصوب لفظاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

besturdubooks.wordpress.com

مَرَرْتُ بِزَیْدٍ..... مَرَرْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، با حرف جار، زَیْدٍ مجرور لفظاً مجرور ہے با جار کا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(2) دوم: مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی دوسری قسم مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح ہے۔ مفرد ہو، یعنی تثنیہ وجمع نہ ہو۔ منصرف ہو غیر منصرف نہ ہو۔ جاری مجریٰ صحیح ہو یعنی صحیح کا قائم مقام ہو۔ جاری مجریٰ صحیح نحات کی اصطلاح میں وہ ہے جس کے لام کلمے پر حرف علت اور ماقبل ساکن ہو۔ جیسے دَلْوٌ۔

اعراب: اس قسم کا اعراب رفع ضمہ لفظی، نصب فتحہ لفظی، جر کسرہ لفظی کے ساتھ ہے۔ جیسے هٰذَا دَلْوٌ، رَأَیْتُ دَلْوًا، مَرَرْتُ بِدَلْوٍ

ترکیب: هٰذَا دَلْوٌ..... هٰذَا مبتدأ، دَلْوٌ مرفوع لفظاً خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَأَیْتُ دَلْوًا..... رَأَیْتُ فعل تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، دَلْوًا منصوب لفظاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِدَلْوٍ..... مَرَرْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، باء حرف جار، دَلْوٍ مجرور لفظاً مجرور، جار اپنے مجرور کے ساتھ مل کر متعلق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(3) سوم: جمع مکسر منصرف:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی تیسری قسم جمع مکسر منصرف ہے۔ جمع مکسر ہو یعنی سالم نہ ہو، اور منصرف ہو غیر منصرف نہ ہو۔

اعراب: اس قسم کا اعراب رفع ضمہ لفظی، نصب فتحہ لفظی، جر کسرہ لفظی کے ساتھ ہے، جیسے جَآءَنِیْ رِجَالٌ، رَأَیْتُ رِجَالًا، مَرَرْتُ بِرِجَالٍ

ترکیب: جَآءَنِیْ رِجَالٌ..... جَاءَ فعل، نونِ وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ مقدم، رِجَالٌ مرفوع لفظاً فاعل مؤخر، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَأَیْتُ رِجَالًا..... رَأَیْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، رِجَالًا منصوب لفظاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِرِجَالٍ..... مَرَرْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، با حرف جار، رِجَالٍ مجرور

besturdubooks.wordpress.com

لفظاً مجرور ہے با جار کا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(4) چہارم: جمع مؤنث سالم:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی چوتھی قسم جمع مؤنث سالم ہے۔ یعنی مؤنث کی جمع ہو، مذکر کی جمع نہ ہو اور سالم ہو، مکسر نہ ہو۔

اعراب: اس قسم کا اعراب رفع ضمہ لفظی، اور نصب و جر دونوں کسرہ لفظی کے ساتھ ہیں۔ جیسے هُنَّ مُسْلِمَاتٌ، رَأَيْتُ مُسْلِمَاتٍ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ۔

ترکیب: هُنَّ مُسْلِمَاتٌ..... هُنَّ ضمیر برائے جمع مؤنث غائبات مرفوع منفصل مرفوع محلاً مبتدا، مُسْلِمَاتٌ مرفوع لفظاً خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَأَيْتُ مُسْلِمَاتٍ..... رَأَيْتُ فعل تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، مُسْلِمَاتٍ منصوب لفظاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ..... مَرَرْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، باء حرف جار، مُسْلِمَاتٍ مجرور لفظاً مجرور ہے باء جار کا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

پنجم غیر منصرف وآن اسمیست کہ دو سبب از اسبابِ منع صرف درو باشد، واسباب منع صرف نہ است عدل و وصف وتانیث ومعرفہ وعجمہ وجمع وترکیب ووزنِ فعل والف ونون زائدتان، چون عُمَرُ وَاَحْمَرُ وَطَلْحَۃُ وَ زَیْنَبُ وابْرَاهِیْمُ ومَسَاجِدُ ومَعْدِیْکَرُبَ وَ اَحْمَدُ وعِمْرَانُ رفعش بضمہ باشد ونصب وجر بفتحہ چون جَآءَ عُمَرُ وَرَاَیْتُ عُمَرَ وَمَرَرْتُ بِعُمَرَ، ششم اسمائ ستۂ مکبّرہ در وقتیکہ مضاف باشند بغیر یائ متکلم چون اَبٌ وَاَخٌ و حَمٌ وهَنٌ وفَمٌ وذُوْمَالٍ رفع شان بواو باشد ونصب بالف وجر بیاء چون جَآءَ اَبُوْکَ وَرَاَیْتُ اَبَاکَ وَ مَرَرْتُ بِاَبِیْکَ، ہفتم مثنّٰی چون رَجُلَانِ ہشتم کِلَا وَکِلْتَا مضاف بمضمر، نہم اِثْنَانِ واِثْنَتَانِ رفع شان بالف باشد ونصب وجر بیائ ماقبل مفتوح چون جَآءَ رَجُلَانِ وکِلَاهُمَا واِثْنَانِ وَرَاَیْتُ رَجُلَیْنِ وکِلَیْهِمَا واِثْنَیْنِ وَمَرَرْتُ بِرَجُلَیْنِ وکِلَیْهِمَا واِثْنَیْنِ۔

ترجمہ: پانچویں (قسم) غیر منصرف، اور یہ وہ اسم ہے جس میں اسبابِ منع صرف میں سے دو سبب ہوں۔ منع صرف کے اسباب نو ہیں عدل، وصف، تانیث، معرفہ، عجمہ، جمع، ترکیب، وزنِ فعل اور الف ونون زائدتان، جیسے عُمَرُ، اَحْمَرُ، طَلْحَۃُ، زَیْنَبُ، اِبْرَاهِیْمُ، مَسَاجِدُ، مَعْدِیْکَرُبُ، اَحْمَدُ، اور عِمْرَانُ، اس کا رفع ضمہ کے ساتھ ہوتا ہے اور نصب وجر فتحہ کے ساتھ، جیسے جَآءَ عُمَرُ وَرَاَیْتُ عُمَرَ وَمَرَرْتُ بِعُمَرَ، چھٹی (قسم) اسماءِ ستہ مکبرہ، جبکہ یہ مضاف ہوں غیر یائے متکلم کی طرف جیسے اَبٌ، اَخٌ، حَمٌ، هَنٌ، فَمٌ اور ذُوْمَالٍ، ان کا رفع واو کے ساتھ ہوتا ہے، اور نصب الف اور جر یاء کے ساتھ، جیسے جَآءَ اَبُوْکَ، رَاَیْتُ اَبَاکَ، مَرَرْتُ بِاَبِیْکَ، ساتویں (قسم) تثنیہ، جیسے رَجُلَانِ، آٹھویں (قسم) کِلَا اور کِلْتَا، جو مضاف ہوں ضمیر کی طرف، نویں (قسم) اِثْنَانِ اور اِثْنَتَانِ، ان (تینوں قسموں) کا رفع الف کے ساتھ ہوتا ہے اور نصب وجر یاء ماقبل مفتوح کے ساتھ، جیسے جَآءَ رَجُلَانِ وکِلَاهُمَا واِثْنَانِ اور رَاَیْتُ رَجُلَیْنِ وکِلَیْهِمَا واِثْنَیْنِ اور مَرَرْتُ بِرَجُلَیْنِ وکِلَیْهِمَا واِثْنَیْنِ۔

(5) پنجم: غیر منصرف:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی پانچویں قسم غیر منصرف ہے۔

غیر منصرف: غیر منصرف وہ اسم ہے، جس میں منع صرف کے نو (9) اسباب میں سے دو سبب پائے جائیں، یا ایک ایسا سبب پایا جائے جو دو سببوں کا قائم مقام ہو۔

منصرف: منصرف وہ اسم ہے جس میں منع صرف کے نو (9) اسباب میں سے نہ دو سبب پائے جائیں، اور نہ ایک ایسا سبب پایا جائے جو دو

besturdubooks.wordpress.com

سببوں کا قائم مقام ہو۔

اعراب: غیر منصرف کا اعراب رفع ضمہ لفظی، اور نصب وجر دونوں فتحہ لفظی کے ساتھ ہیں۔ جیسے جَآءَ نِیْ عُمَرُ، رَأَیْتُ عُمَرَ، مَرَرْتُ بِعُمَرَ...

ترکیب: ترکیب آسان ہے۔

فائدہ: منصرف پر تینوں حرکتیں اور تنوین آسکتی ہیں۔ غیر منصرف پر تنوین اور کسرہ نہیں آسکتا ہے، البتہ اگر غیر منصرف مضاف ہو یا اس پر الف لام داخل ہو تو اس پر کسرہ آسکتا ہے۔ مضاف کی مثال جیسے صَلَّیْتُ فِي مَسَاجِدِکُمْ الف لام کی مثال جیسے ذَهَبْتُ اِلَى الْمَقَابِرِ

منع صرف کے اسباب: منع صرف کے نو (9) اسباب ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

(۱) عدل (۲) وصف (۳) تانیث (۴) معرفہ (۵) عجمہ (۶) جمع (۷) ترکیب (۸) وزن فعل (۹) الف ونون زائدتان

(۱) عدل: عدل کا مشہور لغوی معنی ہے ''پھرنا'' اور اصطلاح میں کسی لفظ کا خلافِ قانون اپنی اصلی شکل چھوڑ کر دوسری شکل اختیار کرنے کو عدل کہا جاتا ہے۔ جیسے عُمَرُ، ظُفَرُ اصل میں عَامِرٌ، ظَافِرٌ تھے اپنی اصلی شکل چھوڑ کر عُمَرُ، ظُفَرُ والی شکل اختیار کر لی۔ (مزید تفصیل بڑی کتابوں میں ہے)

(۲) وصف: وصف کا لغوی معنی ہے ''بیان کرنا'' اور اصطلاح میں وصف وہ اسم ہے جو ایسی مبہم ذات پر دلالت کرے جس میں صفتی معنی ملحوظ ہو۔ جیسے اَحْمَرُ (سرخ رنگ والا آدمی)

(۳) تانیث: تانیث سے مراد مؤنث ہے، مؤنث وہ اسم ہے جس میں تانیث کی چار علامات میں سے کوئی علامت موجود ہو، جیسے طَلْحَةُ

(۴) معرفہ: معرفہ وہ اسم ہے جس کو واضع نے کسی معین چیز کے لئے وضع کیا ہو۔ یہاں معرفہ سے مراد علم ہے، علم وہ اسم ہے جو کسی خاص چیز کا نام ہو۔ جیسے زَیْنَبُ جو عورت کا نام ہے۔

(۵) عجمہ: عجمہ کا لغوی معنی ہے ''گونگا ہونا'' اصطلاح میں عجمہ وہ لفظ ہے جو عربی نہ ہو لیکن عربی زبان میں استعمال ہوا ہو۔ جیسے اِبْرَاهِیْمُ

(۶) جمع: جمع سے مراد ''جمع منتہی الجموع'' ہے۔ جمع منتہی الجموع کا لغوی معنی ہے '' جمعوں کی آخری جمع '' اصطلاح میں اس سے مراد وہ جمع ہے جس کی جمع تکسیر دوبارہ نہ بنائی جا سکے۔ اس کو جمع اقصیٰ، جمع الجموع اور جمع غیر منصرف بھی کہتے ہیں۔

جمع منتہی الجموع کی پہچان: جمع منتہی الجموع کی پہچان یہ ہے کہ اس میں پہلا اور دوسرا حرف مفتوح اور تیسری جگہ الف ہوتا ہے۔ الف کے

besturdubooks.wordpress.com

بعد اگر ایک حرف ہوتو وہ مشدّد ہوتا ہے، جیسے دَوَابُّ۔ اگر دو حرف ہوں تو پہلا مکسور ہوتا ہے، جیسے مَسَاجِدُ۔ اور اگر تین حروف ہوں تو پہلا مکسور اور دوسرا ساکن ہوتا ہے، جیسے مَصَابِیْحُ۔

فائدہ: جمع منتہی الجموع، الف مقصورہ اور الف ممدودہ یہ تینوں ایسے اسباب ہیں جو اکیلے دو سببوں کے قائم مقام ہیں۔

(۷) ترکیب: ترکیب سے مراد مرکب منع صرف ہے۔ اور مرکب منع صرف کی تعریف گذر چکی ہے۔ جیسے مَعْدِیْکَرِبَ

(۸) وزن فعل: وزن فعل وہ کلمہ ہے جو ہوتو اسم، لیکن فعل کے وزن پر ہو۔ جیسے اَحْمَدُ، اَشْرَفُ

(۹) الف نون زائدتان: الف نون زائدتان سے مراد وہ اسم ہے جس کے آخر میں الف اور نون زائد ہوں۔ جیسے عِمْرَانُ

(6) ششم: اسمائے ستہ مکبّرہ:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی چھٹی قسم اسمائے ستہ مکبّرہ ہے۔ ستّہ کے معنی ہیں "چھ" اور یہ اسماء بھی چھ ہیں، جو درج ذیل ہیں۔ اَبٌ، اَخٌ، حَمٌ، هَنٌ، فَمٌ، ذُوْ

اسمائے ستہ مکبرہ کے معانی: اسمائے ستہ کے معانی بالترتیب یوں ہیں۔ اَبٌ بمعنی باپ، اَخٌ بمعنی بھائی، حَمٌ بمعنی عورت کا رشتہ دار جو شوہر کی طرف سے ہو، جیسے دیور وغیرہ، هَنٌ بمعنی عورت یا مرد کی شرم گاہ، فَمٌ بمعنی منہ، ذُوْ بمعنی والا۔

اسمائے ستہ مکبرہ کی اصل: اَبٌ، اَخٌ، حَمٌ، هَنٌ اصل میں اَبَوٌ، اَخَوٌ، حَمَوٌ، هَنَوٌ تھے۔ واؤ کو خلاف قانون حذف کر کے اس کا اعراب عین کلمے پر جاری کر دیا تو اَبٌ، اَخٌ، حَمٌ، هَنٌ ہو گئے۔ فَمٌ اصل میں فَوْهٌ تھا، ھاء کو خلافِ قانون حذف کر دیا تو فَوٌ ہوا، اب اگر اس کی اضافت نہ ہوئی ہو تو واؤ کو میم سے بدل کر فَمٌ بولتے ہیں، اور اگر اضافت کسی اسم کی طرف ہو جائے تو واؤ واپس آ جاتی ہے اور واؤ کی مناسبت کی وجہ سے فاء کو ضمہ دیا جاتا ہے، جیسے فُوْکَ، ذُوْ اصل میں ذَوَوٌ تھا، دوسری واؤ کو خلاف قانون حذف کر کے کثرتِ استعمال کی وجہ سے مزید تخفیف کے لئے پہلی واؤ کو ساکن کر دیا، اور ذال کو ضمہ دیا گیا تو ذُوْ ہو گیا۔

اعراب: اسمائے ستہ مکبّرہ کا اعراب بالحرف لفظی ہے، یعنی رفع واؤ لفظی، نصب الف لفظی، جر یاء لفظی کے ساتھ ہے۔ جیسے جَآءَنِیْ اَبُوْکَ، رَاَیْتُ اَبَاکَ، مَرَرْتُ بِاَبِیْکَ،

ترکیب: جَآءَنِیْ اَبُوْکَ...... جَآءَ فعل، نونِ وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ مقدم، اَبُوْ مضاف، کَ ضمیر برائے واحد مذکر مخاطب مجرور متصل مجرور محلاً مضاف الیہ، مضاف و مضاف الیہ مل کر مرفوع لفظاً فاعل مؤخر، فعل اپنے

besturdubooks.wordpress.com

فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَأَیْتُ اَبَاکَ ...... رَأَیْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، اَبَا مضاف، کَ ضمیر برائے واحد مذکر مخاطب مجرور متصل مجرور محلاً مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر منصوب لفظاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِاَبِیْکَ ..... مَرَرْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، باء حرف جار اَبِی مضاف، کَ ضمیر برائے واحد مذکر مخاطب مجرور محلاً مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہے بـاء جار کا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہے مَرَرْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اسمائے ستہ مکبرہ کے اعراب کی شرائط: اسمائے ستہ مکبرہ کا یہ اعراب اس وقت ہوگا جبکہ ان میں یہ چار شرطیں پائی جائیں۔

☆ پہلی یہ کہ یہ چھ اسماء مکبرہ ہوں، یعنی ان میں یائے تصغیر نہ ہو۔ اگر یائے تصغیر ہو تو ان کا اعراب بالحرکت لفظی ہوگا، جیسے جَآءَ نِیْ اُبَیٌّ، رَأَیْتُ اُبَیًّا، مَرَرْتُ بِاُبَیٍّ۔

☆ دوسری یہ کہ یہ چھ اسماء موحدہ ہوں، یعنی تثنیہ وجمع نہ ہوں۔ اگر تثنیہ یا جمع ہوں تو ان کا اعراب تثنیہ اور جمع والا اعراب ہوگا۔

تثنیہ کی مثال: جیسے جَآءَ نِی اَبَوَانِ، رَأَیْتُ اَبَوَیْنِ، مَرَرْتُ بِاَبَوَیْنِ جمع کی مثال: جیسے جَآءَ نِی اٰبَآءٌ، رَأَیْتُ اٰبَآءً، مَرَرْتُ بِاٰبَآءٍ

☆ تیسری یہ کہ یہ اسماء مضاف ہوں، اگر مضاف نہیں ہیں تو ان کا اعراب بالحرکت لفظی ہوگا، جیسے جَآءَ نِـی اَبٌ، رَأَیْـتُ اَبًا، مَرَرْتُ بِاَبٍ

☆ چوتھی یہ کہ یہ اسماء یائے متکلم کے علاوہ کسی اور اسم کی طرف مضاف ہوں، خواہ وہ اسم ظاہر ہو یا ضمیر ہو۔ اگر یائے متکلم کی طرف مضاف ہوں تو ان کا اعراب بالحرکت تقدیری ہوگا۔ جیسے جَآءَ نِی اَبِیْ، رَأَیْتُ اَبِیْ، مَرَرْتُ بِاَبِیْ۔

(7) ھفتم: مُثنّٰی:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی ساتویں قسم مثنّٰی ہے۔ مثنّٰی سے مراد تثنیہ حقیقی ہے، تثنیہ حقیقی وہ ہے جس میں درج ذیل تین شرطیں پائی جائیں۔

(۱) اس کی شکل وصورت تثنیہ والی ہو، یعنی اس کے آخر میں الف ماقبل مفتوح یا یاء ماقبل مفتوح اور اس کے بعد نون مکسور ہو (۲) اس کا معنی تثنیہ والا ہو، یعنی دو پر دلالت کرے (۳) اس کے مادے سے مفرد آتا ہو۔ مثال، جیسے رَجُلَانِ، رَجُلَیْنِ۔

besturdubooks.wordpress.com

اعــراب: اس قسم کا اعراب بالحرف لفظی ہے، رفع الف لفظی ماقبل مفتوح کے ساتھ، اور نصب وجر یاء لفظی ماقبل مفتوح کے ساتھ۔ جیسے جَآءَ نِیْ رَجُلَانِ، رَأَیْتُ رَجُلَیْنِ، مَرَرْتُ بِرَجُلَیْنِ.

ترکیب: جَآءَ نِی رَجُلَانِ...... جاءَ فعل، نونِ وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ مقدم، رَجُلَانِ مرفوع لفظاً فاعل مؤخر فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَأَیْتُ رَجُلَیْنِ...... رَأَیْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، رَجُلَیْنِ منصوب لفظاً مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِرَجُلَیْنِ...... مَرَرْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، باء حرف جار، رَجُلَیْنِ مجرور لفظاً مجرور ہے باء جار کا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(8) هشتم : کلا و کلتا:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی آٹھویں قسم کِلَا وَ کِلْتَا ہے۔ کِلَا وَ کِلْتَا سے مراد تثنیہ معنوی ہے، تثنیہ معنوی وہ ہے جس میں صرف ایک شرط پائی جائے، وہ یہ کہ اس کا معنی تثنیہ والا ہو۔

اعراب: اس قسم کا اعراب بھی بالحرف لفظی ہے۔ یعنی رفع الف لفظی ماقبل مفتوح کے ساتھ، اور نصب وجر یاء لفظی ماقبل مفتوح کے ساتھ جیسے جَآءَ نِی کِلَاهُمَا، رَأَیْتُ کِلَیْهِمَا، مَرَرْتُ بِکِلَیْهِمَا

ترکیب: جَآءَ نِی کِلَاهُمَا...... جاءَ فعل، نون وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ مقدم، کِلَا مضاف، هُمَا ضمیر برائے تثنیہ مذکر غائب مجرور متصل مجرور محلاً مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مرفوع لفظاً فاعل، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَأَیْتُ کِلَیْهِمَا...... رَأَیْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، کِلَیْ مضاف، هُمَا ضمیر برائے تثنیہ مذکر غائب مجرور متصل مجرور محلاً مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر منصوب لفظاً مفعول بہ ہوا رَأَیْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِکِلَیْهِمَا...... مَرَرْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، باء حرف جار، کِلَیْ مضاف هُمَا ضمیر برائے تثنیہ مذکر غائب مجرور متصل مجرور محلاً مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور ہوا باء جار کے لئے، جار اپنے مجرور سے

besturdubooks.wordpress.com

مل کر متعلق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ: کِلَا وَ کِلْتَا کا یہ اعراب تب ہوگا اگر ان کی اضافت ضمیر کی طرف کی گئی ہو۔ اگر ان کی اضافت اسم ظاہر کی طرف ہوئی ہو تو اس وقت ان کا اعراب بالحرکت تقدیری ہوگا۔ جیسے جآءَنِی کِلَا الرَّجُلَینِ، رَأَیتُ کِلَا الرَّجُلَینِ، مَرَرْتُ بِکِلَا الرَّجُلَینِ۔

(9) نہم: اِثْنَانِ وَاثْنَتَانِ:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی نویں قسم اِثْنَانِ واِثْنَتَانِ ہے۔ اِثْنَانِ واِثْنَتَانِ سے مراد تثنیہ صوری ہے۔ تثنیہ صوری وہ ہے جس میں دو شرطیں پائی جائیں (۱) اس کی شکل وصورت تثنیہ والی ہو، یعنی اس کے آخر میں الف ماقبل مفتوح یا یاء ماقبل مفتوح اور اس کے بعد نون مکسور ہو (۲) اس کا معنی تثنیہ والا ہو، یعنی دو پر دلالت کرتا ہو۔

اعراب: اس قسم کا اعراب بھی بالحرف لفظی ہے۔ یعنی رفع الف لفظی ماقبل مفتوح کے ساتھ، اور نصب وجر یاء لفظی ماقبل مفتوح کے ساتھ جیسے جآءَنِی اِثْنَانِ وَاثْنَتَانِ، رَأَیتُ اِثْنَینِ واِثْنَتَینِ، مَرَرْتُ بِاِثْنَینِ واِثْنَتَینِ،

ترکیب: ترکیب آسان ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

دهم جمع مذکر سالم چوں مُسْلِمُوْنَ، یازدہم اُولُوْ، دوازدہم عِشْرُوْنَ تا تِسْعُوْنَ، رفع شان بواو ماقبل مضموم باشد ونصب وجر بیای ماقبل مکسور چون جَآءَ مُسْلِمُوْنَ واُولُوْ مَالٍ وعِشْرُوْنَ رَجُلًا، ورَأَیْتُ مُسْلِمِیْنَ واُولِیْ مَالٍ وعِشْرِیْنَ رَجُلًا، ومَرَرْتُ بِمُسْلِمِیْنَ واُولِیْ مَالٍ وعِشْرِیْنَ رَجُلًا، سیزدہم اسم مقصور وآن اسمیست کہ در آخرش الفِ مقصورہ باشد چون مُوْسٰی، چہاردہم غیر جمع مذکر سالم مضاف بیای متکلم چوں غُلَامِیْ، رفع شان بتقدیر ضمہ باشد ونصب بتقدیر فتحہ وجر بتقدیر کسرہ، ودر لفظ ہمیشہ یکساں باشند چون جَآءَ مُوْسٰی وغُلَامِیْ ورَأَیْتُ مُوْسٰی وغُلَامِیْ ومَرَرْتُ بِمُوْسٰی وغُلَامِیْ،

ترجمہ: دسویں (قسم) جمع مذکر سالم، جیسے مُسْلِمُوْنَ، گیارہویں (قسم) اُولُوْ، بارہویں (قسم) عِشْرُوْنَ سے تِسْعُوْنَ تک۔ ان (تینوں قسموں) کا رفع واؤ ماقبل مضموم کے ساتھ ہوتا ہے اور نصب وجر یاء ماقبل مکسور کے ساتھ، جیسے جَآءَ مُسْلِمُوْنَ واُولُوْ مَالٍ وعِشْرُوْنَ رَجُلًا، اور رَأَیْتُ مُسْلِمِیْنَ واُولِیْ مَالٍ وعِشْرِیْنَ رَجُلًا، اور مَرَرْتُ بِمُسْلِمِیْنَ واُولِیْ مَالٍ وعِشْرِیْنَ رَجُلًا، تیرہویں (قسم) اسم مقصور، اور یہ وہ اسم ہے جس کے آخر میں الفِ مقصورہ ہو، جیسے مُوْسٰی، چودہویں (قسم) غیر جمع مذکر سالم، (جبکہ) یائے متکلم کی طرف مضاف ہو جیسے غُلَامِیْ، ان (دونوں قسموں) کا رفع ضمہ تقدیری کے ساتھ ہوتا ہے، نصب فتحہ تقدیری اور جر کسرہ تقدیری کے ساتھ، اور لفظ میں ہمیشہ ایک جیسے ہوتے ہیں، جیسے جَآءَ مُوْسٰی وغُلَامِیْ اور رَأَیْتُ مُوْسٰی وغُلَامِیْ اور مَرَرْتُ بِمُوْسٰی وغُلَامِیْ...

(10) دہم: جمع مذکر سالم:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی دسویں قسم جمع مذکر سالم ہے۔ جمع مذکر سالم سے مراد جمع حقیقی ہے، جمع حقیقی وہ ہے جس میں تین شرطیں پائی جائیں (۱) اس کی شکل وصورت جمع والی ہو، یعنی اس کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم، یا یاء ماقبل مکسور اور اس کے بعد نون مفتوح ہو (۲) اس کا معنی جمع والا ہو، یعنی دو سے زیادہ غیر معیّن افراد پر دلالت کرتا ہو (۳) اس کے مادے سے مفرد آتا ہو۔ مثال جیسے مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِیْنَ

اعراب: اس قسم کا اعراب بالحرف لفظی ہے۔ رفع واؤ ماقبل مضموم کے ساتھ، اور نصب وجر یاء ماقبل مکسور کے ساتھ، جیسے جَآءَنِیْ مُسْلِمُوْنَ، رَأَیْتُ مُسْلِمِیْنَ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمِیْنَ.

ترکیب: جَآءَنِیْ مُسْلِمُوْنَ..... جَآءَ فعل، نونِ وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل محلاً مفعول بہ مقدم،

besturdubooks.wordpress.com

مُسْلِمُوْنَ مرفوع لفظاً فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَأَیْتُ مُسْلِمِیْنَ...... رَأَیْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، مُسْلِمِیْنَ منصوب لفظاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِمُسْلِمِیْنَ..... مَرَرْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، باء حرف جار، مُسْلِمِیْنَ مجرور لفظاً مجرور ہے باء جار کا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(11) یازدھم: اُوْلُوْا:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی گیارہویں قسم اُوْلُوْا ہے۔ اُوْلُوْا سے مراد جمع معنوی ہے، جمع معنوی وہ ہے جس میں ایک شرط پائی جائے وہ یہ کہ اس کا معنی جمع والا ہو، یعنی دو سے زیادہ غیر معین افراد پر دلالت کرتا ہو۔

اعراب: اس قسم کا اعراب بھی بالحرف لفظی ہے۔ رفع واؤ ماقبل مضموم کے ساتھ، اور نصب وجر یاء ماقبل مکسور کے ساتھ، جیسے جَآءَ اُوْلُوْمَالٍ، رَأَیْتُ اُوْلِیْ مَالٍ، مَرَرْتُ بِاُوْلِیْ مَالٍ

ترکیب: جَآءَ اُوْلُوْ مَالٍ...... جَآءَ فعل، اُوْلُوْا مضاف، مَالٍ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مرفوع لفظاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (باقی مثالوں کی ترکیب آسان ہے)

(12) دوازدھم: عِشْرُوْنَ تا تِسْعُوْنَ:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی بارہویں قسم عِشْرُوْنَ تاتِسْعُوْنَ ہے۔ عِشْرُوْنَ تا تِسْعُوْنَ سے مراد جمع صوری ہے، جمع صوری وہ ہے جس میں ایک شرط پائی جائے وہ یہ کہ اس کی شکل وصورت جمع والی ہو، یعنی اس کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم، یا یاء ماقبل مکسور اور اس کے بعد نون مفتوح ہو۔

اعراب: اس قسم کا اعراب بھی بالحرف لفظی ہے۔ رفع واؤ ماقبل مضموم کے ساتھ اور نصب وجر یاء ماقبل مکسور کے ساتھ، جیسے جَآءَنِیْ عِشْرُوْنَ رَجُلاً، رَأَیْتُ عِشْرِیْنَ رَجُلاً، مَرَرْتُ بِعِشْرِیْنَ رَجُلاً۔

ترکیب: جَآءَنِیْ عِشْرُوْنَ رَجُلاً...... جَآءَ فعل، نونِ وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب منفصل منصوب محلاً مفعول بہ، عِشْرُوْنَ ممیز رَجُلاً تمیز، ممیز اپنی تمیز سے مل کر مرفوع لفظاً فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(باقی مثالوں کی ترکیب آسان ہے)

besturdubooks.wordpress.com

(13)سیز دہم:اسم مقصور:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی تیرہویں قسم اسم مقصور ہے۔اسم مقصور وہ اسم ہے جس کے آخر میں الفِ مقصورہ ہو،خواہ وہ الف کی شکل میں ہو جیسے عَصَا،یا یاء کی شکل میں ہو جیسے مُوْسٰی۔

اعراب: اس قسم کا اعراب بالحرکت تقدیری ہے،یعنی رفع ضمہ تقدیری،نصب فتحہ تقدیری،جر کسرہ تقدیری کے ساتھ ہے،جیسے جَآءَنِی مُوْسٰی،رَأَیْتُ مُوْسٰی،مَرَرْتُ بِمُوْسٰی.

ترکیب: ترکیب آسان ہے۔

(14)چھار دہم: غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی چودہویں قسم غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم ہے۔یعنی وہ اسم جو جمع مذکر سالم نہ ہو اور یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہو۔جیسے غُلَامِیْ

اعراب: اس قسم کا اعراب بھی بالحرکت تقدیری ہے،یعنی رفع ضمہ تقدیری،نصب فتحہ تقدیری،جر کسرہ تقدیری کے ساتھ ہے۔جیسے جَآءَ غُلَامِیْ، رَأَیْتُ غُلَامِیْ مَرَرْتُ بِغُلَامِیْ.

ترکیب: جَآءَ غُلَامِیْ...... جَآءَ فعل،غُلَامُ مضاف، یاء ضمیر برائے واحد متکلم مجرور متصل مجرور محلاً مضاف الیہ،مضاف ومضاف الیہ مل کر مرفوع تقدیراً فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَأَیْتُ غُلَامِیْ...... رَأَیْتُ فعل،تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، غُلَامُ مضاف، یاء ضمیر برائے واحد متکلم مجرور متصل مجرور محلاً مضاف الیہ،مضاف ومضاف الیہ مل کر منصوب تقدیراً مفعول بہ،فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِغُلَامِیْ...... مَرَرْتُ فعل،تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل،باء حرف جار، غُلَامُ مضاف،یاء ضمیر برائے واحد متکلم مجرور متصل مجرور محلاً مضاف الیہ،مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور تقدیراً المجرور ہوا باء جار کا،جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَرَرْتُ فعل کا،فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

پانزدہم اسمِ منقوص وآں اسمیست کہ آخرش یائی ماقبل مکسور باشد چون قَاضِیْ رفعش بتقدیر ضمہ باشد ونصبش بفتحہ لفظی وجرش بتقدیر کسرہ چون جَآءَ الْقَاضِیْ ورَأَیْتُ الْقَاضِیَ ومَرَرْتُ بِالْقَاضِیْ، شانزدہم جمع مذکر سالم مضاف بیائی متکلم چون مُسْلِمِیَّ رفعش بتقدیر واو باشد ونصب وجرش بیائی ماقبل مکسور، چون هٰؤُلَآءِ مُسْلِمِیَّ کہ دراصل مُسْلِمُوْنَ بودنون باضافت ساقط شد، واو ویا جمع شدہ بودند وسابق ساکن بود، واو را بیا بدل کردند ویا را دریا ادغام کردند مُسْلِمُیَّ شد، ضمہ میم را بکسرہ بدل کردند، وَرَأَیْتُ مُسْلِمِیَّ وَمَرَرْتُ بِمُسْلِمِیَّ۔

ترجمہ: پندرہویں (قسم) اسم منقوص، اور یہ وہ اسم ہے جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو، جیسے قَاضِیْ، اس کا رفع ضمہ تقدیری کے ساتھ ہوتا ہے، اور اس کا نصب فتحہ لفظی اور اس کا جر کسرہ تقدیری کے ساتھ، جیسے جَآءَ الْقَاضِیْ ورَأَیْتُ الْقَاضِیَ و مَرَرْتُ بِالْقَاضِیْ سولہویں (قسم) جمع مذکر سالم (جبکہ) یائے متکلم کی طرف مضاف ہو جیسے مُسْلِمِیَّ، اس کا رفع واؤ تقدیری کے ساتھ ہوتا ہے اور اس کا نصب اور جر یاء ماقبل مکسور کے ساتھ، جیسے هٰؤُلَآءِ مُسْلِمِیَّ کہ (مُسْلِمِیَّ) اصل میں مُسْلِمُوْنَ تھا، نون اضافت کی وجہ سے گر گیا واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہو گئے اور پہلا ساکن تھا تو واؤ کو یاء سے بدل دیا پھر یاء کو یاء میں مدغم کر دیا تو مُسْلِمُیَّ ہوا (پھر) میم کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا، اور رَأَیْتُ مُسْلِمِیَّ اور مَرَرْتُ بِمُسْلِمِیَّ۔

(15) پانزدہم: اسم منقوص:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی پندرہویں قسم اسم منقوص ہے۔ اسم منقوص وہ اسم ہے جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو، جیسے اَلْقَاضِیْ

اعراب: اس قسم کا اعراب بالحرکت ہے، رفع ضمہ تقدیری، نصب فتحہ لفظی، جر کسرہ تقدیری کے ساتھ ہے۔ جیسے جَآءَ الْقَاضِیْ، رَأَیْتُ الْقَاضِیَ، مَرَرْتُ بِالْقَاضِیْ.

ترکیب: جَآءَ الْقَاضِیْ...... جَآءَ فعل، اَلْقَاضِیْ مرفوع تقدیراً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَأَیْتُ الْقَاضِیَ...... رَأَیْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، اَلْقَاضِیَ منصوب لفظاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِالْقَاضِیْ...... مَرَرْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، باء حرف جار، اَلْقَاضِیْ

besturdubooks.wordpress.com

مجرور تقدیراً مجرور باء جار کا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(16) شانزدهم: جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم:

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی سولھویں قسم جمع مذکر سالم مضاف بیاء متکلم ہے۔ یعنی وہ اسم جو جمع مذکر سالم ہو اور یاء متکلم کی طرف مضاف ہو۔ جیسے مُسْلِمِيَّ

اعراب: اس قسم کا اعراب بالحرف ہے، رفع واؤ تقدیری، اور نصب وجر یاء لفظی ماقبل مکسور کے ساتھ ہے۔ جیسے هٰؤُلَاءِ مُسْلِمِيَّ، رَأَيْتُ مُسْلِمِيَّ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمِيَّ۔

تعلیل حالت رفعی میں: مُسْلِمِيَّ اصل میں مُسْلِمُوْنَ تھا، یاء متکلم کی طرف مضاف ہوا، نون اضافت کی وجہ سے گر گیا تو مُسْلِمُوْیَ ہوا، واؤ اور یاء ایک کلمے میں جمع ہو گئیں، ان میں سے پہلا حرف ساکن تھا تو واؤ کو یاء سے تبدیل کر کے یاء کو یاء میں مدغم کر دیا مُسْلِمُيَّ ہوا۔ پھر یاء کی مناسبت سے میم کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو مُسْلِمِيَّ ہوا۔

تعلیل حالت نصبی وجری میں: مُسْلِمِيَّ اصل میں مُسْلِمِیْنَ تھا۔ یائے متکلم کی طرف مضاف ہوا تو نون بوجہ اضافت گر گیا، تو دو یائیں اکٹھی ہو گئیں، یاء کو یاء میں مدغم کر دیا تو مُسْلِمِيَّ بن گیا۔

ترکیب: ترکیب آسان ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

ذیل کی مثالوں میں بتائیں کہ اسم معرب کی سولہ قسموں میں سے کون سی قسم ہے؟ اگر غیر منصرف ہے تو اس میں نو اسباب میں سے کتنے اسباب پائے جاتے ہیں؟ اور بتائیں کہ اعراب کی تین حالتوں میں سے کس حالت میں ہے؟ نیز ترجمہ و ترکیب بھی کریں۔

(۱) اَخُوْنَا رَجُلٌ صَالِحٌ (۲) حَمُوْكَ طَالِبٌ (۳) رَأَيْتُ اَحْمَدَ (٤) سَيِّدُ الشُّهَدَاءِ حَمْزَةُ (۵) اَحْسَنُ الْقَصَصِ هٰذَا الْقُرْآنُ (٦) فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ (۷) سَلَامٌ قَوْلاً مِنْ رَبٍّ الرَّحِيْمِ (۸) وَاَكْوَابٌ مَوْضُوْعَةٌ (۹) كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا (۱۰) وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ اَبْوَابِهَا (۱۱) وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا (۱۲) حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْیُ مَحِلَّهٗ (۱۳) اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (١٤) يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِنَفْسٍ شَيْئًا (۱۵) اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا.

besturdubooks.wordpress.com

(نمونۂ حل سوالات)

(۱) اَخُوْنَا رَجُلٌ صَالِحٌ ...... ترجمہ: ہمارا بھائی نیک آدمی ہے۔

مذکورہ مثال میں اَخُوْنَا اسم معرب کی سولہ قسموں میں سے اسمائے ستہ مکبّرہ میں سے ہے، حالتِ رفعی میں واؤ ماقبل مضموم کے ساتھ ہے۔ رَجُلٌ اور صَالِحٌ دونوں سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح ہیں، اور دونوں حالتِ رفعی میں ضمہ لفظی کے ساتھ ہیں۔

ترکیب: اَخُوْ نَا مضاف و مضاف الیہ مل کر مبتدأ، رَجُلٌ صَالِحٌ موصوف صفت مل کر خبر، مبتدأ و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) حَمُوْكِ طَالِبٌ ...... ترجمہ: آپ کا دیور طالب علم ہے۔

درج بالا مثال میں حَمُوْكِ سولہ اقسام میں سے اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے، حالتِ رفعی میں واؤ ماقبل مضموم کے ساتھ ہے۔ اور طَالِبٌ سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح ہے، حالتِ رفعی میں ضمہ لفظی کے ساتھ ہے۔

ترکیب: حَمُوْكِ مضاف و مضاف الیہ مل کر مبتدأ، طَالِبٌ خبر، مبتدأ و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) رَأَيْتُ اَحْمَدَ ...... ترجمہ: میں نے احمد کو دیکھا۔

مذکورہ مثال میں اَحْمَدَ اسم متمکن کے سولہ اقسام میں سے غیر منصرف ہے کیونکہ اس میں منع صرف کے نو اسباب میں سے دو سبب (علمیت اور وزنِ فعل) پائے جاتے ہیں۔ اور یہاں حالتِ نصبی میں فتحہ لفظی کے ساتھ ہے۔

ترکیب: رَأَيْتُ فعل، تُ ضمیر فاعل، اَحْمَدَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

اقسام اسم متمکن باعتبار اعراب

حالت جری	حالت نصبی	حالت رفعی	اسم متمکن	نمبر شمار
کسرہ لفظی	فتحہ لفظی	ضمہ لفظی	مفرد منصرف صحیح	۱
ایضاً	ایضاً	ایضاً	مفرد منصرف جاری مجری صحیح	۲
ایضاً	ایضاً	ایضاً	جمع مکسر منصرف	۳
کسرہ لفظی	کسرہ لفظی	ضمہ لفظی	جمع مؤنث سالم	۴
فتحہ لفظی	فتحہ لفظی	ضمہ لفظی	غیر منصرف	۵
یاء لفظی	الف لفظی	واؤ لفظی	اسمائے ستہ مکبرہ	۶
یاء ماقبل مفتوح	یاء ماقبل مفتوح	الف ماقبل مفتوح	تثنیہ حقیقی	۷
ایضاً	ایضاً	ایضاً	تثنیہ معنوی	۸
ایضاً	ایضاً	ایضاً	تثنیہ صوری	۹
یاء ماقبل مکسور	یاء ماقبل مکسور	واؤ ماقبل مضموم	جمع حقیقی	۱۰
ایضاً	ایضاً	ایضاً	جمع معنوی	۱۱
ایضاً	ایضاً	ایضاً	جمع صوری	۱۲
کسرہ تقدیری	فتحہ تقدیری	ضمہ تقدیری	اسم مقصور	۱۳
ایضاً	ایضاً	ایضاً	غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم	۱۴
کسرہ تقدیری	فتحہ لفظی	ضمہ تقدیری	اسم منقوص	۱۵
یاء لفظی ماقبل مکسور	یاء لفظی ماقبل مکسور	واؤ تقدیری ماقبل مضموم	جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم	۱۶

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ اعرابِ مضارع سہ است رفع ونصب وجزم، فعل مضارع باعتبارِ وجوہِ اعراب برچہار قسم ست، اول صحیح مجرداز ضمیرِ بارز مرفوع برائے تثنیہ وجمع مذکر وبرائ واحد مؤنث مخاطبہ، رفعش بضمہ باشد ونصب بفتحہ وجزم بسکون، چون هُوَ يَضْرِبُ، وَلَنْ يَّضْرِبَ، وَلَمْ يَضْرِبْ، دوم مفرد معتل واوی چوں يَغْزُوْ ویائی چون يَرْمِيْ، رفعش بتقدیرِ ضمہ باشد ونصب بفتحہ لفظی وجزم بحذفِ لام، چون هُوَ يَغْزُوْ وَيَرْمِيْ، وَلَنْ يَّغْزُوَ وَلَنْ يَّرْمِيَ، وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يَرْمِ، سوم مفرد معتل الفی چون يَرْضٰى رفعش بتقدیرِ ضمہ باشد ونصب بتقدیرِ فتحہ وجزم بحذفِ لام چوں هُوَ يَرْضٰى وَلَنْ يَّرْضٰى وَلَمْ يَرْضَ۔

ترجمہ: فصل: تو جان کہ مضارع کے اعراب تین ہیں رفع، نصب اور جزم، فعل مضارع اعراب کے اقسام کے اعتبار سے چار قسم پر ہے۔ پہلی (قسم) وہ صحیح جو خالی ہو ضمیرِ بارز مرفوع سے جو کہ تثنیہ اور جمع مذکر اور واحد مؤنث حاضر کیلئے ہوتی ہے، اس کا رفع ضمہ کے ساتھ ہوتا ہے، نصب فتحہ کے ساتھ اور جزم سکونِ (لام کلمہ) کے ساتھ، جیسے هُوَ يَضْرِبُ، وَلَنْ يَّضْرِبَ، وَلَمْ يَضْرِبْ، دوسری (قسم) مفرد معتل واوی، جیسے يَغْزُوْ اور یائی جیسے يَرْمِيْ اس کا رفع ضمہ تقدیری کے ساتھ ہوتا ہے، نصب فتحہ لفظی اور جزم لام (کلمہ) کے حذف کے ساتھ، جیسے هُوَ يَغْزُوْ وَيَرْمِيْ، وَلَنْ يَّغْزُوَ وَلَنْ يَّرْمِيَ، وَلَمْ يَغْزُ، وَلَمْ يَرْمِ، تیسری (قسم) مفرد معتل الفی، جیسے يَرْضٰى اس کا رفع ضمہ تقدیری کے ساتھ ہوتا ہے، نصب فتحہ تقدیری اور جزم لام (کلمہ) کے حذف کے ساتھ، جیسے هُوَ يَرْضٰى وَلَنْ يَّرْضٰى وَلَمْ يَرْضَ.

تشریح: اس فصل میں مصنف اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی قسمیں بیان کررہے ہیں۔ لیکن ان قسموں کو بیان کرنے سے پہلے دو فائدوں کا جاننا ضروری ہے۔

فائدہ ① فعل مضارع کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) صحیح (۲) معتل

(۱) **صحیح:** نحات کے نزدیک فعل مضارع صحیح وہ ہے جس کے لام کلمے میں حرفِ علت نہ ہو۔ جیسے يَضْرِبُ

(۲) **معتل:** نحات کے نزدیک فعل مضارع معتل وہ ہے جس کے لام کلمے میں حرفِ علت ہو۔ جیسے يَدْعُوْ

معتل کی تین قسمیں ہیں (۱) واوی (۲) یائی (۳) الفی

معتل واوی: معتل واوی وہ ہے جس کے لام کلمے میں واو ہو۔ جیسے يَغْزُوْ

معتل یائی: معتل یائی وہ ہے جس کے لام کلمے میں یاء ہو۔ جیسے يَرْمِيْ

معتل الفی: معتل الفی وہ ہے جس کے لام کلمے میں الف ہو۔ جیسے يَرْضٰى

besturdubooks.wordpress.com

فائدہ (۴) فعل مضارع کے اعراب کی تین قسمیں ہیں (۱) رفع (۲) نصب (۳) جزم

(1) رفع: رفع دو چیزوں کے ساتھ آتا ہے۔ ضمہ کے ساتھ، جیسے یَضْرِبُ۔ اثباتِ نونِ اعرابی کے ساتھ، جیسے یَضْرِبانِ

(2) نصب: نصب دو چیزوں کے ساتھ آتا ہے۔ فتحہ کے ساتھ، جیسے لَنْ یَّضْرِبَ۔ اسقاطِ نونِ اعرابی کے ساتھ، جیسے لَنْ یَّضْرِبا

(3) جزم: جزم تین چیزوں کے ساتھ آتا ہے۔ سکون کے ساتھ، جیسے لَمْ یَضْرِبْ۔ اسقاطِ نونِ اعرابی کے ساتھ، جیسے لَمْ یَضْرِبا۔ حذفِ لام کے ساتھ، جیسے لَمْ یَرْضَ.

اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی قسمیں:

اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی چار قسمیں ہیں۔

(1) اوّل: صحیح مجرد از ضمیر بارز:

اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی پہلی قسم "صحیح مجرد از ضمیر بارز" ہے۔ صحیح ہو یعنی اس کے لام کلمے پر حرف علت نہ ہو، مجرد از ضمیر بارز ہو یعنی ضمائرِ بارزہ سے خالی ہو۔ جیسے یَضْرِبُ

اعراب: اس قسم کا اعراب رفع ضمہ لفظی، نصب فتحہ لفظی، جزم سکونِ لام کے ساتھ ہے۔ جیسے هُوَ یَضْرِبُ، لَنْ یَّضْرِبَ، لَمْ یَضْرِبْ

(2) دوئم: مفرد معتل واوی ویائی:

اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی دوسری قسم "مفرد معتل واوی ویائی" ہے۔ مفرد ہو، یعنی ضمیر بارز سے خالی ہو۔ معتل واوی ویائی ہو، یعنی اس کے لام کلمے پر حرف علت واو یا یاء ہو۔ جیسے یَغْزُوْ، یَرْمِیْ

اعراب: اس قسم کا اعراب رفع ضمہ تقدیری، نصب فتحہ لفظی، اور جزم حذف لام کے ساتھ ہے۔ **معتل واوی کی مثال:** جیسے هُوَ یَغْزُوْ، لَنْ یَّغْزُوَ، لَمْ یَغْزُ **معتل یائی کی مثال:** جیسے هُوَ یَرْمِیْ، لَنْ یَّرْمِیَ، لَمْ یَرْمِ

(3) سوم: مفرد معتل الفی:

اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی تیسری قسم "مفرد معتل الفی" ہے۔ مفرد ہو یعنی ضمیر بارز سے خالی ہو۔ معتل الفی ہو، یعنی اس کے لام کلمے پر حرفِ علت الف ہو۔ جیسے یَرْضٰی

اعراب: اس قسم کا اعراب رفع ضمہ تقدیری، نصب فتحہ تقدیری، اور جزم حذفِ لام کے ساتھ ہے۔ جیسے هُوَ یَرْضٰی، لَنْ یَّرْضٰی، لَمْ یَرْضَ

besturdubooks.wordpress.com

چهارم صحیح یا معتل با ضمائر ونونہای مذکورہ، رفع شاں باثباتِ نون باشد چنانکہ در تثنیہ گوئی هُمَا یَضْرِبَانِ وَ یَغْزُوَانِ وَیَرْمِیَانِ وَ یَرْضَیَانِ ،ودر جمع مذکر گوئی هُمْ یَضْرِبُوْنَ وَیَغْزُوْنَ وَیَرْمُوْنَ وَ یَرْضَوْنَ ،ودر مفرد مؤنث حاضر گوئی اَنْتِ تَضْرِبِیْنَ وَ تَغْزِیْنَ وَتَرْمِیْنَ وَتَرْضَیْنَ ،ونصب وجزم بحذف نون چنانکہ در تثنیہ گوئی لَنْ یَّضْرِبَا وَلَنْ یَّغْزُوَا وَلَنْ یَّرْمِیَا وَلَنْ یَّرْضَیَا ، وَلَمْ یَضْرِبَا وَلَمْ یَغْزُوَا وَلَمْ یَرْمِیَا وَلَمْ یَرْضَیَا، ودر جمع مذکر گوئی لَنْ یَّضْرِبُوْا وَلَنْ یَّغْزُوْا وَلَنْ یَّرْمُوْا وَلَنْ یَّرْضَوْا، وَلَمْ یَضْرِبُوْا وَلَمْ یَغْزُوْا وَلَمْ یَرْمُوْا وَلَمْ یَرْضَوْا، ودر واحد مؤنث حاضر گوئی لَنْ تَضْرِبِیْ وَلَنْ تَغْزِیْ وَلَنْ تَرْمِیْ وَلَنْ تَرْضَیْ،وَلَمْ تَضْرِبِیْ وَلَمْ تَغْزِیْ وَلَمْ تَرْمِیْ وَلَمْ تَرْضَیْ،

ترجمہ: چوتھی (قسم) صحیح یا معتل (کے وہ صیغے ہیں) جو ضمائر اور نونات مذکورہ کے ساتھ ہوں، ان کا رفع نون کو باقی رکھنے کے ساتھ ہوتا ہے، جیسے کہ تو تثنیہ میں کہے هُمَا یَضْرِبَانِ وَ یَغْزُوَانِ وَیَرْمِیَانِ وَ یَرْضَیَانِ ،اور جمع مذکر میں کہے هُمْ یَضْرِبُوْنَ وَیَغْزُوْنَ وَیَرْمُوْنَ وَ یَرْضَوْنَ ،اور واحد مؤنث حاضر میں کہے اَنْتِ تَضْرِبِیْنَ وَ تَغْزِیْنَ وَتَرْمِیْنَ وَتَرْضَیْنَ ،اور نصب وجزم نون کو حذف کرنے کے ساتھ، جیسے کہ تو تثنیہ میں کہے لَنْ یَّضْرِبَا وَلَنْ یَّغْزُوَا وَلَنْ یَّرْمِیَا وَلَنْ یَّرْضَیَا،وَلَمْ یَضْرِبَا وَلَمْ یَغْزُوَا وَلَمْ یَرْمِیَا وَلَمْ یَرْضَیَا،اور جمع مذکر میں کہے لَنْ یَّضْرِبُوْا وَلَنْ یَّغْزُوْا وَلَنْ یَّرْمُوْا وَلَنْ یَّرْضَوْا، وَلَمْ یَضْرِبُوْا وَلَمْ یَغْزُوْا وَلَمْ یَرْمُوْا وَلَمْ یَرْضَوْا،اور واحد مؤنث حاضر میں کہے لَنْ تَضْرِبِیْ وَلَنْ تَغْزِیْ وَلَنْ تَرْمِیْ وَلَنْ تَرْضَیْ،وَلَمْ تَضْرِبِیْ وَلَمْ تَغْزِیْ وَلَمْ تَرْمِیْ وَلَمْ تَرْضَیْ،

(4) چهارم: صحیح یا معتل با ضمائر ونونهائے مذکوره:

اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی چوتھی قسم "صحیح یا معتل با ضمائر ونونہائے مذکورہ" ہے۔ صحیح یا معتل، یعنی صحیح ہو یا معتل ہو۔ با ضمائر ونونہائے مذکورہ، یعنی ضمیر بارز اور نون اعرابی کے ساتھ ہو۔ جیسے یَضْرِبَانِ، یَضْرِبُوْنَ

اعراب: اس قسم کا اعراب رفع اثباتِ نونِ اعرابی کے ساتھ، اور نصب وجزم اسقاطِ نونِ اعرابی کے ساتھ ہیں۔

حالت رفعی کی مثالیں:

تثنیہ کی مثالیں: هُمَا یَضْرِبَانِ، وَ یَغْزُوَانِ ،وَ یَرْمِیَانِ، وَیَرْضَیَانِ جمع کی مثالیں: هُمْ یَضْرِبُوْنَ، وَیَغْزُوْنَ، وَیَرْمُوْنَ، وَیَرْضَوْنَ

واحدہ مؤنثہ مخاطبہ کی مثالیں: اَنْتِ تَضْرِبِیْنَ، وتَغْزِیْنَ، وتَرْمِیْنَ، و تَرْضَیْنَ

besturdubooks.wordpress.com

حالتِ نصبی کی مثالیں:

تثنیہ کی مثالیں: لَنْ یَّضْرِبا، لَنْ یَّغْزُوَا، لَنْ یَّرْمِیا، لَنْ یَّرْضَیا جمع کی مثالیں: لَنْ یَّضْرِبُوْا، لَنْ یَّغْزُوْا، لَنْ یَّرْمُوْا، لَنْ یَّرْضَوْا

واحدہ مؤنثہ مخاطبہ کی مثالیں: لَنْ تَضْرِبِیْ، لَنْ تَغْزِیْ، لَنْ تَرْمِیْ، لَنْ تَرْضَیْ

حالتِ جزمی کی مثالیں:

تثنیہ کی مثالیں: لَمْ یَضْرِبا، لَمْ یَغْزُوَا، لَمْ یَرْمِیا، لَمْ یَرْضَیا، جمع کی مثالیں: لَمْ یَضْرِبُوْا، لَمْ یَغْزُوْا، لَمْ یَرْمُوْا، لَمْ یَرْضَوْا

واحدہ مؤنثہ مخاطبہ کی مثالیں: لَمْ تَضْرِبِیْ، لَمْ تَغْزِیْ، لَمْ تَرْمِیْ، لَمْ تَرْضَیْ

فعل مضارع کا اعراب پہچاننے کا آسان طریقہ:

فعل مضارع کے کل چودہ صیغے ہیں، ان میں سے دو صیغے یعنی جمع مؤنث غائبات اور جمع مؤنث مخاطبات مبنی ہیں، باقی بارہ صیغے معرب ہیں۔ ان بارہ صیغوں میں سے پانچ صیغے، یعنی واحد مذکر غائب، واحدہ مؤنثہ غائبہ، واحد مذکر مخاطب، واحد متکلم اور جمع متکلم اگر صحیح کے ہوں تو ان کا اعراب پہلی قسم والا ہوگا۔ یعنی رفع ضمہ لفظی، نصب فتحہ لفظی اور جزم سکون لام کے ساتھ ہوگا۔ جیسے هُوَ یَضْرِبُ، لَنْ یَّضْرِبَ، لَمْ یَضْرِبْ۔

اگر یہ پانچ صیغے معتل واوی یا یائی کے ہوں تو ان کا اعراب دوسری قسم والا ہوگا۔ یعنی رفع ضمہ تقدیری، نصب فتحہ لفظی اور جزم حذفِ لام کے ساتھ ہوگا۔ جیسے، هُوَ یَغْزُوْ وَیَرْمِیْ، لَنْ یَّغْزُوَ وَلَنْ یَّرْمِیَ، لَمْ یَغْزُ وَلَمْ یَرْمِ

اور اگر یہ پانچ صیغے معتل الفی کے ہوں تو ان کا اعراب تیسری قسم والا ہوگا۔ یعنی رفع ضمہ تقدیری، نصب فتحہ تقدیری اور جزم حذفِ لام کے ساتھ ہوگا۔ جیسے هُوَ یَرْضٰی، لَنْ یَّرْضٰی، لَمْ یَرْضَ

باقی سات صیغے (چار تثنیہ، دو جمع مذکر اور ایک واحدہ مؤنثہ مخاطبہ) خواہ صحیح کے ہوں خواہ معتل واوی، یائی، یا الفی کے ہوں، ان سب کا اعراب چوتھی قسم والا ہوگا۔ یعنی رفع اثباتِ نونِ اعراب کے ساتھ اور نصب و جزم اسقاطِ نونِ اعرابی کے ساتھ ہوگا۔ (مثالیں تفصیل سے گذر چکی ہیں)

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

(تمرینی سوالات)

ذیل کی مثالوں میں فعل مضارع کی قسمیں مع اعراب بتائیں۔اور ترجمہ وترکیب کریں۔

(۱) نَحۡنُ نَسۡتَبۡشِرُ (۲) یُرِیۡدَانِ اَنۡ یُّخۡرِجَاکُمۡ (۳) هُمۡ یُطۡعِمُوۡنَ الطَّعَامَ (٤) اَللّٰهُ یَهۡدِیۡ (۵) اَنۡتِ لَا تَدۡعِیۡنَ (٦) لَنۡ تَرۡضٰی عَنۡکَ الۡیَهُوۡدُ (۷) اُولٰٓئِکَ لَمۡ یُؤۡمِنُوۡا (۸) لَا اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ (۹) لَنۡ اُکَلِّمَ الۡیَوۡمَ (۱۰) نَبۡلُوۡکُمۡ بِالشَّرِّ وَالۡخَیۡرِ (۱۱) عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ یَعۡلَمۡ (۱۲) اِنۡ تَنۡصُرُوا اللّٰهَ یَنۡصُرۡکُمۡ (۱۳) وَاللّٰهُ یُرِیۡدُ اَنۡ یَّتُوۡبَ عَلَیۡکُمۡ (١٤) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِ (۱۵) فَهُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ

(نمونۂ حل سوالات)

(۱) نَحۡنُ نَسۡتَبۡشِرُ ...... ترجمہ: ہم خوش ہوتے ہیں۔

مذکورہ مثال میں نَسۡتَبۡشِرُ اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی قسموں میں سے پہلی قسم ہے، یہاں حالتِ رفعی میں ضمہ لفظی کے ساتھ ہے۔

ترکیب: نَحۡنُ ضمیر مرفوع منفصل مبتدأ، نَسۡتَبۡشِرُ فعل، نَحۡنُ ضمیر درو مستتر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدأ اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) یُرِیۡدَانِ اَنۡ یُّخۡرِجَاکُمۡ...... ترجمہ: وہ دونوں آپ کے نکالنے کا ارادہ کرتے ہیں۔

درج بالا مثال میں یُرِیۡدَانِ اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی چوتھی قسم ہے۔یہاں حالتِ رفعی میں اثباتِ نونِ اعرابی کے ساتھ ہے۔اَنۡ یُّخۡرِجَا بھی فعل مضارع کی چوتھی قسم ہے، اور یہاں حالتِ نصبی میں اسقاطِ نونِ اعرابی کے ساتھ ہے۔

ترکیب: یُرِیۡدَانِ فعل، الف ضمیر فاعل، اَنۡ ناصبہ مصدریہ، یُخۡرِجَا فعل، الف ضمیر اس کا فاعل، کُمۡ ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مصدر مفعول بہ یُرِیۡدَانِ کے لئے، یُرِیۡدَانِ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۳) هُمۡ یُطۡعِمُوۡنَ الطَّعَامَ...... ترجمہ: وہ کھانا کھلاتے ہیں۔

اس مثال میں یُطۡعِمُوۡنَ اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی چوتھی قسم ہے، اور حالتِ رفعی میں اثباتِ نونِ اعرابی کے ساتھ

besturdubooks.wordpress.com

ہے۔

ترکیب: هُمْ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، يُطْعِمُونَ فعل، واؤ ضمیر فاعل، اَلطَّعَامَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

اقسام فعل مضارع باعتبار اعراب

نمبر شمار	فعل مضارع	حالت رفعی	حالت نصبی	حالت جزمی
۱	مفرد صحیح مجرد از ضمائر بارزہ	ضمہ لفظی	فتحہ لفظی	سکون لام
۲	مفرد معتل واوی و یائی مجرد از ضمائر بارزہ	ضمہ تقدیری	فتحہ لفظی	حذف لام
۳	مفرد معتل الفی مجرد از ضمائر بارزہ	ضمہ تقدیری	فتحہ تقدیری	حذف لام
٤	صحیح یا معتل مشتمل بر ضمائر بارزہ	اثبات نون اعرابی	اسقاط نون اعرابی	اسقاط نون اعرابی

besturdubooks.wordpress.com

فصــــل: بدانکہ عوامل اعراب بر دو قسم ست لفظی و معنوی، لفظی بر سہ قسم است حروف وافعال واسماء، واین را در سہ باب یاد کنیم اِنْ شَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی،

ترجمہ: فصل؛ تو جان کہ اعراب کے عوامل دو قسم پر ہیں لفظی اور معنوی، لفظی تین قسم پر ہے حروفِ عاملہ، افعالِ عاملہ اور اسماءِ عاملہ۔ اور ان کو تین بابوں میں ذکر کریں گے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی،

تشریح: یہاں سے مصنف رحمۃ اللہ عوامل کی قسمیں بیان کرر ہے ہیں، چنانچہ فرماتے ہیں کہ عوامل کی دو قسمیں ہیں، (۱) لفظی (۲) معنوی، پھر عامل لفظی کی تین قسمیں ہیں (۱) حروفِ عاملہ (۲) افعالِ عاملہ (۳) اسمائے عاملہ، مصنفؒ عامل لفظی کی تین قسموں کو آئندہ تین بابوں میں بیان کرتے ہیں، اس کے بعد عامل معنوی کو بیان کریں گے۔

ہم مصنفؒ کی تفصیل سے پہلے عوامل اور معمولات کی بحث کا مختصر جائزہ لے رہے ہیں۔

عوامل کی بحث کا مختصر خلاصہ:

عوامل عامل کی جمع ہے۔ عامل کا لغوی معنی ہے "کام کرنے والا" اور اصطلاحی تعریف یہ ہے، "مَا یُحدِثُ الرَّفْعَ اَوِ النَّصْبَ اَوِ الجَزْمَ اوِ الخَفْضَ" (عامل وہ ہے جو رفع، نصب، جر یا جزم کو پیدا کرے)

عامل کی پھر دو قسمیں ہیں۔ (۱) لفظی (۲) معنوی

(۱) عامل لفظی: "مَا یُعْرَفُ بِالْقَلْبِ وَیُتَلَفَّظُ بِاللِّسَانِ" یعنی عامل لفظی وہ ہے جس کو دل سے پہچانا جائے اور زبان سے اس کا تلفظ کیا جائے۔

(۲) عامل معنوی: مَایُعْرَفُ بِالْقَلْبِ وَلَا یُتَلَفَّظُ بِاللِّسَانِ" عامل معنوی وہ ہے جس کو دل سے پہچانا جائے اور زبان سے اس کا تلفظ نہ کیا جائے۔

عامل لفظی کی پھر دو قسمیں ہیں۔ (۱) قیاسی (۲) سماعی

(۱) عامل قیاسی: عامل قیاسی وہ ہے جس کے عمل کرنے کے لئے کوئی ضابطہ اور قانون موجود ہو۔

(۲) عامل سماعی: عامل سماعی وہ ہے جس کے عمل کرنے کے لئے کوئی ضابطہ اور قانون موجود نہ ہو۔

عوامل کی تعداد: عوامل کل سو (100) ہیں۔ پھر ان کی دو قسمیں ہیں، (۱) لفظی (۲) معنوی۔ معنوی 2 ہیں اور لفظی 98 ہیں۔ پھر

besturdubooks.wordpress.com

لفظی کی دو قسمیں ہیں، (۱) قیاسی (۲) سماعی۔ قیاسی کل 7 ہیں اور سماعی 91 ہیں۔ پھر سماعی کی تین قسمیں ہیں، (۱) حروفِ عاملہ (۲) افعال عاملہ (۳) اسمائے عاملہ۔ حروفِ عاملہ 41 ہیں، افعال عاملہ 28 ہیں، اور اسمائے عاملہ 22 ہیں۔ یہ سارے ملا کر 100 بنتے ہیں، جن کی کچھ تفصیل ہم بیان کرتے ہیں۔

عامل معنوی: عامل معنوی 2 ہیں (۱) ابتداء، یعنی اسم کا عوامل لفظیہ سے خالی ہونا (۲) خلوّ، یعنی فعل مضارع کا عوامل نواصب وجوازم سے خالی ہونا۔

ابتداء کا عمل: ابتداء مبتدا اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ

خلوّ کا عمل: خلوّ فعل مضارع کو رفع دیتا ہے۔ جیسے یَضْرِبُ

عامل لفظی: عوامل لفظیہ کل 98 ہیں۔ پھر ان کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) قیاسی (۲) سماعی

(1) **عوامل قیاسیہ:** عوامل قیاسیہ کل 7 ہیں (۱) فعل مطلق (۲) اسم فاعل (۳) اسم مفعول (٤) صفت مشبہ (۵) اسم مصدر (٦) اسم مضاف (۷) اسم تام

(۱) **فعل مطلق کا عمل:** فعل مطلق اگر لازمی ہو تو فاعل کو رفع دیتا ہے اور اگر متعدی ہو تو فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیتا ہے۔

(۲) **اسم فاعل کا عمل:** اسم فاعل ہمیشہ فعل معروف والا عمل کرتا ہے۔ یعنی اگر یہ فعل لازمی سے مشتق ہو تو فاعل کو رفع دیتا ہے، اور اگر فعل متعدی سے مشتق ہو تو فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیتا ہے۔

(۳) **اسم مفعول کا عمل:** اسم مفعول فعل مجہول والا عمل کرتا ہے، یعنی نائب فاعل کو رفع دیتا ہے۔

(٤) **صفتِ مشبہ کا عمل:** صفت مشبہ فعل لازمی والا عمل کرتا ہے، یعنی فاعل کو رفع دیتا ہے۔

(۵) **اسم مصدر کا عمل:** اسم مصدر اگر فعل لازمی کا مصدر ہو تو صرف فاعل کو رفع دیتا ہے، اور اگر فعل متعدی کا مصدر ہو تو فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیتا ہے۔

(٦) **اسم مضاف کا عمل:** اسم مضاف ہمیشہ مضاف الیہ کو جر دیتا ہے۔

(۷) **اسم تام کا عمل:** اسم تام تمیز کو نصب دیتا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

(2) عوامل سماعیه: عوامل سماعیہ کی تین قسمیں ہیں (۱) حروف عاملہ (۲) افعال عاملہ (۳) اسمائے عاملہ

حروف عامله: حروف عاملہ 41 ہیں۔ پھر ان کی دو قسمیں ہیں، (۱) وہ حروف جو اسم میں عمل کرتے ہیں (۲) وہ حروف جو فعل مضارع میں عمل کرتے ہیں۔ جو حروف اسم میں عمل کرتے ہیں ان کی دو قسمیں ہیں، (۱) وہ حروف عاملہ جو اسم مفرد میں عمل کرتے ہیں (۲) وہ حروف عاملہ جو جملے میں عمل کرتے ہیں۔

جو حروف عاملہ اسم مفرد میں عمل کرتے ہیں، ان کی دو قسمیں ہیں، (۱) حروف جارہ (۲) حروف نداء۔ اور جو جملے میں عمل کرتے ہیں، ان کی بھی دو قسمیں ہیں، (۱) حروف مشبہ بالفعل (۲) ماولا مشبہتان بلیس۔ اور جو حروف فعل مضارع میں عمل کرتے ہیں ان کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) حروف نواصب (۲) حروف جوازم

خلاصہ یہ کہ حروف عاملہ کی کل چھ (۶) قسمیں ہیں۔ (۱) حروف جارہ (۲) حروف نداء (۳) حروف مشبہ بالفعل (٤) ماولا مشبہتان بلیس (۵) حروف نواصب (٦) حروف جوازم۔ ان کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

(۱) حروف جارہ اوران کا عمل: حروف جارہ سترہ (۱۷) ہیں۔

با، وتا، وکاف، ولام، وواؤ، منذ، مذ، خلا رُبَّ، حَاشَا، مِنْ، عَدَا، فِیْ، عَنْ، عَلٰی، حَتّٰی، اِلٰی

یہ حروف اسم پر داخل ہو کر جر دیتے ہیں، جیسے مَرَرْتُ بِزَیْدٍ، اَلْمَالُ لِزَیْدٍ

(۲) حروف نداء اوران کا عمل: حروف نداء سے مراد یہاں وہ حروف ہیں جو نواصب اسم ہیں۔ حروف ناصبہ کل سات (۷) ہیں۔ ان میں پانچ حروف نداء ہیں، یا، اَیا، ھَیا، اَیْ، ھمزہ مفتوحہ۔ ایک واؤ بمعنی مع ہے۔ اور ایک اِلّا استثنائیہ ہے

حروف نداء منادیٰ کو نصب دیتے ہیں۔ واؤ بمعنی مع مفعول معہ کو نصب دیتا ہے، اور اِلّا استثنائیہ مستثنیٰ کو نصب دیتا ہے۔

(۳) حروف مشبہ بالفعل اوران کا عمل: حروف مشبہ بالفعل چھ (٦) ہیں۔ اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ، لٰکِنَّ، لَیتَ، لَعَلَّ... یہ حروف مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔ جیسے اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ

(٤) ماولا مشبہتان بلیس اوران کا عمل: یہ دو حروف ہیں، ایک مَا ہے اور دوسرا لَا ہے۔ یہ دونوں مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔ جیسے مَا زَیْدٌ قَائِمًا

(۵) نواصب: نواصب چار ہیں، اَنْ، لَنْ، کَیْ، اِذَنْ، یہ حروف فعل مضارع پر داخل ہو کر نصب دیتے ہیں جیسے اَنْ یَّضْرِبَ لَنْ یَّضْرِبَ

besturdubooks.wordpress.com

(٦) جوازم: جوازم پانچ ہیں، اِنْ، لَمْ، لَمَّا، لامِ امر، لائے نہی، یہ فعل مضارع پر داخل ہوکر جزم دیتے ہیں۔ جیسے لَمْ یَضْرِبْ، لَمَّا یَضْرِبْ

افعال عاملہ: افعال عاملہ 28 ہیں، پھر ان کی چار قسمیں ہیں (۱) افعال قلوب (۲) افعال ناقصہ (۳) افعال مقاربہ (٤) افعال مدح وذم

(۱) افعال قلوب اوران کا عمل: افعال قلوب سات (۷) ہیں خِلْتُ، عَلِمْتُ، حَسِبْتُ، زَعَمْتُ، ظَنَنْتُ، رَأَیْتُ، وَجَدْتُ۔۔ یہ افعال دو اسموں پر داخل ہوکر دونوں کو بنابر مفعولیت نصب دیتے ہیں۔ جیسے عَلِمْتُ زَیْدًا فَاضِلاً

(۲) افعال ناقصہ اوران کا عمل: افعال ناقصہ تیرہ (۱۳) ہیں۔ کَانَ، صَارَ، اَصْبَحَ، اَمْسٰی، اَضْحٰی، ظَلَّ، بَاتَ، ما فَتِئَ، مَادَامَ، ماانفکّ، لَیْسَ، مَابَرِحَ، مازالَ، یہ افعال مبتدأ اور خبر پر داخل ہوکر مبتدأ کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔ جیسے کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا

(۳) افعال مقاربہ اوران کا عمل: افعال مقاربہ چار (٤) ہیں عَسٰی، کَادَ، کَرَبَ، اَوْشَکَ، یہ افعال، افعال ناقصہ کی طرح ہیں، یعنی مبتدأ اور خبر پر داخل ہوکر مبتدأ کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں، لیکن افعال مقاربہ کی خبر ہمیشہ فعل مضارع ہوا کرتی ہے جیسے عَسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّخْرُجَ،

(٤) افعال مدح وذم اوران کا عمل: افعال مدح وذم چار (٤) ہیں۔ نِعْمَ، بِئْسَ، سَآءَ، حَبَّذَا۔ یہ فاعل کو رفع دیتے ہیں، جیسے نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ

اسمائے عاملہ: اسمائے عاملہ کل 22 ہیں، پھر ان کی تین قسمیں ہیں (۱) اسمائے شرطیہ جازمہ (۲) اسمائے کنایات (۳) اسمائے افعال

(۱) اسمائے شرطیہ جازمہ اوران کا عمل: اسمائے شرطیہ جازمہ نو (۹) ہیں۔ مَنْ، مَا، مَهْمَا، اَیٌّ، حَیْثُمَا، اِذْمَا، مَتٰی، اَیْنَمَا، اَنّٰی۔ یہ دو فعلوں پر داخل ہوکر دونوں کو جزم دیتے ہیں، اول فعل کو شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہیں۔ جیسے مَنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ

(۲) اسمائے کنایات اوران کا عمل: اسمائے کنایات چار (٤) ہیں (۱) اسم عدد، یعنی اَحَدَ عَشَرَ سے لے کر تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ تک (۲) کَمْ استفہامیہ (۳) کَاَیِّنْ (٤) کَذَا۔۔ یہ اسماء اسم نکرہ پر داخل ہوکر تمیز کی بناء پر نصب دیتے ہیں، جیسے کَمْ ضَیْفًا عِنْدَکَ

(۳) اسمائے افعال اوران کا عمل: اسمائے افعال نو (۹) ہیں، دُوْنَکَ، بَلْهَ، عَلَیْکَ، حَیَّهَلْ، هَا، رُوَیْدَ، هَیْهَاتَ، شَتَّانَ، سَرْعَانَ

besturdubooks.wordpress.com

پھران کی دوقسمیں ہیں (۱) اسمائے افعال بمعنی امرِ حاضر (۲) اسمائے افعال بمعنی فعل ماضی

اسمائے افعال بمعنی امر حاضر چھ ہیں، دُونَکَ، بَلْہَ، عَلَیْکَ، حَیَّھَلْ، ھَا، رُوَیْدَ... یہ فاعل کو رفع اور مفعول بہ کو نصب دیتے ہیں اوران کا فاعل ہمیشہ ضمیر مستتر ہوا کرتا ہے، جیسے بَلْہَ زَیْدًا

اسمائے افعال بمعنی فعل ماضی تین ہیں۔ ھَیْھَاتَ، شَتَّانَ، سَرْعَانَ ... یہ فاعل کو رفع دیتے ہیں، جیسے ھَیْھَاتَ زَیْدٌ

☆☆☆☆☆☆☆



☆☆☆☆☆☆☆

معمولات کی بحث کا مختصر خلاصہ:

معمولات ''معمول'' کی جمع ہے۔ معمول کا لغوی معنی ہے ''جس میں عمل کیا گیا ہو'' اور اصطلاحی تعریف یہ ہے۔ ''اَلْمَعْمُوْلُ مَا یَتَغَیَّرُ اٰخِرُہٗ بِرَفْعٍ اَوْ نَصْبٍ اَوْ جَرٍّ اَوْ خَفْضٍ بِتَاْثِیْرِ الْعَامِلِ فِیْہِ'' یعنی معمول وہ اسم ہے جس کا آخر عامل کی وجہ سے رفع، نصب، جر یا جزم کے ساتھ بدل جائے۔

معمولات کی تعداد: معمولات کل 22 ہیں۔ پھر ان کی تین قسمیں ہیں (۱) مرفوعات (۲) منصوبات (۳) مجرورات

مرفوعات: مرفوعات کل آٹھ (۸) ہیں۔ (۱) فاعل (۲) نائب فاعل (۳) مبتدأ (٤) خبر (۵) افعال ناقصہ کا اسم (٦) ماولا مشبہتان بلیس کا اسم (۷) حروف مشبہ بالفعل کی خبر (۸) لائے نفی جنس کی خبر

منصوبات: منصوبات کل بارہ (۱۲) ہیں۔ (۱) مفعول بہ (۲) مفعول فیہ (۳) مفعول لہٗ (٤) مفعول معہٗ (۵) مفعول مطلق (٦) حال (۷) تمیز (۸) مستثنیٰ (۹) حروف مشبہ بالفعل کا اسم (۱۰) لائے نفی جنس کا اسم (۱۱) افعال ناقصہ کی خبر (۱۲) ماولا مشبہتان بلیس کی خبر

مجرورات: مجرورات دو (۲) ہیں (۱) مجرور بمضاف، یعنی مضاف الیہ (۲) مجرور بحرفِ جر

☆☆☆☆☆☆☆

نقشہ معمولات



besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

باب اول در حروف عامله ودرودو فصل است

فصل اول درحروفِ عاملہ دراسم، وآن پنج قسم ست، قسم اول حروفِ جر وآن ہفدہ است باوِمِنْ واِلٰی وحَتّٰی وفِیْ ولام ورُبَّ وواوِقسم وتائے قسم وعَنْ وعلٰی وکافِ تشبیہ ومُذْ ومُنْذُ وحَاشَا وخَلَا وعَدَا ، این حروف دراسم روندوآخرش راجر کنند، چوں اَلْمَالُ لِزَیْدٍ،

ترجمه: پہلا بابِ حروفِ عاملہ (کے بیان) میں، اوراس میں دوفصل ہیں، پہلی فصل اسم میں عمل کرنے والے حروف (کے بیان) میں اوروہ پانچ قسمیں ہیں۔ پہلی قسم حروفِ جارہ، اوروہ سترہ ہیں (۱) بـا (۲) مِنْ (۳) اِلٰی (۴) حَتّٰی (۵) فِیْ (۶) لام (۷) رُبَّ (۸) واوِ قسم (۹) تائے قسم (۱۰) عَنْ (۱۱) عَلٰی (۱۲) کافِ تشبیہ (۱۳) مُذْ (۱۴) مُنْذُ (۱۵) حَاشَا (۱۶) خَلَا (۱۷) عَدَا ، یہ حروف اسم پرداخل ہوتے ہیں اوراس کے آخر کو جر دیتے ہیں، جیسے اَلْمَالُ لِزَیْدٍ،

تشریح: باب اول میں مصنفؒ حروفِ عاملہ کو بیان کررہے ہیں، اس باب میں مصنفؒ دوفصلوں کوذکرکرتے ہیں۔ پہلی فصل میں ان حروف عاملہ کو بیان کرتے ہیں جواسم میں عمل کرتے ہیں۔ اوردوسری فصل میں ان حروف عاملہ کو بیان کرتے ہیں جوفعل مضارع میں عمل کرتے ہیں۔

فصل اوّل:

اس فصل میں ان حروف عاملہ کا بیان ہوگا جواسم میں عمل کرتے ہیں۔ جوحروف عاملہ اسم میں عمل کرتے ہیں ان کی پانچ قسمیں ہیں (۱) حروفِ جارہ (۲) حروفِ مشبہ بالفعل (۳) ماولامشبہتان بلیس (٤) لائے نفی جنس (۵) حروفِ نداء

قسم اوّل حروف جر:

پہلی قسم حروف جارہ ہیں۔ جارہ "جر" سے مشتق ہے، جرکا لغوی معنی ہے "کھینچنا" اصطلاح میں حروف جارہ ان حروف کو کہتے ہیں جوفعل یا شبہ فعل کے معنی کوکھینچ کراپنے مدخول تک پہنچاتے ہیں۔

حروف جارہ کی تعداد: حروف جارہ سترہ (۱۷) ہیں۔ جن کو شاعر نے اپنے شعر میں بیان کیا ہے۔ شعر:

بـــا، وتـــا، وکـــاف، ولام، وواؤ، مُـنْـذُ، مُـذْ، خَـلَا
رُبَّ ، حـــاشـــا، مِـنْ، عَـدَا، فِـیْ ، عَـنْ، عَـلٰی، حَـتّٰی ، اِلٰی

حروف جارہ کا عمل: حروف جارہ اسم پرداخل ہوکراس کے آخر کو جر دیتے ہیں۔ جیسے مَرَرْتُ بِزَیْدٍ

besturdubooks.wordpress.com

فائدہ: (۱) حروف جارہ جس فعل یا شبہ فعل کا معنی کھینچ کر اپنے مدخول تک پہنچا دیتے ہیں اس فعل یا شبہ فعل کو مُتعلَّق اور جار مجرور کو مُتعلِّق کہتے ہیں۔

فائدہ: (۲) مُتعلَّق چار چیزوں میں سے کوئی ایک ہوتا ہے (۱) فعل (۲) شبہ فعل (۳) معنیٰ فعل (٤) ماؤل بشبہ فعل، یعنی وہ اسم جامد جو شبہ فعل کی تاویل میں ہو۔

(۱) **فعل کی مثال:** جیسے مَرَرْتُ بِزَیْدٍ (۲) **شبہ فعل کی مثال:** جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ فِی الدَّارِ (۳) **معنیٰ فعل کی مثال:** جیسے مَالِزَیْدٍ، اس مثال میں لِزَیْدٍ کا تعلق یَصْنَعُ کے معنی کے ساتھ ہے جو یہاں مفہوم ہو رہا ہے اور جس پر مَا استفہامیہ دلالت کر رہا ہے (٤) **ماؤل بشبہ فعل کی مثال:** جیسے هُوَ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ اِلٰهٌ یہاں جار مجرور کا متعلَّق اِلٰهٌ ہے جو کہ اسم جامد ہے لیکن شبہ فعل مَعْبُوْدٌ کی تاویل میں ہے۔

فائدہ: (۳) شبہ فعل آٹھ (۸) چیزیں ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

(۱) اسم مصدر: جیسے مُرُوْرِیْ بِزَیْدٍ حَسَنٌ لِّیْ میں مُرُوْر (۲) اسم فاعل: جیسے اَنَا مَارٌّ بِزَیْدٍ میں مَارٌّ

(۳) اسم مفعول: جیسے غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ میں اَلْمَغْضُوْبِ (٤) صفت مشبہ: جیسے مُرُوْرِیْ بِزَیْدٍ حَسَنٌ لِّیْ میں حَسَنٌ

(۵) اسم تفضیل: جیسے زَیْدٌ اَعْلَمُ مِنْ عَمْرٍو میں اَعْلَمُ (٦) اسم منسوب: جیسے زَیْدٌ بَغْدَادِیٌّ مِنْهُمْ میں بَغْدَادِیٌّ

(۷) اسم فعل: جیسے رُوَیْدَ زَیْدًا فِی الدَّارِ میں رُوَیْدَ (۸) اسم مبالغہ: جیسے زَیْدٌ عَلَّامٌ بِالْحَقِیْقَةِ میں عَلَّامٌ

فائدہ (٤) ظرف کی دو قسمیں ہیں (۱) ظرف حقیقی (۲) ظرف مجازی

(۱) ظرف حقیقی: ظرف حقیقی ظرف زمان اور ظرف مکان کو کہتے ہیں۔

(۲) ظرف مجازی: ظرف مجازی "جار و مجرور" کو کہتے ہیں۔

ظرف مجازی کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) ظرف لغو (۲) ظرف مستقر

(۱) ظرف لغو: اگر جار و مجرور کا متعلَّق مذکور ہو تو جار و مجرور کو ظرف لغو کہتے ہیں۔ جیسے، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ ...**ترکیب:** مَرَرْتُ فعل با فاعل، با جار، زَیْدٍ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو متعلِّق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلِّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ظرف لغو کو لغو اس لئے کہتے ہیں کہ لغو کے معنی ہیں "محروم ہونا" چونکہ یہ بھی اپنے عامل کی جگہ قرار پکڑنے سے محروم رہتا ہے، اس لئے اس کو ظرف لغو کہتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

(۴) ظرفِ مستقر: اگر جار و مجرور کا متعلق مذکور نہ ہو بلکہ محذوف ہو تو جار و مجرور کو ظرفِ مستقر کہتے ہیں، جیسے اَلْمَالُ لِزَیْدٍ

ترکیب: اَلْمَالُ مرفوع لفظاً مبتدأ، لام جار، زَیْدٍ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرفِ مستقر متعلق ہوا ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل، اس میں ھُوَ ضمیر مستتر مرفوع محلاً فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر ہے مبتدأ کے لئے، مبتدأ اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ظرفِ مستقر کو مستقر اس لیے کہتے ہیں کہ مستقر ''استقرار'' سے مشتق ہے، استقرار کے معنی ہیں ''قرار پکڑنا'' چونکہ ظرف مستقر بھی عامل کی جگہ پر قرار پکڑتا ہے اس لئے اسے ظرف مستقر کہتے ہیں۔

فائدہ (۵) اگر جار مجرور کا متعلق محذوف ہو تو اکثر افعالِ عامہ سے نکالتے ہیں، لیکن کبھی کبھار موقع کی مناسبت سے افعالِ خاصہ سے بھی نکالتے ہیں۔ افعالِ عامہ آٹھ (۸) ہیں چار مشہور، اور چار غیر مشہور ہیں۔ جو افعالِ عامہ مشہور ہیں ان کو شاعر نے شعر میں بیان کیا ہے،

شعر افعالِ عامہ چار اند نزد اربابِ عقول — کون است، وثبوت است، ووجود است، وحصول

جو چار غیر مشہور ہیں وہ یہ ہیں۔ تَلَبُّس، لُصُوْق، لُسُوْق، لُذُوْق۔ ان سب کے معنی ہیں ''ملنا''

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

امثلہ مذکورہ میں حروفِ جر اور ان کے عمل و تعلق میں غور و فکر کریں۔ اور ترجمہ و ترکیب کریں۔

(۱) اَلصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ (۲) لَكُمْ دِيْنُكُمْ (۳) مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ (٤) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (٥) رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ (٦) تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ أَصْنَامَكُمْ (٧) وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُوْرُ (٨) يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا (٩) وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ (١٠) عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا (١١) لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْئٌ (١٢) وَإِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ (١٣) وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ (١٤) وَبِالْحَقِّ أَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ (١٥) سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ

(نمونۂ حلِّ سوالات)

(۱) اَلصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ ...... ترجمہ: صدقات غریب لوگوں کے لئے ہیں۔

مذکورہ جملہ میں لام حرفِ جر ہے جس نے اَلْفُقَرَآءِ کو جر دیا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

ترکیب: اَلصَّدَقَاتُ مبتدا، لام حرفِ جر، اَلْفُقَرَاءِ مجرور، جار ومجرور مل کر ظرفِ مستقر متعلق ہوا ثَابِتَۃٌ مقدر کا، ثَابِتَۃٌ شبہ فعل، ھِیَ ضمیر درو مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) لَکُمْ دِیْنُکُمْ...... ترجمہ: تمہارے لئے تمہارا دین ہے۔

مثالِ مذکور میں **لام** حرفِ جر ہے جس نے **کُمْ** ضمیر کو محلاً جر دیا ہے۔

ترکیب: لام حرفِ جار، کُمْ ضمیر برائے جمع مذکر مخاطب مجرور متصل مجرور محلاً مجرور ہوا، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر متعلق ہوا ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل، ھُوَ ضمیر درو مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مقدم، دِیْنُ مضاف، کُمْ ضمیر برائے جمع مذکر مخاطب مجرور متصل مجرور محلاً مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ...... ترجمہ: لوگوں میں سے بعض وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اللہ پر۔

مثالِ مذکور میں مِنْ حرفِ جار ہے جس نے النَّاسِ کو جر دیا ہے۔ اور باء حرفِ جر ہے جس نے لفظِ اللّٰہ کو جر دیا ہے۔

ترکیب: مِنْ حرفِ جار، النَّاسِ مجرور، جار ومجرور مل کر ظرفِ مستقر متعلق ہوا ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل، ھُوَ ضمیر درو مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول، یَقُوْلُ فعل، ھُوَ ضمیر درو مستتر راجع بسوئے مَن فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اٰمَنَّا فعل بافاعل، بِاللّٰہِ جار ومجرور مل کر ظرفِ لغو متعلق ہوا اٰمَنَّا کا، اٰمَنَّا فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول اپنے مقولہ سے مل کر جملہ قولیہ ہو کر صلہ ہوا موصول کے لئے، موصول وصلہ مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

دوم حروفِ مشبہ بالفعل وآن شش است اِنَّ وَ اَنَّ وَ کَاَنَّ وَلٰکِنَّ وَلَیْتَ وَ لَعَلَّ، این حروف را اسمی باید منصوب وخبرے مرفوع چون اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ، زید را اسمِ اِنَّ گویند وقَائِمٌ را خبرِ اِنَّ، بدانکہ اِنَّ وَ اَنَّ حروفِ تحقیق است وکَاَنَّ حرفِ تشبیہ و لٰکِنَّ حرفِ استدراک ولَیْتَ حرفِ تمنّی ولَعَلَّ حرفِ ترجّی،

ترجمہ: دوسری (قسم) حروفِ مشبہ بالفعل، اور وہ چھ ہیں اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ، لٰکِنَّ، لَیْتَ اور لَعَلَّ، ان حروف کو اسم منصوب اور خبر مرفوع چاہئے، جیسے اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ، زید کو اِنَّ کا اسم کہتے ہیں اور قَائِمٌ کو اِنَّ کی خبر۔ تو جان کہ اِنَّ اور اَنَّ حروفِ تحقیق ہیں، کَاَنَّ حرفِ تشبیہ، لٰکِنَّ حرفِ استدراک، لَیْتَ حرفِ تمنّی اور لَعَلَّ حرفِ ترجّی۔

تشریح: حروفِ عاملہ کی دوسری قسم حروفِ مشبہ بالفعل ہے۔

حروف مشبہ بالفعل کی تعداد: حروفِ مشبہ بالفعل چھ (۶) ہیں، جن کو شاعر نے شعر میں بیان کیا ہے۔

شعر: اِنَّ باَنَّ کَاَنَّ لَیتَ لٰکنَّ لَعَلَّ — ناصب اسم اند ورافع در خبر ضد ماولا

حروف مشبہ بالفعل کا عمل: حروفِ مشبہ بالفعل مبتدا وخبر پر داخل ہو کر مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں، ترکیب کرتے وقت مبتدا کو ان کا اسم اور خبر کو ان کی خبر کہتے ہیں۔ جیسے اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ۔ ترکیب: اِنَّ حرف از حروفِ مشبہ بالفعل، زَیْدًا منصوب لفظًا اس کا اسم، قَائِمٌ مرفوع لفظًا اس کی خبر، اِنَّ اپنے اسم اور اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حروف مشبہ بالفعل کے معانی: اِنَّ اور اَنَّ تحقیق کیلئے آتے ہیں، یعنی یہ بتلاتے ہیں کہ ہمارے اسم کے لئے ہماری خبر یقینًا ثابت ہے، جیسے اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ (بے شک زید کھڑا ہے)۔ **کَاَنَّ** تشبیہ کے لئے آتا ہے، یعنی بتلاتا ہے کہ میرا اسم میری خبر کے ساتھ مشابہ ہے، جیسے کَاَنَّ زَیْدًا اَسَدٌ (گویا زید شیر ہے)۔ **لٰکِنَّ** استدراک کے لئے آتا ہے، یعنی پہلے کلام میں پیدا ہونے والے وہم کو دور کر دیتا ہے، جیسے جَاءَ زَیْدٌ لٰکِنَّ عَمْرًا لَمْ یَجِیْٔ (زید آگیا لیکن عمرو نہیں آیا)۔ **لَیْتَ** تمنّی کیلئے آتا ہے، یعنی اپنے اسم کے لئے اپنی خبر کے حصول کی خواہش کرتا ہے، جیسے لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ (کاش کہ جوانی لوٹ آتی)۔ **لَعَلَّ** ترجّی کیلئے آتا ہے، یعنی اپنے اسم کیلئے اپنی خبر کے حصول کی امید کرتا ہے، جیسے لَعَلَّ عَمْرًا غَائِبٌ (شاید عمرو غائب ہو)

حروف مشبہ بالفعل کی وجہ تسمیہ: ان حروف کو حروفِ مشبہ بالفعل اس لئے کہتے ہیں کہ مشبہ بالفعل کے معنی ہیں "وہ حروف جو فعل کے ساتھ مشابہ ہوں" یہ حروف بھی فعل کے ساتھ لفظی، معنوی اور عملی مشابہت رکھتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

لفظی مشابہت یہ ہے کہ جس طرح فعل ماضی مبنی برفتحہ ہوتا ہے اسی طرح یہ حروف بھی مبنی برفتحہ ہوتے ہیں۔اور جیسے فعل ثلاثی ورباعی ہوتا ہے اسی طرح یہ حروف بھی بعض ثلاثی اور بعض رباعی ہیں، اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ لَیْتَ، لٰکِنَّ ثلاثی ہیں اور لَعَلَّ جو اصل میں لَعَلَّلَ تھا یہ دَحْرَجَ کی طرح رباعی ہے۔

معنوی مشابہت یہ ہے کہ یہ حروف فعل کے معنی میں ہیں، مثلاً اِنَّ اور اَنَّ حَقَّقْتُ کے معنی میں ہیں، کَاَنَّ شَبَّهْتُ کے معنی میں ہے، لٰکِنَّ اِسْتَدْرَکْتُ کے معنی میں ہے، لَیْتَ تَمَنَّیْتُ کے معنی میں ہے، اور لَعَلَّ تَرَجَّیْتُ کے معنی میں ہے۔

عملی مشابہت یہ ہے کہ جس طرح فعل متعدی فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیتا ہے اسی طرح یہ حروف بھی ایک اسم کو نصب دوسرے کو رفع دیتے ہیں۔

فائدہ: حروف مشبہ بالفعل کے بعد اگر ما آجائے تو پھر یہ حروف ملغی عن العمل ہوتے ہیں، یعنی عمل نہیں کرتے ہیں، اور ایسے ما کو ما کافہ کہتے ہیں۔کافہ کے معنی ہیں ''روکنے والا'' چونکہ یہ ما بھی ان حروف کے عمل کو روک لیتا ہے اس لئے اس کو ما کافہ کہتے ہیں، جیسے اِنَّمَا زَیْدٌ قَائِمٌ۔لیکن اگر لَیْتَ کے بعد ما آجائے تو اعمال (عمل دینا) اور اہمال (عمل نہ دینا) دونوں صورتیں جائز ہیں جیسے لَیْتَمَا الشَّبَابَ یَعُوْدُ اور لَیْتَمَا الشَّبَابُ یَعُوْدُ دونوں جائز ہیں۔

اِنَّ اور اَنَّ میں فرق:

اِنَّ اور اَنَّ کی پہچان کا قاعدہ یہ ہے کہ جہاں مفرد کی جگہ ہو وہاں اَنَّ ہوگا، کیونکہ اَنَّ جملہ کو مفرد کی تاویل میں کرتا ہے، اور جس جگہ جملہ ضروری ہو وہاں اِنَّ ہوگا، اور جس جگہ مفرد و جملہ دونوں جائز ہوں وہاں اِنَّ اور اَنَّ دونوں درست ہوں گے۔تفصیل اس کی یہ ہے کہ بارہ (12) مقامات میں اِنَّ اور بارہ (12) مقامات میں اَنَّ پڑھا جاتا ہے۔

مواضع اِنَّ (مکسورہ):

(۱) قول کے بعد، جیسے قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْکَ (۲) حرف تنبیہ کے بعد، جیسے اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ (۳) حَیْثُ کے بعد، جیسے اِجْلِسْ حَیْثُ اِنَّ زَیْدًا جَالِسٌ (٤) اِذْ کے بعد، جیسے جِئْتُکَ اِذْ اِنَّ زَیْدًا اَمِیْرٌ (۵) کلام کے شروع میں، جیسے اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ (٦) صفت کے شروع میں، جیسے مَرَرْتُ بِرَجُلٍ اِنَّهٗ فَاضِلٌ (۷) قسم کے بعد، جیسے وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ (۸) امر کے بعد، جیسے اَکْرِمْ زَیْدًا اِنَّهٗ فَاضِلٌ (۹) نہی کے بعد، جیسے لَا تَضْرِبْ زَیْدًا اِنَّهٗ عَالِمٌ (۱۰) نداء کے بعد، جیسے یَا بُنَیَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰی

besturdubooks.wordpress.com

(۱۱) جب اس کی خبر پر لام داخل ہو، جیسے وَاللّٰهُ يَعلمُ اِنَّکَ لَرَسُولُهُ (۱۲) موصول کے بعد، جیسے وَآتَيناهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَا اِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوْءُ بِالْعُصْبَةِ

مواضع اَنَّ (مفتوحہ):

(۱) جب فاعل واقع ہو، جیسے بَلَغَنِيْ اَنَّ زَيْدًا قَائِمٌ (۲) جب مفعول واقع ہو، جیسے سَمِعْتُ اَنَّ زَيْدًا فَاضِلٌ (۳) جب مبتدا واقع ہو، جیسے عِنْدِيْ اَنَّکَ قَائِمٌ (٤) جب خبر واقع ہو، جیسے اِعْتِقَادِيْ اَنَّهُ فَاضِلٌ (٥) جب نائب فاعل واقع ہو، جیسے اُخْبِرْنِيْ اَنَّکَ قَائِمٌ (٦) جب مضاف الیہ واقع ہو، جیسے فَعَلْتُ هٰذَا كَرَاهَةَ اَنَّکَ قَائِمٌ (۷) باب عَلِمَ کے بعد، جیسے وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْئٍ (۸) باب ظَنَّ کے بعد، جیسے ظَنَنْتُ اَنَّهُ فَاضِلٌ (۹) لو کے بعد، جیسے لَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا (۱۰) لولا کے بعد، جیسے لَوْلَا اَنَّکَ مُنْطَلِقٌ اِنْطَلَقْتُ (۱۱) اِلَّا کے بعد جیسے زَيْدٌ غَنِيٌّ اِلَّا اَنَّهُ شَقِيٌّ (۱۲) حرف جر کے بعد جیسے عَجِبْتُ مِنْ اَنَّکَ قَائِمٌ

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں حروف مشبہ بالفعل کا عمل بتائیں، اور ہر مثال کی ترکیب و ترجمہ کریں۔

(۱) اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ (۲) اِنَّهُم قَاعِدُوْنَ (۳) اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (٤) اِنَّ اللّٰهَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ (٥) لَعَلَّ اللّٰهَ يَرْزُقُنِيْ صَلَاحًا (٦) لَعَلَّ الْمَرِيْضَ هَالِکٌ (۷) كَاَنَّ زَيْدًا اَسَدٌ (۸) وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (۹) وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ (۱۰) يَالَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرَابًا (۱۱) كَاَنَّ فِيْ اُذُنَيْهِ وَقْرًا (۱۲) اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْئٌ عَظِيْمٌ (۱۳) ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ (۱٤) وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (۱٥) فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ

(نمونۂ حل سوالات)

(۱) اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ...... ترجمہ: بیشک نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے۔

مذکورہ جملہ میں اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل ہے، جس نے الصَّلٰوة کو بنا بر اسمیت نصب اور تَنْهٰى کو بنا بر خبریت محلاً رفع دیا ہے۔

ترکیب: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل، الصَّلٰوةَ منصوب لفظاً اِنَّ کا اسم، تَنْهٰى فعل، هِيَ ضمیر در و مستتر راجع بسوئے الصَّلٰوة فاعل، عَنْ حرف

جار، الفحشآءِ معطوف علیہ، واؤ حرفِ عطف، المُنکَرِ معطوف، معطوف علیہ ومعطوف مل کر مجرور، جار ومجرور مل کر ظرفِ لغو متعلّق ہوا تنہٰی فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مرفوع محلاً اِنَّ کی خبر، اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) اِنَّهُمْ قَاعِدُوْنَ...... ترجمہ: بیشک وہ بیٹھنے والے ہیں۔

مثالِ مذکور میں اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل ہے جس نے ھُمْ ضمیر کو بنا بر اسمیت محلاً نصب اور قاعِدُونَ کو بنا بر خبریت لفظاً رفع دیا ہے۔

ترکیب: اِنَّ حرفِ مشبہ بالفعل، ھُمْ ضمیر اس کا اسم، قاعدون شبہ فعل، ھُم ضمیر در و مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ...... ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

مذکورہ جملہ میں اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل ہے جس نے لفظ اللّٰه کو بنا بر اسمیت نصب اور سَمِيْعٌ وعَلِيْمٌ کو بنا بر خبریت رفع دیا ہے۔

ترکیب: اِنَّ حرفِ مشبہ بالفعل، لفظ اللّٰه اس کا اسم، سَمِيْعٌ شبہ فعل، ھُوَ ضمیر در و مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اوّل، عَلِيْمٌ شبہ فعل، ھُوَ ضمیر در و مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر ثانی، اِنَّ اپنے اسم اور دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

سوم ما و لا المُشَبَّهَتَانِ بِلَيْسَ وآن عملِ لَيْسَ میکند چنانکہ گوئی مَا زَيْدٌ قَائِمًا زید اسمِ ماست وقَائِمًا خبرِ او۔

ترجمہ: تیسری (قسم) مَا اور لَا، جو لَيْسَ کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں، اور وہ لَيْسَ کا عمل کرتے ہیں، جیسا کہ تُو کہے "مَا زَيْدٌ قَائِمًا" زید مَا کا اسم ہے اور قائِمًا اس کی خبر۔

تشریح: حروف عاملہ در اسم کی تیسری قسم ما و لا مشبہتان بلیس ہے۔ یہ مبتدأ و خبر پر داخل ہو کر مبتدأ کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔ ترکیب کرتے وقت مبتدأ کو ان کا اسم اور خبر کو ان کی خبر کہتے ہیں۔

ما و لا مشبہتان بلیس کی وجہ تسمیہ: ما و لا مشبہتان بلیس کے معنی ہیں "وہ ما و لا جو لَيْسَ کے ساتھ مشابہ ہیں" چونکہ یہ لَيْسَ کے ساتھ معنوی اور عملی مشابہت رکھتے ہیں، اس لئے انہیں مشبہتان بلیس کہتے ہیں۔

معنوی مشابہت یہ ہے کہ جس طرح لَيْسَ نفی کے لئے آتا ہے اسی طرح ما و لا بھی نفی کیلئے آتے ہیں۔

اور عملی مشابہت یہ ہے کہ جس طرح لَيْسَ مبتدأ اور خبر پر داخل ہو کر مبتدأ کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اسی طرح یہ دونوں بھی مبتدأ کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں،

ما اور لا میں فرق: ما اور لا میں مشہور فرق یہ ہے کہ ما معرفہ اور نکرہ دونوں پر داخل ہوتا ہے اور لا صرف نکرہ پر داخل ہوتا ہے۔

فائدہ: (۱) ما اور لا کا عمل تین صورتوں میں باطل ہو جاتا ہے۔

☆ جب ما کے بعد اِنْ زائدہ آجائے۔ جیسے مَا اِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ

☆ جب ان کے اسم اور خبر کے درمیان اِلَّا آجائے۔ جیسے مَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ

☆ جب ان کی خبر ان کے اسم پر مقدم ہو جائے۔ جیسے مَا قَائِمٌ زَيْدٌ

فائدہ: (۲) ما اور لا کے علاوہ ایک تیسرا حرف ہے جو لَيْسَ کے ساتھ مشابہ ہے وہ ہے لَاتَ، یہ ہمیشہ مبنی بر فتحہ ہوتا ہے، اس کا اسم اور خبر دونوں ظرف ہوتے ہیں، اور ان میں سے ایک کا حذف کرنا واجب ہے مگر اکثر اسم محذوف ہوتا ہے۔ جیسے قرآن مجید میں آتا ہے "وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ" یہ اصل میں "وَلَاتَ الحِيْنُ حِيْنَ مَنَاصٍ" تھا پھر اسم کو حذف کر دیا تو وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ہو گیا۔

besturdubooks.wordpress.com

چھارم لای نفی جنس؛ اسمِ این لا اکثر مضاف باشد منصوب وخبرش مرفوع چون لَا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِیْفٌ فِی الدَّارِ، واگر نکرہ مفرد باشد مبنی باشد بر فتحہ چون لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ، واگر بعدِ او معرفہ باشد تکرارِ لا با معرفۂ دیگر لازم باشد، ولا ملغٰی باشد یعنی عمل نکند وآن معرفہ مرفوع باشد بابتدا چون لَا زَیْدٌ عِنْدِیْ وَلَا عَمْرٌو ، واگر بعدِ آں لا نکرہ مفرد باشد مکرر با نکرۂ دیگر در وپنج وجہ روا ست چون لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، وَ لَاحَوْلَ وَّلَا قُوَّۃٌ اِلَّا بِاللّٰہِ، وَلَاحَوْلٌ وَلَا قُوَّۃٌ اِلَّا بِاللّٰہِ، وَ لَاحَوْلَ وَّلَا قُوَّۃً اِلَّا بِاللّٰہِ، وَ لَاحَوْلٌ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ،

ترجمہ: چوتھی (قسم) لائے نفی جنس، اس لا کا اسم اکثر مضاف، منصوب ہوتا ہے اور اس کی خبر مرفوع، جیسے لَا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِیْفٌ فِی الدَّارِ، اور اگر (لا کا اسم) نکرہ مفرد ہو تو فتحہ پر مبنی ہوتا ہے جیسے لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ، اور اگر اس کے بعد معرفہ ہو تو لا کو دوسرے معرفہ کے ساتھ مکرر لانا لازم ہوگا اور لا ملغٰی ہوگا یعنی عمل نہیں کرے گا اور وہ (اسم) معرفہ مرفوع ہوگا ابتدا کی وجہ سے جیسے لَا زَیْدٌ عِنْدِیْ وَلَا عَمْرٌو، اور اگر اس لا کے بعد نکرہ، مفرد ہو، اور دوسرے نکرہ کے ساتھ مکرر ہو تو اس میں پانچ صورتیں جائز ہیں، جیسے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، وَ لَاحَوْلَ وَّلَا قُوَّۃٌ اِلَّا بِاللّٰہِ، وَلَاحَوْلٌ وَلَا قُوَّۃٌ اِلَّا بِاللّٰہِ، وَ لَاحَوْلَ وَّلَا قُوَّۃً اِلَّا بِاللّٰہِ، وَ لَاحَوْلٌ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ،

تشریح: حروف عاملہ در اسم کی چوتھی قسم "لائے نفی جنس" ہے۔ لائے نفی جنس اس لائے نفی کو کہا جاتا ہے جو اپنی خبر کی نفی اس جنس سے کرے جو جنس اس کا اسم ہو، جیسے "لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ" اس مثال میں تمام مردوں سے گھر میں موجود ہونے کی نفی کی گئی ہے۔

لائے نفی جنس کا عمل: یہ مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر مبتدا کو اکثر نصب دیتا ہے کیونکہ اس کا اسم اکثر مضاف ہو کر منصوب ہوتا ہے، اور خبر کو رفع دیتا ہے

لائے نفی جنس کے اسم کی مختلف صورتیں: لائے نفی جنس کے اسم کی چار (۴) صورتیں ہیں جو درج ذیل ہیں۔

(1) پہلی صورت: اگر لائے نفی جنس کا اسم مضاف یا شبہ مضاف ہو تو وہ منصوب ہوتا ہے۔

مضاف کی مثال: جیسے لَا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِیْفٌ فِی الدَّارِ... ترکیب: لا ئے نفی جنس، غُلَامُ مضاف، رَجُلٍ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر اسم، ظَرِیْفٌ خبر اول، فِی جار، الدَّارِ مجرور، جار ومجرور مل کر ظرفِ مستقر متعلق ہوا ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر ثانی، لا اپنے اسم اور دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شبہ مضاف کی مثال: جیسے لَا عِشْرِیْنَ دِرْھَمًا فِی الْکِیْسِ... ترکیب: لائے نفی جنس، عِشْرِیْنَ ممیز، دِرْھَمًا تمیز، ممیز اپنی تمیز سے مل کر اسم ہے لا کا، فِی حرف جار، الْکِیْسِ مجرور، جار ومجرور مل کر ظرفِ مستقر متعلق ہوا ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے

besturdubooks.wordpress.com

مل کر خبر ہے **لا** کی، لائے نفی جنس اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ: شبہ مضاف وہ ہے جس کا معنی دوسرے کلمے کے ملائے بغیر تام نہیں ہوتا۔

(2) دوسری صورت: اگر لائے نفی جنس کا اسم مفرد نکرہ ہو یعنی مضاف، شبہ مضاف اور معرفہ نہ ہو تو اس کا اسم مبنی برفتحہ ہوتا ہے۔ جیسے **لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ**..... ترکیب: لائے نفی جنس، رَجُلَ مبنی برفتحہ اس کا اسم، فِی جار، الدَّار مجرور، جار مجرور مل کر ظرف مستقر متعلق ہوا ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر ہے **لا** کی، **لا** اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(3) تیسری صورت: اگر لائے نفی جنس کا اسم معرفہ ہو تو پھر **لا** کو دوسرے معرفہ کے ساتھ مکرر لانا ضروری ہے۔ اس وقت **لا** ملغا عن العمل ہوگا، یعنی عمل نہیں کرے گا۔ اور معرفہ مبتدا ہونے کی وجہ سے مرفوع ہوگا۔ جیسے، **لَا زَیْدٌ عِنْدِیْ وَلَا عَمْرٌو**..... ترکیب: **لا** ملغا عن العمل، زَیْدٌ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف، **لا** ملغا عن العمل، عَمْرٌو معطوف، معطوف علیہ و معطوف مل کر مبتدأ، عِندَ مضاف، یاء ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ مَوْجُوْدَانِ مقدر کا، مَوْجُوْدَانِ شبہ فعل، هُمَا ضمیر در و مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(4) چوتھی صورت: اگر لائے نفی جنس کا اسم مفرد نکرہ ہو اور **لا** دوسرے اسم کے ساتھ مکرر ہو تو اس کے اسم میں پانچ وجوہ جائز ہیں۔

(۱) دونوں اسموں کو مبنی برفتحہ پڑھا جائے۔ جیسے **لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ**

(۲) دونوں اسموں کو مرفوع پڑھا جائے۔ جیسے **لَا حَوْلٌ وَلَا قُوَّةٌ اِلَّا بِاللّٰهِ**

(۳) پہلے اسم کو مبنی برفتحہ اور دوسرے کو مرفوع پڑھا جائے۔ جیسے **لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةٌ اِلَّا بِاللّٰهِ**

(٤) پہلے اسم کو مرفوع اور دوسرے کو مبنی برفتحہ پڑھا جائے۔ جیسے **لَا حَوْلٌ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ**

(۵) پہلے اسم کو مبنی برفتحہ اور دوسرے کو منصوب پڑھا جائے۔ جیسے **لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةً اِلَّا بِاللّٰهِ**

فائدہ: لائے نفی جنس کے عمل کے لئے تین (۳) شرطیں ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

(۱) **لا** کا اسم نکرہ ہو، اگر معرفہ ہو تو **لا** ملغا عن العمل ہوگا۔ جیسے **لَا غُلَامُ زَیْدٍ فِی الدَّارِ**

(۲) **لا** کا اسم خبر پر مقدم ہو، اگر خبر اسم پر مقدم ہو تو **لا** ملغا عن العمل ہو کر مکرر ہوگا۔ جیسے **لَا فِی الدَّارِ رَجُلٌ وَلَا عَمْرٌو**

(۳) **لا** پر حروف جارہ میں سے کوئی حرف داخل نہ ہو، اگر داخل ہو تو **لا** ملغا عن العمل ہوگا۔ جیسے **جِئْتُ بِلَا زَادٍ**

besturdubooks.wordpress.com

(تمرینی سوالات)

ذیل کی مثالوں میں ماولا المشبہتان بلیس اور لائے نفی جنس کا عمل بتا کر یہ بتائیں کہ کس مثال میں کون سی قسم ہے۔ نیز ترجمہ وترکیب کریں۔

(۱) مَا أَنْتَ بِمُؤْمِنٍ (۲) لَا حُرْمَةَ لِلْفَاسِقِ (۳) لَا رَجُلٌ فِي الدَّارِ (٤) لَا إِيْمَانَ لِمَنْ لَا مُرُوَّةَ لَهُ (۵) لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ (٦) مَاهُنَّ أُمَّهَاتِهِمْ (۷) مَاهٰذَا قَوْلَ الْبَشَرِ (۸) لَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ (۹) وَمَاهُمْ بِخَارِجِيْنَ مِنَ النَّارِ (۱۰) لَا رَجُلٌ افضلُ منك (۱۱) وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (۱۲) لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ (۱۳) لَا عَقْلَ لِلْكَافِرِ (۱٤) لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (۱۵) يَوْمُ الْقِيَامَةِ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ

(نمونۂ حلِ سوالات)

(۱) مَا أَنْتَ بِمُؤْمِنٍ ...... ترجمہ: تو ایمان والا نہیں ہے۔

مثال مذکور میں ما مشابہ بلیس ہے جس نے أَنْتَ کو بنا بر اسمیت محلاً رفع اور مُؤْمِنٍ کو بنا بر خبریت معناً نصب دیا ہوا ہے۔

ترکیب: مَا مشابہ بلیس، أَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل اس کا اسم، باء حرفِ جار زائد، مُؤْمِنٍ مجرور لفظاً منصوب معناً ما کی خبر، ما اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) لَا حُرْمَةَ لِلْفَاسِقِ ...... ترجمہ: فاسق کا کوئی احترام نہیں ہے۔

مثال مذکور میں لائے نفی جنس ہے جس نے حُرْمَةَ کو بنا بر اسمیت مبنی بر فتحہ کیا، اور الفَاسِق کو بنا بر خبریت معناً رفع دیا ہے۔

ترکیب: لائے نفی جنس، حُرْمَةَ اس کا اسم، لِلْفَاسِقِ جار و مجرور مل کر ظرف مستقر متعلق ہوا ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل هُوَ ضمیر در و مستتر اس کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر لاء کی خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) لَا رَجُلٌ فِي الدَّارِ ...... ترجمہ: گھر میں ایک آدمی نہیں ہے۔

مذکورہ مثال میں لامشبہ بلیس ہے جس نے رَجُلٌ کو بنا بر اسمیت رفع اور مابعد کو بنا بر خبریت نصب دیا ہوا ہے۔

ترکیب: لامشبہ بلیس، رَجُلٌ اس کا اسم، فِي الدَّارِ جار مجرور ملکر ظرف مستقر متعلق ہوا ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل هُوَ ضمیر در و مستتر اس کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر لا کی خبر، لا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

besturdubooks.wordpress.com

پنجم حروف نداء، وآں پنج ست یَـا و اَیَـا و هَیَـا و اَیْ وہمزۂ مفتوحہ، واین حروف منادائ مضاف رانصب کنند چون یَـاعَبْدَاللّٰهِ ومشابہ مضاف راچون یَـاطَـالِعًاجَبَلًا ونکرۂ غیرمعین راچنانکہ اعمیٰ گویدیَـارَجُلًا خُذْ بِیَدِیْ، ومنادائ مفرد معرفہ مبنی باشد برعلامت رفع چون یَـازَیْدُ ویَازَیْدَانِ ویَامُسْلِمُوْنَ ویَامُوْسٰی ویَا قَاضِیْ ، بدانکہ اَیْ وہمزہ برائ نزدیک است واَیَاو هَیَابرائ دُوروسیَاعام ست۔

ترجمہ: پانچویں (قسم) حروف نداء، اوروہ پانچ ہیں یَـا، اَیَا، هَیَا، اَیْ اور ہمزہ مفتوحہ، اور یہ حروف منادیٰ مضاف کومنصوب کرتے ہیں جیسے یَاعَبْدَاللّٰهِ، اور شابہ مضاف کوجیسے یَاطَالِعًاجَبَلًا، اورنکرہ غیرمعین کو جیسے اندھا کہے یَارَجُلًا خُذْ بِیَدِیْ، اور منادیٰ مفرد معرفہ مبنی ہوتا ہے علامت رفع پر، جیسے یَـازَیْدُ ویَازَیْدَانِ ویَامُسْلِمُوْنَ ویَامُوْسٰی ویَا قَاضِیْ تو جان کہ اَیْ اور ہمزہ نزدیک کے لئے ہیں، اَیَا اور هَیَا دُور کے لئے ہیں اوریَاعام ہے۔

تشریح: حروف عاملہ کی پانچویں قسم حروف نداء ہے۔نداء کالغوی معنی ہے''پکارنا''اوراصطلاح میں حروف نداءان حروف کوکہتے ہیں جن کے ذریعے کسی کواپنی طرف متوجہ کیا جائے۔

فائدہ: جہاں نداءہو،وہاں چار چیزوں کا ہوناضروری ہے(۱) مُنادِی (۲) مُنادیٰ (۳) حرفِ نداء (٤) جواب نداء

مُنادِی: پکارنے والے کوکہتے ہیں۔**مُنادیٰ:** جس کوپکارا جائے۔**حرف نداء:** جس حرف کے ساتھ پکارا جائے۔**جواب نداء:** جس مقصد کیلئے پکارا جائے۔جیسے ''یَـایَحْیٰی خُذِ الْکِتَابَ بِقُوَّةٍ''اس مثال میں یا حرف نداء ہے، اللہ تعالیٰ منادِی ہے، یحییٰ علیہ السلام منادیٰ ہے، اور خُذِ الکتاب بِقُوَّةٍ جواب نداء ہے۔

حروف نداء کی تعداد: حروف نداء پانچ ہیں۔(۱)یا(۲)اَیَا(۳)هَیَا(٤)اَیْ(٥) ہمزہ مفتوحہ

حروف نداء کاعمل: حروف نداء تین صورتوں میں نصب اورایک صورت میں رفع دیتے ہیں۔تفصیل اس کی یہ ہے کہ اعراب کے اعتبار سے منادیٰ کی چار(4) قسمیں ہیں۔جودرج ذیل ہیں۔

(1) منادیٰ مضاف ہوتووہ منصوب ہوگا۔جیسے''یا عَبْدَاللّٰهِ''اس مثال میں عبدمنادیٰ مضاف ہے اس لئے منصوب ہے۔

(2) منادیٰ شبہ مضاف ہوتوبھی منصوب ہوگا، جیسے یَا طَالِعًا جبلًا (اے پہاڑ پر چڑھنے والے) اس مثال میں طالِعًامنادیٰ شبہ مضاف ہے کیونکہ اس کامعنی جبلًا کے بغیرتام نہیں ہوتا، اسلئے کہ طلوع کیلئے مکان کا ہوناضروری ہے وہ مکان اس مثال میں جَبَل (پہاڑ) ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

(3) منادیٰ نکرہ غیر معین ہو تب بھی منصوب ہوگا۔ جیسے یا رَجُلاً خُذْ بِیَدِیْ یعنی اے آدمی مجھے ہاتھ سے پکڑ (جبکہ کوئی نابینا کہے)

(4) منادیٰ مفرد معرفہ ہو، یعنی مضاف اور شبہ مضاف نہ ہو۔ اور نکرہ بھی نہ ہو۔ پھر چاہے معرفہ ہو یا نکرہ معین، تو منادیٰ علامت رفع پر مبنی ہوگا، خواہ رفع ضمہ لفظی کی شکل میں ہو، ضمہ تقدیری کی شکل میں ہو، الف کی شکل میں ہو یا واؤ کی شکل میں ہو۔

ضمہ لفظی کی مثال: یازَیْدُ **ضمہ تقدیری کی مثال**: یا مُوْسیٰ **الف کی مثال**: یا زَیْدَانِ **واؤ کی مثال**: یا مُسْلِمُوْنَ

فائدہ: مفرد چار چیزوں کے مقابلے میں آتا ہے، (۱) کبھی مرکب کے مقابلے میں آتا ہے (۲) کبھی جملے کے مقابلے میں آتا ہے (۳) کبھی مضاف اور شبہ مضاف کے مقابلے میں آتا ہے (٤) کبھی تثنیہ اور جمع کے مقابلے میں آتا ہے۔ یہاں منادیٰ کی بحث میں مفرد مضاف اور شبہ مضاف کے مقابلے میں آیا ہوا ہے۔

فائدہ: ای اور ھمزہ منادیٰ قریب کیلئے استعمال ہوتے ہیں، ایا اور ھیا منادیٰ بعید کیلئے استعمال ہوتے ہیں اور یَا عام ہے منادیٰ قریب اور بعید دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

فائدہ: اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا اور منادیٰ کے درمیان مذکر کے لئے اَیُّھَا اور مؤنث کیلئے اَیَّتُھَا کا فاصلہ لاتے ہیں۔

مذکر کی مثال: یَا اَیُّھَا الاِنْسَانُ مَاغَرَّکَ بِرَبِّکَ الْکَرِیْم **مؤنث کی مثال**: یا اَیَّتُھَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ

مذکورہ فاصلہ لانے کیلئے شرط یہ ہے کہ وہ الف لام عوضی یا لازم نہ ہو۔ اگر عوضی یا لازم ہو تو فاصلہ ترک کردیا جاتا ہے، جیسے ''یَا اَللّٰہُ'' میں الف لام عوضی ہے کیونکہ یہ اِلٰہٌ کے ہمزہ سے بدل ہوکر آیا ہے، اور لازم بھی ہے کیونکہ لاہٗ کا کلمہ الف لام کے بغیر نثر کلام میں استعمال نہیں ہوتا ہے۔

کبھی کبھار حرف نداء اور منادیٰ کے درمیان ھٰذا یا اَیُّھٰذَا کا فاصلہ بھی لاتے ہیں۔ جیسے یَاھٰذَا الرَّجُلُ، یَااَیُّھٰذَا الرَّجُلُ

صاحب المنہاج فی القواعد والاعراب لکھتے ہیں ''اگر معرف باللام مشتق ہو تو اَیٌّ اور اَیَّۃٌ موصوف ھا برائے تنبیہ اور معرف باللام اس کی صفت ہوگا، اور اگر معرف باللام جامد ہو تو اَیٌّ اور اَیَّۃٌ مبیّن ھا برائے تنبیہ اور معرف باللام عطف بیان ہوگا''۔

اسم مشتق کی مثال: جیسے یَا اَیُّھَا الطَّالِبُ ..**ترکیب**: یا حرف نداء قائم مقام اَدْعُوْ فعل کا، اَدْعُوْ فعل، اَنَا ضمیر درو مستتر اس کا فاعل اَیٌّ موصوف، ھا برائے تنبیہ، الطَّالِبُ اس کی صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر یہ منادیٰ مفعول بہ ہے اَدْعُوْ فعل کا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اسم جامد کی مثال: جیسے یَا اَیُّھَا الرَّجُلُ ..**ترکیب**: یا حرف نداء قائم مقام اَدْعُوْ فعل کا، اَدْعُوْ فعل، اَنَا ضمیر درو مستتر اس کا فاعل، اَیٌّ مبین،

besturdubooks.wordpress.com

ھا برائے تنبیہ، الرَّجُلُ عطف بیان، مبیّن اور عطف بیان مل کر منادیٰ مفعول بہ اُدْعُو فعل کا، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

فائدہ: کبھی حرف نداء کو حذف کر کے اس کے عوض منادیٰ کے آخر میں میم مشدد لاتے ہیں۔ جیسے اَللّٰھُمَّ اصل میں یَااَللّٰہ تھا، یا حرف نداء کو حذف کر کے اس کے عوض لفظ اللّٰہ کے آخر میں میم مشدد لایا تو اَللّٰھُمَّ ہوا۔

فائدہ: کبھی کبھار حرف نداء کو حذف کر کے اس کے عوض کچھ نہیں لایا جاتا۔ جیسے "یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ ھٰذَا" یہ اصل میں یَایُوْسُفُ تھا۔ خاص کر دعاء کے مقام میں جہاں رَبَّنَا یارَبِّی استعمال ہوا ہو تو اس سے پہلے حرف ندا محذوف ہوتا ہے اور اصل میں یارَبَّنَا، یارَبِّی ہوتا ہے، جیسے قرآن مجید میں ہے "رَبَّنَا ظَلَمْنَا" یہ اصل میں یارَبَّنَا ظَلَمْنَا تھا، اور "رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا" یہ اصل میں یَا رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

ذیل کی مثالوں میں منادیٰ کی قسمیں بتائیں۔ اور ہر مثال کا ترجمہ و ترکیب کریں۔

(۱) یَا عَبْدَاللّٰہِ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ (۲) یَارَحْمٰنُ ارْحَمْنَا (۳) یَاجَاھِلاً اِجْھَدْ فِی طَلَبِ الْعِلْمِ (٤) اَیُّھَا الْعُلَمَآءُ اَخْلِصُوا نِیَّاتِکُمْ فِی التَّعْلِیْمِ (٥) یَا اَیُّھَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الْکَرِیْمِ (٦) یَا بُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ (۷) یَا دَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰکَ خَلِیْفَۃً (۸) یَاحَسْرَۃً عَلَی الْعِبَادِ (۹) یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (۱۰) یَااَیُّھَاالرَّسُوْلُ (۱۱) قَالُوْا یَاشُعَیْبُ (۱۲) یَااَیُّھَاالْمُزَّمِّلُ (۱۳) یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ ھٰذَا (١٤) یَاٰاٰدَمُ اسْکُنْ اَنْتَ وَزَوْجُکَ (١٥) یَامُتَعَلِّمًا رَاعِ اَدَبَ اُسْتَاذِکَ

(نمونہ حلّ سوالات)

(۱) یَا عَبْدَاللّٰہِ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ...... ترجمہ: اے اللہ کے بندے نماز قائم کر۔

مذکورہ مثال میں عَبْدَاللّٰہِ منادیٰ کی قسموں میں سے پہلی قسم منادیٰ مضاف ہے، اسی لئے منصوب ہے۔

ترکیب: یَا حرف نداء قائمقام اُدْعُو فعل کے، اُدْعُو فعل، اَنَا ضمیر در و مستتر فاعل، عَبْدَ مضاف، لفظ اللّٰہ مضاف الیہ، مضاف و مضاف الیہ مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر نداء، اَقِمْ فعل، اَنْتَ ضمیر در و مستتر فاعل، الصَّلٰوۃَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور

besturdubooks.wordpress.com

مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جواب نداء، نداء اپنے جواب نداء سے مل کر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

(۲) یَارَحْمٰنُ ارْحَمْنَا...... ترجمہ: اے رحمٰن ہم پر رحم فرما۔

مثال مذکور میں رَحْمٰنُ منادیٰ کی قسموں میں سے چوتھی قسم منادیٰ مفرد معرفہ ہے، اسی وجہ سے مبنی برضمہ ہے۔

ترکیب: یَا حرف نداء قائمقام اَدْعُوْ فعل کے، اَدْعُوْ فعل، اَنَا ضمیر درو مستتر فاعل، رَحْمٰنُ منادیٰ مفرد معرفہ منصوب معناً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر نداء، اِرْحَمْ فعل، اَنْتَ ضمیر درو مستتر فاعل، نَا ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جواب نداء، نداء اپنے جواب نداء سے مل کر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

(۳) یَاجَاهِلاً اِجْهَدْ فِی طَلَبِ الْعِلْمِ...... ترجمہ: اے جاہل علم کے حاصل کرنے میں کوشش کر۔

مثال بالا میں جَاهِلاً منادیٰ کی قسموں میں سے تیسری قسم نکرہ غیر معیّن ہے، لہٰذا منصوب ہے۔

ترکیب: یَا حرف نداء قائمقام اَدْعُوْ فعل کے، اَدْعُوْ فعل، اَنَا ضمیر درو مستتر فاعل، جَاهِلاً منادیٰ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر نداء، اِجْهَدْ فعل، اَنْتَ ضمیر درو مستتر فاعل، فِی حرف جار، طَلَبِ مضاف، الْعِلْمِ مضاف الیہ، مضاف و مضاف الیہ مل کر مجرور، جار مجرور ملکر ظرف لغو متعلق ہوا اِجْهَدْ فعل کا، اِجْهَدْ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جواب نداء، نداء اپنے جواب نداء سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل دوم در حروفِ عاملہ در فعل مضارع وآن بر دو قسم ست، قسمِ اول حروفیکہ فعل مضارع را نصب کنند وآن چہار ست، اول اَنْ چون اُرِیْدُ اَنْ تَقُوْمَ، واَنْ با فعل بمعنی مصدر باشد یعنی اُرِیْدُ قِیَامَکَ، وبدین سبب اورا مصدریہ گویند، دوم لَنْ چون لَنْ یَّخْرُجَ زَیْدٌ، ولَنْ برائے تاکیدِ نفی ست، سوم کَیْ چون اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّۃَ، چہارم اِذَنْ چون اِذَنْ اُکْرِمَکَ در جوابِ کسے کہ گوید اَنَا اٰتِیْکَ غَدًا، وبدانکہ اَنْ بعد از شش حروف مقدر باشد وفعل مضارع را نصب کند حتّٰی نحو مَرَرْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ الْبَلَدَ ولامِ جحد نحو مَاکَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَھُمْ، واَوْ بمعنی اِلٰی اَنْ یا اِلَّا اَنْ نحو لَاَلْزَمَنَّکَ اَوْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ، وواوِ الصرف، ولامِ کَیْ، وفا کہ در جوابِ شش چیز ست امر ونہی ونفی واستفہام وتمنّی وعرض، و اَمْثِلَتُھَا مَشْھُوْرَۃٌ،

ترجمہ: دوسری فصل فعل مضارع میں عمل کرنے والے حروف (کے بیان) میں، اور وہ دو قسم پر ہیں، پہلی قسم وہ حروف ہیں جو فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں، اور وہ چار ہیں۔ پہلا (حرف) اَنْ، جیسے اُرِیْدُ اَنْ تَقُوْمَ، اور اَنْ فعل کے ساتھ مصدر کے معنی میں ہوتا ہے یعنی اُرِیْدُ قِیَامَکَ، اس وجہ سے اس کو اَنْ مصدریہ کہتے ہیں۔ دوسرا (حرف) لَنْ، جیسے لَنْ یَخْرُجَ زَیْدٌ، اور لَنْ نفی کی تاکید کے واسطے ہے۔ تیسرا (حرف) کَیْ، جیسے اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّۃَ۔ چوتھا (حرف) اِذَنْ، جیسے اِذَنْ اُکْرِمَکَ اس شخص کے جواب میں جو اَنَا اٰتِیْکَ غَدًا کہے۔ تو جان کہ اَنْ چھ حروف کے بعد پوشیدہ ہوتا ہے اور فعل مضارع کو نصب دیتا ہے، (۱) حَتّٰی (کے بعد) جیسے مَرَرْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ الْبَلَدَ (۲) لامِ جحد (کے بعد) جیسے مَاکَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَھُمْ (۳) (اس) اَوْ (کے بعد) جو اِلٰی اَنْ یا اِلَّا اَنْ کے معنی میں ہو، جیسے لَاَلْزَمَنَّکَ اَوْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ (۴) واوِ الصرف (کے بعد) (۵) لامِ کَیْ (کے بعد) (۶) اور فاء (کے بعد) جو ان چھ چیزوں کے جواب میں آتا ہے، امر، نہی، نفی، استفہام، تمنّی اور عرض، اور ان کی مثالیں مشہور ہیں۔

تشریح: اس فصل میں مصنف رحمہ اللہ ان حروف عاملہ کو بیان کرتے ہیں جو فعل مضارع میں عمل کرتے ہیں۔ جو حروف فعل مضارع میں عمل کرتے ہیں ان کی دو قسمیں ہیں، (۱) حروفِ ناصبہ (۲) حروفِ جازمہ

(1) حروف ناصبہ:

پہلی قسم حروفِ ناصبہ ہیں، یعنی وہ حروف جو فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں، اور یہ چار حروف ہیں جن کو شاعر نے شعر میں بیان کیا ہے۔

شعر۔ اَنْ ولَنْ پس کَیْ اِذَنْ این چار حرفِ معتبر :: نصبِ مستقبل کنند این جملہ دائم اقتضاء

besturdubooks.wordpress.com

اول اَن:

حروف ناصبہ میں سے پہلا حرف اَنْ ہے۔اَنْ دوطرح کا عمل کرتا ہے،(۱) لفظی عمل (۲) معنوی عمل

لفظی عمل: لفظی عمل یہ ہے کہ فعل مضارع کونصب دیتا ہے۔پھر مضارع کے چودہ صیغوں میں سے پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب، واحدہ مؤنثہ غائبہ، واحد مذکر مخاطب، واحد متکلم، جمع متکلم) کا نصب فتحہ لفظی کے ساتھ ہے، خواہ یہ پانچ صیغے صحیح کے ہوں یا معتل واوی یا یائی کے ہوں۔جیسے اَنْ یَّضْرِبَ، اَنْ یَّغْزُوَ، اَنْ یَّرْمِیَ۔اوراگر یہ پانچ صیغے معتل الفی کے ہوں تو ان کا نصب فتحہ تقدیری کے ساتھ ہے، جیسے اَنْ یَّرْضٰی

اور سات صیغوں (چار تثنیہ، دوجمع مذکر، اورایک واحدہ مؤنثہ مخاطبہ) کا نصب اسقاطِ نونِ اعرابی کے ساتھ ہے، خواہ یہ سات صیغے صحیح کے ہوں، یا معتل واوی، یائی یا الفی کے ہوں، جیسے اَنْ یَّضْرِبَا، اَنْ یَّغْزُوَا، اَنْ یَّرْمِیَا، اَنْ یَّرْضَیَا، اور مضارع کے دوصیغوں (جمع مؤنث غائب اور مخاطب) میں اَنْ کچھ عمل نہیں کرتا کیونکہ یہ دوصیغے مبنی ہیں۔

معنوی عمل: اَنْ معنوی عمل یہ کرتا ہے کہ فعل مضارع کومصدر کی تاویل میں کردیتا ہے، اسی لئے اس کو اَنْ مصدریہ بھی کہتے ہیں۔جیسے اریدُ ان تقوم یہ اُرِیْدُ قیامک کے معنی میں ہے۔

فائدہ: اگر اَنْ ایسے فعل کے بعد آجائے جس میں یقین کے معنی ہوں، تو یہ اَنْ مصدریہ نہیں ہوتا بلکہ مخفف عن المثقل ہوتا ہے۔جیسے عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ مِنْکُمْ مَّرْضٰی

اوراگر اَنْ ایسے فعل کے بعد آجائے جس میں یقین کے معنی نہیں ہوں بلکہ ظن کے معنی ہوں تو اس وقت اَنْ مصدریہ بھی ہوسکتا ہے اور مخفف عن المثقل بھی ہوسکتا ہے، جیسے ظَنَنْتُ اَنْ یَّخْرُجَ، اَنْ مصدریہ کی صورت میں ان یَّخْرُجَ، اور مخفف عن المثقل کی صورت میں ان یَّخْرُجُ ہوگا۔

دوم لَن:

حروف ناصبہ میں سے دوسرا حرف لَنْ ہے۔لَنْ بھی دوطرح کا عمل کرتا ہے، (۱) لفظی عمل (۲) معنوی عمل

لفظی عمل: لَنْ کا لفظی عمل بعینہٖ اَنْ کے لفظی عمل جیسا ہے۔

معنوی عمل: لَنْ معنوی عمل یہ کرتا ہے کہ فعل مضارع کو مستقبل منفی مؤکد کے معنی میں کردیتا ہے، جیسے لَنْ یَّخْرُجَ زَیْدٌ (زید ہرگز نہیں نکلے گا)

besturdubooks.wordpress.com

سوم کَیْ:

حروف ناصبہ میں سے تیسرا حرف کَیْ ہے۔ اور کَیْ بھی دوطرح کا عمل کرتا ہے۔ (۱) لفظی عمل (۲) معنوی عمل

لفظی عمل: کَیْ کا لفظی عمل بھی اَنْ کے لفظی عمل کی طرح ہے۔

معنوی عمل: کَیْ کا معنوی عمل یہ ہے کہ یہ سببیت کیلئے آتا ہے، یعنی اس کا ماقبل مابعد کیلئے سبب ہوتا ہے۔ جیسے اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّۃَ (میں اسلام لایا تا کہ جنت میں داخل ہوجاؤں)

چہارم اِذَنْ:

حروف ناصبہ کا چوتھا حرف اِذَنْ ہے۔ اِذَنْ بھی دوطرح کا عمل کرتا ہے۔ (۱) لفظی عمل (۲) معنوی عمل

لفظی عمل: اِذَنْ کا لفظی عمل بھی اَنْ کے عمل کی طرح ہے۔

معنوی عمل: اِذَنْ معنوی عمل یہ کرتا ہے کہ یہ ہمیشہ کسی کلام کے جواب میں آتا ہے، جیسے کوئی کہے، اَنَا اٰتِیْکَ غَدًا (میں کل تیرے پاس آؤں گا) اس کے جواب میں کہا جائے، اِذَنْ اُکْرِمَکَ (تب میں تیری عزت کروں گا)

بدانکہ اَنْ بعدازشش حروف مقدر باشد الخ...

یہاں سے مصنفؒ ان مقامات کو بیان کررہے ہیں جہاں اَنْ مقدر ہوکر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے، فرماتے ہیں کہ چھ (۶) چیزوں کے بعد اَنْ مقدر ہوکر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔

(۱) **حتّٰی:** حتّٰی کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے، لیکن حتّٰی کے بعد اَن کے مقدر ہونے کیلئے دو شرطیں ہیں (۱) ماقبل کے اعتبار سے فعل مضارع میں زمانہ استقبال موجود ہو (۲) حتّٰی یا تو کَیْ کے معنی میں ہو، یعنی اس کا ماقبل مابعد کے لئے سبب ہو، جیسے اَسْلَمْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ الْجَنَّۃَ، یا اِلٰی کے معنی میں ہو، یعنی اس کا مابعد ماقبل کیلئے انتہاء ہو، جیسے اَسِیْرُ حَتّٰی تَغِیْبَ الشَّمْسُ اَیْ اِلٰی اَنْ تَغِیْبَ الشَّمْسُ

(۲) **لام جحد:** لام جحد کے بعد اَنْ مقدر ہوکر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ **لام جحد** اس لام کو کہتے ہیں جو کَانَ منفی کی خبر پر داخل ہوکر نفی کی تاکید کرتا ہو۔ جیسے مَا کَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَھُمْ،

(۳) **اَوْ بمعنی اِلٰی اَنْ یا اِلَّا اَنْ:** اس اَوْ کے بعد اَنْ مقدر ہوکر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے جو اِلٰی یا اِلَّا کے معنی میں ہو، جیسے لَاَلْزَمَنَّکَ اَوْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ اس مثال میں اَوْ، اِلَّا یا اِلٰی کے معنی میں ہے، اگر اِلَّا کے معنی میں ہو تو تقدیر عبارت یوں ہوگی لَاَلْزَمَنَّکَ

besturdubooks.wordpress.com

اِلَّااَنْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ (میں ضرور بضرور تیرے ساتھ چمٹا رہوں گا مگر یہ کہ تو میرا حق ادا کردے) اور اگر اِلٰی کے معنی میں ہو تو تقدیر عبارت یوں ہوگی، لَاَلْزَمَنَّکَ اِلٰی اَنْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ (میں ضرور بضرور تیرے ساتھ چمٹا رہوں گا یہاں تک کہ تو میرا حق ادا کردے)

(٤) **واؤ الصرف:** واؤ صرف کے بعد بھی اَنْ مقدر ہو کر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ صرف کا لغوی معنی ہے ''روکنا'' اور اصطلاح میں واؤ صرف اس واؤ کو کہتے ہیں جو مَعَ کے معنی میں ہو، اور اس کے مدخول پر وہ حرف داخل نہیں ہو سکتا ہو جو ماقبل والے کلام کے شروع میں آیا ہے، داخل ہونے کی صورت میں معنی میں فساد آئے گا، جیسے لَا تَاْکُلِ السَّمَکَ وَتَشْرَبَ اللَّبَنَ ۔ واؤ صرف کو واؤ المعیت اور واؤ الجمع بھی کہتے ہیں۔

واؤ صرف کے بعد اَنْ کے مقدر ہونے کیلئے دو شرطیں ہیں (١) ماقبل اور مابعد والے فعل کے حصول کا زمانہ ایک ہو (٢) درج ذیل چھ چیزوں میں سے کسی ایک کے بعد واقع ہو۔ امر، نہی، نفی، استفہام، تمنی، عرض

امر کی مثال: جیسے زُرْنِیْ وَاُکْرِمَکَ	نہی کی مثال: جیسے لَاتَشْتِمْنِیْ وَاُوْذِیَکَ
نفی کی مثال: جیسے مَا تَاْتِیْنَا وَتُحَدِّثَنَا	استفہام کی مثال: جیسے اَیْنَ بَیْتُکَ وَاَزُوْرَکَ
تمنی کی مثال: جیسے لَیْتَ لِیْ مَالًا وَاُنْفِقَ مِنْهُ	عرض کی مثال: جیسے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا وَتُصِیْبَ خَیْرًا

(٥) **لام کَیْ:** لام کَیْ کے بعد اَنْ مقدر ہو کر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ لام کَیْ وہ لام ہے جو کَیْ کے معنی میں ہو، یعنی اس کا ماقبل مابعد کیلئے سبب ہو۔ جیسے اَسْلَمْتُ لِاَدْخُلَ الْجَنَّةَ،

فائدہ: لامِ کَیْ اور لام جحد میں دو طرح کا فرق ہے لفظی اور معنوی۔ (١) لفظی فرق یہ ہے کہ لام جحد کَانَ منفی کی خبر پر داخل ہوتا ہے اور لام کَیْ ایسا نہیں ہوتا (٢) معنوی فرق یہ ہے کہ لام کَیْ تعلیل کے لئے آتا ہے بخلاف لام جحد کے کہ وہ صرف نفی کی تاکید کیلئے آتا ہے۔

(٦) **فاء:** فاء کے بعد بھی اَنْ مقدر ہو کر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ فاء کے بعد اَنْ کے مقدر ہونے کے لئے بھی دو شرطیں ہیں، (١) فاء کا ماقبل مابعد کیلئے سبب ہو (٢) فا مذکورہ بالا چھ چیزوں میں سے کسی ایک کے بعد واقع ہو۔

امر کی مثال: جیسے زُرْنِیْ فَاُکْرِمَکَ	نہی کی مثال: جیسے لَاتَشْتِمْنِیْ فَاُوْذِیَکَ
نفی کی مثال: جیسے مَا تَاْتِیْنَا فَتُحَدِّثَنَا	استفہام کی مثال: جیسے اَیْنَ بَیْتُکَ فَاَزُوْرَکَ
تمنی کی مثال: جیسے لَیْتَ لِیْ مَالًا فَاُنْفِقَ مِنْهُ	عرض کی مثال: جیسے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا

besturdubooks.wordpress.com

قسم دوم حروفیکہ فعل مضارع رابجزم کنندوآں پنج است لَمْ و لَمَّا و لامِ امر و لائ نہی و اِنْ شرطیہ، چون لَمْ یَنْصُرْ وَلَمَّا یَنْصُرْ ولِیَنْصُرْ وَلاَ تَنْصُرْ وَاِنْ تَنْصُرْ اَنْصُرْ ،بدانکہ اِنْ دردو جملہ رود چون اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ ،جملۂ اول راشرط گویند و جملۂ دوم راجزاء، واِنْ برائ مستقبل ست اگر چہ در ماضی رود چون اِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ واین جا جزم تقدیری بود زیراکہ ماضی معرب نیست، وبدانکہ چوں جزائ شرط جملہ اسمیہ باشدیا امر یا نہی یادعا، فادرجزا آوردن لازم بود چنانکہ گوئی اِنْ تَاْتِنِیْ فَاَنْتَ مُکْرَمٌ،وَاِنْ رَأَیْتَ زَیْدًا فَاَکْرِمْہُ،وَاِنْ اَتَاکَ عَمْرٌو فَلاَ تُہِنْہُ،وَاِنْ اَکْرَمْتَنِیْ فَجَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا،

ترجمہ: دوسری قسم وہ حروف، جو فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں۔ یہ پانچ حروف ہیں (۱) لَمْ (۲) لَمَّا (۳) لامِ امر (۴) لاے نہی (۵) اوراِنْ شرطیہ، جیسے لَمْ یَنْصُرْ ،لَمَّا یَنْصُرْ ،لِیَنْصُرْ ، لاَ تَنْصُرْ اوراِنْ تَنْصُرْ اَنْصُرْ ۔تو جان کہ اِنْ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے، جیسے اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ پہلے جملے کوشرط کہتے ہیں اوردوسرے کوجزاء، اوراِنْ مستقبل کے واسطے ہے اگر چہ ماضی پر داخل ہو، جیسے اِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ اوراس جگہ جزم تقدیری ہے کیونکہ ماضی معرب نہیں ہے۔اور تو جان کہ جب شرط کی جزاء جملہ اسمیہ ہو، یاامر، نہی یادعا ہوتو (اس کی) جزاء میں فاءلاناضروری ہے، جیسے کہ تُو کہے''اِنْ تَاْتِنِیْ فَاَنْتَ مُکْرَمٌ ،وَاِنْ رَأَیْتَ زَیْدًا فَاَکْرِمْہُ ،وَاِنْ اَتَاکَ عَمْرٌو فَلاَ تُہِنْہُ،وَاِنْ اَکْرَمْتَنِیْ فَجَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا''

(2) حروف جازمہ:

حروف عاملہ در فعل مضارع کی دوسری قسم حروف جازمہ ہیں، یعنی وہ حروف جو فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں۔حروف جازمہ پانچ ہیں جن کوشاعر نے شعر میں یوں بیان کیا ہے۔

شعر ؎ پنج حرف جازم فعلند ہریک بیدغا اِنْ ولَم لَمَّا ولامِ امر ،لائے نہی نیز

(۱) لَم:

لَمْ دوطرح کاعمل کرتا ہے (۱) لفظی عمل (۲) معنوی عمل

لفظی عمل: لفظی عمل یہ کرتا ہے کہ فعل مضارع کو جزم دیتا ہے۔ پھر مضارع کے چودہ صیغوں میں سے پانچ صیغوں (یعنی واحد مذکر غائب، واحدہ مؤنثہ غائبہ، واحد مذکر مخاطب، واحد متکلم، جمع متکلم) کا جزم سکون کے ساتھ ہوگا، بشرطیکہ یہ پانچ صیغے صحیح کے ہوں۔ جیسے لَمْ یَضْرِبْ الخ...

besturdubooks.wordpress.com

اور اگر یہ پانچ صیغے معتل واوی، یائی یا الفی کے ہوں تو ان کا جزم لام کلمہ کے حذف کے ساتھ ہوگا۔ جیسے یَغْزُوْ سے لَمْ یَغْزُ، یَرْمِیْ سے لَمْ یَرْمِ، یَرْضٰی سے لَمْ یَرْضَ

اور سات صیغوں (چار تثنیہ، دو جمع مذکر، ایک واحدہ مؤنثہ مخاطبہ) کا جزم اسقاطِ نون اعرابی کے ساتھ ہوگا، خواہ یہ سات صیغے صحیح کے ہوں، یا معتل واوی، یائی یا الفی کے ہوں۔ جیسے لَمْ یَضْرِبَا، لَمْ یَغْزُوْا، لَمْ یَرْمِیَا، لَم یَرْضَیَا۔

اور دو صیغوں (جمع مؤنث غائبات اور جمع مؤنث مخاطبات) میں کچھ عمل نہیں کرتا، کیونکہ یہ دونوں مبنی ہیں۔

معنوی عمل: معنوی عمل یہ کرتا ہے کہ فعل مضارع کو فعل ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَم یَضْرِبْ بمعنی مَاضَرَبَ

(۲) لَمَّا:

لَمَّا بھی دو طرح کا عمل کرتا ہے۔ (۱) لفظی عمل (۲) معنوی عمل

لفظی عمل: لَمَّا کا لفظی عمل بالکل لَمْ کے عمل کی طرح ہے۔

معنوی عمل: معنوی عمل یہ کرتا ہے کہ مضارع کو فعل ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے، جیسے لَمَّا یَضْرِبْ (ابھی تک نہیں مارا ہے)

لم اور لَمَّا میں فرق: لَمْ اور لَمَّا میں چار فرق ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

(۱) لَمَّا ماضی منفی کے استغراق کیلئے آتا ہے، یعنی لَمَّا کی نفی ماضی کے تمام زمانوں کو گھیر لیتی ہے اور تکلم کے زمانے تک جاری رہتی ہے۔ جیسے لَمَّا یَضْرِبْ (اس نے ابھی تک نہیں مارا) بخلاف لَمْ کے، کہ وہ ماضی منفی کے استغراق کیلئے نہیں آتا۔

(۲) لَمَّا کا فعل حذف ہو سکتا ہے، لیکن لَمْ کا فعل حذف نہیں ہوتا۔ جیسے نَدِمَ زَیْدٌ وَلَمَّا کہنا درست ہے، یہ اصل میں نَدِمَ زَیْدٌ وَلَمَّا یَنْفَعْهُ النَّدَمُ تھا، لیکن نَدِمَ زَیْدٌ وَلَمْ کہنا درست نہیں ہے۔

(۳) لَمَّا میں فعل منفی کا زمانہ استقبال میں وقوع پذیر ہونے کی امید ہوتی ہے، جبکہ لَمْ میں یہ بات نہیں ہے۔

(۴) لَمْ پر حروف شرط داخل ہوتے ہیں اور لَمَّا پر داخل نہیں ہوتے ہیں، لہٰذا اِنْ لَمْ تَضْرِبْ کہنا درست ہے لیکن اِنْ لَمَّا تَضْرِبْ کہنا درست نہیں۔

(۳) لام امر:

لام امر بھی دو طرح کا عمل کرتا ہے (۱) لفظی عمل (۲) معنوی عمل

besturdubooks.wordpress.com

لفظی عمل: لام امر کا لفظی عمل بھی بعینہٖ لم کے عمل جیسا ہے۔

معنوی عمل: لام امر معنوی عمل یہ کرتا ہے کہ فعل مضارع کو امر کے معنی میں کر دیتا ہے، جیسے لِیَضْرِبْ

(٤) لائے نہی:

لائے نہی بھی دو طرح کا عمل کرتا ہے۔(۱) لفظی عمل (۲) معنوی عمل

لفظی عمل: لائے نہی کا لفظی عمل بھی لَمْ کے عمل کی طرح ہے۔

معنوی عمل: معنوی عمل یہ کرتا ہے کہ فعل مضارع کو نہی کے معنی میں کر دیتا ہے، جیسے لَا تَضْرِبْ

بدانکه ان در دو جمله رود الخ...

یہاں سے مصنفؒ حرفِ شرط اِنْ کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اِن دو جملوں پر داخل ہوتا ہے، پہلے جملے کو شرط، دوسرے کو جزاء اور اِنْ کو اِن شرطیہ کہتے ہیں۔ جیسے اِنْ تَضْرِبْ أَضْرِبْ (اگر تو مارے گا تو میں بھی ماروں گا) ترکیب: اِنْ حرفِ شرط، تَضْرِبْ فعل، اَنتَ ضمیر در و مستتر برائے واحد مذکر مخاطب مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر شرط، اَضْرِبْ فعل، اَنَا ضمیر در و مستتر برائے واحد متکلم مرفوع متصل مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جزاء، شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوا۔

(۵) اِنْ کا عمل:

اِنْ بھی دو طرح کا عمل کرتا ہے (۱) لفظی عمل (۲) معنوی عمل

لفظی عمل: لفظی عمل یہ کرتا ہے کہ شرط اور جزاء والے فعلوں کو جزم دیتا ہے۔ پھر اگر شرط اور جزاء فعل مضارع ہوں تو جزم لفظاً ہوگا، اور اگر فعل ماضی ہوں تو جزم محلاً ہوگا۔

فعل مضارع کی مثال: جیسے اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ (اگر تو مارے گا تو میں بھی ماروں گا)

فعل ماضی کی مثال: جیسے اِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ (اگر تو مارے گا تو میں بھی ماروں گا)

معنوی عمل: معنوی عمل یہ کرتا ہے کہ شرط اور جزاء والے فعل کو مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے، اگر چہ وہ فعل ماضی ہی کیوں نہ ہو۔

فائدہ: اگر شرط اور جزاء دونوں یا فقط شرط فعل مضارع ہو، تو فعل مضارع میں لفظاً جزم واجب ہے۔ جیسے "اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ، اِنْ تَضْرِبْ ضَرَبْتُ، اِنْ تَضْرِبْ فَاَنَا ضَارِبٌ" پہلی مثال میں شرط اور جزاء دونوں فعل مضارع ہیں، دوسری مثال میں فقط شرط فعل

besturdubooks.wordpress.com

مضارع ہے اور جزاء ماضی ہے، تیسری مثال میں بھی فقط شرط فعل مضارع ہے اور جزاء جملہ اسمیہ ہے۔

اور اگر فقط جزاء فعل مضارع ہو تو رفع اور جزم دونوں جائز ہیں۔ جیسے اِنْ ضَرَبْتَ اَضْرِبُ اور اَضْرِبْ دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ فعل مضارع کے علاوہ باقی جملے محلاً مجزوم ہوتے ہیں۔

وبدانکه چون جزاء شرط جمله اسمیه باشد (الخ...

یہاں سے مصنف رحمہ اللہ مختصراً ایک فائدہ بیان کر رہے ہیں، ہم اس کی کچھ وضاحت کرتے ہیں۔

فائدہ: اگر شرط کی جزاء فعل ماضی بغیر قَدْ کی ہو تو جزاء پر فا کا لانا ناجائز ہے، جیسے اِنْ اَکْرَمْتَنِی اَکْرَمْتُکَ (اگر تو میری عزت کریگا تو میں بھی تیری عزت کروں گا) اور اگر شرط کی جزاء فعل مضارع مثبت یا فعل مضارع منفی لا کے ساتھ ہو تو فا کا لانا اور نہ لانا دونوں جائز ہیں

فعل مضارع مثبت کی مثال: جیسے اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ ،فَاَضْرِبُ

فعل مضارع منفی بلا کی مثال: جیسے اِنْ تَشْتِمْنِی لَا اَضْرِبْکَ ،فَلَا اَضْرِبُکَ

اور اگر شرط کی جزاء ان دو صورتوں کے علاوہ ہو تو اس پر فا کا لانا واجب ہے۔ مثلاً جزاء فعل ماضی قَدْ کے ساتھ ہو۔ جیسے قرآن مجید میں ہے "اِنْ سَرَقَ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ" یا فعل مضارع منفی ہو لیکن لا کے ساتھ نہیں کسی اور حرف کے ساتھ منفی ہو۔ جیسے "مَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ" (یہاں فعل مضارع لَنْ کے ساتھ منفی ہے) یا جملہ اسمیہ ہو، جیسے "مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا" یا جملہ انشائیہ ہو، جیسے "اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ"

فائدہ: امر، نہی، استفہام، تمنی، عرض، ان پانچ چیزوں کے بعد اگر فعل مضارع واقع ہو تو دیکھا جائے گا کہ فعل مضارع پر فا یا واو داخل ہے یا نہیں۔ اگر داخل ہے تو فعل مضارع منصوب ہوتا ہے، اور اگر داخل نہیں ہے تو فعل مضارع مجزوم ہوتا ہے۔ واؤ اور فا کے بعد فعل مضارع منصوب اس لئے ہوتا ہے کہ واو اور فا کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے جو مضارع کو نصب دیتا ہے اور اگر واؤ اور فا نہ ہو تو مضارع مجزوم اس لئے ہوتا ہے کہ یہاں اِنْ شرطیہ مقدر ہوتا ہے جو مضارع کو جزم دیتا ہے۔ لیکن ان پانچ چیزوں کے بعد اِنْ شرطیہ کے مقدر ہونے کیلئے شرط یہ ہے کہ فعل مضارع کا ماقبل مابعد کیلئے سبب ہو اور سببیت کا ارادہ بھی کیا گیا ہو۔ جیسے "زُرْنِیْ اُكْرِمْكَ" ای اِنْ تَزُرْنِیْ اُكْرِمْكَ (اگر تو میری زیارت کریگا تو میں بھی تیری عزت کروں گا)

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

(تمرینی سوالات)

امثلہ ذیل میں ہر مضارع کا ناصب اور جازم بتائیں، نیز ہر مثال کا ترجمہ وترکیب کریں۔

(۱) اُولٰئِکَ لَمْ یُؤْمِنُوا (۲) یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّخْرُجُوا مِنَ النَّارِ (۳) اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰہَ یَنْصُرْکُمْ (٤) لَنْ یَّدْخُلَ الْجَنَّۃَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِہٖ کِبْرٌ (۵) لَاتَکْفُرْ تَدْخُلِ الْجَنَّۃَ (٦) لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوا (۷) اَلَمْ نَجْعَلْ لَّہٗ عَیْنَیْنِ (۸) وَلْیَتَلَطَّفْ (۹) وَلَاتَنْسَ نَصِیْبَکَ (۱۰) لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ (۱۱) وَاَنْزَلْنَا اِلَیْکَ الذِّکْرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ (۱۲) وَاِنْ یُّکَذِّبُوْکَ فَقَدْ کُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِکَ (۱۳) فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ (١٤) خَالِفْ نَفْسَکَ تَسْتَرِحْ (۱۵) اِنْ تَأْتِنِیْ فَاَنْتَ مُکْرَمٌ

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱) **اُولٰئِکَ لَمْ یُؤْمِنُوا**..... ترجمہ: یہ لوگ ایمان نہیں لائے۔

مذکورہ مثال میں لَمْ حرف جازم ہے جس نے یُؤْمِنُوا کو جزم باسقاطِ نون اعرابی دیا ہوا ہے۔

ترکیب: اُولٰئِکَ اسم اشارہ مبتدا، لَمْ حرف جازم، یُؤْمِنُوا فعل، واؤ ضمیر برائے جمع مذکر غائب فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) **یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّخْرُجُوا مِنَ النَّارِ**...... ترجمہ: وہ آگ سے نکلنے کا ارادہ کریں گے۔

مذکورہ مثال میں اَنْ حرف ناصب ہے جس نے یَخْرُجُوا کو نصب باسقاطِ نون اعرابی دیا ہوا ہے۔

ترکیب: یُرِیْدُوْنَ فعل، واؤ ضمیر برائے جمع مذکر غائب فاعل، اَنْ ناصبہ مصدریہ، یَخْرُجُوا فعل، واؤ ضمیر فاعل، مِنَ النَّارِ جار و مجرور مل کر ظرف لغو متعلّق ہوا یَخْرُجُوا فعل کا، یَخْرُجُوا فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مفعول بہ یُرِیْدُوْنَ کا، یُرِیْدُوْنَ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۳) **اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰہَ یَنْصُرْکُمْ**...... ترجمہ: اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرے گا۔

مثال بالا میں اِنْ حرف جازم شرطیہ ہے جس نے تَنْصُرُوا کو جزم باسقاطِ نون اعرابی اور یَنْصُرْ کو جزم بالسکون دیا ہوا ہے۔

ترکیب: اِنْ حرف شرط، تَنْصُرُوا فعل، واؤ ضمیر برائے جمع مذکر مخاطب فاعل، لفظ اللّٰہ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، یَنْصُرْ فعل، ھُوَ ضمیر در و مستتر فاعل، کُمْ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ

besturdubooks.wordpress.com

فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

نقشہ حروف عاملہ

عامل لفظی



besturdubooks.wordpress.com

باب دوم در عمل افعال

بدانکہ ہیچ فعل غیر عامل نیست وافعال در اعمال بر دو گونہ است، قسم اول معروف بدانکہ فعل معروف خواہ لازم باشد یا متعدی فاعل رابرفع کند چون قَامَ زَيْدٌ وضَرَبَ عَمْرٌو وشش اسم رابنصب کند، اول مفعول مطلق راچون قَامَ زَيْدٌ قِيَامًا وضَرَبَ زَيْدٌ ضَرْبًا دوم مفعول فیہ راچون صُمْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وجَلَسْتُ فَوْقَكَ سوم مفعول معہٗ راچون جَآءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ اَیْ مَعَ الْجُبَّاتِ چہارم مفعول لہٗ راچون قُمْتُ اِكْرَامًا لِزَيْدٍ وضَرَبْتُهٗ تَأْدِيْبًا پنجم حال راچون جَآءَ زَيْدٌ رَاكِبًا ششم تمیز راوقتیکہ در نسبت فعل بفاعل ابہامی باشد چون طَابَ زَيْدٌ نَفْسًا، امّا فعل متعدی مفعول بہ رانصب کند چون ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا واین عمل فعل لازم رانباشد۔

ترجمہ: دوسرا باب افعال کے عمل (کے بیان) میں۔ تو جان کہ کوئی فعل غیر عامل نہیں ہوتا اور افعال عمل کے اعتبار سے دو قسم پر ہیں، پہلی قسم فعل معروف۔ تو جان کہ فعل معروف چاہے لازم ہو یا متعدی، فاعل کو رفع دیتا ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ اور ضَرَبَ عَمْرٌو، اور چھ اسموں کو نصب دیتا ہے۔ اول مفعول مطلق کو جیسے قَامَ زَيْدٌ قِيَامًا اور ضَرَبَ زَيْدٌ ضَرْبًا، دوم مفعول فیہ کو جیسے صُمْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اور جَلَسْتُ فَوْقَكَ، سوم مفعول معہٗ کو جیسے جَآءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ اَیْ مَعَ الْجُبَّاتِ، چہارم مفعول لہٗ کو جیسے قُمْتُ اِكْرَامًا لِزَيْدٍ اور ضَرَبْتُهٗ تَأْدِيْبًا، پنجم حال کو جیسے جَآءَ زَيْدٌ رَاكِبًا، ششم تمیز کو جبکہ فعل کی فاعل کی طرف نسبت میں کوئی ابہام ہو، جیسے طَابَ زَيْدٌ نَفْسًا۔ بہرحال فعل متعدی مفعول بہ کو نصب دیتا ہے جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا، اور یہ عمل فعل لازم کیلئے نہیں ہوتا۔

تشریح: دوسرے باب میں مصنف رحمۃ اللہ افعال عاملہ کا بیان کر رہے ہیں۔ افعال فعل کی جمع ہے، اور فعل کی تعریف گذر چکی ہے۔

فعل کی دو قسمیں ہیں (۱) لازمی (۲) متعدی

(۱) **فعل لازمی:** فعل لازم اس فعل کو کہتے ہیں جو صرف فاعل پر تام ہو، اور مفعول بہ کا تقاضا نہ کرے۔ جیسے قَامَ زَيْدٌ

(۲) **فعل متعدی:** فعل متعدی اس فعل کو کہتے ہیں جو فاعل پر تام نہ ہو، اور مفعول بہ کا تقاضا کرے، یعنی فاعل اور مفعول بہ دونوں سے ملکر تام ہوجائے۔ جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا

فاعل کے اعتبار سے فعل متعدی کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) معلوم (۲) مجہول

(۱) **فعل معلوم:** فعل معلوم اس فعل کو کہتے ہیں جس کا فاعل معلوم ہو، اور اس کی نسبت فاعل کی طرف کی گئی ہو، جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا

besturdubooks.wordpress.com

(۲) **فعل مجہول:** فعل مجہول اس فعل کو کہتے ہیں جس کا فاعل معلوم نہ ہو، اور اس کی نسبت نائب فاعل کی طرف کی گئی ہو، جیسے ضُرِبَ زَیْدٌ

فعل لازم کا عمل: فعل لازم فاعل کو رفع اور سات اسماء کو نصب دیتا ہے، (۱) مفعول مطلق: جیسے قَامَ زَیْدٌ قِیَامًا (۲) مفعول فیہ: جیسے صُمْتُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ (۳) مفعول معہٗ: جیسے جَآءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ (٤) مفعول لہٗ: جیسے قُمْتُ اِکْرَامًا لِزَیْدٍ (٥) حال: جیسے جَآءَنِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا (٦) وہ تمیز جو فعل کی نسبت سے ابہام کو دور کردے: جیسے طَابَ زَیْدٌ نَفْسًا (۷) مستثنٰی: جیسے جَآءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا

فعل متعدی کا عمل: فعل متعدی فاعل کو رفع اور مذکورہ بالا سات اسماء کے علاوہ مفعول بہ کو بھی نصب دیتا ہے۔

فعل مجہول کا عمل: فعل مجہول فعل متعدی والا عمل کرتا ہے فرق صرف اتنا ہے کہ فعل مجہول فاعل کی بجائے مفعول بہ (نائب فاعل) کو رفع دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ فاعل اسمیست کہ پیش از وی فعلی باشد مسند بدان اسم بر طریق قیامِ فعل بدان اسم، چون زَیْدٌ در ضَرَبَ زَیْدٌ، ومفعول مطلق مصدریست کہ واقع شود بعد از فعلی، وآن مصدر بمعنی آن فعل باشد چون ضَرْبًا در ضَرَبْتُ ضَرْبًا، وقِیَامًا در قُمْتُ قِیَامًا، ومفعول فیہ اسمیست کہ فعل مذکور در وواقع شود، واورا ظرف گویند وظرف بر دو گونہ است، ظرفِ زمان چون یَوْمَ در صُمْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ، وظرفِ مکان چون عِنْدَ در جَلَسْتُ عِنْدَکَ، ومفعول معہٗ اسمیست کہ مذکور باشد بعد از واو بمعنی مَعَ چون وَالْجُبَّاتِ در جَآءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ اَیْ مَعَ الْجُبَّاتِ، ومفعول لہٗ اسمیست کہ دلالت کند بر چیزی کہ سبب فعل مذکور باشد چون اِکْرَامًا در قُمْتُ اِکْرَامًا لِزَیْدٍ، وحال اسمیست نکرہ کہ دلالت کند بر ہیئت فاعل چون رَاکِبًا در جَآءَ زَیْدٌ رَاکِبًا، یا بر ہیئت مفعول چون مَشْدُوْدًا در ضَرَبْتُ زَیْدًا مَشْدُوْدًا یا بر ہیئت ہر دو چون رَاکِبَیْنِ در لَقِیْتُ زَیْدًا رَاکِبَیْنِ، وفاعل ومفعول را ذوالحال گویند وآن غالبًا معرفہ باشد، واگر نکرہ باشد حال را مقدم دارند چون جَآءَ نِیْ رَاکِبًا رَجُلٌ، وحال جملہ نیز باشد چنانچہ رَأَیْتُ الْاَمِیْرَ وَهُوَ رَاکِبٌ، وتمیز اسمیست کہ رفع ابہام کند از عدد چون عِنْدِیْ اَحَدَ عَشَرَ دِرْهَمًا، یا از وزن چون عِنْدِیْ رِطْلٌ زَیْتًا، یا از کیل چون عِنْدِیْ قَفِیْزَانِ بُرًّا، یا از مساحت چون مَافِی السَّمَآءِ قَدْرُ رَاحَةٍ سَحَابًا ومفعول بہٖ اسمیست کہ فعلِ فاعل براو واقع شود چون ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا، بدانکہ این ہمہ منصوبات بعد از تمامی جملہ باشند، وجملہ بفعل وفاعل تمام شود بدین سبب گویند کہ اَلْمَنْصُوْبُ فَضْلَةٌ۔

ترجمہ: فصل: تُو جان کہ فاعل وہ اسم ہے جس سے پہلے ایسا فعل ہو جس کی نسبت اس اسم ہی طرف اس طرح کی گئی ہو کہ وہ فعل اس اسم کے ساتھ قائم ہو، جیسے زَیْدٌ، ضَرَبَ زَیْدٌ میں، اور مفعول مطلق وہ مصدر ہے جو کسی فعل کے بعد واقع ہو، اور وہ مصدر اسی فعل کے معنی میں ہو، جیسے ضَرْبًا، ضَرَبْتُ ضَرْبًا میں، اور قِیَامًا، قُمْتُ قِیَامًا میں، اور مفعول فیہ وہ اسم ہے جس میں فعل مذکور واقع ہوا اور اس کو ظرف کہتے ہیں، اور ظرف دو قسم پر ہے ظرفِ زمان جیسے یَوْمَ، صُمْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ میں، اور ظرفِ مکان جیسے عِنْدَ، جَلَسْتُ عِنْدَکَ میں، اور مفعول معہٗ وہ اسم ہے جو کہ مذکور ہو ایسے واؤ کے بعد جو مَعَ کے معنی میں ہو، جیسے وَالْجُبَّاتِ، جَآءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ یعنی مَعَ الْجُبَّاتِ میں، اور مفعول لہٗ وہ اسم ہے جو اس چیز پر دلالت کرے جو فعل مذکور کا سبب ہو، جیسے اِکْرَامًا قُمْتُ اِکْرَامًا لِزَیْدٍ میں، اور حال وہ اسم نکرہ ہے جو دلالت کرے فاعل کی ہیئت پر، جیسے رَاکِبًا، جَآءَ زَیْدٌ رَاکِبًا میں، یا مفعول کی ہیئت پر جیسے مَشْدُوْدًا، ضَرَبْتُ زَیْدًا مَشْدُوْدًا میں، یا (فاعل اور مفعول) دونوں کی ہیئت پر، جیسے رَاکِبَیْنِ لَقِیْتُ زَیْدًا رَاکِبَیْنِ میں۔ اور فاعل اور مفعول کو ذوالحال کہتے ہیں اور وہ

besturdubooks.wordpress.com

(ذوالحال) اکثر معرفہ ہوتا ہے اور اگر نکرہ ہو تو حال کو مقدم کرتے ہیں جیسے جَآءَ نِیْ رَاکِبًا رَجُلٌ ۔ اور حال جملہ بھی ہوتا ہے جیسے رَأَیْتُ الْاَمِیْرَ وَھُوَ رَاکِبٌ، اور تمیز وہ اسم ہے جو عدد سے ابہام (شبہ) کو دور کر دے، جیسے عِنْدِیْ اَحَدَ عَشَرَ دِرْھَمًا، یا وزن سے جیسے عِنْدِیْ رِطْلٌ زَیْتًا ، یا پیمانے سے جیسے عِنْدِیْ قَفِیْزَانِ بُرًّا ، یا پیمائش سے جیسے مَافِی السَّمَآءِ قَدْرُ رَاحَةٍ سَحَابًا ۔ اور مفعول بہ وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا، تو جان کہ یہ تمام منصوبات جملہ کے تام ہونے کے بعد ہوتے ہیں اور جملہ فعل اور فاعل کے ساتھ تام ہوتا ہے، اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ اَلْمَنْصُوْبُ فَضْلَةٌ (منصوب ایک زائد چیز ہے)

تشریح: اس فصل میں مصنف رحمۃ اللہ فعل کے معمولات میں سے ہر ایک کی تعریف وتشریح کر رہے ہیں۔

فاعل کی تعریف:

فاعل لغت میں کام کرنے والے کو کہتے ہیں۔ اصطلاح میں فاعل اس اسم کو کہتے ہیں جس سے پہلے فعل یا شبہ فعل ہو، اور اس فعل یا شبہ فعل کی نسبت اس اسم کی طرف اس طرح کی گئی ہو کہ وہ اس اسم کے ساتھ قائم ہو، پھر خواہ فاعل سے صادر ہو یا نہ ہو۔

صادر ہونے کی مثال: جیسے اَلَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا

صادر نہ ہونے کی مثال: جیسے مَاتَ زَیْدٌ (زید فوت ہوا) موت کو زید صادر نہیں کرتا بلکہ اسکا خالق اللہ تعالیٰ ہے، زید کیساتھ صرف قائم ہے۔

مفعول مطلق کی تعریف:

مفعول مطلق وہ مصدر ہے جو فعل کے بعد واقع ہو اور فعل کے ہم معنی ہو۔ جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبًا میں ضَرْبًا،

مفعول فیہ کی تعریف:

مفعول فیہ اس چیز کا نام ہے جس میں فاعل کا فعل واقع ہو۔ مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں، ظرف لغت میں برتن یا ہر اس چیز کو کہتے ہیں جس میں دوسری چیز سمائی جائے۔ اصطلاح میں ظرف اس اسم کو کہتے ہیں جس میں وقت یا جگہ کے معنی پائے جاتے ہوں، اگر اس میں وقت کے معنی موجود ہوں تو اس کو ظرف زمان کہتے ہیں۔ جیسے صُمْتُ یَوْمَ الْجُمْعَةِ میں یوم ظرف زمان ہے۔ اور اگر اس میں جگہ کے معنی موجود ہوں تو اس کو ظرف مکان کہتے ہیں۔ جیسے جَلَسْتُ عِنْدَکَ میں عِنْدَ ظرف مکان ہے۔

مفعول معہ کی تعریف:

مفعول معہ وہ اسم ہے جو ایسی واؤ کے بعد واقع ہو جو مَعَ کے معنی میں ہو، جیسے جَآءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ ای مَعَ الْجُبَّاتِ اس

besturdubooks.wordpress.com

مثال میں وَالْجُبَّاتِ مفعول معہ ہے۔

مفعول لہٗ کی تعریف:

مفعول لہٗ اس چیز کا نام ہے جس کی وجہ سے فعل واقع ہوا ہو، جیسے قُمْتُ اِکْرَامًا لِزَیْدٍ میں اِکْرَامًا مفعول لہٗ ہے۔

حال کی تعریف:

حال اس اسم نکرہ کو کہتے ہیں جو فاعل، مفعول بہ یا دونوں کی حالت کو بیان کرے، یعنی فاعل سے جب فعل صادر ہو رہا تھا اس وقت اسکی حالت کیا تھی، یا مفعول پر جب فعل واقع ہو رہا تھا اس وقت اسکی حالت کیا تھی۔ جس فاعل یا مفعول بہ کی حالت کو بیان کیا جائے اسے ذوالحال کہتے ہیں۔

اس حال کی مثال جو فاعل کی حالت کو بیان کرے: جیسے جَآءَ زَیْدٌ رَاکِبًا (میرے پاس زید آیا اس حال میں کہ وہ سوار تھا) اس مثال میں رَاکِبًا زَیدٌ فاعل سے حال ہے۔ ترکیب: جَآءَ فعل، زَیْدٌ ذوالحال، رَاکِبًا منصوب لفظًا حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل ہوا جَآءَ فعل کا، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اس حال کی مثال جو مفعول بہ کی حالت کو بیان کرے: جیسے ضَرَبْتُ زَیْدًا مَشْدُوْدًا (میں نے زید کو مارا اس حال میں کہ وہ بندھا ہوا تھا) اس مثال میں مَشْدُوْدًا، زَیدًا مفعول بہ سے حال ہے۔ ترکیب: ضَرَبْتُ فعل، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل مرفوع محلًا فاعل، زَیْدًا ذوالحال، مَشْدُوْدًا حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ ہوا ضَرَبْتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اس حال کی مثال جو فاعل اور مفعول بہ دونوں کی حالت کو بیان کرے: جیسے لَقِیْتُ زَیْدًا رَاکِبَیْنِ (میں زید کو ملا اس حال میں کہ ہم دونوں سوار تھے) اس مثال میں رَاکِبَیْنِ تُ ضمیر فاعل اور زَیدًا مفعول بہ دونوں سے حال ہے۔ ترکیب: لَقِیْتُ فعل، تُ ضمیر ذوالحال، زَیْدًا ذوالحال، رَاکِبَیْنِ حال، تُ ضمیر ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، زَیْدًا ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وآن غالبا معرفه باشد:

یہاں سے مصنفؒ ایک فائدہ بیان کر رہے ہیں، کہ ذوالحال اکثر معرفہ ہوتا ہے۔ اگر کسی جگہ ذوالحال نکرہ ہو تو حال کو ذوالحال پر

besturdubooks.wordpress.com

مقدم کرنا واجب ہے، تاکہ نصبی حالت میں صفت سے التباس نہ آئے، جیسے رَأیتُ رَجُلاً رَاکِبًا (دیکھا میں نے ایک مرد کو اس حال میں کہ وہ سوار تھا) اس مثال میں رَاکِبًا، رَجُلاً سے صفت بھی بن سکتا ہے اور حال بھی۔ حال کی صورت میں رَاکِبًا کو رَجُلاً پر مقدم کر کے رَأیتُ رَاکِبًا رَجُلاً پڑھیں گے، اب صفت سے التباس نہیں رہتا ہے، کیونکہ صفت کبھی بھی موصوف پر مقدم نہیں ہو سکتی۔ رفع اور جر کی صورت میں اگرچہ صفت سے التباس نہیں آتا، لیکن طردً اللباب وہاں بھی مقدم کرتے ہیں۔

وحال جمله نیز باشد:

حال اکثر مفرد ہوا کرتا ہے لیکن کبھی جملہ بھی ہوتا ہے، جیسے رَأیتُ الاَمِیرَ وَھُوَ رَاکِبٌ (دیکھا میں نے امیر کو اس حال میں کہ وہ سوار تھا) اس مثال میں ھُوَ رَاکِبٌ پورا جملہ الاَمِیرَ سے حال واقع ہے۔ ترکیب: رَأیتُ فعل با فاعل، الاَمِیرَ ذوالحال، واؤ حالیہ، ھُوَ ضمیر مبتدا، رَاکِبٌ مرفوع لفظاً خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر منصوب محلاً حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ ہوا رَأیتُ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تمیز کی تعریف:

تمییز کا لغوی معنی ہے ''جدا کر دینا'' اصطلاح میں تمیز اس اسم کو کہتے ہیں جو کسی مبہم چیز سے ابہام کو دور کر دے۔ جس چیز سے ابہام کو دور کیا جاتا ہے اس کو ممیز کہتے ہیں، اور ابہام کو دور کرنے والے اسم کو تمیز اور ممیز کہتے ہیں۔ پھر تمیز کبھی عدد، کبھی وزن، کبھی کیل اور کبھی مساحت سے ابہام کو دور کر دیتی ہے۔

عدد کی مثال: جیسے عِندِیْ اَحَدَ عَشَرَ دِرھَمًا (میرے پاس گیارہ درھم ہیں) اس مثال میں احدَ عشرَ ممیز ہے اور دِرھَمًا تمیز ہے جس نے اَحَدَ عَشَرَ (جو کہ عدد ہے) سے ابہام کو دور کر دیا ہے۔ ترکیب: عِندَ مضاف، یاء ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف و مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ ہوا ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل اپنے فاعل ھُوَ ضمیر اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مقدم، اَحَدَ عَشَرَ ممیز، دِرھَمًا تمیز، ممیز اپنی تمیز سے مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وزن کی مثال: جیسے عِندِیْ رِطْلٌ زَیتًا (میرے پاس زیتون تیل کا ایک رطل ہے۔[1]) اس مثال میں زَیتًا تمیز نے رِطْلٌ ممیز (جو کہ وزن ہے) سے ابہام کو دور کر دیا ہے۔ ترکیب: ترکیب پہلی مثال کی ترکیب جیسی ہے۔

کیل کی مثال: جیسے عِندِیْ قَفِیزَانِ بُرًّا (میرے پاس گندم کے دو قفیز ہیں۔[2]) اس مثال میں قَفِیزَانِ ممیز ہے، بُرًّا تمیز ہے جس نے

[1] رطل ساڑھے چھٹانک کے وزن کو کہتے ہیں۔ [2] قفیز ایک پیمانے کا نام ہے جو ۲۸ لکھنوی سیروں کا ہوتا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

قفیزانِ (جو کہ کیل ہے) سے ابہام کو دور کر دیا ہے۔ ترکیب: ترکیب پہلی مثال جیسی ہے۔

مساحت کی مثال: مساحت "پیمائش" کو کہتے ہیں۔ جیسے مَا فِی السَّمَآءِ قَدْرُ رَاحَةٍ سَحَابًا (آسمان میں ایک ہتھیلی کے اندازے کے برابر بھی بادل نہیں ہے) اس مثال میں قَدْرُ رَاحَةٍ مرکب اضافی ممیّز ہے، سَحَابًا تمیز ہے۔ سَحَابًا تمیز نے قدرُ راحةٍ (جو کہ مساحت ہے) سے ابہام کو دور کر دیا ہے۔ ترکیب: مَا مشابہ بلیس، فِی حرف جار، السَّمَآءِ مجرور، جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف مستقر متعلق ہے ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل اپنے فاعل هُوَ ضمیر مستتر اور متعلق سے ملکر خبر مقدم، قَدْرُ مضاف، رَاحَةٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر ممیّز، سَحَابًا تمیز، ممیّز اپنی تمیز سے مل کر اسم مؤخر، مَا اپنے اسم مؤخر اور اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مفعول بہ کی تعریف:

مفعول بہ اس چیز کا نام ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔ جیسے 'ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا' اس مثال میں عَمْرًا مفعول بہ ہے۔

بدانکه این همه منصوبات الخ...

یہاں سے مصنفؒ ایک فائدہ بیان کر رہے ہیں، کہ جملہ فعل اور فاعل پر تام ہو جاتا ہے، اور تمام منصوبات جملہ کے تام ہونے کے بعد آتے ہیں۔ اسی لئے علماءِ نحو فرماتے ہیں "اَلْمَنصُوبُ فَضْلَةٌ" منصوب زائد چیز ہے۔

(تمرینی سوالات)

امثلۂ ذیل میں فاعل، مفعول کی تمام قسمیں، حال، اور تمیز کو بیان کریں۔ اور ہر مثال کی ترکیب و ترجمہ کریں۔

(۱) اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا (۲) يَدْخُلُوْنَ فِي دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا (۳) لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ (٤) جَلَسَ زَيْدٌ اَمَامَ الْاَمِيْرِ (۵) سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلاً (٦) صُمْتُ يَوْمَ الْخَمِيْسِ (۷) ضَرَبْتُ زَيْدًا تَأْدِيْبًا (۸) جَآءَ زَيْدٌ رَاكِبًا (۹) سَارَ بَكْرٌ سَيْرَ الْبَرِيْدِ (۱۰) لَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ (۱۱) اُذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا (۱۲) جَاهِدُوْا الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ (۱۳) يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا (١٤) وَعَتَوْا عُتُوًّا كَبِيْرًا (۱۵) وَتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱) **اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا...... ترجمہ:** آپ اس کو کل ہمارے ساتھ بھیج دیجئے۔

مذکورہ مثال میں اَرْسِلْ کے اندر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل ہے، اور "ہ" ضمیر مفعول کی قسموں میں سے مفعول بہ ہے۔ مَعَنَا اور غَدًا

besturdubooks.wordpress.com

دونوں مفعول کی قسموں میں سے مفعول فیہ ہیں۔

ترکیب: اَرْسِلْ فعل، اَنْتَ ضمیر در و مستتر فاعل، ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، مَعَ مضاف، نَا ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر مفعول فیہ اول، غَدًا مفعول فیہ ثانی فعل اپنے فاعل اور تمام مفاعیل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

(۲) یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا...... ترجمہ: وہ اللہ تعالیٰ کے دین میں جوق در جوق داخل ہوتے ہیں۔

مثال بالا میں یَدْخُلُوْنَ کی واؤ ضمیر فاعل ہے اور اَفْوَاجًا حال ہے۔

ترکیب: یَدْخُلُوْنَ فعل، واؤ ضمیر مرفوع متصل بارز ذوالحال، فِیْ حرف جار، دِیْنِ مضاف، لفظ اللّٰہ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور، جار و مجرور مل کر ظرف لغو متعلق ہوا یَدْخُلُوْنَ کا، اَفْوَاجًا حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۳) لَا تَقْتُلُوْا یُوْسُفَ..... ترجمہ: یوسفؑ کو قتل مت کرو۔

مذکورہ جملہ میں لَا تَقْتُلُوْا کی واؤ فاعل، اور یُوْسُفَ مفعول کی قسموں میں سے مفعول بہ ہے۔

ترکیب: لَا تَقْتُلُوْا فعل، واؤ ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل، یُوْسُفَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ فاعل بردوقسم ست، مظہر چوں ضَرَبَ زَیْدٌ ، ومضمر بارز چوں ضَرَبْتُ، ومستتر یعنی پوشیدہ چون زَیدٌ ضَرَبَ کہ فاعلِ ضَرَبَ ھُوَ است در ضَرَبَ مستتر۔ بدانکہ چوں فاعل مؤنث حقیقی باشد یا ضمیر مؤنث، علامت تانیث در فعل لازم باشد چوں قَامَتْ ھِنْدٌ وَ ھِنْدٌ قَامَتْ اَیْ ھِیَ ، ودر مظہر مؤنث غیر حقیقی ودر مظہر جمع تکسیر دووجہ روا باشد چوں طَلَعَ الشَّمْسُ وطَلَعَتِ الشَّمْسُ وقَالَ الرِّجَالُ وقَالَتِ الرِّجَالُ

ترجمہ: تو جان کہ فاعل دو قسم پر ہیں، (۱) مظہر (یعنی اسم ظاہر) جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ (۲) مضمر (یعنی ضمیر، اور اس کی دو قسمیں ہیں) بارز (ظاہر) جیسے ضَرَبْتُ اور مستتر یعنی پوشیدہ جیسے "زَیدٌ ضَرَبَ" کہ ضَرَبَ کا فاعل ھُوَ ہے جو ضَرَبَ میں پوشیدہ ہے۔ تو جان کہ فاعل جب مؤنث حقیقی ہو یا ضمیر مؤنث، تو تانیث کی علامت فعل میں ضروری ہے جیسے قَامَتْ ھِنْدٌ اور ھِنْدٌ قَامَتْ یعنی ھِیَ۔ اور (فاعل) اسم ظاہر مؤنث غیر حقیقی اور اسم ظاہر جمع تکسیر میں دو وجہ جائز ہیں (مذکر اور مؤنث) جیسے طَلَعَ الشَّمْسُ وطَلَعَتِ الشَّمْسُ وقَالَ الرِّجَالُ وقَالَتِ الرِّجَالُ.

تشریح: اس فصل میں مصنفؒ فاعل کی قسمیں بیان کر رہے ہیں کہ فاعل کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) مظہر، یعنی اسم ظاہر (۲) مضمر، یعنی ضمیر، ان دونوں قسموں کی تعریف گذر چکی ہے۔

مضمر کی پھر دو قسمیں ہیں (۱) بارز (۲) مستتر۔ ان دونوں کی تعریف بھی گذر چکی ہے۔

فاعل مظہر کی مثال جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ میں زَیْدٌ، **فاعل ضمیر بارز کی مثال** جیسے ضَرَبْتُ میں تُ ضمیر، **فاعل ضمیر مستتر کی مثال** جیسے ضَرَبَ میں ھُوَ ضمیر،

بدانکہ چون فاعل مؤنث حقیقی باشد الخ...

یہاں سے مصنف رحمہ اللہ فعل کو مذکر اور مؤنث لانے کی مختلف صورتیں بیان کر رہے ہیں، لیکن اس سے پہلے ایک فائدہ جاننا ضروری ہے۔

فائدہ: مؤنث کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) مؤنث حقیقی (۲) مؤنث غیر حقیقی

(۱) **مؤنث حقیقی:** مؤنث حقیقی وہ مؤنث ہے جس کے مقابلے میں مذکر جاندار ہو، خواہ اس میں مؤنث کی علامت لفظوں میں موجود ہو یا نہ ہو۔ مؤنث کی علامت لفظوں میں موجود ہو، جیسے اِمْرَءَۃٌ (عورت) اس کے مقابلے میں رَجُلٌ (مرد) مذکر جاندار ہے، نَاقَۃٌ (اونٹنی)

besturdubooks.wordpress.com

اسکے مقابلے میں جَمَلٌ (اونٹ) مذکر جاندار ہے، مؤنث کی علامت لفظوں میں موجود نہ ہو، جیسے اَتَانٌ (گدھی) اس کے مقابلے میں حِمَارٌ (گدھا) جاندار مذکر ہے۔

(۲) **مؤنث لفظی:** مؤنث لفظی وہ مؤنث ہے جس کے مقابلے میں یا تو سرے سے مذکر ہی نہ ہو، جیسے غَیْنٌ۔ یا مذکر تو ہو لیکن جاندار نہ ہو، جیسے نَخْلَةٌ اس کے مقابلے میں نَخْلٌ مذکر ہے لیکن جاندار نہیں ہے۔

فعل کو مذکر اور مؤنث لانے کی صورتیں:

(1) اگر فعل کا فاعل اسمِ ظاہر مؤنث حقیقی ہو اور فعل و فاعل کے درمیان فاصلہ نہ ہو تو فعل کو مؤنث لانا واجب اور ضروری ہے، چاہے فاعل مفرد ہو، تثنیہ ہو یا جمع ہو۔ جیسے قَامَتْ هِنْدٌ، قَامَتْ هِنْدَانِ، قَامَتْ هِنْدَاتٌ

(2) اگر فعل کا فاعل اسمِ ظاہر مؤنث حقیقی ہو لیکن فعل اور فاعل کے درمیان فاصلہ ہو تو فعل کو مذکر اور مؤنث دونوں طرح لانا جائز ہے۔ جیسے ضَرَبَتِ الْیَوْمَ هِنْدٌ اور ضَرَبَ الْیَوْمَ هِنْدٌ دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

(3) اگر فعل کا فاعل مؤنث غیر حقیقی ہو، خواہ فعل اور فاعل کے درمیان فاصلہ ہو یا نہ ہو تو فعل کو مذکر اور مؤنث دونوں طرح لانا جائز ہے، لیکن فاصلے کی صورت میں فعل کو مذکر لانا زیادہ بہتر ہے۔ فاصلہ نہ ہو: جیسے طَلَعَتِ الشَّمْسُ اور طَلَعَ الشَّمْسُ دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ فاصلہ ہو: جیسے طَلَعَتِ الْیَوْمَ شَمْسٌ اور طَلَعَ الْیَوْمَ شَمْسٌ دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔ لیکن طَلَعَ الْیَوْمَ شَمْسٌ پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔

(4) اگر فعل کا فاعل ایسی ضمیر ہو جو مؤنث کی طرف لوٹ رہی ہو پھر چاہے وہ مؤنث حقیقی ہو یا مؤنث غیر حقیقی ہو تو فعل کو مؤنث لانا واجب ہے۔ مرجع مؤنث حقیقی ہو: جیسے " هِنْدٌ قَامَتْ " اس مثال میں قَامَتْ فعل کا فاعل هِیَ ضمیر مستتر ہے جو هِنْدٌ کی طرف لوٹ رہی ہے اور هِنْدٌ مؤنث حقیقی ہے۔ مرجع مؤنث غیر حقیقی ہو: جیسے " اَلشَّمْسُ طَلَعَتْ " اس مثال میں طَلَعَتْ فعل کا فاعل هِیَ ضمیر مستتر ہے، جو الشَّمْسُ کی طرف لوٹ رہی ہے، اور الشَّمْسُ مؤنث غیر حقیقی ہے۔

(5) اگر فعل کا فاعل "اسم ظاہر جمع مکسّر" ہو (خواہ مذکر عاقل کی جمع مکسر ہو یا مذکر غیر عاقل کی، مؤنث عاقل کی جمع مکسر ہو یا مؤنث غیر عاقل کی) یا فعل کا فاعل جمع مؤنث سالم ہو، تو فعل کو مذکر لانا بھی جائز ہے اور مؤنث لانا بھی جائز ہے۔

فاعل مذکر عاقل کی جمع مکسر کی مثال: جیسے " قَالَ الرِّجَالُ ، قَالَتِ الرِّجَالُ " دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

فاعل مذکر غیر عاقل کی جمع کی مثال: جیسے " مَضَی الأیَّامُ ،مَضَتِ الأیَّامُ "دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

فاعل مؤنث عاقل کی جمع مکسر کی مثال: جیسے "قَالَ نِسوَۃٌ ، قَالَتْ نِسوَۃٌ"دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔

فاعل مؤنث غیر عاقل کی جمع مکسر کی مثال: جیسے "جَرَی العُیُوْنُ، جَرَتِ العُیُوْنُ"دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

فاعل جمع مؤنث سالم کی مثال: جیسے:"جَآءَ المُؤْمِنَاتُ، جَآءَ تِ المُؤْمِنَاتُ "دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

(6) اگر فعل کا فاعل ایسی ضمیر ہو جو جمع مکسر کی طرف لوٹ رہی ہو اور وہ جمع مکسر مذکر عاقل کی ہو تو فعل کو تائے تانیث کے ساتھ لانا بھی جائز ہے اور واؤ جمع مذکر غائب کے ساتھ لانا بھی جائز ہے۔ جیسے" اَلرِّجَالُ قَامَتْ، الرِّجَالُ قَامُوا " دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

(7) اگر فعل کا فاعل ایسی ضمیر ہو جو جمع مکسر کی طرف لوٹ رہی ہو (خواہ وہ مذکر غیر عاقل کی جمع مکسر ہو، یا مؤنث عاقل یا غیر عاقل کی جمع مکسر ہو) تو فعل کو تائے تانیث کے ساتھ لانا بھی جائز ہے، اور نونِ جمع مؤنث غائب کے ساتھ لانا بھی جائز ہے۔

مذکر غیر عاقل کی جمع مکسر کی مثال: جیسے " الأیَّامُ مَضَتْ الأیَّامُ مَضَیْنَ "دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔

مؤنث عاقل کی جمع مکسر کی مثال :جیسے" اَلنِّسَآءُ جَآءَ تْ، النِّسَآءُ جِئْنَ " دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

مؤنث غیر عاقل کی جمع مکسر کی مثال: جیسے" اَلعُیُوْنُ جَرَتْ، العُیُوْنُ جَرَیْنَ " دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔

(8) اگر فعل کا فاعل اسم ظاہر مذکر ہو تو فعل کو مذکر لانا واجب ہے۔ جیسے قَالَ زَیْدٌ

(9) اگر فعل کا فاعل جمع مذکر سالم ہو تو فعل مذکر لانا واجب ہے۔ جیسے قَالَ مُسْلِمُوْنَ

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

قسم دوم مجہول، بدانکہ فعل مجہول بجایٔ فاعل مفعول بہ را بر فع کند وباقی رابنصب کند چوں ضُرِبَ زَیْدٌ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اَمَامَ الْاَمِیْرِ ضَرْبًا شَدِیْدًا فِیْ دَارِہٖ تَأْدِیْبًا وَالْخَشَبَةَ، وفعل مجہول رافعل مالم یُسَمَّ فاعلہٗ گویند ومرفوعش رامفعول مالم یُسَمَّ فاعلہٗ گویند۔

ترجمہ: دوسری قسم فعل مجہول، تو جان کہ فعل مجہول فاعل کی بجائے مفعول بہ کو رفع دیتا ہے اور باقی (منصوبات) کو نصب دیتا ہے جیسے ضُرِبَ زَیْدٌ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اَمَامَ الْاَمِیْرِ ضَرْبًا شَدِیْدًا فِیْ دَارِہٖ تَأْدِیْبًا وَالْخَشَبَةَ ،اور فعل مجہول کو فعل مالم یُسَمَّ فاعلہٗ کہتے ہیں اور اس کے مرفوع کو مفعول مالم یُسَمَّ فاعلہٗ کہتے ہیں۔

تشریح: یہاں سے مصنف رحمۃ اللہ فعل مجہول کا عمل بتا رہے ہیں، کہ فعل مجہول، فاعل کی بجائے مفعول بہ کو رفع دیتا ہے، اور باقی سات اسموں کو نصب دیتا ہے۔ فعل مجہول کو "فعل مالم یسمّ فاعلہٗ" بھی کہتے ہیں۔ اور اس کے مفعول بہ کو "نائب فاعل یا مفعول مالم یسمّ فاعلہٗ" بھی کہتے ہیں۔

مثال: جیسے "ضُرِبَ زَیْدٌ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اَمَامَ الاَمِیْرِ ضَرْبًا شَدِیْدًا فِیْ دَارِہٖ تَأْدِیْبًا وَالْخَشَبَةَ"

ترکیب: ضُرِبَ فعل مجہول، زَیْدٌ مرفوع لفظاً نائب فاعل، یومَ مضاف، الجُمُعَةِ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر ظرف زمان مفعول فیہ اول، اَمَامَ مضاف، الاَمِیْرِ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر ظرف مکان مفعول فیہ ثانی، ضَربًا موصوف، شَدِیْدًا صفت، موصوف وصفت ملکر مفعول مطلق، فِی حرف جار، دَارِ مضاف، ہٖ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو متعلق ہوا ضُرِبَ فعل کا، تَأْدِیْبًا منصوب لفظاً مفعول لہٗ، وَالْخَشَبَةَ مفعول معہٗ، فعل مجہول اپنے نائب فاعل، مفعول فیہ اول، مفعول فیہ ثانی، مفعول مطلق، مفعول لہٗ، مفعول معہٗ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

امثلہ ذیل میں فاعل کی قسموں کی وضاحت کریں، اور فعل کی تذکیر وتانیث کی وجہ بیان کریں، نیز ہر مثال کا ترجمہ وترکیب بھی کریں۔

(۱) ضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الاَرْضُ (۲) جَلَسَ زَیْدٌ مُتَّکِئًا (۳) اَلْأَیَّامُ مَضَتْ (٤) قَالَتِ الرِّجَالُ (٥) قَالَ نِسْوَةٌ (٦) خَرَّ مُوْسٰی

besturdubooks.wordpress.com

صَعِقًا (۷) کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِصَاصُ (۸) اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ (۹) قَالَتْ اِحْدٰهُمَا (۱۰) وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ (۱۱) فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ (۱۲) اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ (۱۳) وَاِذَا النُّجُوْمُ انْکَدَرَتْ (۱۴) وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُهٗ (۱۵) یَوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱) ضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ..... ترجمہ: ان پر زمین تنگ ہوگئی۔

مذکورہ مثال میں اَلْاَرْضُ فاعل اسم ظاہر مؤنث غیر حقیقی ہے، فعل اور فاعل کے درمیان فاصلہ ہے، لہٰذا فعل کو مذکر لانا بھی جائز ہے اور مؤنث لانا بھی جائز ہے۔

ترکیب: ضَاقَتْ فعل، عَلَیْھِمْ جار ومجرور ملکر ظرف لغو متعلق، اَلْاَرْضُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۲) جَلَسَ زَیْدٌ مُتَّکِئًا...... ترجمہ: زید تکیہ لگائے ہوئے بیٹھا ہے۔

مثال بالا میں زَیْدٌ فاعل اسم ظاہر مذکر ہے اس وجہ سے فعل کو مذکر لانا واجب ہے۔

ترکیب: جَلَسَ فعل، زیدٌ ذوالحال، مُتَّکِئًا حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۳) اَلْاَیَّامُ مَضَتْ...... ترجمہ: دن گذر گئے۔

مذکورہ مثال میں مَضَتْ کے اندر فاعل ھِیَ ضمیر ہے جو اَلْاَیَّامُ کو راجع ہے جو کہ جمع مذکر مکسر غیر عاقل ہے، اس وقت فعل کو تائے تانیث کے ساتھ لانا بھی جائز ہے، اور نونِ جمع مؤنث کے ساتھ لانا بھی جائز ہے، یعنی اَلْاَیَّامُ مَضَتْ اور اَلْاَیَّامُ مَضَیْنَ دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

ترکیب: اَلْاَیَّامُ مبتدا، مَضَتْ فعل، ھِیَ ضمیر در و مستتر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ فعل متعدی بر چہار قسم ست، اول متعدی بیک مفعول چون ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا ، دوم متعدی بدو مفعول کہ اقتصار بر یک مفعول روا باشد چون اَعْطٰی وآنچہ درمعنی او باشد چون اَعْطَيْتُ زَيْدًا دِرْهَمًا واین جا اَعْطَيْتُ زَيْدًا نیز جائز ست۔ سوم متعدی بدو مفعول کہ اقتصار بر یک مفعول روا نباشد، واین در افعال قلوب است چون عَلِمْتُ و ظَنَنْتُ و حَسِبْتُ وَخِلْتُ وَ زَعَمْتُ وَرَأَيْتُ وَوَجَدْتُ، چون عَلِمْتُ زَيْدًا فَاضِلًا وَ ظَنَنْتُ زَيْدًا عَالِمًا ۔ چہارم متعدی بسہ مفعول چون اَعْلَمَ وَ اَرٰى وَاَنْبَأَ واَخْبَرَ وَ خَبَّرَ وَنَبَّأَ وَحَدَّثَ ، چون اَعْلَمَ اللّٰهُ زَيْدًا عَمْرًا فَاضِلًا. بدانکہ این ہمہ مفعولات مفعول بہ اند، ومفعول دوم در بابِ عَلِمْتُ ومفعول سوم در بابِ اَعْلَمْتُ ومفعول لہ ومفعول معہ را بجائے فاعل نتوانند نہاد ودیگر ہارا شاید، ودر بابِ اَعْطَيْتُ مفعول اول بمفعول مالم یُسَمّ فاعلہ لائق تر باشد از مفعول دوم۔

ترجمہ: فصل، تو جان کہ فعل متعدی چار قسم پر ہے، (۱) پہلا جو ایک مفعول کی طرف متعدی ہو جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا (۲) دوسرا جو دو مفعولوں کی طرف متعدی ہو کہ ایک مفعول پر اکتفاء کرنا جائز ہو جیسے اَعْطٰی اور ہر وہ (فعل) جو اس کے معنی میں ہو، جیسے اَعْطَيْتُ زَيْدًا دِرْهَمًا ، اور اس جگہ اَعْطَيْتُ زَيْدًا بھی جائز ہے (۳) تیسرا جو دو مفعولوں کی طرف متعدی ہو کہ ایک مفعول پر اکتفاء کرنا جائز نہ ہو، اور یہ افعال قلوب میں ہے جیسے عَلِمْتُ، ظَنَنْتُ، حَسِبْتُ، خِلْتُ، زَعَمْتُ، رَأَيْتُ اور وَجَدْتُ، جیسے عَلِمْتُ زَيْدًا فَاضِلًا اور ظَنَنْتُ زَيْدًا عَالِمًا (۴) چوتھا جو تین مفعولوں کی طرف متعدی ہو جیسے اَعْلَمَ، اَرٰى، اَنْبَأَ، اَخْبَرَ، خَبَّرَ، نَبَّأَ اور حَدَّثَ ، جیسے اَعْلَمَ اللّٰهُ زَيْدًا عَمْرًا فَاضِلًا ، تو جان کہ یہ تمام مفعولیں مفعول بہ ہیں اور بابِ عَلِمْتُ کا دوسرا مفعول، بابِ اَعْلَمْتُ کا تیسرا مفعول، مفعول لہ اور مفعول معہ کو فاعل کی جگہ نہیں رکھا جا سکتا اور باقیوں کو رکھنا جائز ہے۔ اور بابِ اَعْطَيْتُ میں پہلے مفعول کا مفعول مالم یُسَمّ فاعلہ بننا، بنسبت دوسرے مفعول کے زیادہ لائق ہے۔

تشریح: یہاں سے مصنفؒ فعل متعدی کی قسمیں بیان کر رہے ہیں، مفعول کے اعتبار سے فعل متعدی کی چار قسمیں ہیں، جو درج ذیل ہیں

پہلی قسم: پہلی قسم وہ ہے جو "متعدی بیک مفعول" ہو، یعنی جس کو ایک مفعول کی ضرورت ہو، جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا

دوسری قسم: دوسری قسم: وہ ہے جو "متعدی بدو مفعول" ہو یعنی جس کو دو مفعولوں کی ضرورت ہو، لیکن ان میں سے کسی ایک کا حذف کر دینا جائز ہو، جیسے اعطی اور ہر وہ فعل جو اَعْطٰی کے معنی میں ہو۔ جیسے " اَعْطَيْتُ زَيْدًا دِرْهَمًا " یہاں اَعطَيْتُ زيدًا اور اَعطَيْتُ دِرهَمًا کہنا بھی جائز ہے۔ فعل متعدی کی اس قسم کو بابِ اَعْطَيْتُ کہتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

تیسری قسم: تیسری قسم وہ ہے جو متعدی بدو مفعول ہو یعنی جس کو دو مفعولوں کی ضرورت ہو لیکن ان میں سے کسی ایک کا حذف کردینا جائز نہ ہو۔ اور یہ افعال قلوب میں ہوتا ہے۔ افعال قلوب سات (۷) ہیں۔ عَلِمْتُ، ظَنَنْتُ، حَسِبْتُ، خِلْتُ، زَعَمْتُ، وَجَدْتُ، رَأَیْتُ۔ ان کو افعال شک و یقین بھی کہتے ہیں۔

افعال قلوب کا عمل: یہ افعال دو اسموں پر داخل ہو کر دونوں کو بنابر مفعولیت نصب دیتے ہیں۔ جیسے عَلِمْتُ زَیْدًا فَاضِلاً

افعال قلوب کی وجہ تسمیہ: قلوب ''قلب'' کی جمع ہے، قلب دل کو کہتے ہیں۔ ان افعال میں سے کچھ افعال یقین کیلئے آتے ہیں اور کچھ شک کیلئے آتے ہیں، یقین اور شک کا تعلّق چونکہ دل کے ساتھ ہے اس لئے ان افعال کو افعال قلوب کہتے ہیں۔

عَلِمْتُ، وَجَدْتُ، رَأَیْتُ یقین کیلئے آتے ہیں۔ ظَنَنْتُ، حَسِبْتُ، خِلْتُ شک کیلئے آتے ہیں۔ اور زَعَمْتُ مشترک ہے یقین اور شک دونوں کیلئے آتا ہے۔ فعل متعدی کی اس تیسری قسم کو بابِ عَلِمْتُ کہتے ہیں۔

چوتھی قسم: چوتھی قسم وہ ہے جو ''متعدی بسہ مفعول'' ہو، یعنی جس کو تین مفعولوں کی ضرورت ہو۔ یہ افعال بھی سات (۷) ہیں۔ اَعْلَمَ، اَرٰی، اَنْبَأَ، اَخْبَرَ، خَبَّرَ، نَبَّأَ، حَدَّثَ۔ جیسے اَعْلَمَ اللّٰهُ زَیْدًا عَمْرًا فَاضِلاً (اللہ نے زید کو یقین دلایا کہ عمرو فاضل ہے)

ترکیب: اَعْلَمَ فعل، لفظ اللّٰه مرفوع لفظاً فاعل، زَیْدًا منصوب لفظاً مفعول بہ اول، عَمْرًا منصوب لفظاً مفعول بہ ثانی، فَاضِلاً منصوب لفظاً مفعول بہ ثالث، فعل اپنے فاعل اور تینوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فعل متعدی کی اس چوتھی قسم کو بابِ اَعْلَمْتُ کہتے ہیں۔

بدانکہ این ہمہ مفعولات مفعول بہ اند الخ...

یہاں سے مصنفؒ ایک فائدہ بیان کر رہے ہیں کہ یہ سارے مفعولات مفعول بہ ہیں۔ اور ساتھ یہ بتا رہے ہیں کہ کس مفعول کو نائب فاعل بنانا جائز ہے اور کس کو جائز نہیں ہے۔ تو فرماتے ہیں کہ بابِ عَلِمْتُ کا دوسرا مفعول، بابِ اَعْلَمْتُ کا تیسرا مفعول، مفعول لہٗ اور مفعول معہٗ کو نائب فاعل بنانا جائز نہیں ہے باقی تمام مفعولوں کو نائب فاعل بنانا جائز ہے۔

بابِ اَعْطَیْتُ کے دونوں مفعولوں کو نائب فاعل بنانا جائز ہے، البتہ پہلے مفعول کو نائب فاعل بنانا بہتر ہے۔

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں فعل متعدی کی قسمیں اور ان کے مفعول بتائیں۔ نیز ترجمہ و ترکیب کریں۔

(۱) ظَنَّ زَیْدٌ بَکْرًا عَالِمًا (۲) اَللّٰهُ یَعْلَمُ اِنَّکَ لَرَسُوْلُهٗ (۳) وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتَابَ (۴) اُوْتِیَ مُوْسَی الْکِتَابُ

besturdubooks.wordpress.com

(۵) اِتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِیْمَ خَلِیْلاً (٦) یُرِیْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرَاتٍ عَلَیْهِمْ (۷) کَذَّبَتْ عَادُنِ الْمُرْسَلِیْنَ (۸) یَحْسَبُوْنَ الاَحْزَابَ (۹) لَمْ یَذْهَبُوْا (۱۰) اَلَمْ نَجْعَلْ لَهٗ عَیْنَیْنِ (۱۱) وَاٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا (۱۲) وَهَدَیْنَاهُ النَّجْدَیْنِ (۱۳) اِذْیُرِیْکَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِکَ قَلِیْلاً (۱٤) ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَی الْمَلٰئِکَةِ (۱۵) حَتّٰی جَعَلْنَاهُمْ حَصِیْدًا خَامِدِیْنَ

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱) ظَنَّ زَیْدٌ بَکْرًا عَالِمًا...... ترجمہ: زید نے بکر کو عالم خیال کیا۔

مذکورہ مثال میں ظَنَّ فعل متعدی کی تیسری قسم ہے، یعنی متعدی بدومفعول جن میں سے کسی ایک مفعول پر اکتفاء ناجائز ہے۔ بَکرًا اس کا مفعول اول اور عمرًا مفعول ثانی ہے۔

ترکیب: ظَنَّ فعل، زَیْدٌ فاعل، بَکرًا مفعول اول، عَمرًا مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۲) اَللّٰهُ یَعْلَمُ اِنَّکَ لَرَسُوْلُهٗ...... ترجمہ: اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ بیشک آپ اس کے رسول ہیں۔

مثال بالا میں یَعْلَمُ فعل متعدی کی تیسری قسم ہے، یعنی متعدی بدومفعول جن میں سے ایک مفعول پر اکتفاء ناجائز ہے۔ اِنَّکَ لَرَسُوْلُهٗ پورا جملہ قائم مقام دومفعولوں کے ہے۔

ترکیب: لفظ اللّٰه مبتدا، یَعْلَمُ فعل، هُوَ ضمیر درو مستتر فاعل، اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل، کَ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم، لام تاکیدیہ، رَسُوْلُهٗ مرکب اضافی ہوکر اس کی خبر، اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ قائم مقام دومفعولوں کے ہوکر یَعْلَمُ کا مفعول بہ، یَعْلَمُ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر خبر ہے مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسٰی الْکِتَابَ...... ترجمہ: اور بیشک ہم نے موسیٰ کو کتاب دی۔

مذکورہ مثال میں اٰتَیْنَا فعل متعدی کی دوسری قسم ہے، یعنی متعدی بدومفعول جن میں سے ایک مفعول پر اکتفاء جائز ہے۔ مُوْسٰی اس کا مفعول اول اور الْکِتَابَ مفعول ثانی ہے۔

ترکیب: واؤ حرفِ عطف، لام تاکیدیہ، قَدْ برائے تحقیق، اٰتَیْنَا فعل، نَا ضمیر اس کا فاعل، مُوْسٰی مفعول اول، الْکِتَابَ مفعول ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ افعال ناقصہ ہفدہ اند کَانَ وَصَارَ وظَلَّ وَبَاتَ وَاَصْبَحَ وَاَضْحٰی وَاَمْسٰی وَعَادَ وَاٰضَ وغَدَا ورَاحَ وَمَازَالَ ومَاانْفَکَّ ومَابَرِحَ وَمَافَتِیَ ومَادَامَ وَلَیْسَ ،این افعال بفاعل تنہا تمام نشود محتاج باشند بخبرے، بدین سبب اینہا راناقصہ گویند و در جملۂ اسمیہ روند و مسند الیہ را برفع کنند و مسند را بنصب چون کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا و مرفوع را اسمِ کَانَ گویند و منصوب را خبر کَانَ وباقی را برین قیاس کن۔ بدانکہ بعضے ازین افعال در بعضے احوال بفاعل تنہا تمام شوند چون کَانَ مَطَرٌ "شد باران" بمعنی حَصَلَ، واو را کَانَ تامہ گویند، وکَانَ زائدہ نیز باشد۔

ترجمہ: فصل؛ تو جان کہ افعال ناقصہ سترہ ہیں، کَانَ ،صَارَ ،ظَلَّ ، بَاتَ ،اَصْبَحَ ،اَضْحٰی ،اَمْسٰی ،عَادَ ،اٰضَ ، غَدَا ،رَاحَ ، مَازَالَ ،مَاانْفَکَّ ، مَابَرِحَ ،مَافَتِیَ ،مَادَامَ اور لَیْسَ ،یہ افعال اکیلا فاعل پر پورے نہیں ہوتے اور خبر کے محتاج ہوتے ہیں اسی وجہ سے ان کو ناقصہ کہتے ہیں، اور جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں اور مسند الیہ کو رفع دیتے ہیں اور مسند کو نصب، جیسے کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا، اور مرفوع کو اسم کَانَ کہتے ہیں اور منصوب کو خبر کَانَ ، باقی (افعال) کو اسی پر قیاس کر۔ تو جان کہ ان میں سے بعض افعال بعض حالات میں صرف فاعل پر تام ہوتے ہیں جیسے کَانَ مَطَرٌ "بارش ہوئی" حَصَلَ کے معنی میں ہے، اور اس کو کَانَ تامہ کہتے ہیں۔ اور کَانَ زائدہ بھی ہوتا ہے۔

تشریح: اس فصل میں مصنف رحمہ اللہ افعال ناقصہ کی بحث کررہے ہیں۔ لیکن افعال ناقصہ کی بحث سے پہلے ایک فائدے کا جاننا ضروری ہے۔

فائدہ: فعل کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) فعل تام (۲) فعل ناقص

(۱) **فعل تام:** فعل تام وہ فعل ہے جو اپنے فاعل کیلئے مصدری معنی ثابت کرے۔ جیسے "قَامَ زَیْدٌ" اس مثال میں فعل نے اپنے فاعل "زَیْدٌ" کیلئے معنی مصدری "قیام" کو ثابت کیا ہے۔

(۲) **فعل ناقص:** فعل ناقص وہ فعل ہے جو اپنے فاعل کیلئے معنی مصدری کے علاوہ کسی دوسری شی کو بھی ثابت کرے۔ جیسے "کَانَ زَیْدٌ عَالِمًا" اس مثال میں کَانَ فعل نے اپنے فاعل زید کیلئے معنی مصدری کون (ہونا) کے علاوہ دوسری چیز علم کو بھی ثابت کیا ہے۔

افعال ناقصہ کی تعریف: افعال ناقصہ وہ افعال ہیں جو فاعل کیلئے ایسی صفت کو ثابت کریں جو معنی مصدری والی صفت کے علاوہ ہو۔

افعال ناقصہ کی تعداد: مصنفؒ نے سترہ (۱۷) افعال ناقصہ ذکر کیے ہیں۔

"کَانَ، صَارَ، ظَلَّ، بَاتَ، اَصْبَحَ، اَضْحٰی، اَمْسٰی، عَادَ، اٰضَ ،غَدَا ،رَاحَ ،مَازَالَ ،مَاانْفَکَّ ،مَابَرِحَ ،مافَتِیَ ،مَادَامَ ،لَیْسَ"

besturdubooks.wordpress.com

لیکن شیخ عبدالقاہر جرجانیؒ نے جن افعال ناقصہ کو عوامل میں شمار کیا ہے وہ تیرہ (۱۳) ہیں، جو درج ذیل اشعار میں مذکور ہیں۔

نوع عاشر سیزدہ فعلند کایشان ناقصند — رافع اسمند وناصب درخبر چون مادلا

کان صار اصبح امسی اضحی ظل بات — مافتی مادام ماانفک لیس باشد ازقفا

مابرح مازال وافعالے کزینہا مشتقند — ہرکجا بینی ہمین حکم ست در جملہ روا

افعال ناقصہ کا عمل: افعال ناقصہ مبتدأ اور خبر پر داخل ہو کر مبتدأ کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔ ترکیب کرتے وقت مبتدأ کو ان کا اسم اور خبر کو ان کی خبر کہتے ہیں۔ جیسے کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا ... ترکیب: کَانَ فعل از افعال ناقصہ، زَیْدٌ مرفوع لفظاً اس کا اسم، قَائِمًا منصوب لفظاً اس کی خبر، کَانَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

افعال ناقصہ کی وجہ تسمیہ: افعال ناقصہ چونکہ صرف فاعل پر تام نہیں ہوتے ہیں بلکہ ان کو خبر کی ضرورت بھی ہوتی ہے، اس لئے ان کو ناقصہ کہتے ہیں۔

بدانکہ بعضے ازین افعال در بعضے احوال الخ...

یہاں سے مصنفؒ ایک فائدہ بیان کر رہے ہیں کہ کَانَ کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) کان زائدہ (۲) کان غیر زائدہ

(۱) کَانَ زائدہ: کان زائدہ وہ ہے جس کو اگر کلام سے حذف کر دیا جائے تو اس کے حذف کر دینے سے کلام کے معنی مقصودی میں خلل واقع نہ ہو۔ جیسے "کَیْفَ نُکَلِّمُ مَنْ کَانَ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا" اس مثال میں کان زائدہ ہے۔

(۲) کَانَ غیر زائدہ: کَانَ غیر زائدہ وہ ہے جس کو اگر کلام سے حذف کر دیا جائے تو کلام کے معنی مقصودی میں خلل واقع ہو۔

کَانَ غیر زائدہ کی پھر دو قسمیں ہیں۔ (۱) کَانَ تامہ (۲) کَانَ ناقصہ

(۱) کَانَ تامہ: کَانَ تامہ اس کو کہتے ہیں جو تنہا فاعل پر پورا ہو جائے اور بمعنی حَصَلَ ہو، جیسے کَانَ مَطَرٌ اَیْ حَصَلَ مَطَرٌ (بارش ہوئی)

(۲) کَانَ ناقصہ: کَانَ ناقصہ اس کو کہتے ہیں جو تنہا فاعل پر پورا نہ ہو، بلکہ اس کو خبر کی ضرورت بھی ہو، جیسے کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ افعال مقاربہ چارست عَسٰی و کَادَ و کَرَبَ وَ اَوْشَکَ واین افعال درجملۂ اسمیہ روند چون کَانَ، اسم را برفع کنند وخبررانصب الاّ آنکہ خبر اینہا فعل مضارع باشد باأنْ چون عَسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّخْرُجَ یا بےأنْ چوں عَسٰی زَیْدٌ یَخْرُجُ وشاید کہ فعل مضارع باأنْ فاعل عَسٰی باشد واحتیاج بخبر نیفتد چوں عَسٰی اَنْ یَّخْرُجَ زَیْدٌ در محل رفع بمعنی مصدر۔

ترجمہ: فصل؛ تو جان کہ افعال مقاربہ چار ہیں عَسٰی ، کَادَ ، کَرَبَ ، اَوْشَکَ اور یہ افعال جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں کَانَ کی طرح، اسم کو رفع دیتے ہیں اور خبر کو نصب، مگر یہ کہ ان کی خبر فعل مضارع اَنْ کے ساتھ ہو جیسے عَسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّخْرُجَ ، یا اَنْ کے بغیر ہو جیسے عَسٰی زَیْدٌ یَخْرُجُ ۔ اور ہوسکتا ہے کہ فعل مضارع اَنْ کے ساتھ عَسٰی کا فاعل ہو اور خبر کی ضرورت باقی نہ رہے جیسے عَسٰی اَنْ یَّخْرُجَ زَیْدٌ ، رفع کی جگہ میں مصدر کے معنی میں ہے۔

تشریح: اس فصل سے مصنف رحمہ اللہ افعال مقاربہ کی بحث کر رہے ہیں۔

افعال مقاربہ کی تعریف: افعال مقاربہ وہ افعال ہیں جو اس بات پر دلالت کریں کہ ان کی خبر ان کے اسم کیلئے عنقریب ثابت ہونے والی ہے۔

افعال مقاربہ کی تعداد: افعال مقاربہ چار (٤) ہیں۔ عسٰی، کَادَ، کَرَبَ، اَوْشَکَ۔ جن کو شاعر نے شعر میں بیان کیا ہے۔

ہست آن کَادَ کَرَبَ باَوْشَکَ دیگر عَسٰی دیگر افعالے مقارب درعمل چون ناقصند

بعض علماء نے ان کے علاوہ چند اور افعال کو بھی افعال مقاربہ سے شمار کیا ہے، جیسے جَعَلَ، طَفِقَ، اَخَذَ، حَرٰی، اِخْلَوْلَقَ، عَلِقَ

افعال مقاربہ کا عمل: افعال مقاربہ مبتدأ اور خبر پر داخل ہو کر مبتدأ کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں، ترکیب کرتے وقت مبتدأ کو ان کا اسم اور خبر کو ان کی خبر کہتے ہیں۔ لیکن ان کی خبر ہمیشہ فعل مضارع ہوگی، اور وہ مضارع کبھی اَنْ کے ساتھ ہوگا اور کبھی بغیر اَنْ کے ہوگا۔

خبر فعل مضارع با اَنْ کی مثال: جیسے عَسٰی زیدٌ اَنْ یَّخْرُجَ **خبر فعل مضارع بغیر اَنْ کی مثال:** جیسے عَسٰی زیدٌ یَخْرُجُ

وشاید کہ فعل مضارع بااَنْ الخ...

یہاں سے مصنفؒ ایک فائدہ بیان کررہے ہیں، کہ کبھی کبھار عَسٰی کا فاعل فعل مضارع بااَنْ ہوتا ہے، اور عَسٰی کو خبر کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ اس وقت عَسٰی کو عَسٰی تامہ کہتے ہیں۔ جیسے عَسٰی اَنْ یَّخْرُجَ زَیْدٌ

فائدہ: خبر کے قریب الحصول ہونے کے اعتبار سے افعال مقاربہ کی تین قسمیں ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

(1) پہلی قسم وہ افعال ہیں جو اس بات پر دلالت کریں کہ ان کی خبر ان کے اسم کیلئے عنقریب ثابت ہونے والی ہے، اور یہ تین ہیں کَادَ، کَرَبَ، اَوشَکَ

(2) دوسری قسم وہ افعال ہیں جو امید پر دلالت کریں، یعنی متکلم کو خبر کے حاصل ہونے کی امید ہو۔ یہ بھی تین افعال ہیں، عَسٰی، حَرٰی، اِخلَولَقَ

(3) تیسری قسم وہ افعال ہیں جو اس بات پر دلالت کریں کہ انکے اسم کا مسمّی خبر میں شروع کر چکا ہے، یہ پانچ افعال ہیں، اَنشَأَ، طَفِقَ، اَخَذَ، جَعَلَ، عَلِقَ۔ جیسے اَنشَأَ زَیدٌ یَکتُبُ (زید نے لکھنا شروع کر دیا)

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

درج ذیل جملوں میں افعال ناقصہ اور افعال مقاربہ کے اسم اور خبر کو واضح کریں۔ اور ہر جملے کی ترکیب و ترجمہ کریں۔

(۱) کُونُوا اَنصَارَ اللّٰہِ (۲) عَسٰی اَن یَّبعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحمُودًا (۳) مَازِلتُ قَاعِدًا (٤) کَانَ اللّٰہُ عَلِیمًا حَکِیمًا (٥) فَعَسَی اللّٰہُ اَن یَّاتِیَ بِالفَتحِ (٦) لَااَبرَحُ حَتّٰی اَبلُغَ مَجمَعَ البَحرَینِ (٧) یَکَادُ زَیتُھَا یُضِیٓءُ (٨) وَکُنتُ عَلَیھِم شَہِیدًا (٩) لَم یَکُن لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ (١٠) طَفِقَا یَخصِفَانِ عَلَیھِمَا مِن وَّرَقِ الجَنَّۃِ (١١) لَستَ عَلَیھِم بِمُصَیطِرٍ (١٢) یَبِیتُونَ لِرَبِّھِم سُجَّدًا (١٣) وَلَایَزَالُونَ مُختَلِفِینَ (١٤) مَادُمتُم حُرُمًا (١٥) قَالُوا تَاللّٰہِ تَفتَؤُ تَذکُرُ یُوسُفَ

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱) کُونُوا اَنصَارَ اللّٰہِ...... ترجمہ: تم اللہ کے (دین کے) مددگار ہو جاؤ۔

مذکورہ جملہ میں کُونُوا فعل از افعال ناقصہ ہے، واؤ ضمیر اس کا اسم اور اَنصَارَ اللّٰہِ اس کی خبر ہے۔

ترکیب: کُونُوا فعل از افعال ناقصہ، واؤ ضمیر برائے جمع مذکر مخاطب مرفوع متصل بارز اس کا اسم، اَنصارَ مضاف، لفظِ اللّٰہ مضاف الیہ، مضاف و مضاف الیہ مل کر اس کی خبر، کُونُوا فعل اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

(۲) عَسٰی اَن یَّبعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحمُودًا...... ترجمہ: قریب ہے کہ آپ کو اپنا رب مقام محمود پر پہنچا دے۔

مذکورہ بالا جملے میں عَسٰی فعل از افعال مقاربہ ہے۔ یہاں عَسٰی تامہ ہے اور اَن یَّبعَثَکَ بتاویل مصدر اس کا فاعل ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

ترکیب: عَسٰی فعل از افعال مقاربہ فعل تام، اَنْ مصدریہ، یَبْعَثَ فعل، کَ ضمیر مفعول بہ اول، رَبُّکَ مضاف ومضاف الیہ مل کر فاعل، مَقَامًا مَحْمُوْدًا موصوف وصفت مل کر مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاً ویل مصدر عَسٰی فعل تام کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۳) مَازِلْتُ قَاعِدًا...... ترجمہ: میں ہمیشہ بیٹھنے والا رہا۔

مذکورہ بالا جملے میں مَازِلْتُ فعل از افعال ناقصہ ہے، تُ ضمیر اس کا اسم اور قَاعِدًا اس کی خبر ہے۔

ترکیب: مَازِلْتُ فعل از افعال ناقصہ، تُ ضمیر برائے واحد متکلم مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً اس کا اسم، قَاعِدًا منصوب لفظاً اس کی خبر، فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ افعال مدح وذم چہار ست نِعْمَ وَحَبَّذَا برائی مدح وبِئْسَ وَ سَاءَ برائی ذم، وہر چہ مابعدِ فاعل باشد آن را مخصوص بالمدح یامخصوص بالذم گویند وشرط آنست کہ فاعل معرف باللام باشد چون نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ یا مضاف بسوئی معرف باللام باشد چون نِعْمَ صَاحِبُ الْقَوْمِ زَیْدٌ یا ضمیر مستتر ممیز بنکرہ منصوبہ چون نِعْمَ رَجُلًا زَیْدٌ، فاعل نِعْمَ ھُوَ ست مستتر در نِعْمَ، ورَجُلًا منصوب ست بر تمیز زیرا کہ ھُوَ مبہم ست، وحَبَّذَا زَیْدٌ، حَبَّ فعل مدح ست وذَا فاعلِ او، وزَیْدٌ مخصوص بالمدح، وہمچنین بِئْسَ الرَّجُلُ زَیْدٌ وَسَاءَ الرَّجُلُ عَمْرٌو

ترجمه: فصل؛ تو جان کہ افعال مدح اور ذم چار ہیں، نِعْمَ اور حَبَّذَا مدح کیلئے، اور بِئْسَ اور سَاءَ ذم کیلئے۔ اور جو کچھ (ان کے) فاعل کے بعد ہوگا اس کو مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم کہتے ہیں، اور شرط یہ ہے کہ فاعل معرف باللام ہو جیسے نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ، یا معرف باللام کی طرف مضاف ہو جیسے نِعْمَ صَاحِبُ الْقَوْمِ زَیْدٌ، یا ایسی ضمیر مستتر ہو جس کی تمیز نکرہ منصوبہ ہو جیسے نِعْمَ رَجُلًا زَیْدٌ، نِعْمَ کا فاعل ھُوَ ہے جو نِعْمَ میں پوشیدہ ہے اور رَجُلًا منصوب ہے تمیز کی بناء پر کیونکہ ھُوَ مبہم ہے۔ اور حَبَّذَا زَیْدٌ، حَبَّ فعل مدح ہے اور ذَا اس کا فاعل، اور زید مخصوص بالمدح۔ اسی طرح بِئْسَ الرَّجُلُ زَیْدٌ وَسَاءَ الرَّجُلُ عَمْرٌو۔

تشریح: یہاں سے مصنف رحمہ اللہ افعال مدح وذم کی بحث کررہے ہیں۔

افعال مدح وذم کی تعریف: مدح کا لغوی معنی ہے "تعریف کرنا" اور ذم کا لغوی معنی ہے "برائی بیان کرنا" اصطلاح میں افعال مدح وذم ان افعال کو کہتے ہیں جو انشاء مدح وذم کیلئے وضع کئے گئے ہوں۔ اور یہ چار (٤) افعال ہیں، نِعْمَ، حَبَّذَا، بِئْسَ، سَاءَ، جن کو شاعر نے شعر میں بیان کیا ہے۔

رافع اسمائی جنس افعالِ مدح وذم بود چار باشد نِعْمَ بِئْسَ سَاءَ آنگہ حَبَّذَا

افعال مدح وذم کا عمل: یہ افعال فاعل کو رفع دیتے ہیں۔ جیسے "نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ" اس مثال میں نِعْمَ نے اپنے فاعل اَلرَّجُلُ کو رفع دیا ہوا ہے۔

فائدہ: نِعْمَ اور حَبَّذَا بیانِ مدح کیلئے آتے ہیں، ان کے ذریعے جس کی مدح بیان کرنا مقصود ہو اس کو مخصوص بالمدح کہتے ہیں۔ بِئْسَ اور سَاءَ بیانِ ذم کیلئے آتے ہیں، ان کے ذریعے جس کا ذم بیان کرنا مقصود ہو اس کو مخصوص بالذم کہتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

وشرط أنست الخ...

یہاں سے مصنفؒ افعال مدح وذم کے فاعل کی شرائط بیان کررہے ہیں، لیکن اس سے پہلے افعال مدح وذم کے استعمال کا طریقہ ملاحظہ فرمائیں۔

استعمال کا طریقہ: پہلے فعل مدح یا ذم، پھر فاعل اور اس کے بعد مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم ہوگا۔

فعل مدح کی مثال: جیسے "نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ" اس مثال میں نِعْمَ فعل مدح، الرَّجُلُ فاعل، زَیْدٌ مخصوص بالمدح ہے۔

فعل ذم کی مثال: جیسے "بِئْسَ الرَّجُلُ زَیْدٌ" اس مثال میں بِئْسَ فعل ذم، الرَّجُلُ فاعل، زَیْدٌ مخصوص بالذم ہے۔

افعال مدح وذم کے فاعل کیلئے شرائط:

حَبَّذَا کا فاعل ہمیشہ ذَا اسم اشارہ ہوتا ہے۔ جیسے حَبَّذَا زَیْدٌ... ترکیب: حَبَّ فعل، ذَا اسم اشارہ اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مقدم، زَیْدٌ مخصوص بالمدح مبتدأ مؤخر، مبتدأ اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ حَبَّذَا کے علاوہ باقی تینوں افعال میں شرط یہ ہے کہ ان کا فاعل معرف باللام، یا معرف باللام کی طرف مضاف، یا ایسی ضمیر مستتر مبہم ہو جس کی تمیز نکرہ منصوبہ ہو۔

(۱) فاعل معرف باللام کی مثال: جیسے نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ (زید اچھا آدمی ہے) بِئْسَ الرَّجُلُ زَیْدٌ (زید برا آدمی ہے) سَاءَ الرَّجُلُ زَیْدٌ (زید برا آدمی ہے)

ترکیب: نِعْمَ فعل مدح، الرَّجُلُ اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر خبر مقدم، زَیْدٌ مبتدأ مؤخر، مبتدأ اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ باقی مثالوں کی ترکیب بھی اسی طرح ہے۔

(۲) معرف باللام کی طرف مضاف کی مثال: نِعْمَ صَاحِبُ الْقَوْمِ زَیْدٌ (زید قوم کا اچھا ساتھی ہے) سَاءَ صَاحِبُ الْقَوْمِ زَیْدٌ (زید قوم کا برا ساتھی ہے) بِئْسَ صَاحِبُ الْقَوْمِ زَیْدٌ (زید قوم کا برا ساتھی ہے)

ترکیب: نِعْمَ فعل از افعال مدح، صَاحِبُ مضاف، الْقَوْمِ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم، زَیْدٌ مخصوص بالمدح مرفوع لفظاً مبتدأ مؤخر، مبتدأ اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا... باقی مثالوں کی ترکیب بھی اسی طرح ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

(۴) فاعل ضمیر مستتر مبہم کی مثال جس کی تمیز نکرہ منصوبہ ہو: نِعْمَ رَجُلاً زَیْدٌ (زید مرد ہونے کے اعتبار سے اچھا آدمی ہے) بِئْسَ رَجُلاً زَیْدٌ (زید مرد ہونے کے اعتبار سے برا آدمی ہے) سَاءَ رَجُلاً زَیْدٌ (زید مرد ہونے کے اعتبار سے برا آدمی ہے)

ترکیب: نِعْمَ فعل از افعال مدح، ھُوَ ضمیر در و مستتر ممیز رَجُلاً تمیز ممیز اپنی تمیز سے مل کر فاعل ہے نِعْمَ کا فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر مقدم، زَیْدٌ مخصوص بالمدح مرفوع لفظاً مبتدا مؤخر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا، باقی مثالوں کی ترکیب بھی اسی طرح ہے،

فائدہ: نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ وغیرہ کی مشہور دو ترکیبیں ہیں۔ (اگرچہ کل چار ترکیبیں ہوتی ہیں)

(1) نِعْمَ الرَّجُلُ جملہ فعلیہ ہو کر خبر مقدم ہے اور زَیْدٌ مبتدا مؤخر ہے۔

(2) نِعْمَ الرَّجُلُ جملہ فعلیہ ہو کر الگ جملہ ہے۔ اور زَیْدٌ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ ضمیر کی، پھر مبتدا و خبر ملکر جملہ اسمیہ ہو کر الگ جملہ ہے۔

فائدہ: کبھی مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم محذوف ہوتا ہے، جیسے (۱) "نِعْمَ العَبْدُ اِنَّهُ اَوَّابٌ" یہ اصل میں نِعْمَ العَبْدُ اَیُّوبُ ہے۔ (۲) "وَالاَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ المَاهِدُوْنَ" یہ اصل میں فَنِعْمَ المَاهِدُوْنَ نَحْنُ ہے۔ (۳) "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الوَكِيْلُ" یہ اصل میں نِعْمَ الوَكِيْلُ هُوَ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل: بدانکہ افعال تعجب دو صیغہ از ہر مصدر ثلاثی مجرد باشد، اوّل مَا اَفْعَلَهٗ چون مَا اَحْسَنَ زَیْدًا چہ نیکوست زید، تقدیرش اَیُّ شَیْءٍ اَحْسَنَ زَیْدًا، مَا بمعنی اَیُّ شَیْءٍ است در محل رفع بابتدا، واَحْسَنَ در محلِ رفع خبر مبتدا، وفاعلِ اَحْسَنَ هُوَ ست در و مستتر، وزَیْدًا مفعول بہ۔ دوم اَفْعِلْ بِهٖ چوں اَحْسِنْ بِزَیْدٍ، اَحْسِنْ صیغۂ امر ست بمعنی خبر، تقدیرش اَحْسَنَ زَیْدٌ اَیْ صَارَ ذَاحُسْنٍ وبازائدہ است۔

ترجمہ: فصل: تو جان کہ افعال تعجب کے دو صیغے ہر ثلاثی مجرد کے مصدر سے ہوتے ہیں۔ پہلا مَا اَفْعَلَهٗ، جیسے مَا اَحْسَنَ زَیْدًا ''کیا ہی اچھا ہے زید'' اس کی تقدیر اَیُّ شَیْءٍ اَحْسَنَ زَیْدًا ہے، مَا، اَیُّ شَیْءٍ کے معنی میں ہے اور مبتدا ہونے کی وجہ سے محل رفع میں ہے، اور اَحْسَنَ مبتدا کی خبر ہونے کی وجہ سے محل رفع میں ہے، اور اَحْسَنَ کا فاعل هُوَ ہے جو اس میں پوشیدہ ہے اور زَیْدًا مفعول بہ۔ دوسرا اَفْعِلْ بِهٖ، جیسے اَحْسِنْ بِزَیْدٍ، اَحْسِنْ امر کا صیغہ ہے خبر کے معنی میں، اس کی تقدیر اَحْسَنَ زَیْدٌ ہے، یعنی صَارَ ذَاحُسْنٍ (وہ حسن والا ہو گیا) اور باء زائدہ ہے۔

تشریح: اس فصل میں مصنف رحمہ اللہ افعالِ تعجب کی بحث کر رہے ہیں۔

افعال تعجب کی تعریف اور عمل: افعال تعجب ان افعال کو کہتے ہیں جو انشاء تعجب کیلئے وضع کئے گئے ہوں۔ اور یہ ثلاثی مجرد کے ہر اس مصدر سے آتے ہیں جس میں لون (رنگ) اور عیب کے معنی نہ ہوں۔ یہ افعال فاعل کو رفع اور مفعول بہ کو نصب دیتے ہیں۔

فعل تعجب کے اوزان: فعل تعجب کیلئے دو وزن ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

(1) مَا اَفْعَلَهٗ: جیسے مَا اَحْسَنَ زَیْدًا... مَا بمعنی اَیُّ شَیْءٍ، اَیُّ مضاف، شَیْءٍ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر مبتدا، اَحْسَنَ فعل، هُوَ ضمیر در و مستتر مرفوع متصل مرفوع محلا فاعل، زَیْدًا منصوب لفظاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر خبر ہے مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔ مَا اَحْسَنَ زَیْدًا کا لفظی ترجمہ ہے ''کس چیز نے زید کو حسن والا کر دیا'' اور بامحاورہ ترجمہ ہے ''زید کیا ہی حسین ہے''

(2) اَفْعِلْ بِهٖ جیسے اَحْسِنْ بِزَیْدٍ... اَحْسِنْ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے لیکن بمعنی اَحْسَنَ فعل ماضی ہے، اَحْسَنَ فعل، بـا زائدہ، زَیْدٍ لفظاً مجرور معناً مرفوع فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔ لفظی ترجمہ ہے ''زید حسن والا ہو گیا'' اور بامحاورہ ترجمہ ہے ''زید کیا ہی حسین ہے''۔

besturdubooks.wordpress.com

مَاأَحْسَنَ زَيْدًا کی ترکیب میں تین مذاہب ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

(1) فـرا کا مذهب: فرا فرماتے ہیں کہ مَا بمعنی اَیُّ شَيْئٍ ہے۔اَیُّ مضاف ، شَيْئٍ مضاف الیہ،مضاف ومضاف الیہ مل کر مبتدأ ہے،اور مابعد والا جملہ یعنی اَحْسَنَ زَيْدًا اس کی خبر ہے۔تقدیر عبارت یوں ہے "اَیُّ شَيْئٍ اَحْسَنَ زَيْدًا"

(2) سیبویہ کا مذهب: سیبویہ صاحب فرماتے ہیں کہ مَا نکرہ ہے شَيْئٌ کے معنی میں ہے۔شَيْئٌ موصوف عَظِيْمٌ مقدر اس کی صفت ، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدأ ہے، مابعد والا جملہ یعنی اَحْسَنَ زَيْدًا اس کی خبر ہے،تقدیر عبارت یوں ہے شَيْئٌ عَظِيْمٌ اَحْسَنَ زَيْدًا'

(3) اخفش کا مذهب: اخفش فرماتے ہیں کہ یہ مَا موصولہ ہے اور اَلَّذِیْ کے معنی میں ہے، اَلَّذِیْ اسم موصول، اَحْسَنَ زَيْدًا اس کا صلہ،موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدأ ہے، اوراس کی خبر محذوف ہے جو کہ شَيْئٌ عَظِيْمٌ ہے۔تقدیر عبارت یوں ہے "اَلَّذِیْ اَحْسَنَ زَيْدًا شَيْئٌ عَظِيْمٌ"

(تمرینی سوالات)

ذیل کی مثالوں میں افعال مدح وذم اور افعال تعجب کی پہچان کریں اوران کے معمولات بتائیں۔ نیز ہر مثال کا ترجمہ وترکیب کریں۔

(۱)نِعْمَ العَابِدُ زَيْدٌ (۲)بِئْسَ المِهَادُ جَهَنَّمُ (۳)مَا اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ (٤)بِئْسَ العَالِمُ غَيْرُ عَامِلٍ عَلٰى عِلْمِهٖ (٥)اَسْمِعْ بِزَيْدٍ (٦) نِعْمَ العَبْدُ اَيُّوْبُ (٧)مَا اَحْسَنَ الدِّيْنُ وَالدُّنْيَا اِذَا اجْتَمَعَا (٨)فَنِعْمَ اَجْرُ العَامِلِيْنَ (٩)سَآءَ الرَّجُلُ تَارِكُ الصَّلٰوةِ (١٠)اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا (١١)حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الوَكِيْلُ (١٢)قُتِلَ الاِنْسَانُ مَا اَكْفَرَهٗ (١٣)بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا (١٤)حَبَّذَا زَيْدٌ عَالِمٌ (١٥)اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱)نِعْمَ العَابِدُ زَيْدٌ...... ترجمہ: زید اچھا عبادت گذار ہے۔

اس مثال میں نِعْمَ فعل مدح ہے، العَابِدُ اس کا فاعل، اور زَيْدٌ مخصوص بالمدح ہے۔

ترکیب: نِعْمَ فعل مدح، اَلعَابِدُ اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم، زَيْدٌ مخصوص بالمدح مبتدأ مؤخر (مشہور ترکیب کے مطابق) مبتدأ اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

besturdubooks.wordpress.com

(۲) بِئْسَ الْمِهَادُ جَهَنَّمُ...... ترجمہ: جہنم برا ٹھکانہ ہے۔

مذکورہ جملے میں بِئْسَ فعل ذم، اَلْمِهَادُ اس کا فاعل، جَهَنَّمُ مخصوص بالذم ہے۔

ترکیب: بِئْسَ فعل از افعال ذم، اَلْمِهَادُ اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر مقدم، جَهَنَّمُ مخصوص بالذم مبتدا مؤخر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

(۳) مَا اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ...... ترجمہ: وہ آگ پر کیسے صبر کرنے والے ہیں۔

مذکورہ مثال میں مَا اَصْبَرَ فعل تعجب ہے، هُوَ ضمیر مستتر اس کا فاعل اور هُمْ ضمیر مفعول بہ ہے۔

ترکیب: مَا استفہامیہ بمعنی اَیُّ شَیْءٍ، اَیُّ شَیْءٍ مضاف و مضاف الیہ ملکر مبتدا، اَصْبَرَ فعل، هُوَ ضمیر در و مستتر راجع بسوئے مَا فاعل، هُمْ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، عَلَى النَّارِ جار مجرور ملکر ظرف لغو متعلق ہوا اَصْبَرَ کا، اَصْبَرَ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔ (یہ ترکیب امام سیبویہ کے مذہب کے مطابق ہے)

☆☆☆☆☆☆☆

نقشہ افعال عاملہ



besturdubooks.wordpress.com

باب سوم در عمل اسماء عاملہ وآں یازدہ قسم ست

اول اسماء شرطیہ بمعنی اِنْ وآں نہ (۹) است، مَنْ ومَا واَیْنَ ومَتٰی وَاَیٌّ واَنّٰی وَاِذْمَا وَحَیْثُمَا وَمَهْمَا فعل مضارع را جزم کنند چون مَنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ وَمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ وَاَیْنَ تَجْلِسْ اَجْلِسْ وَمَتٰی تَقُمْ اَقُمْ وَاَیَّ شَیْءٍ تَاْکُلْ اٰکُلْ وَاَنّٰی تَکْتُبْ اَکْتُبْ وَاِذْمَا تُسَافِرْ اُسَافِرْ وَحَیْثُمَا تَقْصِدْ اَقْصِدْ ومَهْمَا تَقْعُدْ اَقْعُدْ، دوم اسمائے افعال بمعنی ماضی چون هَیْهَاتَ وشَتَّانَ وسَرْعَانَ اسم را بنا بر فاعلیت برفع کنند، چون هَیْهَاتَ یَوْمُ الْعِیْدِ ای بَعُدَ، سوم اسمائے افعال بمعنی امر حاضر چون رُوَیْدَ وبَلْهَ وَحَیَّهَلْ وَعَلَیْکَ وَدُوْنَکَ وهَا اسم را نصب کنند بنا بر مفعولیت چون رُوَیْدَ زَیْدًا ای اَمْهِلْهُ

ترجمہ: تیسرا باب اسمائے عاملہ کے عمل (کے بیان) میں، اور وہ گیارہ قسمیں ہیں۔ پہلی (قسم) اسمائے شرطیہ جو اِنْ کے معنی میں ہوں، اور وہ نو ہیں مَنْ، مَا، اَیْنَ، مَتٰی، اَیٌّ، اَنّٰی، اِذْمَا، حَیْثُمَا، مَهْمَا، (یہ حروف) فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں جیسے مَنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ، مَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ، اَیْنَ تَجْلِسْ اَجْلِسْ، مَتٰی تَقُمْ اَقُمْ، اَیَّ شَیْءٍ تَاْکُلْ اٰکُلْ، اَنّٰی تَکْتُبْ اَکْتُبْ، اِذْمَا تُسَافِرْ اُسَافِرْ، حَیْثُمَا تَقْصِدْ اَقْصِدْ، مَهْمَا تَقْعُدْ اَقْعُدْ... دوسری (قسم) وہ اسمائے افعال جو فعل ماضی کے معنی میں ہیں جیسے هَیْهَاتَ، شَتَّانَ، سَرْعَانَ، یہ اسم کو فاعل کی بنا پر رفع دیتے ہیں، جیسے هَیْهَاتَ یَوْمُ الْعِیْدِ یعنی بَعُدَ. تیسری (قسم) وہ اسمائے افعال جو امر حاضر کے معنی میں ہیں، جیسے رُوَیْدَ، بَلْهَ، حَیَّهَلْ، عَلَیْکَ، دُوْنَکَ، هَا، اسم کو مفعول کی بنا پر نصب دیتے ہیں جیسے رُوَیْدَ زَیْدًا یعنی اَمْهِلْهُ

تشریح: تیسرے باب میں مصنفؒ اسمائے عاملہ کی قسمیں بیان کر رہے ہیں۔ اسمائے عاملہ کی کل گیارہ (۱۱) قسمیں ہیں، جو بالتفصیل درج ذیل ہیں۔

(1) اول اسمائے شرطیہ:

اسمائے عاملہ کی گیارہ قسموں میں سے پہلی قسم اسمائے شرطیہ جازمہ ہے۔ اسمائے شرطیہ جازمہ کل نو (۹) ہیں، جن کو شاعر نے شعر میں پرویا ہے۔

مَنْ وَمَا مَهْمَا وَاَیٌّ حَیْثُمَا اِذْمَا مَتٰی اَیْنَمَا اَنّٰی تا اسم جازمند مر فعل را

اسمائے شرطیہ جازمہ کا عمل: یہ نو کلمات اِنْ شرطیہ کے معنی میں ہو کر دو فعلوں کو جزم دیتے ہیں۔ پہلے فعل کو شرط اور دوسرے کو جزاء کہتے ہیں۔ جیسے " مَنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ" ترکیب: مَنْ شرطیہ جازمہ مفعول بہ مقدم تَضْرِبْ فعل کا، تَضْرِبْ فعل، اَنْتَ ضمیر در وہ مستتر برائے

besturdubooks.wordpress.com

واحد مذکر مخاطب مرفوع متصل مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اَضْـرِبْ فعل، اَنَـا ضمیر در و مستتر برائے واحد متکلم مرفوع متصل مرفوع محلاً فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

فائدہ: اسمائے شرطیہ کی تین قسمیں ہیں۔

(1) پہلی قسم وہ اسماءِ شرطیہ جازمہ ہیں جو ظرفیت کے معنی سے خالی ہوں۔ یہ تین اسماء ہیں۔ مَنْ مَا اَیٌّ

(2) دوسری قسم وہ اسماءِ شرطیہ جازمہ ہیں جن میں ظرفِ زمان کے معنی موجود ہوں۔ یہ بھی تین اسماء ہیں۔ مَتٰی مَهْمَا اِذْمَا

(3) تیسری قسم وہ اسماءِ شرطیہ جازمہ ہیں جن میں ظرفِ مکان کے معنی موجود ہوں۔ یہ بھی تین اسماء ہیں۔ اَیْنَ اَنّٰی حَیْثُمَا

اسمائے شرطیہ جازمہ کا ترکیبی ضابطہ:

(1) اسمائے شرطیہ جازمہ میں سے مَنْ اور مَا کے بعد اگر فعل لازمی ہو یا ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول بہ لفظوں میں موجود ہو، تو مَنْ اور مَا مبتدا ہوں گے اور شرط و جزاء والے فعل ملکر خبر ہوں گے۔

فعل لازمی کی مثال: جیسے مَنْ یَّقُمْ اَقُمْ فعل متعدی کی مثال: جیسے مَنْ یُّکْرِمْنِیْ اُکْرِمْهُ

اور اگر ان کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول بہ لفظوں میں موجود نہ ہو تو مَـنْ اور مَـا فعل شرط کیلئے مفعول بہ مقدم ہوں گے جیسے مَنْ یُّکْرِمْ اُکْرِمْ

(2) اَیٌّ کا بھی یہی ضابطہ ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ اَیٌّ ہمیشہ مضاف ہوگا اور مفعولیت کی صورت میں اپنے مضاف الیہ کا تابع ہوگا، یعنی اگر اس کا مضاف الیہ مصدر ہو تو یہ مفعول مطلق ہوگا، جیسے اَیَّ مُـنْـقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ۔ اور اگر اس کا مضاف الیہ ظرفِ زمان یا مکان ہو تو یہ فعل کیلئے مفعول فیہ ہوگا، جیسے اَیَّ وَقْـتٍ تَقْرَءْ اَقْرَءْ اور اَیَّ مَـکَـانٍ تَـجْـلِسْ اَجْلِسْ۔ اور اگر اس کا مضاف الیہ مصدر یا ظرف نہ ہو تو یہ ترکیب میں ہمیشہ مفعول بہ ہوگا، جیسے اَیَّ شَیْئٍ تَطْلُبْ اَطْلُبْ۔

کبھی کبھار اَیٌّ کا مضاف الیہ حذف کر کے اس کے عوض اَیٌّ پر تنوین لائی جاتی ہے، جیسے "اَیًّـمَـا تَـدْعُـوْا فَـلَـهُ الْاَسْـمَـآءُ الْـحُسْنٰی" یہاں مَا زائدہ ہے مضاف الیہ محذوف ہے جو ھُـمَا ہے اصل میں اَیُّهُـمَا تھا، مضاف الیہ کو حذف کر کے اس کے عوض اَیٌّ پر تنوین لائی گئی۔

مرفوع کی صورت میں کبھی اَیٌّ خبر بھی واقع ہوتا ہے۔

(3) باقی چھ اسماء حَیْثُمَا، اِذْمَا، مَهْمَا، مَتٰی، اَیْنَ اور اَنّٰی اکثر مفعول فیہ واقع ہوتے ہیں، جیسے "مَتٰی تَقُمْ اَقُمْ" لیکن کبھی کبھار مجرور واقع

bestudybooks.wordpress.com

ہو کر فعل کے متعلق بھی ہوتے ہیں، جیسے "مِنْ اَیْنَ تَقْرَءُ اَقْرَءُ"

② دوم اسمائے افعال بمعنی ماضی:

اسماءِ عاملہ کی دوسری قسم اسمائے افعال بمعنی فعل ماضی ہے، ان کی تعریف گذر چکی ہے۔ اور یہ تین اسماء ہیں (۱) هَیْهَاتَ بمعنی بَعُدَ، جیسے هَیْهَاتَ زَیْدٌ ای " بَعُدَ زَیْدٌ " زید دور ہو گیا (۲) شَتَّانَ بمعنی اِفْتَرَقَ، جیسے شَتَّانَ زَیْدٌ وَّعَمْرٌو ای "اِفْتَرَقَ زَیْدٌ وَّعَمْرٌو" زید اور عمرو جدا ہو گئے (۳) سَرْعَانَ بمعنی سَرُعَ، جیسے سَرْعَانَ زَیْدٌ ای "سَرُعَ زَیْدٌ" زید نے جلدی کی۔

اسمائے افعال بمعنی ماضی کا عمل: اسماءِ افعال بمعنی فعل ماضی فاعل کو رفع دیتے ہیں، جیسے هَیْهَاتَ یَوْمُ الْعِیْدِ (عید کا دن دور ہو گیا)

ترکیب: هَیْهَاتَ اسم فعل بمعنی فعل ماضی بَعُدَ کے، بَعُدَ فعل، یَوْمَ مضاف، الْعِیْدِ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

③ سوم اسمائے افعال بمعنی امر حاضر:

اسماءِ عاملہ کی تیسری قسم اسمائے افعال بمعنی امر حاضر ہے، ان کی تعریف گذر چکی ہے، اور یہ درج ذیل چھ اسماء ہیں۔

دُوْنَکَ، بَلْهَ، عَلَیْکَ، حَیَّهَلْ، هَا، رُوَیْدَ، ان سب کے معنی گذر چکے ہیں۔

اسمائے افعال بمعنی امر حاضر کا عمل: اسمائے افعال بمعنی امر حاضر فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیتے ہیں، لیکن ان کا فاعل ہمیشہ ضمیر مستتر ہوگا۔ جیسے رُوَیْدَ زَیْدًا، ترکیب: رُوَیْدَ اسم فعل، بمعنی اَمْهِلْ امر حاضر کے، اَمْهِلْ فعل، اَنْتَ ضمیر در و مستتر فاعل، زَیْدًا منصوب لفظاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اسمائے افعال کی دونوں قسموں کو شاعر نے شعر میں یوں بیان کیا ہے۔

نہ بود اسمائے افعال کز ان شش ناصبند ‌‌‌ ‌ دُوْنَکَ بَلْهَ عَلَیْکَ حَیَّهَلْ با شد وها

پس رُوَیْدَ باز رافع اسم را هَیْهَاتَ دان ‌ ‌ باز شَتَّانَ است سَرْعَانَ یاد گیر این ہمہ

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں اسماء شرطیہ جازمہ کا عمل اور اسمائے افعال کی قسمیں بتائیں۔ نیز ترجمہ اور ترکیب کریں۔

(۱) مَتٰی تَعْصِ اللّٰهَ یَسْوَدَّ قَلْبُکَ (۲) شَتَّانَ زَیْدٌ وَّعَمْرٌو (۳) حَیْثُمَا تَذْهَبُوْا یَعْلَمُکُمُ اللّٰهُ (٤) مَنْ قَنِعَ شَبِعَ (٥) مَنْ حَفَرَ

besturdubooks.wordpress.com

بِئْرًا لِأَخِیْهِ وَقَعَ فِیْهَا (٦) عَلَیْکَ بِالصَّبْرِ (٧) اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ (٨) وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ یَعْلَمْهُ اللّٰهُ (٩) اَیًّامَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی (١٠) فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ (١١) قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَکُمْ (١٢) هَیْهَاتَ هَیْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ (١٣) وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهٗ (١٤) فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ (١٥) فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ

(نمونۂ حلّ سوالات)

(١) مَتٰی تَعْصِ اللّٰهَ یَسْوَدَّ قَلْبُکَ...... ترجمہ: جب تو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے گا تو تیرا دل کالا ہو جائے گا۔

مذکورہ مثال میں مَتٰی اسماءِ شرطیہ جازمہ میں سے ہے، جس نے تَعْصِ (جو شرط ہے) کو جزم بحذف اللام دیا ہے۔ اور یَسْوَدَّ (جو کہ جزاء ہے) کو جزم بالسکون دیا ہے، پھر قاعدہ کے مطابق دال کو مفتوح کر دیا گیا ہے۔

ترکیب: مَتٰی اسم شرط جازم مفعول فیہ مقدم برائے تَعْصِ، تَعْصِ فعل، اَنْتَ ضمیر در و مستتر فاعل، لفظ اللّٰه مفعول بہ، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر شرط، یَسْوَدَّ فعل، قَلْبُکَ مضاف و مضاف الیہ ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء، شرط جزاء ملکر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوا۔

(٢) شَتَّانَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو...... ترجمہ: زید اور عمرو جدا ہو گئے۔

مذکورہ مثال میں شَتَّانَ اسم فعل بمعنی فعل ماضی ہے جس نے زیدٌ اور عمرٌو کو بنا بر فاعلیت رفع دیا ہے۔

ترکیب: شَتَّانَ اسم فعل بمعنی اِفْتَرَقَ، اِفْتَرَقَ فعل، زَیْدٌ معطوف علیہ، واؤ حرفِ عطف، عَمْرٌو معطوف، معطوف و معطوف علیہ ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(٣) حَیْثُمَا تَذْهَبُوْا یَعْلَمْکُمُ اللّٰهُ...... ترجمہ: جہاں بھی تم جاتے ہو اللہ تعالیٰ تم کو جانتا ہے۔

حَیْثُمَا اسمائے شرطیہ جازمہ میں سے ہے جس نے تَذْهَبُوْا (شرط) کو جزم باسقاطِ نون اعرابی اور یَعْلَمْ (جزاء) کو جزم بالسکون دیا ہے۔

ترکیب: حَیْثُمَا اسم شرط جازم مفعول فیہ مقدم برائے تَذْهَبُوْا، تَذْهَبُوْا فعل، واؤ ضمیر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ شرط، یَعْلَمْ فعل، کُمْ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، لفظ اللّٰه فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ جزاء، شرط اور جزاء مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوا۔

besturdubooks.wordpress.com

چہــــارم اسم فاعل بمعنی حال یا استقبال، عملِ فعلِ معروف کند بشرطِ آنکہ اعتماد کردہ باشد بر لفظیکہ پیش از و باشد و آن لفظ مبتدا باشد در لازم چون زَیْدٌ قَائِمٌ اَبُوْهُ و در متعدی چون زَیْدٌ ضَارِبٌ اَبُوْهُ عَمْرًا یا موصوف چون مَرَرْتُ بِرَجُلٍ ضَارِبٍ اَبُوْهُ بَکْرًا یا موصول چون جَآءَ نِی الْقَائِمُ اَبُوْهُ وجَآءَ نِیْ الضَّارِبُ اَبُوْهُ عَمْرًا یا ذوالحال چون جَآءَ نِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا غُلَامُہٗ فَرَسًا یا ہمزۂ استفہام چون اَضَارِبٌ زَیْدٌ عَمْرًا یا حرفِ نفی چون مَاقَائِمٌ زَیْدٌ ، ہمان عمل کہ قَامَ و ضَرَبَ میکرد قَائِمٌ و ضَارِبٌ میکند۔

ترجمہ: چوتھی (قسم) اسم فاعل، جو حال یا استقبال کے معنی میں ہو۔ کہ فعل معروف کا عمل کرتا ہے بشرطیکہ اس نے اعتماد کیا ہو اس لفظ پر جو اس سے پہلے ہو، اور وہ لفظ (۱) مبتداء ہوگا فعل لازم میں جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ اَبُوْهُ ، اور فعل متعدی میں جیسے زَیْدٌ ضَارِبٌ اَبُوْهُ عَمْرًا (۲) یا موصوف جیسے مَرَرْتُ بِرَجُلٍ ضَارِبٍ اَبُوْهُ بَکْرًا (۳) یا موصول جیسے جَآءَ نِی الْقَائِمُ اَبُوْهُ اور جَآءَ نِیْ الضَّارِبُ اَبُوْهُ عَمْرًا (۴) یا ذوالحال جیسے جَآءَ نِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا غُلَامُہٗ فَرَسًا (۵) یا ہمزۂ استفہام جیسے اَضَارِبٌ زَیْدٌ عَمْرًا (۶) یا حرفِ نفی جیسے مَاقَائِمٌ زَیْدٌ ، جو عمل قَامَ اور ضَرَبَ کرتے تھے، وہی عمل قَائِمٌ اور ضَارِبٌ کرتے ہیں۔

(4) چهارم اسم فاعل:

اسماءِ عاملہ کی چوتھی قسم اسم فاعل ہے۔

اسم فاعل کی تعریف: اسم فاعل وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کیساتھ معنی مصدری بطریق حدوث قائم ہو، جیسے ضَارِبٌ

اسم فاعل کا عمل: اسم فاعل فعل معروف والا عمل کرتا ہے، یعنی اگر فعل لازمی سے مشتق ہو تو فاعل کو رفع دیتا ہے، اور اگر فعل متعدی سے مشتق ہو تو فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیتا ہے۔

اسم فاعل کے عمل کیلئے شرائط: اسم فاعل کے عمل کیلئے دو شرائط ہیں۔

☆ اسم فاعل میں حال یا استقبال کے معنی پائے جاتے ہوں۔

☆ اسم فاعل سے پہلے درج ذیل چھ چیزوں میں سے کوئی چیز ہو، اور اسم فاعل نے اس پر اعتماد کیا ہو (۱) مبتدا (۲) موصوف (۳) موصول (٤) ذوالحال (٥) حرف استفہام (٦) حرف نفی

besturdubooks.wordpress.com

اسم فاعل کی مثالیں:

(1)**(الف)** اسم فاعل سے پہلے مبتدا ہو، اسم فاعل اس کی خبر ہو، اور اسم فاعل لازمی ہو۔ جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ اَبُوْہُ (زید کا باپ کھڑا ہونے والا ہے) **ترکیب:** زَیْدٌ مبتدا، قَائِمٌ اسم فاعل شبہ فعل، اَبُو مضاف، ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(ب) اسم فاعل سے پہلے مبتدا ہو، اسم فاعل اس کی خبر ہو، اور اسم فاعل متعدی ہو. جیسے زَیْدٌ ضَارِبٌ اَبُوْہُ عَمْرًا (زید کا باپ عمرو کو مارنے والا ہے) **ترکیب:** زَیْدٌ مبتدا، ضَارِبٌ اسم فاعل شبہ فعل، اَبُو مضاف، ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر فاعل، عَمْرًا مفعول بہ، شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(2) اسم فاعل سے پہلے موصوف ہو اسم فاعل اس کی صفت ہو۔ جیسے مَرَرْتُ بِرَجُلٍ ضَارِبٍ اَبُوْہُ بَکْرًا (میں ایسے مرد کے پاس سے گذرا جس کا باپ بکر کو مارنے والا ہے) **ترکیب:** مَرَرْتُ فعل با فاعل، با حرف جار، رَجُلٍ موصوف، ضَارِبٍ اسم فاعل شبہ فعل، اَبُو مضاف، ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر فاعل، عَمْرًا مفعول بہ، شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو متعلّق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، مَرَرْتُ فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(3)**(الف)** اسم فاعل سے پہلے موصول ہو، اسم فاعل اس کا صلہ ہو اور اسم فاعل لازمی ہو۔ جیسے جَآءَنِی الْقَائِمُ اَبُوْہُ (آیا میرے پاس وہ شخص جس کا باپ کھڑا ہونے والا ہے) **ترکیب:** جَآءَ فعل، نونِ وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ مقدم، اَلْ بمعنی اَلَّذِیْ اسم موصول، قَائِمٌ اسم فاعل شبہ فعل، اَبُو مضاف، ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلے سے مل کر مرفوع لفظاً فاعل مؤخر، فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(ب) اسم فاعل سے پہلے موصول ہو اسم فاعل اس کا صلہ ہو، اور اسم فاعل متعدی ہو۔ جیسے جَآءَنِی الضَّارِبُ اَبُوْہُ عَمْرًا (آیا میرے پاس وہ شخص جس کا باپ عمرو کو مارنے والا ہے) **ترکیب:** اس مثال کی ترکیب بھی پچھلی مثال کی ترکیب جیسی ہے، فرق صرف اتنا ہے کہ اس مثال میں عَمْرًا مفعول بہ ہے ضَارِبٌ کا۔

(4) اسم فاعل سے پہلے ذوالحال ہو، اسم فاعل اس سے حال ہو۔ جیسے جَآءَنِی زَیْدٌ رَاکِبًا غُلَامُہٗ فَرَسًا (آیا میرے پاس زید،

besturdubooks.wordpress.com

درانحالیکہ اس کا غلام گھوڑے پر سوار ہونے والا ہے) ترکیب: جاَءَ فعل، نونِ وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلًا مفعول بہ مقدم، زَیْدٌ ذوالحال رَاکِبًا اسم فاعل شبہ فعل، غُلَامُ مضاف، ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر اس کا فاعل، فَرَسًا منصوب لفظاً مفعول بہ، رَاکِبًا شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل موخر جاَءَ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(5) اسم فاعل سے پہلے ہمزہ استفہام ہو۔ جیسے اَضَارِبٌ زَیْدٌ عَمْرًا (کیا زید عمرو کو مارنے والا ہے) **ترکیب:** ہمزہ برائے استفہام، ضَارِبٌ اسم فاعل شبہ فعل، زَیْدٌ مرفوع لفظاً اس کا فاعل، عَمْرًا منصوب لفظاً اس کا مفعول بہ، شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر شبہ جملہ ہوا۔

(6) اسم فاعل سے پہلے حرف نفی ہو۔ جیسے مَا قَائِمٌ زَیْدٌ (زید کھڑے ہونے والا نہیں ہے) **ترکیب:** مَا حرف نفی، قَائِمٌ اسم فاعل شبہ فعل، زَیْدٌ مرفوع لفظاً اس کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر شبہ جملہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

پنجم اسم مفعول بمعنی حال واستقبال عمل فعل مجہول کند بشرطِ اعتماد مذکور چون زَیْدٌ مَضْرُوْبٌ اَبُوْهُ ، وَعَمْرٌو مُعْطًی غُلَامُهٗ دِرْهَمًا، وبَکْرٌ مَعْلُوْمٌ نِ ابْنُهٗ فَاضِلًا ، وخَالِدٌ مُخْبَرٌ نِ ابْنُهٗ عَمْرًا فَاضِلًا ، ہمان عمل کہ ضُرِبَ و اُعْطِیَ و عُلِمَ و اُخْبِرَ میکرد مَضْرُوْبٌ و مُعْطًی و مَعْلُوْمٌ و مُخْبَرٌ میکند۔

ترجمہ: پانچویں (قسم) اسم مفعول جو حال اور استقبال کے معنی میں ہو، فعل مجہول کا عمل کرتا ہے مذکورہ اعتماد کی شرط کے ساتھ، جیسے زَیْدٌ مَضْرُوْبٌ اَبُوْهُ، اور عَمْرٌو مُعْطًی غُلَامُهٗ دِرْهَمًا، اور بَکْرٌ مَعْلُوْمٌ نِ ابْنُهٗ فَاضِلًا ، اور خَالِدٌ مُخْبَرٌ نِ ابْنُهٗ عَمْرًا فَاضِلًا ، جو عمل ضُرِبَ، اُعْطِیَ، عُلِمَ اور اُخْبِرَ کرتے تھے (وہی عمل) مَضْرُوْبٌ، مُعْطًی، مَعْلُوْمٌ اور مُخْبَرٌ کرتے ہیں۔

(5) پنجم اسم مفعول:

اسمائے عاملہ کی پانچویں قسم اسم مفعول ہے۔

اسم مفعول کی تعریف: اسم مفعول وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر معنی مصدری واقع ہو۔ جیسے مَضْرُوْبٌ

اسم مفعول کا عمل: اسم مفعول فعل مجہول والا عمل کرتا ہے، یعنی نائب فاعل کو رفع اور مفعول بہ کو نصب دیتا ہے۔

اسم مفعول کے عمل کیلئے شرائط: اسم مفعول کے عمل کیلئے دو شرطیں ہیں۔

- ☆ اسم مفعول میں حال یا استقبال کے معنی پائے جاتے ہوں۔
- ☆ درج ذیل چھ چیزوں میں سے کوئی چیز اس سے پہلے ہو، اور اسم مفعول نے اس پر اعتماد کیا ہو۔

(۱) مبتدأ (۲) موصوف (۳) موصول (٤) ذوالحال (٥) استفہام (٦) حرف نفی

فائدہ: اگر اسم مفعول فعل متعدی بیک مفعول سے مشتق ہو تو اسم مفعول بھی متعدی بیک مفعول ہوگا، اور مفعول کو نائب فاعل ہونے کی وجہ سے رفع دیگا۔ اگر اسم مفعول فعل متعدی بدو مفعول سے مشتق ہو تو اسم مفعول بھی متعدی بدو مفعول ہوگا اور مفعول اول کو نائب فاعل ہونے کی وجہ سے رفع اور ثانی مفعول کو مفعول بہ ہونے کی وجہ سے نصب دے گا۔ اور اگر اسم مفعول، فعل متعدی بسہ مفعول سے مشتق ہو، تو اسم مفعول بھی متعدی بسہ مفعول ہوگا اور مفعول اول کو نائب فاعل ہونے کی وجہ سے رفع، اور ثانی وثالث کو مفعول بہ ہونے کی وجہ سے نصب دے گا۔

besturdubooks.wordpress.com

اسم مفعول کی مثالیں

(1) اسم مفعول متعدی بیک مفعول ہو، اس سے پہلے مبتدأ ہو اور اسم مفعول اس کی خبر ہو۔ جیسے زَیْدٌ مَضْرُوبٌ اَبُوْهُ (زید کا باپ مارا جاتا ہے) ترکیب: زَیْدٌ مبتدأ، مَضْرُوبٌ اسم مفعول شبہ فعل، اَبُوْہُ مضاف ومضاف الیہ ملکر اس کا نائب فاعل، شبہ فعل اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر، زَیْدٌ مبتدأ اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(2) اسم مفعول متعدی بدو مفعول ہو، ان میں سے ایک پر اکتفاء جائز ہو، اس سے پہلے مبتدأ ہو اور اسم مفعول اس کی خبر ہو۔ جیسے عَمْرٌو مُعْطًى غُلَامُهٗ دِرْهَمًا (عمرو کے غلام کو ایک درہم دیا جاتا ہے) ترکیب: عمرٌو مبتدأ، مُعطی اسم مفعول شبہ فعل، غُلامُ مضاف، ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر اس کا نائب فاعل، دِرھَمًا اس کا مفعول بہ، شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدأ اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(3) اسم مفعول متعدی بدو مفعول ہو، ان میں سے ایک پر اکتفاء جائز نہ ہو، اس سے پہلے مبتدأ ہو اور اسم مفعول اس کی خبر ہو۔ جیسے بَكْرٌ مَعْلُوْمٌ اِبْنُهٗ فَاضِلًا (بکر کے بیٹے کو فاضل مانا جاتا ہے) ترکیب: بَکرٌ مبتدأ، مَعلُومٌ اسم مفعول شبہ فعل، اِبنُہٗ مضاف ومضاف الیہ مل کر نائب فاعل، فَاضِلًا مفعول بہ، شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدأ اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(4) اسم مفعول متعدی بسہ مفعول ہو اس سے پہلے مبتدأ ہو، اور اسم مفعول اس کی خبر ہو۔ جیسے خَالِدٌ مُخْبَرٌ اِبْنُهٗ عَمْرًا فَاضِلًا (خالد کے بیٹے کو خبر دی جاتی ہے کہ عمرو فاضل ہے) ترکیب: خَالِدٌ مبتدأ، مُخبَرٌ اسم مفعول شبہ فعل، اِبنُہٗ مضاف ومضاف الیہ مل کر نائب فاعل، عَمرًا مفعول بہ اول، فَاضِلًا مفعول بہ ثانی، شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر مبتدأ کی، مبتدأ اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خلاصہ یہ کہ فعل متعدی کے اعتبار سے اسم مفعول کی چار قسمیں ہیں۔ پھر ہر ایک قسم کا چھ چیزوں میں سے کسی ایک پر اعتماد ہوگا، تو کل چوبیس (24) صورتیں بنتی ہیں۔

ہم نے اختصاراً صرف مبتدأ پر اعتماد والی چار صورتیں ذکر کی ہیں۔ بقیہ صورتیں اگلے صفحہ پر نقشہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

نقشۂ اقسام اسم مفعول

اعتماد	متعدی بیک مفعول	"متعدی بدو مفعول" جن میں سے ایک مفعول پر اکتفاء جائز ہو	"متعدی بدو مفعول" جن میں سے ایک مفعول پر اکتفاء ناجائز ہو	متعدی بسہ مفعول
مبتدا	زَیدٌ مَضرُوبٌ اَبُوہٗ	عمروٌ مُعطیً غُلامُہٗ دِرھَمًا	بکرٌ معلومٌ ابنُہٗ فاضلاً	خالدٌ مُخبرٌ ابنُہٗ عمرًا فاضلاً
موصوف	مَرَرتُ بِرَجُلٍ مَضرُوبٍ اَبُوہٗ	مَرَرتُ بِرَجُلٍ مُعطیً غُلامُہٗ دِرھَمًا	مَرَرتُ بِرَجُلٍ مَعلُومٍ ابنُہٗ فَاضِلاً	مَرَرتُ بِرَجُلٍ مُخبِرٍ ابنُہٗ عَمرًا فَاضِلاً
موصول	جَآءَنِی زَیدُنِ المَضرُوبُ اَبُوہٗ	جَآءَنِی المُعطی غُلامُہٗ دِرھَمًا	جَآءَنِی المَعلُومُ ابنُہٗ فاضلاً	جَآءَنِی المُخبَرُ ابنُہٗ عَمرًا فَاضِلاً
ذوالحال	جَآءَنِی زَیدٌ مَضرُوبًا اَبُوہٗ	جَآءَنِی زَیدٌ مُعطیً غُلامُہٗ دِرھَمًا	جَآءَنِی زَیدٌ مَعلُومًا ابنُہٗ فاضلاً	جَآءَنِی زَیدٌ مُخبَرًا ابنُہٗ عَمرًا فاضلاً
استفہام	اَمَضرُوبٌ زَیدٌ	اَمُعطی زَیدٌ دِرھَمًا	أَمَعلُومٌ زَیدٌ فاضلاً	أَمُخبَرٌ زَیدٌ عَمرًا فاضلاً
حرف نفی	مامَضرُوبٌ زَیدٌ	مامُعطی زَیدٌ دِرھَمًا	مامَعلُومٌ زَیدٌ فاضلاً	مامُخبَرٌ زَیدٌ عَمرًا فاضلاً

besturdubooks.wordpress.com

ششم صفت مشبہ عمل فعل خود کند بشرطِ اعتمادِ مذکور چون زَیْدٌ حَسَنٌ غُلَامُهٗ ، ہمان عمل کہ حَسُنَ میکرد حَسَنٌ میکند۔ ہفتم اسم تفضیل و استعمالِ او بر سہ وجہ است، بہ مِنْ چون زَیْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو یا بالف ولام چون جَآءَ نِی زَیْدُ نِ الْاَفْضَلُ یا باضافت چون زَیْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ ، وعملِ او در فاعل باشد و آن ھُوَ است فاعلِ اَفْضَلُ کہ درو مستتر است۔ ہشتم مصدر بشرطِ آنکہ مفعول مطلق نباشد عمل فعلش کند چون اَعْجَبَنِیْ ضَرْبُ زَیْدٍ عَمْرًا۔ نہم اسم مضاف، مضاف الیہ را بجر کند چون جَآءَ نِیْ غُلَامُ زَیْدٍ، بدانکہ اینجا لام بحقیقت مقدر است زیرا کہ تقدیرش آنست کہ غُلَامٌ لِزَیْدٍ

ترجمہ: چھٹی (قسم) صفت مشبہ، جو اپنے فعل کا عمل کرتا ہے مذکورہ اعتماد کی شرط کے ساتھ، جیسے زَیْدٌ حَسَنٌ غُلَامُهٗ ، جو عمل حَسُنَ کرتا تھا (وہی عمل) حَسَنٌ کرتا ہے۔ ساتویں (قسم) اسم تفضیل ، اور اس کا استعمال تین طریقوں پر ہے۔ (۱) مِنْ کے ساتھ جیسے زَیْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو (۲) یا الف ولام کے ساتھ جیسے جَآءَ نِی زَیْدُ نِ الْاَفْضَلُ (۳) یا اضافت کے ساتھ جیسے زَیْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ ۔ اور اس کا عمل فاعل میں ہوتا ہے اور وہ ھُوَ ہے جو اَفْضَلُ کا فاعل ہے اور اس (اَفْضَلُ) میں مستتر ہے۔ آٹھویں (قسم) مصدر، بشرطیکہ وہ مفعول مطلق نہ ہو، اپنے فعل کا عمل کرتا ہے جیسے اَعْجَبَنِیْ ضَرْبُ زَیْدٍ عَمْرًا ۔ نویں (قسم) اسم مضاف، مضاف الیہ کو جر دیتا ہے جیسے جَآءَ نِیْ غُلَامُ زَیْدٍ ، تُو جان کہ اس جگہ حقیقت میں لام مقدر ہے، کیونکہ اس کی تقدیر (عبارت) یوں ہے غُلَامٌ لِزَیْدٍ۔

(6) ششم صفت مشبہ:

اسمائے عاملہ کی چھٹی قسم صفت مشبہ ہے۔

صفت مشبہ کی تعریف: صفت مشبہ وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے اندر معنی مصدری ثبوت اور دوام کے ساتھ پایا جائے۔ جیسے حَسَنٌ (خوبصورت)

صفت مشبہ کا عمل: صفت مشبہ فعل لازمی والا عمل کرتا ہے، یعنی فاعل کو رفع دیتا ہے۔

صفت مشبہ کے عمل کیلئے شرائط: صفت مشبہ کے عمل کیلئے صرف ایک شرط ہے، وہ یہ کہ الف لام موصول کے علاوہ باقی پانچ چیزوں میں سے کوئی ایک صفت مشبہ سے پہلے واقع ہو، اور صفت مشبہ نے اس پر اعتماد کیا ہو۔

الف لام موصول صفت مشبہ پر داخل نہیں ہوسکتا کیونکہ الف لام موصول اسم فاعل اور اسم مفعول کے ساتھ خاص ہے۔ اسی طرح صفت مشبہ میں حال یا استقبال والی شرط نہیں ہے، کیونکہ صفت مشبہ میں کوئی بھی زمانہ نہیں پایا جاتا ہے بلکہ صفت مشبہ دوام اور استمرار پر

besturdubooks.wordpress.com

دلالت کرتی ہے۔

صفت مشبہ کی مثالیں:

(1) صفت مشبہ سے پہلے مبتدأ ہو اور صفت مشبہ اس کی خبر ہو۔ جیسے زَیْدٌ حَسَنٌ غُلَامُہٗ (زید کا غلام خوبصورت ہے) ترکیب: زَیْدٌ مبتدأ، حَسَنٌ صفت مشبہ شبہ فعل، غُلَامُہٗ مضاف ومضاف الیہ ملکر اس کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدأ اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(2) صفت مشبہ سے پہلے موصوف ہو، اور صفت مشبہ اس کی صفت ہو۔ جیسے مَرَرْتُ بِرَجُلٍ حَسَنٍ غُلَامُہٗ (میں گذرا ایسے مرد پر جس کا غلام حسین ہے) ترکیب: مَرَرْتُ فعل بافاعل، باء حرف جار، رَجُلٍ موصوف، حَسَنٍ صفت مشبہ شبہ فعل، غُلَامُہٗ مضاف ومضاف الیہ ملکر اس کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوکر صفت ہوئی موصوف کی، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو متعلّق ہوا مَرَرْتُ فعل کا، مَرَرْتُ فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(3) صفت مشبہ سے پہلے ذوالحال ہو، اور صفت مشبہ اس کا حال ہو۔ جیسے جَآءَنِی زَیْدٌ حَسَنًا غُلَامُہٗ (آیا میرے پاس زید، اس حال میں کہ اس کا غلام خوبصورت ہے) ترکیب: جَآءَ فعل، نونِ وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلًا مفعول بہٖ مقدم، زَیْدٌ ذوالحال، حَسَنًا صفت مشبہ شبہ فعل، غُلَامُہٗ مضاف ومضاف الیہ مل کر اس کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوکر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل مؤخر، فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعول بہٖ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(4) صفت مشبہ سے پہلے حرفِ استفہام ہو اور صفت مشبہ اس پر اعتماد کرے۔ جیسے اَحَسَنٌ زَیْدٌ (کیا زید خوبصورت ہے؟) ترکیب: ہمزۃ برائے استفہام، حَسَنٌ صفت مشبہ شبہ فعل، زَیْدٌ مرفوع لفظًا اس کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر شبہ جملہ ہوا

(5) صفت مشبہ سے پہلے حرفِ نفی ہو اور صفت مشبہ اس پر اعتماد کرے۔ جیسے مَا حَسَنٌ زَیْدٌ (زید خوبصورت نہیں ہے) ترکیب: مَا حرفِ نفی، حَسَنٌ صفت مشبہ شبہ فعل، زَیْدٌ مرفوع لفظًا اس کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر شبہ جملہ ہوا۔

اسم فاعل اور صفت مشبہ میں فرق:

اسم فاعل اور صفت مشبہ کے درمیان فرق یہ ہے کہ اسم فاعل میں صفت عارضی ہوتی ہے، اور صفت مشبہ میں صفت دائمی ہوتی ہے۔ اسم فاعل کی مثال، جیسے ضَارِبٌ (مارنے والا) اب مارنے والی صفت عارضی ہوتی ہے، کبھی ہوگی اور کبھی نہیں ہوگی۔ صفت مشبہ کی

مثال، جیسے حَسَنٌ (خوبصورت) حُسن والی صفت دائمی اور ہمیشہ ہوتی ہے، یہ نہیں ہوتا کہ کبھی حُسن ہو کبھی نہ ہو۔

⑦ هفتم اسم تفضيل:

اسمائے عاملہ کی ساتویں قسم اسم تفضیل ہے۔

اسم تفضیل کی تعریف: اسم تفضیل وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں مصدری معنی دوسرے کے اعتبار سے زیادہ پایا جائے۔ جیسے زَیْدٌ اَعْلَمُ مِنْ عَمْرٍو (زید عمرو سے زیادہ عالم ہے)

اسم تفضیل کا عمل: اسم تفضیل فاعل کو رفع دیتا ہے۔ پھر اس کا فاعل کبھی ضمیر اور کبھی اسم ظاہر ہوتا ہے، لیکن اکثر ضمیر ہوتا ہے جو اسم تفضیل میں مستتر ہوتی ہے۔

اسم تفضیل کے عمل کیلئے شرائط: اسم تفضیل کا ضمیر میں عمل کرنے کیلئے ماقبل پر اعتماد کے سوا کوئی اور شرط نہیں ہے۔ البتہ اسم ظاہر میں عمل کرنے کیلئے کچھ شرائط ہیں، جو بڑی کتابوں میں مذکور ہیں، یہاں بیان کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔

اسم تفضیل اور اسم مبالغہ میں فرق: اسم تفضیل اور اسم مبالغہ میں فرق یہ ہے کہ اسم تفضیل میں زیادتی دوسرے کے اعتبار سے ہوتی ہے، جبکہ اسم مبالغہ میں زیادتی فی نفسہ یعنی اپنی ذات کے اعتبار سے ہوتی ہے۔

اسم تفضیل کے استعمال کا طریقہ:

اسم تفضیل کے استعمال کے تین طریقے ہیں جو درج ذیل ہیں۔

(۱) اسم تفضیل مستعمل بِمِن: پہلا طریقہ یہ ہے کہ اسم تفضیل مِنْ کے ساتھ مستعمل ہو، اس صورت میں اسم تفضیل کو مفرد مذکر لانا ضروری ہے، چاہے اسم تفضیل کا موصوف مفرد ہو، تثنیہ ہو یا جمع ہو، مذکر ہو یا مؤنث ہو۔ جیسے زَیْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو، زَیْدَانِ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو، زَیْدُوْنَ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو، هِنْدٌ اَفْضَلُ مِنْ نِسَآءٍ، هِنْدَانِ اَفْضَلُ مِنْ نِسَآءٍ، هِنْدَاتٌ اَفْضَلُ مِنْ نِسَآءٍ،

پھر مِنْ کبھی مذکور ہوگا، جیسے زَیْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو اور کبھی مقدر ہوگا، جیسے قرآن مجید میں ہے "وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی" یہ اصل میں تھا "وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَاَبْقٰی مِنْهَا" (یاد رکھیں خَیْرٌ اسم تفضیل ہے یہ اصل میں اَخْیَرُ تھا پھر تخفیف ہوئی تو خَیْرٌ بن گیا)

(۲) اسم تفضیل مستعمل بالف لام: دوسرا طریقہ یہ کہ اسم تفضیل الف لام کے ساتھ استعمال ہو، اس صورت میں اسم تفضیل کا اپنے موصوف کے ساتھ افراد، تثنیہ، جمع، تذکیر اور تانیث میں مطابقت ضروری ہے۔ جیسے زَیْدُنِ الْاَفْضَلُ، زَیْدَانِ الْاَفْضَلَانِ، زَیْدُوْنَ

besturdubooks.wordpress.com

الافضلون ہِنْدُنِ الْفُضْلٰی، ہندانِ الْفُضْلَیانِ، ہنداتُنِ الْفُضْلَیاتُ،

(۳) اسم تفضیل مضاف الی النکرہ: تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اسم تفضیل مستعمل باضافت ہو اور اس کا مضاف الیہ نکرہ ہو۔ اس صورت میں اسم تفضیل کو مفرد مذکر لانا واجب ہے، جیسے خَالِدٌ اَفْضَلُ قَاعِدٍ، فَاطِمَةُ اَفْضَلُ اِمْرَءَةٍ، اَلْمُجَاهِدُوْنَ اَفْضَلُ رِجَالٍ، والْمُتَعَلِّمَاتُ اَفْضَلُ نِسَآءٍ،

(٤) اسم تفضیل مضاف الی المعرفہ: چوتھا طریقہ یہ ہے کہ اسم تفضیل مستعمل باضافت ہو اور اس کا مضاف الیہ معرفہ ہو۔ اس صورت میں اسم تفضیل میں دو صورتیں جائز ہیں۔ (۱) اسم تفضیل کو مفرد مذکر لانا بھی جائز ہے (۲) اپنے موصوف کے ساتھ مطابق لانا بھی جائز ہے۔

مفرد مذکر کی مثال: جیسے وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰی حَیٰوةٍ مطابقت کی مثال: جیسے وَجَعَلْنَا فِی کُلِّ قَرْیَةٍ اَکَابِرَ مُجْرِمِیْهَا

(8) ہشتم مصدر:

اسمائے عاملہ کی آٹھویں قسم اسم مصدر ہے۔

اسم مصدر کی تعریف: اسم مصدر وہ اسم ہے جو فعل کیلئے مشتق منہٗ ہو اور صرف حدث پر دلالت کرے۔ اسم مصدر کی نشانی یہ ہے کہ اس کے فارسی کے معنی کے آخر میں دَنْ یا تَنْ، اور اس کے اُردو کے معنی کے آخر میں 'نا' آتا ہے۔ جیسے اَلضَّرْبُ زدن، مارنا۔ اَلْقَتْلُ کشتن، قتل کرنا۔

اسم مصدر کا عمل: اسم مصدر اپنے فعل والا عمل کرتا ہے، یعنی اگر فعل لازمی کا مصدر ہو، تو فاعل کو رفع دیتا ہے۔ اور اگر فعل متعدی کا مصدر ہو، تو فاعل کو رفع، اور مفعول کو نصب دیتا ہے۔

مصدر کی اضافت اکثر فاعل کی طرف ہوتی ہے، اور کبھی مفعول کی طرف بھی ہوتی ہے۔

مصدر لازمی کی مثال: جیسے اَعْجَبَنِیْ قِیَامُ زَیْدٍ (زید کے کھڑے ہونے نے مجھے تعجب میں ڈالا)

مصدر متعدی کی مثال: جیسے اَعْجَبَنِیْ ضَرْبُ زَیْدٍ عَمْرًا (زید کے عمرو کو مارنے نے مجھے تعجب میں ڈالا)

اسم مصدر کے عمل کیلئے شرائط: مصدر کے عمل کیلئے درج ذیل سات (۷) شرطیں ہیں۔

(۱) مصدر مفعول مطلق نہ ہو۔ (۲) مفرد ہو، تثنیہ یا جمع نہ ہو۔ (۳) مکبّر ہو، مصغر نہ ہو۔ (٤) اس کے آخر میں تائے وحدت نہ ہو۔ (۵) اپنے معمول سے مؤخر نہ ہو۔ (٦) موصوف نہ ہو۔ (۷) محذوف نہ ہو۔

besturdubooks.wordpress.com

(9) نہم اسم مضاف:

اسمائے عاملہ کی نویں قسم اسم مضاف ہے۔

اسم مضاف کی تعریف: اسم مضاف وہ اسم ہے جس کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی جائے، جس اسم کی طرف نسبت کی جائے اس کو مضاف الیہ کہتے ہیں، اور مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان جو نسبت ہوتی ہے، اسے اضافت کہتے ہیں۔ جیسے "غُلامُ زَیدٍ" یہاں غُلامُ کی نسبت زَید کی طرف ہورہی ہے، تو غُلامُ مضاف، زَیدٍ مضاف الیہ، اور ان کے درمیان جو نسبت ہے، اضافت کہلاتی ہے۔

اسم مضاف کا عمل: اسم مضاف ہمیشہ مضاف الیہ کو جر دیتا ہے، جیسے "غُلامُ زَیدٍ" اصل میں غُلامٌ لِزَیدٍ تھا، لام کو مقدر کر کے غُلامُ زَیدٍ ہو گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

امثلہ ذیل میں اسمائے عاملہ اور ان کے معمول بتائیں، اور اسم تفضیل کی صورت میں بتائیں کہ اس کا استعمال کس طریقہ سے ہوا ہے، نیز ہر مثال کا ترجمہ اور ترکیب کریں۔

(۱) خَیرُ العِلمِ مَانَفَعَ (۲) اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الاَرْضِ خَلِیْفَةً (۳) اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ (٤) هٰذَا المَسْجِدُ اَطْوَلُ وَاَرْفَعُ مِنْ ذَالِکَ (٥) اَبُوْکَ مُعْطِیْ رَأْسَهُ (٦) زَیْدٌ اَهْدیٰ مِنْ عَمْرٍو (۷) ذَالِکُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِکُمْ (۸) مُطَاعٍ ثَمَّ اَمِیْنٍ (۹) وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ (۱۰) وَمَنْ یَّکْتُمْهَا فَاِنَّهٗ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ (۱۱) خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ (۱۲) وَاَنْتَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ (۱۳) وَمَا هُمْ بِخَارِجِیْنَ مِنَ النَّارِ (١٤) وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ (١٥) قَالَ اِنَّکَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱) **خَیرُ العِلمِ مَانَفَعَ.....** ترجمہ: زیادہ بہتر علم وہ ہے، جو نفع دے۔

مذکورہ مثال میں خَیرُ اسم تفضیل ہے، (اصل میں اَخْیَرُ تھا، پھر کثرت استعمال کی وجہ سے اس میں تخفیف ہوئی) یہاں چار طریقوں میں سے چوتھے طریقے (اضافت الی المعرفہ) کے ساتھ استعمال ہوا ہے۔

ترکیب: خَیرُ مضاف، العِلمِ مضاف الیہ، مضاف و مضاف الیہ مل کر مبتدأ، مَا موصولہ، نَفَعَ فعل، هُوَ ضمیر در و مستتر راجع بسوئے مَا اس

besturdubooks.wordpress.com

کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً..... ترجمہ: بیشک میں زمین میں خلیفہ (نائب) بنانے والا ہوں۔

مثال بالا میں جَاعِلٌ اسم فاعل متعدی ہے، جس نے اپنے فاعل ھُوَ ضمیر مستتر کو محلاً رفع اور خَلِیْفَةً مفعول بہ کو لفظاً نصب دیا ہوا ہے۔

ترکیب: اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل، یاء ضمیر منصوب متصل اس کا اسم، جَاعِلٌ اسم فاعل، اَنَا ضمیر در و مستتر فاعل، فِی الْاَرْضِ جار مجرور ملکر ظرف لغو اس کا متعلق، خَلِیْفَةً مفعول بہ، شبہ فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر، اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ..... ترجمہ: بیشک میرا رب دعاؤں کو سننے والا ہے۔

مذکورہ مثال میں سَمِیْعٌ صفت مشبہ ہے، جس نے اپنے فاعل ھُوَ ضمیر مستتر کو محلاً رفع، اور الدُّعَآءِ کو بنا بر مفعولیت معنًا نصب دیا ہوا ہے۔

ترکیب: اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل، رَبِّیْ مضاف و مضاف الیہ ملکر اس کا اسم، لام تاکیدیہ، سَمِیْعٌ صفت مشبہ ھُوَ ضمیر در و مستتر فاعل، اَلدُّعَآءِ لفظاً مضاف الیہ اور معنًا مفعول بہ، صفت مشبہ اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر، اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

دھم اسم تام، تمیز را نصب کند و تمامی اسم یا بتنوین باشد چون مَافِی السَّمَآءِ قَدْرُ رَاحَةٍ سَحَابًا، یا بتقدیر تنوین چون عِنْدِیْ اَحَدَعَشَرَ رَجُلًا و زَیْدٌ اَکْثَرُ مِنْکَ مَالًا، یا بنونِ تثنیہ چون عِنْدِیْ قَفِیْزَانِ بُرًّا، یا بنونِ جمع چون هَلْ نُنَبِّئُکُمْ بِالْاَخْسَرِیْنَ اَعْمَالًا، یا بمشابہ نونِ جمع چون عِنْدِیْ عِشْرُوْنَ دِرْهَمًا تا تِسْعُوْنَ، یا باضافت چون عِنْدِیْ مِلْؤُهٗ عَسَلًا، یازدہم اسمائے کنایہ از عدد، وآن دو لفظ است کَمْ و کَذَا، کَمْ بر دو قسم است استفہامیہ وخبریہ، استفہامیہ تمیز را نصب کند و کَذَا نیز چون کَمْ رَجُلًا عِنْدَکَ و عِنْدِیْ کَذَا دِرْهَمًا، وکَمْ خبریہ تمیز را بجر کند چون کَمْ مَالٍ اَنْفَقْتُ و کَمْ دَارٍ بَنَیْتُ، وگاہی مِنْ جار بر تمیز کَمْ خبریہ آید چون قولہ تعالیٰ کَمْ مِنْ مَّلَکٍ فِی السَّمٰوَاتِ،،

ترجمہ: دسویں (قسم) اسم تام، تمیز کو نصب دیتا ہے۔ اور اسم کا تام ہونا (۱) یا تنوین کے ساتھ ہوتا ہے جیسے مَافِی السَّمَآءِ قَدْرُ رَاحَةٍ سَحَابًا (۲) یا تنوین مقدر کے ساتھ جیسے عِنْدِیْ اَحَدَعَشَرَ رَجُلًا اور زَیْدٌ اَکْثَرُ مِنْکَ مَالًا (۳) یا نونِ تثنیہ کے ساتھ جیسے عِنْدِیْ قَفِیْزَانِ بُرًّا (۴) یا نونِ جمع کے ساتھ جیسے هَلْ نُنَبِّئُکُمْ بِالْاَخْسَرِیْنَ اَعْمَالًا (۵) یا مشابہ نونِ جمع کے ساتھ جیسے عِنْدِیْ عِشْرُوْنَ دِرْهَمًا، تِسْعُوْنَ تک (٦) یا اضافت کے ساتھ جیسے عِنْدِیْ مِلْؤُهٗ عَسَلًا۔ گیارہویں (قسم) اسمائے کنایہ از عدد، اور یہ دو لفظ ہیں کَمْ اور کَذَا، کَمْ دو قسم پر ہے استفہامیہ اور خبریہ، (کَمْ) استفہامیہ تمیز کو نصب دیتا ہے اور کَذَا بھی جیسے کَمْ رَجُلًا عِنْدَکَ اور عِنْدِیْ کَذَا دِرْهَمًا، اور کَمْ خبریہ تمیز کو جر دیتا ہے جیسے کَمْ مَالٍ اَنْفَقْتُ اور کَمْ دَارٍ بَنَیْتُ، اور کبھی مِنْ جارہ کَمْ خبریہ کی تمیز پر آتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا قول ہے کَمْ مِنْ مَّلَکٍ فِی السَّمٰوَاتِ،

(10) دھم اسم تام:

اسمائے عاملہ کی دسویں قسم اسم تام ہے۔

اسم تام کی تعریف: اسم تام وہ اسم ہے جو پانچ چیزوں یعنی نونِ تنوین، نونِ تثنیہ، نونِ جمع، نونِ مشابہ بالجمع اور اضافت میں سے کسی ایک کیساتھ تام ہو جائے۔ تام ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ان میں سے کسی ایک کے ہوتے ہوئے اس کی اضافت کسی اور کی طرف نہیں ہو سکتی۔

اسم تام کا عمل: اسم تام تمیز کو نصب دیتا ہے۔

مثالیں:

(1) نونِ تنوین کی مثال: جیسے "مَافِی السَّمَآءِ قَدْرُ رَاحَةٍ سَحَابًا" اس مثال میں رَاحَةٍ نے تنوین کے ساتھ تام ہو کر سَحَابًا کو بنا

besturdubooks.wordpress.com

برتمیز نصب دیا ہوا ہے۔

(2) نونِ تثنیہ کی مثال: جیسے "عِندِی قَفِیزَانِ بُرًّا" اس مثال میں قَفِیزَانِ نے نونِ تثنیہ کے ساتھ تام ہوکر بُرًّا کو بنا برتمیز نصب دیا ہوا ہے۔

(3) نونِ جمع کی مثال: جیسے "هَلْ نُنَبِّئُكُم بِالأَخسَرِينَ أَعمَالًا" اس مثال میں اَخسَرِینَ نے نونِ جمع کے ساتھ تام ہوکر اَعمَالًا کو بنابرتمیز نصب دیا ہوا ہے۔

(4) نونِ مشابہ بالجمع کی مثال: جیسے "عِندِی عِشرُونَ دِرهَمًا" اس مثال میں عِشرُونَ نے نونِ مشابہ بالجمع کے ساتھ تام ہوکر دِرهَمًا کو تمیز کی بناپر نصب دیا ہوا ہے۔

(5) اضافت کی مثال: جیسے "عِندِی مِلؤُهُ عَسَلًا" اس مثال میں مِلؤُهُ نے اضافت کے ساتھ تام ہوکر عَسَلًا کو بنا برتمیز نصب دیا ہوا ہے۔

(11) یازدھم اسمائے کنایہ از عدد:

اسمائے عاملہ کی گیارھویں قسم کنایہ از عدد ہے۔

کنایہ از عدد کی تعریف: کنایہ از عدد سے مراد وہ اسم ہے، جو عددِ مبہم پر دلالت کرے، اوراس کیلئے دولفظ وضع کئے گئے ہیں۔(۱) کَم (۲) کَذَا

کَم دوقسم پر ہے۔(۱) کَمْ استفہامیہ (۲) کَمْ خبریہ

(۱) کَمْ استفہامیہ: کَمْ استفہامیہ وہ ہے، جس کے ذریعے عددِ مبہم کے بارے میں پوچھا جائے۔

(۲) کَمْ خبریہ: کَمْ خبریہ وہ ہے، جس کے ذریعے عددِ مبہم کے بارے میں خبر دی جائے۔

کَمْ استفہامیہ کے معنی ہیں "کتنا"... کَمْ خبریہ کے معنی ہیں "بہت سا"...اور کَذَا کے معنی ہیں "اتنا"۔

کَمْ استفہامیہ اور کَذَا کا عمل: یہ دونوں تمیز کو نصب دیتے ہیں۔جیسے کَمْ رَجُلًا عِندَکَ ...عِندِی کَذَا دِرهَمًا

کَمْ خبریہ کا عمل: کَمْ خبریہ تمیز کو جر دیتا ہے۔جیسے کَمْ مَالٍ اَنفَقتُ

besturdubooks.wordpress.com

وگاهے مِنْ جار بر تمییز کم خبریہ آید:

یہاں سے مصنفؒ ایک فائدہ بیان کر رہے ہیں، کہ کَمْ خبریہ کی تمیز پر مِنْ جارہ بھی داخل ہو سکتا ہے۔ جیسے قرآن مجید میں ہے "وَكَمْ مِنْ مَلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ" (اور آسمانوں میں بہت سے فرشتے ہیں)

فائدہ: کَمْ استفہامیہ کی تمیز ہمیشہ مفرد منصوب ہوتی ہے، جیسے کَمْ رَجُلاً عِنْدَکَ۔ اور کَمْ خبریہ کی تمیز کبھی مفرد مجرور اور کبھی جمع مجرور ہوا کرتی ہے، بشرطیکہ کَمْ خبریہ اور اس کی تمیز کے درمیان فاصلہ نہ ہو، اگر فاصلہ ہو تو اس کی تمیز منصوب ہوتی ہے۔

مفرد مجرور کی مثال: جیسے کَمْ رَجُلٍ عِنْدِیْ (میرے پاس بہت سے آدمی ہیں)

جمع مجرور کی مثال: جیسے کَمْ رِجَالٍ عِنْدِیْ (میرے پاس بہت سے آدمی ہیں)

فاصلے کی مثال: جیسے کَمْ عِنْدِیْ رَجُلاً (میرے پاس بہت سے آدمی ہیں)

فائدہ: اگر کَمْ خبریہ اور اس کی تمیز کے درمیان فعل متعدی کا فاصلہ ہو، تو اس کی تمیز پر مِنْ جارہ کو داخل کرنا واجب ہے، تا کہ کَمْ خبریہ کی تمیز اور مفعول بہ کے درمیان فرق واضح ہو۔ جیسے قرآن مجید میں ہے "وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ"

فائدہ: کَمْ استفہامیہ کے بعد اکثر مخاطب کا صیغہ آتا ہے، جیسے کَمْ رَجُلاً ضَرَبْتَهٗ (آپ نے کتنے آدمی مارے؟) اور کَمْ خبریہ کے بعد اکثر متکلم کا صیغہ آتا ہے، جیسے کَمْ دَارٍ بَنَیْتُ (میں نے بہت سے گھر بنائے) کَمْ مَالٍ اَنْفَقْتُ (میں نے بہت سا مال خرچ کیا)

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں اسم تام اور اس کی تمیز، اسمائے کنایہ اور ان کی تمیز واضح کریں۔ کَمْ استفہامیہ اور کَمْ خبریہ کی تعیین کیجئے اور ہر مثال کا ترجمہ و ترکیب کریں۔

(۱) كَمْ رَكْعَةً صَلَّيْتَ (۲) اَللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا (۳) هُمْ اَكْثَرُوْنَ مِنْكُمْ مَالًا (۴) كَمْ يَوْمًا غِبْتَ عَنِّيْ (۵) وَكَمْ مِنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنَاهَا (۶) كَاَيِّنْ مِنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (۷) اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً (۸) وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَا اِلَى اللّٰهِ (۹) وَوَاعَدْنَا مُوْسٰى ثَلَاثِيْنَ يَوْمًا (۱۰) ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا (۱۱) وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ (۱۲) فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً (۱۳) قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا (۱۴) وَكَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً (۱۵) وَقَالَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ

besturdubooks.wordpress.com

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱) کَمْ رَکْعَۃً صَلَّیْتَ..... ترجمہ: آپ نے کتنی رکعتیں پڑھیں۔

درج بالا مثال میں کَمْ اسم کنایہ ہے، اوراس کی تمیز رَکْعَۃً ہے۔اور یہ کَمْ استفہامیہ ہے۔

ترکیب: کَمْ استفہامیہ ممیز، رَکْعَۃً اس کی تمیز، ممیّز اپنی تمیز سے مل کر مفعول بہ مقدم، صَلَّیْتَ فعل، تُ ضمیر مرفوع متصل بارز اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

(۲) اَللّٰہُ اَسْرَعُ مَکْرًا..... ترجمہ: اللہ تعالیٰ بہت جلد تدبیر کرنے والا ہے۔

مذکورہ مثال میں اَسْرَعُ اسم تام ہے تنوین مقدر سے، اور مَکْرًا اس کی تمیز ہے۔

ترکیب: لفظ اللّٰہُ مبتدا، اَسْرَعُ اسم تفضیل، ھُوَ ضمیر درو مستتر ممیز، مَکْرًا تمیز، ممیز اپنی تمیز سے ملکر فاعل، اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) ھُمْ اَکْثَرُوْنَ مِنْکُمْ مَالًا..... ترجمہ: وہ مال کے اعتبار سے تم سے زیادہ ہیں۔

مثال مذکور میں اَکْثَرُوْنَ اسم تام ہے، نونِ جمع کے ساتھ، اور مَالًا اس کی تمیز ہے۔

ترکیب: ھُمْ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، اَکْثَرُوْنَ اسم تفضیل، ھُمْ ضمیر درو مستتر ممیز، مِنْکُمْ جار مجرور ظرف لغو متعلق، مَالًا تمیز، ممیز اپنی تمیز کے ساتھ ملکر فاعل، اسم تفضیل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نقشہ اسمائے عاملہ

عامل لفظی

- اسمائے عاملہ
  - اسمائے شرطیہ
  - اسمائے افعال بمعنی ماضی
  - اسمائے افعال بمعنی امر حاضر
  - اسم فاعل
  - اسم مفعول
  - صفت مشبہ
  - اسم تفضیل
  - اسم مصدر
  - اسم مضاف
  - اسم تام
  - اسم کنایہ
- حروف عاملہ (گذر گئے)
- افعال عاملہ (گذر گئے)

besturdubooks.wordpress.com

قسم دوم درعوامل معنوی بدانکہ عوامل معنوی بردوقسم ست، اوّل ابتدا یعنی خُلو اسم ازعوامل لفظی کہ مبتداوخبررابرفع کند چون زَیْدٌ قَائِمٌ واینجا گویند کہ زَیْدٌ مبتداءست مرفوع بابتداء، وقَائِمٌ خبرمبتداست مرفوع بابتدا، واینجا دومذہب دیگرست یکی آنکہ ابتداعامل است درمبتداومبتدادرخبر، دیگرآنکہ ہریکی ازمبتداوخبرعاملیست دردیگر۔ دوم خلوفعل مضارع ازناصب وجازم فعل مضارع رابرفع کند چون يَضْرِبُ زَيْدٌ، اینجا يَضْرِبُ مرفوعست زیراکہ خالی ست ازناصب وجازم، تمام شدعوامل نحو بِتَوْفِيقِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَعَوْنِهٖ۔

ترجمہ: دوسری قسم عوامل معنوی (کے بیان) میں۔ تُو جان کہ عوامل معنوی دوقسم پر ہیں، پہلی (قسم) ابتداء 'یعنی اسم کا خالی ہونا عوامل لفظی سے' جومبتداءاورخبرکورفع دیتا ہے جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ، اس جگہ کہتے ہیں کہ زَیْدٌ مبتداء ہے جوابتدا کی وجہ سے مرفوع ہے اور قَائِمٌ مبتدا کی خبر ہے جوابتدا کی وجہ سے مرفوع ہے۔ اوراس جگہ دومذہب اور ہیں، ایک یہ کہ ابتدا مبتدامیں عامل ہے اور مبتداخبرمیں عامل ہے، دوسرا یہ کہ مبتدااورخبرمیں سے ہرایک دوسرے میں عامل ہے۔ اورعوامل معنوی کی دوسری قسم فعل مضارع کا خالی ہونا ناصب اور جازم سے، فعل مضارع کورفع دیتا ہے جیسے يَضْرِبُ زَيْدٌ، اس جگہ يَضْرِبُ مرفوع ہے کیونکہ خالی ہے عامل ناصب اورجازم سے۔ نحو کے عوامل پورے ہوگئے، اللہ تعالیٰ کی توفیق اوراس کی مدد سے۔

تشریح: یہاں سے مصنف رحمہ اللہ عوامل معنوی کی بحث کررہے ہیں۔ عامل معنوی (جس کی تعریف گذرچکی ہے) کی دوقسمیں ہیں۔

(۱) ابتداء (۲) خلو

اوّل ابتداء:

عامل معنوی کی پہلی قسم ابتداء ہے۔ ابتداء کے معنی ہیں 'اسم کا عوامل لفظیہ سے خالی ہونا'

ابتداء کا عمل: ابتداء، مبتدأاورخبرکورفع دیتا ہے، جیسے " زَيْدٌ قَائِمٌ "میں زَيْدٌاور قَائِمٌ کوابتداء نے رفع دیا ہوا ہے۔

یہاں دومذاہب اوربھی ہیں۔

(۱) بعض علماءفرماتے ہیں کہ مبتدأمیں عامل ابتداء ہے، اورخبرمیں عامل مبتدأ ہے۔ اس مذہب کے مطابق مبتدأ کا عامل معنوی ہے، جوکہ ابتداء ہے اورخبرکا عامل لفظی ہے، جوکہ مبتدأ ہے۔

(۲) بعض علماءفرماتے ہیں کہ مبتدأخبرمیں عامل ہے، اورخبرمبتدأمیں عامل ہے۔ اس مذہب کے مطابق دونوں کا عامل لفظی ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

دوم خلوؔ:

عامل معنوی کی دوسری قسم خلو ہے، خلو کے معنی ہیں "فعل مضارع کا نواصب اور جوازم سے خالی ہونا"

خلو کا عمل: خلو فعل مضارع کو رفع دیتا ہے، جیسے یَضْرِبُ زَیْدٌ میں یَضْرِبُ اس لئے مرفوع ہے کہ عامل ناصب اور جازم سے خالی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

امثلہ ذیل میں عوامل معنوی اور ان کے معمول بتائیں۔ اور ہر مثال کا ترجمہ و ترکیب کریں۔

(۱) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (۲) وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ (۳) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (٤) وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ (٥) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (٦) وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ وَّكِيْلٌ (٧) اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْئٍ (٨) اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (٩) يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهُ اَخْلَدَهُ (١٠) وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ (١١) وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا (١٢) وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ (١٣) يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (١٤) فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا (١٥) وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ

(نمونۂ حل سوالات)

(۱) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ..... ترجمہ: محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔

یہاں عامل معنوی کی پہلی قسم ابتداء ہے، جس نے مُحَمَّدٌ مبتدا اور رَسُوْلُ اللّٰهِ خبر کو رفع دیا ہوا ہے۔

ترکیب: مُحَمَّدٌ مبتدا، رَسُوْلُ اللّٰهِ مضاف و مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ...... ترجمہ: اور وہ نماز قائم کرتے ہیں۔

یہاں عامل معنوی کی دوسری قسم خلو ہے، جس نے يُقِيْمُوْنَ فعل مضارع کو رفع (باثبات نونِ اعرابی) دیا ہوا ہے۔

ترکیب: واؤ ماقبل کے اقتضاء کے مطابق، يُقِيْمُوْنَ فعل، واؤ ضمیر مرفوع متصل بارز مرفوع محلاً فاعل، الصَّلٰوةَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۳) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ...... ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں، جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے۔

یہاں عامل معنوی کی پہلی قسم ابتداء ہے، جس نے اَلْحَمْدُ مبتدا کو لفظاً رفع، اور لفظ لِلّٰهِ خبر کو معناً رفع دیا ہوا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

ترکیب: اَلْحَمْدُ مبتدا، لام جار، لفظِ اللّٰہِ موصوف، رَبِّ مضاف، اَلْعٰلَمِیْنَ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر صفت، موصوف وصفت ملکر مجرور، جار مجرور مل کر ظرفِ مستقر متعلق ہوا ثَابِتٌ مقدر کا، ثَابِتٌ شبہ فعل اپنے فاعل ھُوَ ضمیر مستتر اور متعلق سے ملکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

خاتمہ در فوائدِ متفرقہ کہ دانستن آن واجبست و آن سہ فصل ست، فصل اول در توابع بدانکہ تابع لفظی است کہ دومی از لفظِ سابق باشد باعراب سابق از یک جہت ولفظ سابق را متبوع گویند وحکم تابع آنست کہ ہمیشہ در اعراب موافق متبوع باشد، وتابع پنج نوع است، اول صفت وادتابعیست کہ دلالت کند بر معنی کہ در متبوع باشد چون جَآءَ نِیْ رَجُلٌ عَالِمٌ ، یا بر معنی کہ در متعلق متبوع باشد چون جَآءَ نِیْ رَجُلٌ حَسَنٌ غُلَامُہٗ یا اَبُوْہُ مثلاً قسم اول در دہ چیز موافق متبوع باشد در تعریف وتنکیر، وتذکیر وتانیث، وافراد وتثنیہ وجمع، ورفع ونصب وجر، چون عِنْدِیْ رَجُلٌ عَالِمٌ وَ رَجُلَانِ عَالِمَانِ وَرِجَالٌ عَالِمُوْنَ وامْرَأَةٌ عَالِمَةٌ و امْرَأَتَانِ عَالِمَتَانِ وَ نِسْوَةٌ عَالِمَاتٌ ، امّا قسم دوم موافق متبوع باشد در پنج چیز تعریف وتنکیر، ورفع ونصب وجر چون جَآءَ نِیْ رَجُلٌ عَالِمٌ اَبُوْہُ ، بدانکہ نکرہ را بجملہ خبریہ صفت توان کرد چون جَآءَ نِیْ رَجُلٌ اَبُوْہُ عَالِمٌ ودر جملہ ضمیری عائد بنکرہ لازم باشد۔

ترجمہ: خاتمہ متفرق فائدوں (کے بیان) میں، جن کا جاننا ضروری ہے، اور وہ تین فصلیں ہیں۔ پہلی فصل توابع کے بیان میں، تو جان کہ تابع وہ لفظ ہے جو پہلے لفظ کا دوسرا ہو پہلے لفظ کے اعراب کے ساتھ ایک جہت سے، اور پہلے لفظ کو متبوع کہتے ہیں۔ اور تابع کا حکم یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اعراب میں متبوع کا موافق ہوتا ہے۔ اور تابع کی پانچ قسمیں ہیں، پہلی (قسم) صفت، اور یہ وہ تابع ہے جو دلالت کرے اس معنی پر جو متبوع میں ہو جیسے جَآءَ نِیْ رَجُلٌ عَالِمٌ ، یا اس معنی پر جو متبوع کے متعلق میں ہو جیسے جَآءَ نِیْ رَجُلٌ حَسَنٌ غُلَامُہٗ یا اَبُوْہُ مثلاً، پہلی قسم (تابع) دس چیزوں میں متبوع کے موافق ہوتا ہے تعریف، تنکیر، تذکیر، تانیث، افراد، تثنیہ، جمع، رفع، نصب اور جر، جیسے عِنْدِیْ رَجُلٌ عَالِمٌ ، رَجُلَانِ عَالِمَانِ، رِجَالٌ عَالِمُوْنَ ، امْرَأَةٌ عَالِمَةٌ ، امْرَأَتَانِ عَالِمَتَانِ، نِسْوَةٌ عَالِمَاتٌ، بہر حال دوسری قسم (تابع) متبوع کے ساتھ پانچ چیزوں میں موافق ہوتا ہے تعریف، تنکیر، رفع، نصب اور جر، جیسے جَآءَ نِیْ رَجُلٌ عَالِمٌ اَبُوْہُ ، تو جان کہ نکرہ کی صفت جملہ خبریہ کو بنایا جاسکتا ہے جیسے جَآءَ نِیْ رَجُلٌ اَبُوْہُ عَالِمٌ ، اور جملہ میں ایک ضمیر نکرہ کی طرف لوٹنے والی ضروری ہے۔

تشریح: مصنفؒ نے خاتمہ میں چند ایسے متفرق فوائد ذکر کیے ہیں جن کا جاننا ضروری ہے۔ اور ان فوائد کو تین فصلوں میں بیان کیا ہے۔

فصل اوّل در توابع:

پہلی فصل میں مصنف رحمہ اللہ توابع کو بیان کرتے ہیں۔ توابع تابع کی جمع ہے۔

تابع کی تعریف: تابع کا لغوی معنی ہے "پیروی کرنے والا" اور اصطلاح میں تابع اس لفظ کو کہتے ہیں، جو پہلے لفظ کے اعتبار سے دوسرا ہو،

besturdubooks.wordpress.com

اور پہلے لفظ پر جو اعراب جس سبب سے ہو، اس پر بھی وہی اعراب اسی سبب سے ہو۔ یعنی اگر پہلا لفظ فاعلیت کی وجہ سے مرفوع ہو تو وہ بھی فاعلیت کی وجہ سے مرفوع ہو، اور اگر پہلا لفظ مفعولیت کی وجہ سے منصوب ہو تو وہ بھی مفعولیت کی وجہ سے منصوب ہو، اور اگر پہلا لفظ اضافت کی وجہ سے مجرور ہو تو وہ بھی اضافت کی وجہ سے مجرور ہو۔ پہلے لفظ کو متبوع کہتے ہیں۔

تابع کا حکم: تابع کا حکم یہ ہے کہ وہ اعراب میں ہمیشہ اپنے متبوع کا موافق ہوگا، یعنی اگر متبوع مرفوع ہو تو تابع بھی مرفوع ہوگا، اگر متبوع منصوب ہو تو تابع بھی منصوب ہوگا، اور اگر متبوع مجرور ہو تو تابع بھی مجرور ہوگا۔

تابع پنج نوع است:

یہاں سے مصنفؒ تابع کی قسمیں بیان کر رہے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ تابع کی پانچ قسمیں ہیں، (۱) صفت (۲) تاکید (۳) بدل (٤) عطفِ بحرف (۵) عطفِ بیان

(1) اوّل صفت:

توابع کی پہلی قسم صفت ہے۔

صفت کی تعریف: صفت وہ تابع ہے جو ایسے معنی پر دلالت کرے جو اس کے متبوع یا متبوع کے مُتعلّق میں ہو۔ پہلی قسم کی مثال: جیسے جَآءَ نِیْ رَجُلٌ عَالِمٌ میں عَالِمٌ اس معنی پر دلالت کرتا ہے جو اس کے متبوع، یعنی رَجُلٌ میں ہے۔ دوسری قسم کی مثال: جیسے جَآءَ نِیْ رَجُلٌ حَسَنٌ غُلَامُهٗ میں حَسَنٌ اس معنی پر دلالت کرتا ہے، جو اس کے متبوع کے متعلق غُلام میں ہے۔

پہلی قسم کو صفت بحالہ یا صفت بحال الموصوف کہتے ہیں، اور دوسری قسم کو صفت بحال متعلقہ یا صفت بحال متعلق الموصوف کہتے ہیں۔ اسی طرح پہلی قسم کو نعتِ حقیقی اور دوسری قسم کو نعتِ سببی بھی کہا جاتا ہے۔ صفت کے متبوع کو موصوف کہتے ہیں۔

قسم اوّل درده چیز موافق متبوع باشد (الخ)...

فرماتے ہیں کہ صفت بحالہ کا اپنے موصوف کے ساتھ دس چیزوں میں موافق ہونا ضروری ہے۔ وہ دس چیزیں درج ذیل ہیں۔

رفع، نصب، جر، افراد، تثنیہ، جمع، تذکیر، تانیث، تعریف، تنکیر۔

لیکن بیک وقت ان میں سے چار چیزوں میں موافقت ضروری ہے۔ (۱) رفع، نصب، جر میں سے ایک ہو، یعنی دونوں مرفوع، یا دونوں منصوب یا دونوں مجرور ہوں۔ (۲) افراد، تثنیہ، جمع میں سے ایک ہو، یعنی دونوں مفرد ہوں، یا دونوں تثنیہ ہوں، یا دونوں جمع ہوں۔

besturdubooks.wordpress.com

(۳) تذکیر وتانیث میں سے ایک ہو، یعنی دونوں مذکر ہوں یا دونوں مؤنث ہوں۔ (٤) تعریف وتنکیر میں سے ایک ہو، یعنی دونوں معرفہ یا دونوں نکرہ ہوں۔

مثالیں:

(1) جآءَ نِی رَجُلٌ عَالِمٌ اس مثال میں رَجُلٌ موصوف اور عَالِمٌ صفت ہے، دونوں مفرد، دونوں مذکر، دونوں نکرہ اور دونوں مرفوع ہیں۔

(2) جآءَ نِی رَجُلانِ عَالِمَانِ میں رَجُلانِ موصوف اور عَالِمَانِ صفت ہے۔ دونوں تثنیہ، دونوں مذکر، دونوں نکرہ اور دونوں مرفوع ہیں۔

(3) جآءَ نِی رِجَالٌ عَالِمُوْنَ میں رِجَالٌ موصوف اور عَالِمُوْنَ صفت ہے۔ دونوں جمع، دونوں مذکر، دونوں نکرہ اور دونوں مرفوع ہیں۔

(4) جآءَ تْنِی امْرَءَ ةٌ عَالِمَةٌ میں اِمْرَءَ ةٌ موصوف اور عَالِمَةٌ صفت ہے۔ دونوں مفرد، دونوں مؤنث، دونوں نکرہ اور دونوں مرفوع ہیں۔

(5) جآءَ تْنِی امْرَءَ تَانِ عَالِمَتَانِ میں اِمْرَءَ تَانِ موصوف، عَالِمَتَانِ صفت ہے۔ دونوں تثنیہ، دونوں مؤنث، دونوں نکرہ اور دونوں مرفوع ہیں۔

(6) "جآءَ تْنِی نِسْوَةٌ عَالِمَاتٌ" میں نِسْوَةٌ موصوف اور عَالِمَاتٌ صفت ہے۔ دونوں جمع، دونوں مؤنث، دونوں نکرہ اور دونوں مرفوع ہیں۔

اماقسم دوم موافق متبوع باشد الخ...

صفت بحال متعلقہ کا اپنے موصوف کے ساتھ پانچ چیزوں یعنی رفع، نصب، جر، تذکیر اور تانیث میں موافق ہونا ضروری ہے۔ لیکن بیک وقت ان میں سے دو چیزوں میں موافقت ہوگی۔ (۱) رفع، نصب اور جر میں سے ایک ہو، یعنی دونوں مرفوع ہوں، یا دونوں منصوب ہوں، یا دونوں مجرور ہوں۔ (۲) تذکیر اور تانیث میں سے ایک ہو، یعنی دونوں مذکر ہوں یا دونوں مؤنث ہوں۔ جیسے " جآءَ نِی رَجُلٌ عَالِمٌ اَبُوْہُ" اس میں رَجُلٌ موصوف اور عَالِمٌ صفت بحال متعلقہ ہے۔ دونوں نکرہ ہیں اور دونوں مرفوع ہیں۔

جملہ خبریہ نکرہ کی صفت ہوسکتا ہے، بشرطیکہ جملے میں موصوف کی طرف لوٹنے والی ضمیر ہو۔ جیسے جآءَ نِی رَجُلٌ اَبُوْہُ عَالِمٌ

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

دوم تاکید واو تابعیست کہ حال متبوع را مقرر گرداند در نسبت یا در شمول تا سامع راشک نماند، وتاکید بر دو قسم است لفظی ومعنوی، تاکید لفظی بتکرار لفظ است چون زَیْدٌ زَیْدٌ قَائِمٌ وَضَرَبَ ضَرَبَ زَیْدٌ وَاِنَّ اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ وتاکید معنوی بہشت لفظ است نَفْسٌ وَعَیْنٌ وکِلَا وکِلْتَا وکُلٌّ و اَجْمَعُ واَکْتَعُ واَبْتَعُ واَبْصَعُ چون جَآءَ نِیْ زَیْدٌ نَفْسُہٗ وجَآءَ نِیْ الزَّیْدَانِ اَنْفُسُھُمَا وجَآءَ نِیْ الزَّیْدُوْنَ اَنْفُسُھُمْ ،وعَیْنٌ را برین قیاس کن وَجَآءَ نِیْ الزَّیْدَانِ کِلَاھُمَا وَالْھِنْدَانِ کِلْتَاھُمَا ، وکِلَا وکِلْتَا خاص اند بمثنٰے ،وجَآءَ نِیْ الْقَوْمُ کُلُّھُمْ اَجْمَعُوْنَ واَکْتَعُوْنَ واَبْتَعُوْنَ واَبْصَعُوْنَ، بدانکہ اَکْتَعُ واَبْتَعُ اَبْصَعُ اتباع اند بہ اَجْمَعُ پس بدون اَجْمَعُ ومقدم بر اَجْمَعُ نباشند۔

ترجمہ: دوسری (قسم) تاکید، اور وہ ایک ایسا تابع ہے جو متبوع کی حالت ثابت کردے نسبت میں یا شمول میں، تاکہ سننے والے کو شک نہ رہے۔اور تاکید دو قسم پر ہے لفظی اور معنوی، تاکید لفظی لفظ کے تکرار سے ہوتی ہے جیسے زَیْدٌ زَیْدٌ قَائِمٌ، ضَرَبَ ضَرَبَ زَیْدٌ، اِنَّ اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ، اور تاکید معنوی آٹھ لفظوں سے ہوتی ہے نَفْسٌ، عَیْنٌ، کِلَا و کِلْتَا، کُلٌّ، اَجْمَعُ، اَکْتَعُ، اَبْتَعُ، اَبْصَعُ، جیسے جَآءَ نِیْ زَیْدٌ نَفْسُہٗ، جَآءَ نِیْ الزَّیْدَانِ اَنْفُسُھُمَا، جَآءَ نِیْ الزَّیْدُوْنَ اَنْفُسُھُمْ، اور عَیْنٌ کو اسی پر قیاس کر، اور جَآءَ نِیْ الزَّیْدَانِ کِلَاھُمَا وَالْھِنْدَانِ کِلْتَاھُمَا، اور کِلَا و کِلْتَا خاص ہیں مثنٰی کے ساتھ، اور جَآءَ نِیْ الْقَوْمُ کُلُّھُمْ اَجْمَعُوْنَ واَکْتَعُوْنَ واَبْتَعُوْنَ واَبْصَعُوْنَ، تو جان کہ اَکْتَعُ، اَبْتَعُ اور اَبْصَعُ، اَجْمَعُ کے تابع ہیں پس اَجْمَعُ کے بغیر اور اَجْمَعُ پر مقدم نہیں ہوتے۔

(2) دوم تاکید:

توابع کی دوسری قسم تاکید ہے۔

تاکید کی تعریف: تاکید کا لغوی معنی ہیں ''پختہ کرنا'' اور اصطلاح میں تاکید وہ تابع ہے جو متبوع کی حالت کو نسبت یا شمول میں پختہ کردے تاکہ سامع کو شک نہ رہے۔ تاکید کے متبوع کو مؤکد کہتے ہیں۔

نسبت میں پختہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تاکید یہ بتادے کہ منسوب یا منسوب الیہ اس کا متبوع ہی ہے۔

منسوب کی مثال: جیسے '' ضَرَبَ ضَرَبَ زَیْدٌ '' اس مثال میں تاکید کی وجہ سے منسوب کی پختگی ہوئی ہے، پہلا ضَرَبَ منسوب اور دوسرا ضَرَبَ اس کی تاکید ہے۔

منسوب الیہ کی مثال: جیسے '' زَیْدٌ زَیْدٌ قَائِمٌ'' اس مثال میں تاکید کی وجہ سے منسوب الیہ کی پختگی ہوئی ہے۔ پہلا زَیْدٌ منسوب الیہ اور دوسرا

besturdubooks.wordpress.com

زیدٌ اس کی تاکید ہے۔

شمول میں پختہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تاکید یہ بتادے کہ حکم متبوع کے تمام افراد کو شامل ہے۔ جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ کُلُّهُمْ (میرے پاس ساری قوم آئی) اب اگرچہ لفظِ قوم، قوم کے تمام افراد کو شامل ہوتا ہے، لیکن بسا اوقات قوم کا لفظ قوم کے اکثر افراد پر بھی بولا جاتا ہے، کُلُّهُم کے لانے سے معلوم ہوا کہ قوم کے تمام افراد مراد ہیں۔

ترکیب: جَآءَ فعل، نونِ وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ مقدم، القَوْمُ مؤکد، کُلُّ مضاف، هُمْ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف و مضاف الیہ مل کر تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے مل کر فاعل مؤخر، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تاکید کی قسمیں: تاکید کی دو قسمیں ہیں، (۱) تاکید لفظی (۲) تاکید معنوی

(۱) تاکید لفظی: تاکید لفظی وہ ہے جو پہلے لفظ کے مکرر لانے سے حاصل ہو، پھر چاہے وہ لفظ اسم ہو، فعل ہو، یا حرف ہو۔

اسم کی مثال: جیسے زَیْدٌ زَیْدٌ قَائِمٌ فعل کی مثال: جیسے ضَرَبَ ضَرَبَ زَیْدٌ حرف کی مثال: جیسے اِنَّ اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ

(۲) تاکید معنوی: تاکید معنوی وہ ہے جو نو (۹) لفظوں میں سے کسی ایک کے ساتھ حاصل ہو، وہ نو (۹) الفاظ درج ذیل ہیں۔

(۱) نَفْسٌ (۲) عَیْنٌ (۳) کِلاَ (٤) کِلْتَا (٥) کُلٌّ (٦) اَجْمَعُ (۷) اَکْتَعُ (۸) اَبْتَعُ (۹) اَبْصَعُ

نَفْسٌ و عَیْنٌ:

نَفْسٌ اور عَیْنٌ کے ساتھ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث سب کی تاکید کی جاتی ہے، لیکن ان کا صیغہ اور ان کیساتھ متصل ہونے والی ضمیر جو متبوع کی طرف لوٹتی ہے متبوع کے لحاظ سے بدلتی رہے گی۔ یعنی اگر ان کا متبوع مفرد ہو تو ان کا صیغہ اور وہ ضمیر جس کی طرف یہ مضاف ہیں دونوں مفرد ہوں گے، لیکن متبوع کی تذکیر کی صورت میں ضمیر مذکر اور متبوع کی تانیث کی صورت میں ضمیر مؤنث ہوگی۔

اگر ان کا متبوع تثنیہ مذکر یا تثنیہ مؤنث ہو، تو جمہور نحات کے نزدیک ان کا صیغہ جمع کا ہوگا، اور ضمیر تثنیہ کی ہوگی۔ اور بعض نحات کے ہاں صیغہ بھی تثنیہ کا اور ضمیر بھی تثنیہ کی ہوگی۔

اور اگر ان کا متبوع جمع مذکر یا جمع مؤنث ہو تو ان کا صیغہ اور ضمیر دونوں جمع کے ہوں گے، البتہ تذکیر اور تانیث میں ضمیر متبوع کی موافق ہوگی۔

besturdubooks.wordpress.com

مثالیں: مثالیں بالترتیب درج ذیل ہیں۔

مفرد مذکر کی مثال: جَآءَ نِی زَیْدٌ نَفْسُهٗ وَعَیْنُهٗ (میرے پاس زید بذات خود آیا)

مفرد مؤنث کی مثال: جَآءَ تْنِی هِنْدٌ نَفْسُهَاوَعَیْنُهَا (میرے پاس ھندہ بذات خود آئی)

تثنیہ مذکر کی مثال: جَآءَ نِی زَیْدَانِ اَنْفُسُهُمَاوَاَعْیُنُهُمَا (میرے پاس دو زید بذات خود آئے)

تثنیہ مؤنث کی مثال: جَآءَ تْنِی هِنْدَانِ اَنْفُسُهُمَاوَاَعْیُنُهُمَا (میرے پاس دو ھندے بذات خود آئیں)

جمع مذکر کی مثال: جَآءَ نِی زَیْدُوْنَ اَنْفُسُهُمْ وَاَعْیُنُهُمْ (میرے پاس کئی زید بذات خود آئے)

جمع مؤنث کی مثال: جَآءَ تْنِی هِنْدَاتٌ اَنْفُسُهُنَّ وَاَعْیُنُهُنَّ (میرے پاس کئی ھندے بذات خود آئیں)

کلا و کلتا:

کِلَا اور کِلْتَا صرف تثنیہ کی تاکید کیلئے آتے ہیں۔ کِلَا تثنیہ مذکر کی تاکید کیلئے آتا ہے، اور تثنیہ مذکر کی ضمیر کی طرف مضاف ہوتا ہے، جیسے "جَآءَ نِی زَیْدَانِ کِلَاهُمَا" اور کِلْتَا تثنیہ مؤنث کی تاکید کیلئے آتا ہے، اور تثنیہ مؤنث کی ضمیر کی طرف مضاف ہوتا ہے۔ جیسے "جَآءَ تْنِی هِنْدَانِ کِلْتَاهُمَا"

کُلٌّ:

کُلٌّ مفرد مذکر و مؤنث اور جمع مذکر و مؤنث کی تاکید کیلئے آتا ہے، اور اپنے متبوع کے موافق ضمیر کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوتا ہے۔

مفرد مذکر کی مثال: قَرَءْتُ الْقُرْاٰنَ کُلَّهٗ (میں نے پورا قرآن مجید پڑھا)

مفرد مؤنث کی مثال: اِشْتَرَیْتُ الْجَارِیَةَ کُلَّهَا (میں نے پوری باندی خرید لی)

جمع مذکر کی مثال: جَآءَ نِی الْقَوْمُ کُلُّهُمْ (میرے پاس پوری قوم آئی)

جمع مؤنث کی مثال: قَامَتِ النِّسَآءُ کُلُّهُنَّ (تمام عورتیں کھڑی ہوئیں)

اَجْمَعُ، اَکْتَعُ، اَبْتَعُ، اَبْصَعُ

یہ چار الفاظ مفرد مذکر و مؤنث اور جمع مذکر و مؤنث کی تاکید کیلئے آتے ہیں۔ اگر مفرد مذکر کی تاکید کیلئے ہوں تو یہ اَفْعَلُ کے وزن پر ہوں گے، جیسے اِشْتَرَیْتُ الْعَبْدَ کُلَّهٗ اَجْمَعَ اَکْتَعَ اَبْتَعَ اَبْصَعَ۔ اگر مفرد مؤنث کی تاکید کیلئے ہوں تو فَعْلَاءُ کے وزن پر ہوں گے۔

besturdubooks.wordpress.com

جیسے اِشْتَرَیْتُ الجَارِيَةَ كُلَّهَا جُمْعَاءَ كُتْعَاءَ بُتْعَاءَ بُصْعَاءَ

اگر جمع مذکر کی تاکید کیلئے ہوں تو اَفْعَلُوْنَ کے وزن پر ہوں گے، جیسے جَآءَ بَنِي الْقَوْمُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ اَكْتَعُوْنَ اَبْتَعُوْنَ اَبْصَعُوْنَ اور اگر جمع مؤنث کی تاکید کیلئے ہوں تو فُعَلُ کے وزن پر ہوں گے، جیسے قَامَتِ النِّسَآءُ كُلُّهُنَّ جُمَعُ كُتَعُ بُتَعُ بُصَعُ

بدانکه اَكْتَعُ وَاَبْتَعُ وَاَبْصَعُ اتباع اند به اَجْمَعُ الخ...

یہاں سے مصنفؒ ایک فائدہ بیان کررہے ہیں، فرماتے ہیں کہ اَكْتَعُ، اَبْتَعُ، اَبْصَعُ یہ تینوں اَجْمَعُ کے تابع ہیں۔ یہ نہ تو اَجْمَعُ کے بغیر استعمال ہوسکتے ہیں اور نہ اَجْمَعُ پر مقدم ہوسکتے ہیں۔ رہا اَجْمَعُ تو یہ ان تینوں کے بغیر استعمال ہوسکتا ہے، اور ان تینوں پر ہمیشہ مقدم رہے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

سوم بدل واوتابعیست کہ مقصود بہ نسبت او باشد، وبدل بر چہار قسم ست، بدل الکل وبدل الاشتمال وبدل الغلط وبدل البعض، بدل الکل آنست کہ مدلولش مدلول مبدل منہ باشد چون جَاءَ نِیْ زَیْدٌ اَخُوْکَ وبدل البعض آنست کہ مدلولش جزو مبدل منہ باشد چون ضُرِبَ زَیْدٌ رَأْسُہٗ وبدل الاشتمال آنست کہ مدلولش متعلق بمبدل منہ باشد چون سُلِبَ زَیْدٌ ثَوْبُہٗ وبدل الغلط آنست کہ بعد از غلط بلفظی دیگر یاد کنند چون مَرَرْتُ بِرَجُلٍ حِمَارٍ۔

ترجمہ: تیسری (قسم) بدل، اور وہ ایک ایسا تابع ہے کہ نسبت سے مقصود وہی ہو۔ اور بدل چار قسم پر ہیں بدل کل، بدل اشتمال، بدل غلط اور بدل بعض، بدل کل وہ (بدل) ہے جس کا مدلول مبدل منہ کا مدلول ہو جیسے جَاءَ نِیْ زَیْدٌ اَخُوْکَ، بدل بعض وہ بدل ہے جس کا مدلول مبدل منہ کے مدلول کا جزء ہو جیسے ضُرِبَ زَیْدٌ رَأْسُہٗ، بدل اشتمال وہ بدل ہے جس کا مدلول مبدل منہ کا متعلق ہو جیسے سُلِبَ زَیْدٌ ثَوْبُہٗ، اور بدل غلط وہ بدل ہے کہ (جس کو) غلطی کے بعد دوسرے لفظ سے ذکر کریں جیسے مَرَرْتُ بِرَجُلٍ حِمَارٍ۔

③ سوم بدل:

توابع کی تیسری قسم بدل ہے۔

بدل کی تعریف: بدل لغت میں ''عوض'' کو کہتے ہیں۔ اور اصطلاح میں بدل وہ تابع ہے جس کی طرف اس چیز کی نسبت کی گئی ہو جو اس کے متبوع کی طرف منسوب ہے، اور نسبت سے مقصود وہ خود ہو اس کا متبوع مقصود نہ ہو بلکہ اس کو بطور تمہید ذکر کیا گیا ہو۔ بدل کے متبوع کو مبدل منہ کہتے ہیں۔

بدل کی چار (۴) قسمیں ہیں۔ (۱) بدل کل (۲) بدل بعض (۳) بدل اشتمال (۴) بدل غلط

(۱) بدل کل: بدل کل وہ تابع ہے جسکا اور مبدل منہ کا مدلول ایک ہو، جیسے جَاءَ نِیْ زَیْدٌ اَخُوْکَ (میرے پاس زید یعنی تیرا بھائی آیا)

(۲) بدل بعض: بدل بعض وہ تابع ہے جس کا مدلول مبدل منہ کے مدلول کا جز ہو، جیسے ضُرِبَ زَیْدٌ رَأْسُہٗ (مارا گیا زید یعنی اس کا سر)

(۳) بدل اشتمال: بدل اشتمال وہ تابع ہے جس کا مدلول مبدل منہ کے مدلول کا نہ عین ہو اور نہ اس کا جز ہو، بلکہ مبدل منہ کے ساتھ تعلق والی چیز ہو۔ جیسے سُلِبَ زَیْدٌ ثَوْبُہٗ (چھینا گیا زید یعنی اس کا کپڑا)

(۴) بدل غلط: بدل غلط وہ تابع ہے جو مبدل منہ کو غلطی سے ذکر کرنے کے بعد ذکر کیا جائے اور اس کے ذریعے غلطی کا تدارک کیا جائے۔ جیسے مَرَرْتُ بِرَجُلٍ حِمَارٍ (گزرا میں ایک مرد کے پاس سے، بلکہ ایک گدھے کے پاس سے)

besturdubooks.wordpress.com

چهارم عطف بحرف واو تابعیست کہ مقصود باشد بہ نسبت با متبوعش بعد از حرف عطف چون جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَعَمْرٌو، وحروف عطف دہ است در فصل سوم یاد کنیم انشاء اللہ تعالیٰ واورا عطف نسق نیز گویند۔ **پنجم** عطف بیان واو تابعیست غیر صفت کہ متبوع را روشن گرداند چون اُقْسَمَ بِاللّٰہِ اَبُوْحَفْصٍ عُمَرُ وقتیکہ بعلم مشہورتر باشد، وجَآءَ نِیْ زَیْدٌ اَبُوْعَمْرٍو وقتیکہ بکنیت مشہورتر باشد۔

ترجمہ: چوتھی (قسم) عطف بحرف، اور وہ ایک ایسا تابع ہے جو مقصود ہو نسبت سے اپنے متبوع کے ساتھ حرف عطف کے بعد، جیسے جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وَعَمْرٌو، اور حروف عطف دس ہیں (جن کو) تیسری فصل میں انشاء اللہ تعالیٰ بیان کریں گے، اور اسکو عطف نسق بھی کہتے ہیں۔ پانچویں (قسم) عطف بیان، اور وہ ایک ایسا تابع ہے جو صفت نہ ہو اور متبوع کو واضح کرے جیسے اُقْسَمَ بِاللّٰہِ اَبُوْحَفْصٍ عُمَرُ اس وقت جبکہ (متبوع) علم کے ساتھ زیادہ مشہور ہو، اور جَآءَ نِیْ زَیْدٌ اَبُوْعَمْرٍو، اس وقت جبکہ (متبوع) کنیت کیساتھ زیادہ مشہور ہو۔

(4) چهارم عطف بحرف:

توابع کی چوتھی قسم عطف بحرف ہے۔

عطف بحرف کی تعریف: عطف بحرف وہ تابع ہے جو حرف عطف کے بعد ذکر کیا جائے اور وہ اور اس کا متبوع دونوں نسبت سے مقصود ہوں۔ جیسے "جَآءَ نِیْ زَیْدٌ وعَمْرٌو"۔۔۔۔ حروف عطف دس (۱۰) ہیں، جن کا بیان تیسری فصل میں ہوگا، اِنْشَاءَ اللّٰہ تعالیٰ

عطف بحرف کے متبوع کو معطوف علیہ اور عطف بحرف کو معطوف اور عطف نسق بھی کہتے ہیں۔ نسق اس لئے کہتے ہیں کہ نسق کے معنی ہیں "ترتیب دینا" چونکہ بعض جگہوں میں معطوف علیہ کے بعد معطوف ترتیب سے آتا ہے، جیسے جَآءَ نِیْ زَیْدٌ فَعَمْرٌو ثُمَّ بَکْرٌ (میرے پاس زید پھر عمرو پھر بکر آیا) اس لئے اس کو عطف نسق کہتے ہیں۔

(5) پنجم عطف بیان:

توابع کی پانچویں قسم عطف بیان ہے۔

عطف بیان کی تعریف: عطف بیان وہ تابع ہے جو صفت تو نہ ہو مگر اپنے متبوع کے حال کو واضح اور روشن کردے۔ عطف بیان کے متبوع کو مبیَّن کہتے ہیں۔ عطف بیان کنیت بھی ہو سکتا ہے اور علم بھی ہو سکتا ہے، لیکن ان دونوں میں سے جو زیادہ مشہور ہوگا اس کو عطف بیان بنایا جائے گا۔

علم کی مثال: جیسے اُقْسَمَ بِاللّٰہِ اَبُوْحَفْصٍ عُمَرُ (اللہ کی قسم اٹھائی ابوحفص، عمر نے) ابوحفص حضرت عمرؓ کی کنیت تھی غیر مشہور ہونے کی

besturdubooks.wordpress.com

وجہ سے واضح نہیں تھی علم یعنی عمر کہنے سے واضح ہوگئی تو عمر عطف بیان ہے۔

ترکیب: اَقْسَمَ فعل، با حرفِ جار، لفظِ اللّٰہِ مجرور، جار مجرور ملکر ظرفِ لغو متعلق ہوا اَقْسَمَ فعل کا، اَبُوْ مضاف، حَفْصٍ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مُبَیَّن، عُمَرُ عطف بیان، مُبَیَّن اپنے عطف بیان سے ملکر مرفوع لفظاً فاعل، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

کنیت کی مثال: جیسے جَآءَنِی زَیْدٌ اَبُوْ عَمْرٍو (میرے پاس زید یعنی ابو عمرو آیا) یہ اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ کنیت علم سے زیادہ مشہور ہو۔

ترکیب: جَآءَ فعل، نون وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلاً مفعول بہ، زَیْدٌ مبیَّن، اَبُوْ مضاف، عَمْرٍو مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر عطف بیان، مبیَّن اپنے عطف بیان سے مل کر فاعل مؤخر، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

امثلہ ذیل میں تابع کی پانچ قسموں کی تعیین کرنے کے بعد تاکید، بدل اور صفت کی قسمیں بتائیں۔ اور موصوف وصفت کے درمیان دس چیزوں میں مطابقت بیان کریں۔ نیز ترجمہ وترکیب کریں۔

(۱) قَالَ مُوْسٰی لِاَخِیْهِ هَارُوْنَ (۲) لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰی طَعَامٍ وَّاحِدٍ (۳) هٰذَا رَجُلٌ عَالِمٌ اَبُوْهُ (٤) مَرَرْتُ بِزَیْدٍ وَعَمْرٍو (٥) سَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ (٦) اُذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَیْدِ (٧) لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ (٨) سَیِّدَةُ النِّسَآءِ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ (٩) وَاِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا (١٠) وَاذْكُرْ عِبَادَنَا اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ (١١) یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِیْهِ (١٢) لَا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ (١٣) وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا (١٤) وَجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا (١٥) هَیْهَاتَ هَیْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ

(نمونہ حلّ سوالات)

(۱) قَالَ مُوْسٰی لِاَخِیْهِ هَارُوْنَ...... ترجمہ: موسیٰؑ نے اپنے بھائی ھارونؑ سے کہا۔

مذکورہ مثال میں ھارون تابع کی قسموں میں سے بدل ہے۔ اور بدل کی اقسام میں سے بدل کل ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

ترکیب: قَالَ فعل، مُوسٰی مرفوع تقدیراً فاعل، لام حرف جار، اَخِیْہِ مرکب اضافی ہوکر مبدل منہٗ، ھَارُوْنَ بدل، مبدل منہٗ اپنے بدل سے ملکر مجرور، جار ومجرور مل کر ظرفِ لغو متعلق ہوا قَالَ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۲) لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰی طَعَامٍ وَّاحِدٍ..... ترجمہ: ہم ایک کھانے پر ہرگز صبر نہیں کریں گے۔

مذکورہ مثال میں وَاحِدٍ تابع کی قسموں میں سے صفت ہے، اور صفت کی قسموں میں سے صفت بحالہٖ ہے۔ یہاں موصوف وصفت کے درمیان دس چیزوں میں سے چار چیزوں میں موافقت ہے، افراد، تذکیر، تنکیر، جر

ترکیب: لَنْ حرف از حروف ناصبہ، نَصْبِرَ فعل، نَحْنُ ضمیر در ومستتر مرفوع متصل فاعل، عَلٰی حرفِ جار، طَعَامٍ موصوف، وَاحِدٍ صفت، موصوف وصفت مل کر مجرور، جار ومجرور ملکر ظرفِ لغو متعلق ہوا نَصْبِرَ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۳) ھٰذَا رَجُلٌ عَالِمٌ اَبُوْہُ..... ترجمہ: اس آدمی کے والد عالم ہیں۔

یہاں عَالِمٌ تابع کی پانچ قسموں میں سے صفت ہے، صفت کی قسموں میں سے صفت بحال متعلقہٖ ہے۔ اور پانچ چیزوں میں سے دو چیزوں میں مطابقت ہے، تذکیر، رفع۔

ترکیب: ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، رَجُلٌ موصوف، عَالِمٌ صیغہ اسم فاعل، اَبُوْہُ مضاف ومضاف الیہ ملکر اس کا فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر صفت بحال متعلقہٖ، موصوف وصفت ملکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

نقشہ



☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل دوم در بیان منصرف وغیر منصرف، منصرف آنست کہ ہیچ سبب از اسبابِ منع صرف در ونباشد وغیر منصرف آنست کہ دو سبب از اسبابِ منع صرف درو باشد، واسبابِ منع صرف نہ است عدل ووصف وتانیث ومعرفہ وعجمہ وجمع وترکیب ووزنِ فعل والف ونون مزیدتان، چنانچہ در عُمَرُ عدلست وعلم، ودر ثُلٰثُ و مَثْلَثُ صفت است وعدل، ودر طَلْحَۃُ تانیث ست وعلم، ودر زَیْنَبُ تانیث معنوی است وعلم، ودر حُبْلٰی تانیث ست بالف مقصورہ، ودر حَمْرَآءُ تانیث است بالفِ ممدودہ، واین مؤنث بجائ دوسبب است، ودر اِبْرَاھِیْمُ عجمہ است وعلم، ودر مَسَاجِدُ وَمَصَابِیْحُ جمع منتہی الجموع بجائ دوسبب است، ودر بَعْلَبَکُّ ترکیب ست وعلم، ودر اَحْمَدُ وزنِ فعلست وعلم، ودر سَکْرَانُ الف ونون زائدتان ست ووصف، ودر عُثْمَانُ الف ونون زائدتان ست وعلم، وتحقیق غیر منصرف از کتب دیگر معلوم شود۔

ترجمہ: دوسری فصل منصرف اور غیر منصرف کے بیان میں، منصرف وہ (اسم) ہے کہ کوئی سبب اسبابِ منع صرف میں سے اس میں نہ ہو، اور غیر منصرف وہ ہے کہ دوسبب منع صرف کے اسباب میں سے جس میں ہوں۔ اور منع صرف کے اسباب نو ہیں (۱) عدل (۲) وصف (۳) تانیث (۴) معرفہ (۵) عجمہ (۶) جمع (۷) ترکیب (۸) وزنِ فعل (۹) الف ونون زائدتان، جیسے عُمَرُ میں (دوسبب) عدل ہے اور علم، اور ثُلٰثُ و مَثْلَثُ میں صفت ہے اور عدل، اور طَلْحَۃُ میں تانیث ہے اور علم، اور زَیْنَبُ میں تانیث معنوی ہے اور علم، اور حُبْلٰی میں تانیث ہے الف مقصورہ کے ساتھ، اور حَمْرَآءُ میں تانیث ہے الفِ ممدودہ کے ساتھ، اور یہ تانیث (یعنی الف مقصورہ یا ممدودہ کے ساتھ) دوسببوں کا قائم مقام ہے، اور اِبْرَاھِیْمُ میں عجمہ ہے اور علم، اور مَسَاجِدُ اور مَصَابِیْحُ میں جمع منتہی الجموع دوسببوں کا قائم مقام ہے، اور بَعْلَبَکُّ میں ترکیب ہے اور علم، اور اَحْمَدُ میں وزنِ فعل ہے اور علم، اور سَکْرَانُ میں الف ونون زائدتان ہیں اور وصف، اور عُثْمَانُ میں الف ونون زائدتان ہیں اور علم۔ اور غیر منصرف کی (مزید) تحقیق دوسری کتابوں سے معلوم ہوجائیگی۔

تشریح: دوسری فصل میں مصنف رحمۃ اللہ منصرف اور غیر منصرف کی بحث کررہے ہیں۔ اسم متمکن کی پانچویں قسم میں منصرف اور غیر منصرف کی تعریفیں اور منع صرف کے نو اسباب میں سے ہر ایک کی تعریف اور مختصر تشریح گذرچکی ہے، دوبارہ دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

البتہ ہم یہاں کچھ ضروری فوائد بیان کررہے ہیں۔

فائدہ: (1) انبیاء علیہم السلام کے اسماء مبارکہ میں سے سات اسماء منصرف ہیں، مُحَمَّد، ھُود، صالح، شُعیب، شیث، نوح، لوط علیہم السلام ان سات اسماء مبارکہ میں سے پہلے چار عربی ہوکر منصرف ہیں۔ اور آخری تین عجمی ہوکر منصرف ہیں، کیونکہ عجمہ کے غیر منصرف

besturdubooks.wordpress.com

ہونے کیلئے جو شرطیں ہیں وہ ان میں نہیں پائی جاتی ہیں۔ عُزیرٌ کا اسم اگر عربی ہو تو منصرف ہے، اور اگر عجمی ہو تو غیر منصرف ہے۔

ان سات اسماء کے علاوہ باقی انبیاء علیہم السلام کے اسماء مبارکہ سب کے سب عجمی ہو کر غیر منصرف ہیں، جیسے اِبْـــرَاهِیْـــمُ، اِسْمٰعِیْلُ وغیرہ۔

فائدہ: (2) فرشتوں کے اسماء مبارکہ میں سے چار اسماء عربی ہیں۔ مُنکر ،نکِیر ،مالک ،رِضوان ۔ رضوان علیت اور الف نون زائدتان کی وجہ سے غیر منصرف ہیں، اور مُنکر ،نکِیر ،مالک منصرف ہیں۔ باقی فرشتوں کے اسماء عجمی ہو کر غیر منصرف ہیں۔

فائدہ: (3) ابلیس بعض علماء کے نزدیک عجمی ہو کر غیر منصرف ہے، اور بعض علماء کے نزدیک عربی ہو کر غیر منصرف ہے۔ خلاصہ یہ کہ ابلیس کے غیر منصرف ہونے میں اتفاق ہے۔ عجمی ہونے کی صورت میں تو عدم انصراف واضح ہے، عربی ہونے کی صورت میں اس لئے غیر منصرف ہے کہ اس میں ایک سبب علیت اور دوسرا تشبیہ بالعجمہ ہے، کیونکہ عرب لوگ یہ نام نہیں رکھتے ہیں۔

فائدہ: (4) مہینوں کے اسماء میں سے چھ اسماء غیر منصرف ہیں، جمادی الاولی، جمادی الأخری، رمضان، شعبان، صفر، رجب ۔ جمادی الاولی اور جمادی الأخری الف مقصورہ کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔ رمضان اور شعبان علیت اور الف نون زائدتان کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔ صفر اور رجب علیت اور عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں، صفر، الصَّفر سے معدول ہے، اور رجب ،الرَّجب سے معدول ہے۔

فائدہ: (5) قبائل اور مواضع کی چار قسمیں ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

(۱) اگر قبائل اور مواضع کے نام میں تانیث معنوی کے علاوہ دو سبب پائے جائیں تو وہ ہمیشہ غیر منصرف ہونگے۔ جیسے تَغلب، باهلة وغیرہ

(۲) اگر قبائل اور مواضع کے اسماء، عرب سے غیر منصرف سنے گئے ہوں تو وہ بھی ہمیشہ غیر منصرف ہوں گے، جیسے هُود، دمشق، مجوس وغیرہ

(۳) اگر قبائل اور مواضع کے اسماء، عرب سے منصرف سنے گئے ہوں، تو وہ ہمیشہ منصرف ہونگے، جیسے کَلْبٌ، ثَقِیفٌ، حُنینٌ وغیرہ

(٤) اگر قبائل اور مواضع کے نام، مذکورہ بالا تین صورتوں کے علاوہ ہوں تو ان میں دو وجہیں جائز ہیں، ان کو منصرف بھی پڑھ سکتے ہیں اور غیر منصرف بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر قبائل کے نام کو حیٌّ اور مواضع کے نام کو مَکانٌ کی تاویل میں لیا جائے تو یہ منصرف ہوں گے۔ اور اگر قبائل کے نام کو قَبِیلةٌ اور مواضع کے نام کو بُقْعةٌ کی تاویل میں لیا جائے تو پھر یہ غیر منصرف ہوں گے۔

besturdubooks.wordpress.com

(تمرینی سوالات)

درج ذیل مثالوں میں منصرف اور غیر منصرف کو مع اسباب بیان کریں۔ اور ہر مثال کا ترجمہ وترکیب بھی کریں۔

(۱) وَاذْکُرْ فِی الْکِتَابِ اِسْمٰعِیْلَ (۲) ھٰذِہٖ بَقَرَۃٌ صَفْرَآءُ (۳) لَبِسَ زَیْدٌ سَرَاوِیْلَ (٤) اِنَّ اِبْرَاھِیْمَ کَانَ اُمَّۃً (۵) اِسْمُہٗ اَحْمَدُ (٦) فَلَمَّا قَضٰی زَیْدٌ مِّنْھَا وَطَرًا (۷) قَالَ لَہٗ مُوْسٰی (۸) فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰی وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ (۹) یٰبَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ (۱۰) وَاُخَرُ مُتَشَابِھَاتٌ (۱۱) یٰٓاَھْلَ یَثْرِبَ لَامُقَامَ لَکُمْ (۱۲) وَکَوَاعِبَ اَتْرَابًا (۱۳) قَوَارِیْرَ مِنْ فِضَّۃٍ (۱٤) بَیْضَآءَ لَذَّۃٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ (۱۵) حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا

(نمونہ حلّ سوالات)

(۱) وَاذْکُرْ فِی الْکِتَابِ اِسْمٰعِیْلَ...... **ترجمہ**: اور کتاب میں اسمٰعیل کو یاد کرو۔

مذکورہ مثال میں الکِتَاب منصرف ہے، اور اِسْمٰعِیْلَ غیر منصرف ہے کیونکہ اس میں منع صرف کے دو سبب علمیت اور عجمہ پائے جاتے ہیں۔

ترکیب: واو موافق باقتضائے ماقبل، اُذْکُرْ فعل، اَنتَ ضمیر در و مستتر فاعل، فِی الْکِتَابِ جار مجرور مل کر اس کا متعلق، اِسْمٰعِیْلَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

(۲) ھٰذِہٖ بَقَرَۃٌ صَفْرَآءُ...... **ترجمہ**: یہ زرد گائے ہے۔

مذکورہ مثال میں بَقَرَۃٌ منصرف ہے، اور صَفْرَآءُ غیر منصرف ہے کیونکہ اس میں منع صرف کے نو اسباب میں سے ایک سبب پایا جاتا ہے جو دو سببوں کا قائم مقام ہے، اور وہ الف ممدودہ ہے۔

ترکیب: ھٰذِہٖ اسم اشارہ مبتدأ، بَقَرَۃٌ موصوف، صَفْرَآءُ صفت، موصوف وصفت ملکر خبر، مبتدأ اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳) لَبِسَ زَیْدٌ سَرَاوِیْلَ...... **ترجمہ**: زید نے پائجامہ پہنا۔

مذکورہ مثال میں زَیْدٌ منصرف ہے، اور سَرَاوِیْلَ غیر منصرف ہے بوجہ ایک سبب قائم مقام دو سببوں کے، جو جمع منتہی الجموع ہے،

ترکیب: لَبِسَ فعل، زَیْدٌ فاعل، سَرَاوِیْلَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

فصل سوم در حروفِ غیر عاملہ وآن شانزدہ قسم ست، اول حروفِ تنبیہ وآن سہ است اَلَا و اَمَا وھَا، دوم حروفِ ایجاب وآن شش ست نَعَمْ وبَلٰی و اَجَلْ وَاِیْ و جَیْرِ واِنَّ، سوم حروفِ تفسیر وآن دو است اَیْ و اَنْ ، کَقَولِہٖ تَعَالٰی نَادَیْنَاہُ اَنْ یَّآ اِبْرَاھِیْمُ ، چہارم حروفِ مصدریہ وآن سہ است مَا واَنْ وَاَنَّ ،مَا واَنْ درفعل روند تا فعل بمعنی مصدر باشد، پنجم حروفِ تحضیض وآن چہار ست اَلَّا وھَلَّا ولَوْلَا ولَوْمَا، ششم حروفِ توقع وآن قَدْ است برائ تحقیق در ماضی وبرائ تقریب ماضی بحال ودر مضارع برائ تقلیل ہفتم حروفِ استفہام وآن سہ است مَا و ھمزہ وَھَلْ، ہشتم حروفِ ردع وآن کَلَّا ست بمعنی باز گردانیدن وبمعنی حَقًّا نیز آمدہ است چون کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ، نہم تنوین وآن پنج است، تمکن چون زَیْدٌ وتنکیر چون صَہٍ اَیْ اُسْکُتْ سُکُوْتًا مَّا فِیْ وَقْتٍ مَّا ، امّا صَہْ بغیر تنوین فمعناہُ اُسْکُتِ السُّکُوْتَ الْآنَ وعوض چون یَوْمَئِذٍ ومقابلہ چون مُسْلِمَاتٌ وترنم کہ در آخرِ ابیات باشد شعر ۔

اَقِلِّی اللَّوْمَ عَاذِلَ وَالْعِتَابَنْ وَقُوْلِیْ اِنْ اَصَبْتُ لَقَدْ اَصَابَنْ

وتنوین ترنم دراسم وفعل وحرف رود، امّا چہار اولین خاص است باسم ۔

ترجمہ: تیسری فصل حروفِ غیر عاملہ (کے بیان) میں ۔ اور وہ سولہ قسمیں ہیں، پہلی (قسم) حروفِ تنبیہ، اور وہ تین ہیں اَلَا، اَمَا اور ھَا، دوسری (قسم) حروفِ ایجاب، اور وہ چھ ہیں نَعَمْ، بَلٰی، اَجَلْ، اِیْ، جَیْرِ، اِنَّ، تیسری (قسم) حروفِ تفسیر، اور وہ دو ہیں اَیْ اور اَنْ جیسے اللہ تعالیٰ کا قول ہے نَادَیْنَاہُ اَنْ یَّا اِبْرَاھِیْمُ، چوتھی (قسم) حروفِ مصدر، اور وہ تین ہیں مَا، اَنْ، اَنَّ،، مَا اور اَنْ فعل پر داخل ہوتے ہیں تاکہ فعل مصدر کے معنی میں ہو جائے ۔ پانچویں (قسم) حروفِ تحضیض، اور وہ چار ہیں اَلَا، ھَلَّا، لَوْلَا، لَوْمَا، چھٹی (قسم) حرفِ توقع، اور وہ قَدْ ہے، ماضی میں تحقیق، اور ماضی کو حال سے قریب کرنے کے واسطے ہے، اور فعل مضارع میں تقلیل کیلئے ۔ ساتویں (قسم) حروفِ استفہام، اور وہ تین ہیں مَا، ھمزہ، ھَلْ آٹھویں (قسم) حرفِ ردع، اور وہ کَلَّا ہے جو روکنے کے معنی میں ہے، اور حَقًّا کے معنی میں بھی آیا ہے جیسے کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ، نویں (قسم) تنوین، اور وہ پانچ قسمیں ہیں (۱) تمکن جیسے زَیْدٌ (۲) تنکیر جیسے صَہٍ یعنی "اُسْکُتْ سُکُوْتًا مَّا فِیْ وَقْتٍ مَّا" البتہ صَہْ بغیر تنوین کے اُسْکُتِ السُّکُوْتَ الْآنَ کے معنی میں ہے (۳) عوض جیسے یَوْمَئِذٍ (۴) مقابلہ جیسے مُسْلِمَاتٌ (۵) ترنم جو شعروں کے آخر میں آتی ہے جیسے شعر ۔

اَقِلِّی اللَّوْمَ عَاذِلَ وَالْعِتَابَنْ وَقُوْلِیْ اِنْ اَصَبْتُ لَقَدْ اَصَابَنْ

besturdubooks.wordpress.com

اور تنوین ترنم اسم،فعل اور حرف پر داخل ہوتی ہے البتہ پہلی چار قسمیں اسم کے ساتھ خاص ہیں۔

تشریح: تیسری فصل میں مصنف رحمہ اللہ حروف غیر عاملہ کو بیان کرر ہے ہیں۔حروف غیر عاملہ کی سولہ (16) قسمیں ہیں، جو بالتفصیل درج ذیل ہیں۔

(1) اول حروف تنبیه:

حروف غیر عاملہ کی پہلی قسم حروف تنبیہ ہیں۔یعنی وہ حروف جن کے ذریعے مخاطب کو متنبہ کیا جاتا ہے، تاکہ اس سے کلام کا کچھ حصہ رہ نہ جائے۔حروف تنبیہ تین ہیں، اَلا، اَمَا، هَا...

اَلا اور اَمَا جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں پر داخل ہوتے ہیں، جیسے اَلَا اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ (خبردار بیشک وہی مفسدین ہیں)اَمَا لَا تَفْعَلْ (خبردار مت کر)

اور ھَا جملہ اسمیہ اور مفرد پر داخل ہوتا ہے۔لیکن ہر قسم کے مفرد پر داخل نہیں ہوتا بلکہ صرف اسم اشارہ، منادیٰ معرف باللام، اور ضمیر منفصل پر داخل ہوتا ہے۔

جملہ اسمیہ کی مثال: جیسے هَا زَيْدٌ قَائِمٌ (خبردار زید کھڑا ہے) — مفرد اسم اشارہ کی مثال: جیسے هٰذَا

مفرد منادیٰ معرف باللام کی مثال: جیسے يَا اَيُّهَا الرَّجُلُ — مفرد ضمیر منفصل کی مثال: جیسے هَا اَنْتُمْ

(2) دوم حروف ایجاب:

حروف غیر عاملہ کی دوسری قسم حروف ایجاب ہیں، یعنی وہ حروف جن کے ذریعے کسی کو جواب دیا جائے، اور یہ چھ حروف ہیں۔نَعَم، بَلٰی، اِیْ، اَجَلْ، جَیرِ، اِنَّ

نَعَمْ کسی کلام کے اثبات کیلئے آتا ہے، خواہ وہ کلام استفہام ہو یا خبر، مثبت ہو یا منفی۔

استفہام مثبت کی مثال: جیسے اَجَآءَ زَيْدٌ کے جواب میں کہا جائے نَعَمْ (جی ہاں، زید آیا ہے)

استفہام منفی کی مثال: جیسے اَمَا جَآءَ زَيْدٌ کے جواب میں کہا جائے، نَعَمْ (جی ہاں، زید نہیں آیا ہے)

خبر مثبت کی مثال: جیسے قَامَ زَيْدٌ کے جواب میں کہا جائے، نَعَمْ (جی ہاں زید کھڑا ہے)

خبر منفی کی مثال: جیسے مَا قَائِمٌ زَيْدٌ کے جواب میں کہا جائے، نَعَمْ (جی ہاں زید کھڑا نہیں ہے)

بَلٰی پہلے کلام کی نفی ختم کر کے اس کو مثبت بنالیتا ہے، خواہ وہ نفی بغیر استفہام کی ہو، جیسے مَا قَامَ زَيْدٌ (زید کھڑا نہیں ہے) اس کے

besturdubooks.wordpress.com

جواب میں کہا جائے ،بَلٰی (کیوں نہیں ، بیشک زید کھڑا ہے) یا وہ نفی استفہام کے ساتھ ہو، جیسے قرآن مجید میں ہے "اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ" (کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں) جواب میں کہا گیا "بَلٰی" (کیوں نہیں ، آپ ہمارے رب ہیں)

اِیْ استفہام کے بعد اثبات کیلئے آتا ہے۔ یہ قسم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے، اور فعل قسم ہمیشہ محذوف ہوتا ہے۔ جیسے اَجَآءَ زَیْدٌ کے جواب میں کہا جائے اِیْ وَاللّٰہِ (ہاں خدا کی قسم زید آیا ہے)

اَجَلْ ،جَیْرِ اور اِنَّ یہ تینوں خبر کی تصدیق کیلئے آتے ہیں، خواہ وہ خبر مثبت ہو یا منفی ہو۔

خبر مثبت کی مثال: جیسے قَدْجَآءَ زَیْدٌ کے جواب میں اَجَلْ ،جَیْرِ یا اِنَّ کہا جائے ،یعنی ہاں زید آیا ہے۔

خبر منفی کی مثال: جیسے لَمْ یَاْتِ زَیْدٌ کے جواب میں اَجَلْ ،جَیْرِ یا اِنَّ کہا جائے ،یعنی ہاں زید نہیں آیا ہے۔

(3) سوم حروف تفسیر:

حروف غیر عاملہ کی تیسری قسم حروف تفسیر ہیں ،یعنی وہ حروف جو کسی مجمل اور مبہم بات کی تفسیر اور وضاحت کریں۔ اور یہ دو حرف ہیں اَیْ، اَنْ

اَیْ مفرد اور مرکب دونوں کی تفسیر کیلئے آتا ہے۔

مفرد کی مثال: جیسے جَآءَ نِیْ زَیْدٌ اَیْ عَبْدُ اللّٰہِ **مرکب کی مثال:** جیسے قُطِعَ رِزْقُہٗ اَیْ مَاتَ

اَنْ ہر اس فعل کے مفعول بہ کی تفسیر کیلئے آتا ہے جو قول کے معنی میں ہو۔ اور وہ مفعول بہ اکثر محذوف ہوتا ہے۔ جیسے قرآن مجید میں آتا ہے "وَنَادَیْنٰہُ اَنْ یَّا اِبْرَاھِیْمُ" اس مثال میں نَادَیْنَا فعل ،قول کے معنی میں ہے، اس کا مفعول بہ مقدر ہے جو بِلَفْظٍ ہے، اَنْ نے اس مفعول بہ کی تفسیر یَا اِبْرَاھِیْمُ کے ساتھ کی ہے۔ کبھی وہ مفعول بہ مذکور بھی ہوتا ہے، جیسے 'اِذْاَوْحَیْنَا اِلٰی اُمِّکَ مَایُوْحٰی اَنِ اقْذِفِیْہِ' اس مثال میں اَوْحَیْنَا فعل ہے جو قول کے معنی میں ہے، مَایُوْحٰی مفعول بہ ہے جو کہ مذکور ہے، اَنْ نے اس کی تفسیر اِقْذِفِیْہِ سے کی ہے۔

(4) چہارم حروف مصدریہ:

حروف غیر عاملہ کی چوتھی قسم حروف مصدریہ ہیں، یعنی وہ حروف جو اپنے مدخول کو مصدر کے معنی میں کر دیتے ہیں۔ حروف مصدریہ تین ہیں مَا، اَنْ، اَنَّ

مَا اور اَنْ جملہ فعلیہ پر داخل ہوتے ہیں۔ مَا کی مثال: جیسے ضَاقَتْ عَلَیْھِمُ الْاَرْضُ بِمَارَحُبَتْ (ان پر زمین تنگ ہوگئی کشادہ ہونے کے باوجود) اس مثال میں مَا اپنے مابعد سے مل کر رُحْبِھَا مصدر کے معنی میں ہے۔ اَنْ کی مثال: جیسے اَعْجَبَنِیْ اَنْ

besturdubooks.wordpress.com

تَضرِبَ (تیرے مارنے نے مجھے تعجب میں ڈالا) اس مثال میں اَنْ اپنے مابعد تَضرِبَ کے ساتھ مل کر ضَربُکَ مصدر کے معنی میں ہے۔

اَنَّ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے، جیسے عَلِمتُ اَنَّکَ قَائِمٌ (تیرے کھڑے ہونے کو میں نے جان لیا) اس مثال میں اَنَّ اپنے مابعد کے ساتھ مل کر مصدر کے معنی میں ہے، تقدیر عبارت یوں ہے "عَلِمتُ قِیَامَکَ"

(5) پنجم حروف تحضیض:

حروف غیر عاملہ کی پانچویں قسم حروف تحضیض ہیں۔ حروف تحضیض چار ہیں، اَلَّا، ھَلَّا، لَوْلا، لَوْمَا

یہ حروف جب فعل ماضی پر داخل ہوتے ہیں تو مخاطب کو ترکِ فعل پر ملامت کرنے کیلئے آتے ہیں۔ جیسے اَلَّاصَلَّیتَ (تو نے نماز کیوں نہیں پڑھی) ھَلاَّ اَکرَمتَ زَیدًا (تو نے زید کا اکرام کیوں نہیں کیا) لَوْلاَ جِئتَنِیْ (تو میرے پاس کیوں نہیں آیا) لَوْمَا اَکَلتَ (تو نے کیوں نہیں کھایا)

اور جب فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں تو مخاطب کو فعل کرنے کی ترغیب دینے کیلئے ہوتے ہیں، جیسے اَلَّا تُصَلِّیْ (تو نماز کیوں نہیں پڑھتا ہے) ھَلَّا تَقرَءُ فَتَکُونُ عَالِمًا (تو کیوں نہیں پڑھتا تاکہ تو عالم بن جائے) لَوْلاَ تُکرِمُ زیدًا (تو زید کا اکرام کیوں نہیں کرتا) لَوْمَا تَأکُلُ (تو کیوں نہیں کھاتا)

(6) ششم حرف توقُّع:

حروف غیر عاملہ کی چھٹی قسم حرف توقع ہے۔ یہ صرف ایک حرف ہے، جو کہ قَدْ ہے۔

قَدْ اگر فعل ماضی پر داخل ہو تو تحقیق اور تقریب کیلئے آتا ہے۔ تقریب کے معنی ہیں "ماضی کو حال کے قریب کر دینا" جیسے قَدْقَامَ زَیْدٌ. اور اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو اکثر تقلیل کیلئے آتا ہے، جیسے اَلْجَوَّادُ قَدْیَبْخَلُ (سخی آدمی بھی کبھی بخل کرتا ہے)

فعل مضارع پر داخل ہو کر کبھی تحقیق کیلئے بھی آتا ہے۔ جیسے قَدْ یَعْلَمُ اللّٰہُ (بیشک اللہ تعالیٰ جانتے ہیں) اسی طرح فعل مضارع پر داخل ہو کر کبھی تکثیر کیلئے بھی آتا ہے، جیسے قَدْنَرٰی تَقَلُّبَ وَجْھِکَ (ہم اکثر آپ کے چہرے کے پلٹنے کو دیکھتے ہیں)

(7) ھفتم حروف استفھام:

حروف غیر عاملہ کی ساتویں قسم حروف استفہام ہیں، حروف استفہام وہ حروف ہیں جو کسی بات کے پوچھنے کیلئے وضع کیے گئے ہیں۔ یہ تین حروف ہیں، مَا، ھمزہ، اور ھَلْ

ھمزہ اور ھَلْ جملہ کے شروع میں آتے ہیں، خواہ جملہ اسمیہ ہو یا جملہ فعلیہ ہو۔

besturdubooks.wordpress.com

جملہ اسمیہ کی مثال: جیسے اَزَیْدٌ قَائِمٌ، ھَلْ زَیْدٌ قَائِمٌ **جملہ فعلیہ کی مثال:** جیسے اَقَامَ زَیْدٌ، ھَلْ قَامَ زَیْدٌ..... لیکن ھَلْ میں شرط یہ ہے کہ یہ اس جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے جس کی خبر فعل نہ ہو۔ ھمزہ میں یہ شرط نہیں ہے۔

مَا استفہامیہ جملہ پر داخل نہیں ہوتا ہے، صرف مفرد پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے مَادِیْنُکَ

(8) ھشتم حرف ردع:

حروف غیر عاملہ کی آٹھویں قسم حرفِ ردع ہے، ردع کا لغوی معنی ہے ''جھڑکنا اور روکنا'' اور اس کیلئے صرف ایک حرف کَلَّا ہے۔

کَلَّا مخاطب کو ڈرانے اور کسی کام سے روکنے کیلئے آتا ہے۔ پھر کبھی کَلَّا خبر کے بعد آتا ہے، جیسے کوئی کہے زَیْدٌ یَبْغُضُکَ (زید تجھ سے بغض رکھتا ہے) اس کے جواب میں کہا جائے، کَلَّا (ہرگز نہیں) یعنی وہ مجھ سے بغض نہیں رکھتا ہے۔ اور کبھی امر کے بعد آتا ہے، جیسے کوئی کہے اِضْرِبْ زَیْدًا (زید کو مار) اس کے جواب میں کہا جائے، کَلَّا (ہرگز نہیں) یعنی میں اس کو کبھی نہیں ماروں گا۔

(9) نہم تنوین:

حروف غیر عاملہ کی نویں قسم تنوین ہے۔ تنوین کا لغوی معنی ہے ''نون داخل کر دینا'' اور اصطلاح میں تنوین اس نون ساکن کو کہتے ہیں جو کلمہ کے آخری حرف کی حرکت کا تابع ہو، فعل کی تاکید کیلئے نہ ہو، اور وہ پڑھنے میں آئے لیکن لکھنے میں نہ آئے۔

تنوین کی پانچ قسمیں ہیں، (۱) تنوین تمکن (۲) تنوین تنکیر (۳) تنوین عوض (۴) تنوین مقابلہ (۵) تنوین ترنم

(۱) تنوین تمکن: تنوین تمکن اس تنوین کو کہتے ہیں جو اسم کے منصرف اور متمکن ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے زَیْدٌ

(۲) تنوین تنکیر: تنوین تنکیر اس تنوین کو کہتے ہیں جو اسم کے نکرہ ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے '' صَہٍ '' اس کا معنی ہے 'تو کسی وقت خاموش ہو جا' اگر صَہْ بغیر تنوین کے پڑھا جائے تو پھر یہ نکرہ نہیں معرفہ ہوگا اور اس کا معنی ہوگا 'تو ابھی خاموش ہو جا'۔

(۳) تنوین عوض: تنوین عوض وہ تنوین ہے جو مضاف الیہ کے عوض میں مضاف پر آئے۔ جیسے یَوْمَئِذٍ یہ اصل میں تھا یَوْمَ اِذْ کَانَ کَذَا، یَوْمَ مضاف ہے اِذْ کی طرف، اِذْ مضاف ہے کَانَ کَذَا جملہ کی طرف، پھر کَانَ کَذَا جملہ کو حذف کیا اور اس کے عوض اِذْ پر تنوین لے آئے تاکہ کلمہ ناقص نہ رہے۔ اسی طرح حِیْنَئِذٍ وغیرہ میں تنوین عوض ہے۔

(۴) تنوین مقابلہ: تنوین مقابلہ وہ تنوین ہے جو جمع مذکر سالم کے نون کے مقابلے میں جمع مؤنث سالم کے آخر میں آئے۔

besturdubooks.wordpress.com

جیسے مُسلِمَاتٌ کی تنوین، جومُسلِمُوْنَ کے نون کے مقابلے میں ہے۔

(۵) تنوین ترنُّم: ترنُّم کا لغوی معنی ہے 'گانا' اور اصطلاح میں تنوین ترنُّم اس تنوین کو کہتے ہیں جو اشعار اور مصرعوں کے آخر میں تحسین صوت کیلئے آئے۔ جیسے شاعر کہتا ہے۔

اَقِلِّی اللَّوْمَ عَاذِلَ وَالْعِتَابَنْ وَقُوْلِیْ اِنْ اَصَبْتُ لَقَدْ اَصَابَنْ

ترجمہ:۔ تو ملامت اور عتاب کو کم کردے، اے ملامت کرنے والی! اگر میں اچھا کام کروں، تو کہہ دے کہ بیشک اس نے اچھا کام کیا ہے۔

مذکورہ شعر میں اَلْعِتَابَنْ اور اَصَابَنْ کے آخر میں جو نون ہے وہ تنوین ترنّم ہے، اصل میں العِتَابَ اور اَصَابَ تھے۔

تنوین کی پہلی چار قسمیں صرف اسم پر داخل ہوتی ہیں، اور تنوین ترنم عام ہے اسم، فعل اور حرف سب پر داخل ہوسکتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

دھم نونِ تاکید درآخر فعل مضارع ثقیلہ وخفیفہ چون اِضْرِبَنَّ واِضْرِبَنْ ، یازدہم حروف زیادت وآن ہشت حرفست اِنْ واَنْ وماولاومِنْ وکاف وباولام چہارآخردرحروف جریاد کردہ شد۔ دوازدہم حروف شرط وآن دواست اَمَّا ولَوْ، اَمَّا برائی تفسیروفا درجوابش لازم باشد کقولہ تعالیٰ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ فَاَمَّاالَّذِيْنَ شَقُوْافَفِي النَّارِ وَاَمَّاالَّذِيْنَ سُعِدُوْافَفِي الْجَنَّةِ، و لَوْبرائے انتفائی ثانی بسبب انتفائی اول چون لَوْكَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا، سیزدہم لَوْلَاواوموضوع ست برائی انتفائی ثانی بسبب وجودِاول چون لَوْلَا عَلِيٌّ لَهَلَكَ عُمَرُ، چہاردہم لام مفتوحہ برائی تاکید چون لَزَيْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو، پانزدہم مَا بمعنی مَادَامَ چون اَقُوْمُ مَاجَلَسَ الْاَمِيْرُ، شانزدہم حروف عطف وآن دہ است، واؤ وفاوثُمَّ وحَتّٰى واِمَّاواَوْواَمْ لاوبَلْ ولٰكِنْ...

ترجمہ: دسویں (قسم) نونِ تاکید فعل مضارع کے آخر میں ثقیلہ اور خفیفہ جیسے اِضْرِبَنَّ اور اِضْرِبَنْ ، گیارہویں (قسم) حروف زیادت اور وہ آٹھ ہیں اِنْ ،اَنْ ،مَا ،لَا ،مِنْ ،کاف ،بَا ،لام ، آخری چار حروف جارہ میں ذکر کیے گئے ہیں۔ بارھویں (قسم) حروف شرط ،اور وہ دو ہیں اَمَّا اور لَوْ ،اَمَّا تفسیر کیلئے ہے اور فاء اس کے جواب میں ضروری ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا قول ہے فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ فَاَمَّاالَّذِيْنَ شَقُوْافَفِي النَّارِ وَاَمَّاالَّذِيْنَ سُعِدُوْافَفِي الْجَنَّةِ ،اور لَوْ ثانی کی نفی کے واسطے ہے اول کے منفی ہونے کی وجہ سے ، جیسے لَوْكَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ، تیرھویں (قسم) لَوْلَا ، اور یہ ثانی کی نفی کے واسطے ہے اول کے وجود کی وجہ سے جیسے لَوْلَا عَلِيٌّ لَهَلَكَ عُمَرُ ، چودہویں (قسم) لام مفتوحہ تاکید کیلئے ، جیسے لَزَيْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو ، پندرہویں (قسم) مَا جو مَادَامَ کے معنی میں ہو جیسے اَقُوْمُ مَاجَلَسَ الْاَمِيْرُ ، سولہویں (قسم) حروف عطف ، اور وہ دس ہیں ۔ واؤ ، فا ، ثُمَّ ، حَتّٰى ، اِمَّا ، اَوْ ، اَمْ ، لَا ، بَلْ ، لٰكِنْ .

(10) دھم نونِ تاکید:

حروف غیر عاملہ کی دسویں قسم نونِ تاکید ہے۔ نونِ تاکید اس نون کو کہتے ہیں جو امر اور ہر اس فعل مضارع میں تاکید کا معنی پیدا کردے جس میں طلب کے معنی ہوں۔

پھر نونِ تاکید کی دو قسمیں ہیں (۱) نونِ ثقیلہ۔ جیسے اِضْرِبَنَّ (۲) نونِ خفیفہ۔ جیسے اِضْرِبَنْ

(11) یازدھم حروف زیادت:

حروف غیر عاملہ کی گیارہویں قسم حروف زیادت ہیں۔ یہ آٹھ حروف ہیں ، اِنْ ، اَنْ ، مَا ، لَا ، باء ، کاف ، لام ، میم

besturdubooks.wordpress.com

ان حروف کے زائد ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اگر ان کو کلام سے حذف کر دیا جائے تو ان کے حذف کر دینے سے کلام کے معنی میں خلل واقع نہیں ہوتا۔ یہ مطلب نہیں کہ یہ محض بے فائدے ہیں، بلکہ ان کیلئے کلام میں بہت سے فائدے ہیں، جیسے لفظ کی تزئین، شعر کی استقامت وغیرہ۔

نیز یہ حروف ہر جگہ زائد نہیں ہوتے ہیں، بلکہ بعض جگہوں میں زائد ہوتے ہیں۔

(12) دوازدهم حروف شرط:

حروف غیر عاملہ کی بارہویں قسم حروف شرط ہیں۔ حروف شرط دو ہیں، اَمَّا، لَوْ

اَمَّا اکثر مجمل کلام کی تفسیر کیلئے آتا ہے، اور اس کے جواب پر فاء لانا واجب ہے۔ جیسے قرآن مجید میں ہے "فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ. فَأَمَّاالَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ وَاَمَّاالَّذِيْنَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ" ترجمہ: پس ان میں سے بعض بد بخت ہیں اور بعض نیک بخت ہیں، اور جو بد بخت ہیں پس وہ آگ میں ہوں گے، اور جو نیک بخت ہیں پس وہ جنت میں ہوں گے۔ اس مثال میں شقی اور سعید مجمل کلام ہے، شقی کی تفسیر اَمَّاالَّذِيْنَ شَقُوْافَفِي النَّارِ سے ہوئی ہے۔ اور سعید کی تفسیر اَمَّاالَّذِيْنَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ سے ہوئی ہے۔ پہلے اَمَّا کا جواب فَفِي النَّارِ ہے، جس میں فاء آئی ہے۔ دوسرے اَمَّا کا جواب فَفِي الْجَنَّةِ ہے، اس میں بھی فاء آئی ہے۔

لَوْ 'انتفائے ثانی بہ سبب انتفائے اوّل' کیلئے آتا ہے۔ یعنی لَوْ یہ بتاتا ہے کہ چونکہ میری شرط واقع نہیں ہے اس لئے میری جزاء بھی واقع نہیں ہے۔ جیسے "لَوْ كَانَ فِيهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا" ترجمہ: اگر زمین اور آسمان میں اللہ کے سوا اور معبود ہوتے تو زمین اور آسمان فاسد ہوتے۔ چونکہ شرط واقع نہیں، یعنی زمین اور آسمان میں اللہ کے سوا اور معبود نہیں ہیں، تو جزاء بھی واقع نہیں، یعنی زمین اور آسمان میں فساد نہیں ہے۔

(13) سیزدهم لَوْلَا:

حروف غیر عاملہ کی تیرہویں قسم لَوْلَا ہے۔

لَوْلَا 'انتفائے ثانی بہ سبب وجود اوّل' کیلئے آتا ہے۔ یعنی لَوْلَا یہ بتاتا ہے کہ میری جزاء اس لئے واقع نہیں ہے کہ میری شرط موجود ہے۔ جیسے "لَوْلَا عَلِيٌّ لَهَلَكَ عُمَرُ" ترجمہ: اگر علیؓ نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو جاتے۔ چونکہ علیؓ موجود تھے اس لئے عمرؓ ہلاک نہیں ہوئے۔

واقعہ: حضرت عمرؓ نے ایک دفعہ ایک حاملہ عورت کو جس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا، رجم کرنے کا حکم دیا تھا۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ حاملہ

besturdubooks.wordpress.com

عورت کا رجم اس کے وضع حمل کے بعد ہوتا ہے۔ اس پر حضرت عمرؓ کی زبان مبارک سے یہ جملہ نکلا" لَو لا عَلِیٌّ لَهَلَکَ عُمَرُ "

(14) چہاردھم لام مفتوحہ:

حروف غیر عاملہ کی چودھویں قسم لام مفتوحہ ہے۔ یہ لام کسی جملے کے معنی کی تاکید کیلئے آتا ہے، اور یہ اسم، فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے۔ اس لام کو لام ابتداء بھی کہتے ہیں۔

اسم کی مثال: جیسے لَزَیْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو (البتہ زید عمر سے زیادہ فضیلت والا ہے) اس مثال میں لَزَیْدٌ اسم پر لام مفتوحہ تاکید کیلئے آیا ہے۔

فعل کی مثال: جیسے اِنَّ رَبَّکُمْ لَیَحْکُمُ بَیْنَهُمْ (تحقیق تیرا رب البتہ ان کے درمیان حکم کرے گا) اس مثال میں لَیَحْکُمُ فعل پر لام مفتوحہ تاکید کیلئے آیا ہے۔

(15) پانزدھم مابمعنی مادام:

حروف غیر عاملہ کی پندرہویں قسم 'مابمعنی مَادَامَ' ہے۔ اور اس کا معنی ہے 'جب تک' جیسے اَقُوْمُ مَاجَلَسَ الاَمِیْرُ (میں کھڑا رہوں گا جب تک امیر بیٹھا رہے گا)

(16) شانزدھم حروف عطف:

حروف غیر عاملہ کی سولہویں قسم حروف عطف ہیں۔ عطف کا لغوی معنی ہے "مائل کردینا" یہ حروف بھی معطوف کو حکم اور اعراب میں معطوف علیہ کی طرف مائل کردیتے ہیں، اس لئے انہیں حروف عطف کہتے ہیں۔ جیسے جَآءَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو (میرے پاس زید اور عمرو آئے)

حروف عطف دس (۱۰) ہیں، واو، فا، ثُمَّ، حَتّٰی، اِمَّا، اَوْ، اَمْ، لَا، بَلْ، لٰکِنَّ

☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

امثلہ ذیل میں حروف غیر عاملہ کی قسمیں بتائیں، اور ترجمہ و ترکیب کریں۔

(۱) اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ (۲) ضَاقَتْ علیهم الارْض بِمارَحُبت (۳) اجَلْ اَنَّهُ قَائِمٌ (٤) لَیس کمثله شَیْئٌ (٥) لَوماتَحُجَّ البیْت
(٦) جَآءَنِی زَیْدٌ ثُمَّ عَمْرٌو (۷) هَاَنْتُمْ هٰؤُلَآءِ (۸) وَنَادَیْنَاهُ اَنْ یَّااِبْرَاهِیْم (۹) اَلآنَ نَصْرُاللهِ قَرِیبٌ

besturdubooks.wordpress.com

(۱۰)وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ (۱۱) لَوْمَا تَاْتِیْنَا بِالْمَلٰئِکَةِ (۱۲)قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ

(۱۳)مَا مَنَعَکَ اَنْ لَّاتَسْجُدَ (۱٤) کَلَّااِنَّ الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰی (۱۵)فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ

(نمونۂ حلّ سوالات)

(۱)اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ......ترجمہ: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں۔

یہاں ہمزۂ حروف غیر عاملہ کی قسموں میں سے حرفِ استفہام ہے۔

ترکیب: ہمزہ برائے استفہام انکاری، لَسْتُ فعل ناقص، تُ ضمیر مرفوع متصل اس کا اسم، باء حرفِ جار، رَبّ مضاف، کُمْ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر ظرفِ مستقر متعلق ہوا ثابِتًا مقدر کا، ثابِتًا شبہ فعل اپنے فاعل اَنَا ضمیر مستتر اور متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

(۲)ضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ بِمَارَحُبَتْ......ترجمہ: ان پر زمین تنگ ہوگئی باجود کشادہ ہونے کی۔

یہاں مَا حروف غیر عاملہ کے اقسام میں سے حرفِ مصدر ہے، جو اپنے مابعد کے ساتھ ملکر 'بتاویل مصدر رُحْبِهَا' ہے۔

ترکیب: ضَاقَتْ فعل، عَلَیْهِم جار مجرور مل کر ظرفِ لغو اس کا متعلق، اَلارْضُ فاعل، با حرف جار، مَا مصدر یہ، رَحُبَتْ فعل، هِیَ ضمیر در و مستتر راجع بسوئے الارض فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر بتاویل مصدر مجرور، جار مجرور ملکر ظرفِ لغو متعلق ثانی ہوا ضَاقَتْ فعل کا، فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقین سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۳)اَجَلْ اِنَّهُ قَائِمٌ......ترجمہ: ہاں بیشک وہ کھڑا ہے۔

اس مثال میں اجَلْ حروف غیر عاملہ کی قسموں میں سے حرفِ ایجاب ہے۔

ترکیب: اَجَلْ حرفِ ایجاب، اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل، ہٗ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم، قَائِمٌ خبر، اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

چون بحث مستثنیٰ در کتاب نحومیر نبود برائے فائدہ طلاب افزودہ شد

بدانکہ مستثنیٰ لفظیست کہ مذکور باشد بعد اِلَّا واخوات آن یعنی غَیرُ وَسِویٰ وسَوَاءَ وحَاشَا وخَلا وعَدَا ومَاخَلا ومَاعَدَا ولَیسَ ولَا یَکُوْنُ تا ظاہر گردد کہ منسوب نیست بسوی مستثنیٰ آنچہ نسبت کردہ شدہ است بسوئے ماقبل وی وآن بردو قسم ست متصل ومنقطع، متصل آنست کہ خارج کردہ شود از متعدد بلفظِ اِلَّا واخوات وی مثل جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا پس زید کہ در قوم داخل بود از حکم مجی خارج کردہ شد، ومنقطع آن باشد کہ مذکور بعد اِلَّا واخواتِ وی وخارج کردہ نشود از متعدد بسبب آنکہ مستثنیٰ داخل نباشد در مستثنیٰ منہ مثل جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا کہ حمار در قوم داخل نبود۔

ترجمہ: چونکہ مستثنیٰ کی بحث کتابِ نحومیر میں نہیں تھی، طلبہ کے فائدہ کیلئے زیادہ کی گئی۔

تُو جان کہ مستثنیٰ ایک ایسا لفظ ہے جو مذکور ہو اِلَّا اور اس کے ہم معنی کلمات کے بعد یعنی غَیرُ، سِویٰ، سَوَاءَ، حَاشَا، خَلا، عَدَا، مَاخَلا، مَاعَدَا، لَیسَ اور لَا یَکُوْنُ، تاکہ معلوم ہو جائے کہ منسوب نہیں ہے مستثنیٰ کی طرف وہ حکم جو اس کے ماقبل کی طرف منسوب ہے۔ اور وہ دو قسم پر ہے متصل اور منقطع، متصل وہ ہے جس کو نکالا جائے متعدد سے لفظِ اِلَّا اور اس کے ہم معنی کلمات کے ذریعے، جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا پس زید جو کہ قوم میں داخل تھا، آنے کے حکم سے نکالا گیا۔ اور منقطع وہ ہے جو مذکور ہو اِلَّا اور اس کے ہم معنی کلمات کے بعد اور متعدد سے نہ نکالا جائے، اس وجہ سے کہ مستثنیٰ مستثنیٰ منہ میں داخل نہیں ہوتا جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا کہ حِمار قوم میں داخل ہی نہیں تھا۔

مستثنیٰ کی تعریف:

مستثنیٰ کا لغوی معنی ہے ''نکالا ہوا'' اصطلاح میں مستثنیٰ اس لفظ کو کہتے ہیں جو اِلَّا یا اِلَّا کے اخوات کے بعد مذکور ہو، تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ اس کی طرف وہ حکم منسوب نہیں ہے جو حکم ماقبل کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔

اِلَّا اور اس کے اخوات سے پہلے والے لفظ کو مستثنیٰ منہ کہتے ہیں، بعد والے لفظ کو مستثنیٰ کہتے ہیں، اِلَّا اور اس کے اخوات کو حروف استثناء کہتے ہیں۔ جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا (آئی میرے پاس قوم مگر زید نہیں آیا) اس مثال میں قوم مستثنیٰ منہ ہے، زَیْدًا مستثنیٰ ہے، اور اِلَّا حرف استثناء ہے، حکم مجیت یعنی آنے کا حکم جو اِلَّا کے ماقبل (قوم) پر لگ رہا ہے، اِلَّا کے ذریعے زید کو اس حکم سے نکالا گیا۔

ترکیب: جَآءَ فعل، نون وقایہ، یاء ضمیر برائے واحد متکلم منصوب متصل منصوب محلًا مفعول بہ مقدم، الْقَوْمُ مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء،

besturdubooks.wordpress.com

زَیْدًا مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ اور مستثنیٰ ملکر فاعل ہوا جَآءَ فعل کا، جَآءَ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مستثنیٰ کا حکم: جو چیز مستثنیٰ منہٗ کی طرف منسوب ہوتی ہے وہ مستثنیٰ کی طرف منسوب نہیں ہوتی ہے۔

اخواتِ اِلَّا: اِلَّا کے اخوات یعنی مشابہ اِلَّا دس (۱۰) کلمات ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

غَیْرُ، سِوٰی، سَوَآء، حَاشَا، خَلَا، عَدَا، مَاخَلَا، مَاعَدَا، لَیْسَ، لَایَکُوْنُ

مستثنیٰ کی دو قسمیں ہیں، (۱) مستثنیٰ متصل (۲) مستثنیٰ منقطع

(۱) مستثنیٰ متصل:

مستثنیٰ متصل اس مستثنیٰ کو کہتے ہیں جو مستثنیٰ منہٗ کے لفظ میں داخل ہو، پھر اس کو حرفِ استثناء کے ذریعہ مستثنیٰ منہٗ کے حکم سے نکالا گیا ہو، جیسے "جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا" اس مثال میں زید، قوم میں داخل ہے، اِلَّا کے ذریعہ قوم کے حکم مجیئت سے نکالا گیا ہے۔

(۲) مستثنیٰ منقطع:

مستثنیٰ منقطع اس مستثنیٰ کو کہتے ہیں جو اِلَّا یا اخواتِ اِلَّا کے بعد مذکور ہو، اور مستثنیٰ منہٗ سے نہیں نکالا گیا ہو، کیونکہ وہ مستثنیٰ منہ میں داخل ہی نہ ہو۔ جیسے "جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا" اس مثال میں حمار قوم میں داخل نہیں ہے، اور آنے کی نسبت بھی حمار کی طرف نہیں ہے۔

فائدہ: مستثنیٰ منہ کے مذکور ہونے اور نہ ہونے کے اعتبار سے مستثنیٰ کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) مستثنیٰ مفرغ (۲) مستثنیٰ غیر مفرغ

(۱) مستثنیٰ مفرغ:

مستثنیٰ مفرغ وہ مستثنیٰ ہے جس کا مستثنیٰ منہ مذکور نہ ہو۔ جیسے مَاجَآءَ نِی اِلَّا زَیْدٌ

(۲) مستثنیٰ غیر مفرغ:

مستثنیٰ غیر مفرغ وہ مستثنیٰ ہو جس کا مستثنیٰ منہ مذکور ہو۔ جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا

فائدہ: کلام کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) کلام موجب (۲) کلام غیر موجب

(۱) کلام موجب: کلام موجب وہ کلام ہے جس میں نفی، نہی اور استفہام نہ ہو۔ جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا

(۲) کلام غیر موجب: کلام غیر موجب وہ کلام ہے، جس میں نفی، نہی یا استفہام میں سے کوئی ایک ہو۔ جیسے مَاجَآءَ نِی اِلَّا زَیْدٌ

besturdubooks.wordpress.com

بدانکہ اعراب مستثنیٰ چہار قسم ست، اول آنکہ اگر مستثنیٰ بعد اِلّا در کلام موجب واقع شود پس مستثنیٰ ہمیشہ منصوب باشد نحو جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا وکلام موجب آنکہ دران نفی ونہی واستفہام نباشد، وہمچنین در کلام غیر موجب اگر مستثنیٰ را بر مستثنیٰ منہ مقدم گردانند منصوب خوانند نحو مَا جَآءَ نِیْ اِلَّا زَیْدًا اَحَدٌ، ومستثنیٰ منقطع ہمیشہ منصوب باشد، واگر مستثنیٰ بعد خَلَا واقع شود بر مذہب اکثر علماء منصوب باشد، وبعد مَا خَلَا ومَا عَدَا ولَیْسَ ولَایَکُوْنُ ہمیشہ منصوب باشد نحو جَآءَ نِی الْقَوْمُ خَلَا زَیْدًا وعَدَا زَیْدًا الخ...

دوم آنکہ مستثنیٰ بعد اِلّا در کلام غیر موجب واقع شود ومستثنیٰ منہ ہم مذکور باشد پس دران دو وجہ رواست یکی آنکہ منصوب باشد بر سبیل استثنا، ودیگر آنکہ بدل باشد از ماقبل خویش چون مَا جَآءَ نِیْ اَحَدٌ اِلَّا زَیْدًا واِلَّا زَیْدٌ، سوم آنکہ مستثنیٰ مفرغ باشد یعنی مستثنیٰ منہ مذکور نباشد ودر کلام غیر موجب واقع شود پس اعراب مستثنیٰ بہ اِلّا درین صورت بحسب عوامل مختلف باشد چون مَا جَآءَ نِیْ اِلَّا زَیْدٌ ومَا رَأَیْتُ اِلَّا زَیْدًا ومَا مَرَرْتُ اِلَّا بِزَیْدٍ، چہارم آنکہ مستثنیٰ بعد لفظ غَیْرُ وسِوٰی وسَوَاءَ واقع شود پس مستثنیٰ را مجرور خوانند، وبعد حَاشَا بر مذہب اکثر نیز مجرور باشد وبعضے نصب ہم جائز داشتہ اند چون جَآءَ نِی الْقَوْمُ غَیْرَ زَیْدٍ وسِوٰی زَیْدٍ وسَوَآءَ زَیْدٍ وحَاشَا زَیْدٍ،

ترجمہ: تُو جان کہ مستثنیٰ کا اعراب چار قسم پر ہے۔ اول یہ کہ اگر مستثنیٰ اِلّا کے بعد کلام موجب میں واقع ہو جائے تو مستثنیٰ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا، اور کلام موجب وہ ہے جس میں نفی، نہی اور استفہام نہ ہو۔ اسی طرح کلام غیر موجب میں اگر مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ پر مقدم کر دیں تو مستثنیٰ کو منصوب پڑھتے ہیں جیسے مَا جَآءَ نِیْ اِلَّا زَیْدًا اَحَدٌ۔ اور مستثنیٰ منقطع ہمیشہ منصوب ہوتا ہے، اور اگر مستثنیٰ (لفظ) خَلَا کے بعد واقع ہو تو اکثر علماء کے مذہب پر منصوب ہوتا ہے، اور مَا خَلَا، مَا عَدَا، لَیْسَ اور لَایَکُوْنُ کے بعد ہمیشہ منصوب ہوتا ہے جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ خَلَا زَیْدًا وعَدَا زَیْدًا الخ دوسری (قسم) یہ کہ مستثنیٰ اِلّا کے بعد کلام غیر موجب میں واقع ہو جائے اور مستثنیٰ منہ بھی مذکور ہو، پس اس میں دو طریقے جائز ہیں، ایک یہ کہ مستثنیٰ منصوب ہو استثناء کی وجہ سے، دوسرا یہ کہ مستثنیٰ بدل ہو اپنے ماقبل سے، جیسے مَا جَآءَ نِیْ اَحَدٌ اِلَّا زَیْدًا اور اِلَّا زَیْدٌ، تیسری (قسم) یہ کہ مستثنیٰ مفرغ ہو یعنی مستثنیٰ منہ مذکور نہ ہو اور مستثنیٰ کلام غیر موجب میں واقع ہو جائے، پس اس صورت میں اِلّا کے ذریعہ مستثنیٰ کا اعراب عوامل کے مطابق مختلف ہوتا ہے، جیسے مَا جَآءَ نِیْ اِلَّا زَیْدٌ، مَا رَأَیْتُ اِلَّا زَیْدًا، مَا مَرَرْتُ اِلَّا بِزَیْدٍ، چوتھی (قسم) یہ ہے کہ مستثنیٰ لفظ غَیْرُ، سِوٰی اور سَوَاءَ کے بعد واقع ہو پس (اس صورت میں) مستثنیٰ کو مجرور پڑھتے ہیں اور (لفظ) حَاشَا کے بعد بھی اکثر نحاۃ کے مذہب کے مطابق مجرور ہوتا ہے اور بعض نحویوں نے نصب پڑھنا بھی جائز رکھا ہے

besturdubooks.wordpress.com

جیسے جآءَ نی الْقَوْمُ غَیْرَزَیْدٍ، سِوَیٰ زَیْدٍ، سِوَآءَ زَیْدٍ، حَاشَازَیْدٍ

تشریح: یہاں سے مصنف مستثنیٰ کے اعراب کی قسمیں بیان کرر ہے ہیں۔ مستثنیٰ کے اعراب کی چار قسمیں ہیں (۱) نصب پڑھنا واجب ہو (۲) نصب پڑھنا اور ماقبل سے بدل بنانا دونوں جائز ہوں (۳) عامل کے مطابق اعراب پڑھنا واجب ہو (٤) جر پڑھنا واجب ہو۔

(1) قسم اول

مستثنیٰ کے اعراب کی پہلی قسم یہ ہے، کہ اس پر نصب پڑھنا واجب ہو۔ اس کی چار صورتیں ہیں۔

(۱) پہلی صورت: اگر (۱) مستثنیٰ متصل ہو (۲) اِلَّا کے بعد ہو (۳) کلام موجب ہو، تو مستثنیٰ کو منصوب پڑھنا واجب ہے۔ جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا

(۲) دوسری صورت: اگر (۱) مستثنیٰ اِلَّا کے بعد ہو (۲) مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ پر مقدم ہو، خواہ کلام موجب ہو یا غیر موجب ہو، تو مستثنیٰ پر نصب پڑھنا واجب ہے۔ **کلام موجب کی مثال:** جیسے جَآءَ نِی اِلَّا زَیْدًا نِ الْقَوْمُ (میرے پاس سوائے زید کے ساری قوم آئی) **کلام غیر موجب کی مثال:** جیسے مَاجَآءَ نِی اِلَّازَیْدًا اَحَدٌ (سوائے زید کے کوئی میرے پاس نہیں آیا)

(۳) تیسری صورت: اگر (۱) مستثنیٰ اِلَّا کے بعد ہو (۲) اور مستثنیٰ منقطع ہو، تو مستثنیٰ کو منصوب پڑھنا واجب ہے، جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا

(٤) چوتھی صورت: اگر مستثنیٰ خَلَا، عَدَا، مَاخَلَا، مَاعَدَا، لَیْسَ اور لَایَکُوْنُ کے بعد ہو، تو بھی مستثنیٰ پر نصب پڑھنا واجب ہے۔ جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ خَلَازَیْدًا (آئی میرے پاس قوم اس حال میں کہ ان کا آنا زید سے تجاوز کر گیا)

(2) قسم دوم:

مستثنیٰ کے اعراب کی دوسری قسم یہ ہے، کہ اس پر نصب پڑھنا بھی جائز ہو اور ماقبل سے بدل بنانا بھی جائز ہو۔ یہ حکم اس وقت ہے، اگر درج ذیل پانچ شرطیں موجود ہوں۔ (۱) مستثنیٰ متصل ہو (۲) اِلَّا کے بعد مذکور ہو (۳) کلام غیر موجب ہو (٤) مستثنیٰ منہ مذکور ہو (۵) مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ پر مقدم نہ ہو۔ جیسے "مَاجَآءَ نِی اِلَّازَیْدًا وَزَیْدٌ" اس مثال میں زید کو مستثنیٰ ہونے کی وجہ سے منصوب پڑھنا بھی جائز ہے، اور ماقبل سے بدل ہونے کی وجہ سے مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

(3)قسم سوم:

مستثنیٰ کے اعراب کی تیسری قسم یہ ہے کہ مستثنیٰ پر عامل کے مطابق اعراب پڑھنا واجب ہو۔ یہ حکم اس وقت ہے، اگر (۱) مستثنیٰ اِلَّا کے بعد مذکور ہو (۲) کلام غیر موجب ہو (۳) مستثنیٰ منہ مذکور نہ ہو۔ جیسے مَا جَآءَ نِی اِلَّا زَیْدٌ، مَا رَأَیْتُ اِلَّا زَیْدًا، مَا مَرَرْتُ اِلَّا بِزَیْدٍ

(4)قسم چهارم:

مستثنیٰ کے اعراب کی چوتھی قسم یہ ہے کہ اس پر جر پڑھنا واجب ہو۔ یہ حکم تب ہے، اگر مستثنیٰ غَیْرُ، سِوٰی، سَوَاء یا حَاشَا کے بعد مذکور ہو۔ جیسے جَآءَ الْقَوْمُ غَیْرَ زَیْدٍ، یا سِوٰی زَیْدٍ، یا سَوَاءَ زَیْدٍ، یا حَاشَا زَیْدٍ (زید کے علاوہ میرے پاس ساری قوم آئی)

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

وبدانکه اعراب لفظ غَیْرُ مثل اعرابِ مستثنیٰ بہ اِلَّا باشد در جمیع صورتہای مذکورہ چنانکہ گوئی جَآءَ نِی الْقَوْمُ غَیْرَ زَیْدٍ وَغَیْرَ حِمَارٍ وماجآءَ نِیْ غَیْرَزَیْدٍ نِ الْقَوْمُ وماجآءَ نِیْ اَحَدٌ غَیْرَزَیْدٍ وَغَیْرُ زَیْدٍ وماجآءَ نِیْ غَیْرُزَیْدٍ وَمَا رَأَیْتُ غَیْرَزَیْدٍ وَمَامَرَرْتُ بِغَیْرِزَیْدٍ، وبدانکہ لفظ غَیْرُ موضوع ست برائے صفت وگاہے برائے استثناء آید چنانکہ اِلَّا برائے استثناء موضوع ست وگاہے درصفت مستعمل شود نحو قولہ تعالیٰ لَوْ کَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا یعنے غَیْرُ اللّٰهِ وہمچنین لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

ترجمہ: اور تُو جان کہ لفظِ غَیْرُ کا اعراب اِلَّا کے مستثنیٰ کے اعراب کی طرح ہے مذکورہ تمام صورتوں میں جیسے تو کہے، جَآءَ نِی الْقَوْمُ غَیْرَزَیْدٍ وغَیْرَحِمَارٍ وماجآءَ نِیْ غَیْرَزَیْدٍ نِ الْقَوْمُ وماجآءَ نِیْ اَحَدٌ غَیْرَزَیْدٍ وَغَیْرُ زَیْدٍ وماجآءَ نِیْ غَیْرُزَیْدٍ وَمَا رَأَیْتُ غَیْرَزَیْدٍ ومَامَرَرْتُ بِغَیْرِزَیْدٍ، اور تو جان کہ لفظ غَیْرُ وضع کیا گیا ہے صفت کیلئے، اور کبھی استثناء کیلئے آتا ہے۔ جیسا کہ اِلَّا استثناء کیلئے وضع کیا گیا ہے اور کبھی صفت میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے لَوْ کَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا یعنی غَیْرُ اللّٰهِ اسی طرح لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

تشریح: یہاں سے مصنف رحمۃ اللہ غَیْرُ کا اعراب بتارہے ہیں، فرماتے ہیں کہ غَیْرُ کا اعراب مستثنیٰ باِلَّا والا اعراب ہے۔ یعنی اگر اِلَّا کو اٹھا کر اسکی جگہ غَیْرُ کو رکھ دیا جائے تو غَیْرُ مستثنیٰ کا اعراب خود لے لیتا ہے اور مستثنیٰ کو مجرور کر دیتا ہے۔ جیسے " جَآءَ نِی الْقَوْمُ غَیْرَ زَیْدٍ" اصل میں جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا تھا، جب اِلَّا کی جگہ غَیْرُ کو لایا گیا تو غَیْرُ نے زید کا اعراب (نصب) خود لے لیا، اور زید کو مجرور کر دیا،

تمام صورتوں کی مثالیں:

(۱) جَآءَ نِی الْقَوْمُ غَیْرَزَیْدٍ (۲) مَاجَآءَ نِیْ غَیْرَزَیْدٍنِالْقَوْمُ (۳) جَآءَ نِی الْقَوْمُ غَیْرَحِمَارٍ ان تین صورتوں میں غَیْرُ پر نصب پڑھنا واجب ہے (۴) مَاجَآءَ نِیْ غَیْرَزَیْدٍغَیْرُزَیْدٍ، اس صورت میں غَیْرُ کو منصوب پڑھنا بھی جائز ہے، اور ماقبل سے بدل بنا کر مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے (۵) مَاجَآءَ نِیْ غَیْرُزَیْدٍ، مَارَأَیْتُ غَیْرَزَیْدٍ، مَامَرَرْتُ بِغَیْرِزَیْدٍ.. اس صورت میں غَیْرُ کا اعراب ماقبل عامل کے مطابق ہوگا۔

بدانکه لفظ غیرُ موضوع است الخ...

یہاں سے مصنفؒ لفظِ غَیْرُ کا معنی بتاتے ہیں کہ لفظ غَیْرُ اصلاً صفت کیلئے موضوع ہے، یعنی غَیْرُ اپنے مابعد کے ساتھ ملکر اپنے ماقبل کیلئے صفت واقع ہوتا ہے۔ اور جو اعراب غَیْرُ کے ماقبل پر ہو وہی اعراب غَیْرُ پر ہوگا، ایسے غَیْرُ کو غَیْرُ صفتی کہتے ہیں، جیسے جَآءَ نِیْ رَجُلٌ غَیْرُزَیْدٍ

besturdubooks.wordpress.com

ترکیب: جآءَ فعل، نونِ وقایہ، یاء ضمیر منصوب متصل مفعول بہ مقدم، رَجُلٌ موصوف، غَیْرُ مضاف، زَیْدٍ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر صفت، موصوف وصفت ملکر مرفوع لفظاً فاعل مؤخر فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

کبھی لفظ غَیْرُ، اِلّا کے معنی میں ہوکر استثناء کیلئے آتا ہے۔ ایسے غیرُ کو غیرُ استثنائیہ کہتے ہیں، جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ غَیْرَ زَیْدٍ

ترکیب: جآ فعل، نون وقایہ، یاء ضمیر منصوب متصل مفعول بہ مقدم، اَلْقَوْمُ مستثنیٰ منہ، غَیْرَ مضاف، زَیْدٍ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے مل کر مرفوع لفظاً فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِلّا اصلاً تو استثناء کیلئے وضع ہے۔ لیکن کبھی کبھار غَیْـرُ صفتی کے معنی میں بھی ہوتا ہے، یعنی اپنے مابعد کیساتھ ملکر اپنے ماقبل کیلئے صفت واقع ہوتا ہے۔ اس وقت جو اعراب اِلّا کے ماقبل پر ہو وہی اعراب اِلّا کے مابعد پر بھی ہوگا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے" لَـوْ كَـانَ فِيْهِـمَـا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰـهُ لَفَسَدَتَـا" یہاں اِلّا، غیرُ کے معنی میں ہے، اصل میں عبارت یوں ہے" لَوْ كَـانَ فِيْهِـمَـا اٰلِهَةٌ غَيْرُ اللّٰهِ لَفَسَدَتَا" اسی طرح کلمہ" لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ" میں اِلّا، غیرُ صفتی کے معنی میں ہے، اصل میں" لَآ اِلٰهَ غَيْرُ اللّٰهِ" ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

(تمرینی سوالات)

امثلہ ذیل میں مستثنیٰ منہ، مستثنیٰ اور حرفِ استثناء کی تعیین کرنے کے بعد، مستثنیٰ کی قسمیں اور ان کا اعراب بیان کریں۔ اور ہر مثال کا ترجمہ وترکیب کریں۔

(۱) لَـوْ كَـانَ فِيْهِـمَـا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰـهُ لَفَسَـدَتَـا (۲) فَـاَنْجَيْـنَـاهُ وَاَهْلَـهُ اِلَّا امْرَأَتَـهُ (۳) فَلَبِـثَ فِيْهِـمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا (۴) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (۵) جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا فَرَسًا (۶) فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ (۷) وَمَامُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ (۸) وَمَالَكُمْ مِنْ اِلٰهٍ غَيْرُهُ (۹) وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَءَ تَكَ (۱۰) وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ (۱۱) اِنْ هُـوَ اِلَّا ذِكْـرٌ لِّلْـعَـالَمِيْنَ (۱۲) مَـا فَـعَـلُـوْهُ اِلَّا قَلِيْـلٌ مِّنْهُـمْ (۱۳) فَـاِنَّهُـمْ عَـدُوٌّ لِّـيْ اِلَّا رَبَّ الْـعٰـلَمِيْـنَ (۱۴) وَهَـلْ نُـجَـازِیْ اِلَّا الْـكَـفُـوْرَ (۱۵) فَـاعْـلَـمْ اَنَّـهُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ

(نمونۂ حلِّ سوالات)

(۱) لَـوْ كَـانَ فِيْهِـمَـا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰـهُ لَفَسَـدَتَـا..... ترجمہ: اگر زمین اور آسمان میں اللہ تعالیٰ کے سواء معبود ہوتے، تو وہ (زمین

besturdubooks.wordpress.com

اور آسمان) فاسد ہو جاتے۔

مذکورہ مثال میں اِلَّا استثنائیہ نہیں ہے، بلکہ غیرؔ صفتی کے معنی میں ہے۔

ترکیب: لَوْ حرف شرط، کَانَ فعل از افعال ناقصہ، فِیْهِمَا جار مجرور ملکر ظرف مستقر متعلق ہوا ثَابِتَةٌ مقدر کا، ثَابِتَةٌ شبہ فعل اپنے فاعل هِیَ ضمیر مستتر اور متعلق سے ملکر خبر مقدم، اٰلِهَةٌ موصوف، اِلَّا اللّٰهُ صفت، موصوف وصفت ملکر اسم مؤخر کَانَ کا، کَانَ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ شرط، لام تاکیدیہ، فَسَدَتَا فعل، الف ضمیر مرفوع متصل بارز اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط اور جزاء ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔

(۲) **فَاَنْجَيْنَاهُ وَاَهْلَهٗ اِلَّا امْرَاَتَهٗ**..... ترجمہ: ہم نے اس کو اور اس کے خاندان کو نجات دی، سوائے اس کی بیوی کے۔

مذکورہ جملہ میں اَهْلَهٗ مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء اور اِمْرَءَ تَکَ مستثنیٰ ہے۔ اور اس کا اعراب مستثنیٰ کے اعراب کی پہلی قسم ہے، جہاں نصب پڑھنا واجب ہے۔

ترکیب: فاء موافق باقتضاء ماقبل، اَنْجَیْنَا فعل، نَا ضمیر مرفوع متصل بارز اس کا فاعل، ہٗ ضمیر منصوب متصل معطوف علیہ، واؤ حرف عطف، اَهْلَهٗ مضاف ومضاف الیہ ملکر مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء، اِمْرَءَ تَکَ مضاف ومضاف الیہ ملکر مستثنیٰ متصل، مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے ملکر معطوف، معطوف علیہ ومعطوف ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۳) **فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا**..... ترجمہ: پس نوح علیہ السلام اپنی قوم میں ساڑھے نو سو سال رہے۔

مذکورہ مثال میں اَلْفَ سَنَةٍ مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء، اور خَمْسِیْنَ عَامًا مستثنیٰ ہے، اور اس کا اعراب مستثنیٰ کے اعراب کی پہلی قسم ہے جہاں نصب پڑھنا واجب ہے۔

ترکیب: فاء موافق باقتضاء ماقبل، لَبِثَ فعل، ھُوَ ضمیر در و مستتر راجع بسوئے نُوْحٌ فاعل، فِیْهِمْ جار مجرور ملکر ظرف لغو متعلق ہوا لَبِثَ فعل کا، اَلْفَ ممیز مضاف، سَنَةٍ تمیز مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء، خَمْسِیْنَ ممیز، عَامًا تمیز، ممیز اپنی تمیز سے ملکر مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

خلاصۂ نحو میر

پوری نحومیر کا خلاصہ ہم آسانی کے پیش نظر پانچ حصوں میں تقسیم کر کے بیان کرتے ہیں۔

(1) پہلا حصہ: کلام عرب میں لفظ کی دو قسمیں ہیں، (۱) موضوع (۲) مہمل۔ پھر لفظ موضوع کی دو قسمیں ہیں، (۱) مفرد (۲) مرکب، مفرد کا دوسرا نام کلمہ ہے۔ پھر کلمہ کی تین قسمیں ہیں، (۱) اسم (۲) فعل (۳) حرف۔ اور مرکب کی دو قسمیں ہیں، (۱) مرکب مفید (۲) مرکب غیر مفید، مرکب مفید کو جملہ اور کلام بھی کہتے ہیں۔ جملہ کی دو قسمیں ہیں، (۱) جملہ خبریہ (۲) جملہ انشائیہ۔ پھر خبریہ کی دو قسمیں ہیں، (۱) جملہ اسمیہ (۲) جملہ فعلیہ، جملہ اسمیہ کے پہلے جز کو مسند الیہ اور مبتدأ، دوسرے جز کو مسند اور خبر کہتے ہیں۔ اور جملہ فعلیہ کے پہلے جز کو فعل اور مسند، دوسرے جز کو مسند الیہ اور فاعل کہتے ہیں۔ اسم مسند اور مسند الیہ دونوں ہوسکتا ہے، فعل صرف مسند ہوسکتا ہے مسند الیہ نہیں ہوسکتا ہے، اور حرف نہ مسند ہوسکتا ہے نہ مسند الیہ،

جملہ انشائیہ کی مشہور دس قسمیں ہیں، (۱) امر (۲) نہی (۳) استفہام (٤) تمنی (٥) ترجی (٦) عقود (۷) نداء (۸) عرض (۹) قسم (۱۰) تعجب۔ مرکب غیر مفید کی تین قسمیں ہیں (۱) مرکب اضافی (۲) مرکب بنائی (۳) مرکب منع صرف۔ مرکب غیر مفید ہمیشہ جملہ کا جز ہوتا ہے۔ ہر جملہ میں دو کلموں کا ہونا ضروری ہے، خواہ دونوں ملفوظ ہوں یا ایک ملفوظ اور دوسرا مقدر ہو۔

مطالعہ کیلئے چار چیزیں ضروری ہیں (۱) اسم، فعل اور حرف کی پہچان (۲) معرب و مبنی کی پہچان (۳) عامل و معمول کی پہچان (٤) کلمات کا باہمی تعلق کی پہچان۔ اسم کی مشہور گیارہ علامات ہیں، فعل کی مشہور آٹھ علامات ہیں اور حرف کی ایک علامت ہے۔ عرب کے سارے کلمات دو قسم پر ہیں (۱) معرب (۲) مبنی۔ معرب کی دو قسمیں ہیں (۱) اسم متمکن جو ترکیب میں عامل کیساتھ واقع ہو، (۲) فعل مضارع جبکہ نونِ جمع مؤنث اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے خالی ہو۔ مبنی کی بھی دو قسمیں ہیں (۱) مبنی اصل (۲) مبنی غیر اصل۔ اور ہر ایک کی پھر چار قسمیں ہیں۔

اسم غیر متمکن کی آٹھ قسمیں ہیں (۱) مضمرات (۲) اسمائے اشارات (۳) اسمائے موصولات (٤) اسمائے افعال (٥) اسمائے اصوات (٦) اسمائے ظروف (۷) اسمائے کنایات (۸) مرکب بنائی۔ مضمرات کی پانچ قسمیں ہیں (۱) مرفوع متصل (۲) مرفوع منفصل (۳) منصوب متصل (٤) منصوب منفصل (٥) مجرور متصل۔

(2) دوسرا حصہ: عموم وخصوص کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں (۱) معرفہ (۲) نکرہ۔ معرفہ کی سات قسمیں ہیں (۱) اعلام

besturdubooks.wordpress.com

(۲) مضمرات (۳) اسمائے اشارات (٤) اسمائے موصولات (۵) معرف باللام (٦) معرف بالاضافت (۷) معرف بندا۔

جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں (۱) مذکر (۲) مؤنث۔ مؤنث کی چار علامتیں ہیں (۱) تاء ملفوظہ (۲) تاء مقدرہ (۳) الف مقصورہ (٤) الف ممدودہ۔ علامات کے اعتبار سے مؤنث کی دو قسمیں ہیں (۱) قیاسی (۲) سماعی۔ ذات کے اعتبار سے بھی مؤنث کی دو قسمیں ہیں (۱) مؤنث حقیقی (۲) مؤنث لفظی

تعدد کے اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں (۱) واحد (۲) تثنیہ (۳) جمع۔ پھر لفظ کے اعتبار سے جمع کی دو قسمیں ہیں (۱) جمع سالم (۲) جمع تکسیر۔ جمع سالم کی دو قسمیں ہیں (۱) جمع مذکر سالم (۲) جمع مؤنث سالم۔ معنی کے اعتبار سے بھی جمع کی دو قسمیں ہیں (۱) جمع کثرت (۲) جمع قلت۔ جمع قلت کے چھ اوزان ہیں، (۱) اَفْعَالٌ (۲) اَفْعُلٌ (۳) اَفْعِلَةٌ (٤) فِعْلَةٌ (۵) جمع مذکر سالم (جبکہ الف لام کے بغیر ہو) (٦) جمع مؤنث سالم (جبکہ الف لام کے بغیر ہو)۔

اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی سولہ قسمیں ہیں (۱) مفرد منصرف صحیح (۲) مفرد منصرف جاری مجری صحیح (۳) جمع مکسر (٤) جمع مؤنث سالم (۵) غیر منصرف (٦) اسماء ستہ مکبرہ (۷) تثنیہ حقیقی (۸) تثنیہ صوری (۹) تثنیہ معنوی (۱۰) جمع حقیقی (۱۱) جمع صوری (۱۲) جمع معنوی (۱۳) اسم مقصور (۱٤) غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم (۱۵) اسم منقوص (۱٦) جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم۔

اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی چار قسمیں ہیں (۱) صحیح مجرد از ضمیر بارز (۲) مفرد معتل واوی و یائی (۳) مفرد معتل الفی (٤) صحیح و معتل باضمائر و نونہائے اعرابی

(3) تیسرا حصہ: عامل کی دو قسمیں ہیں (۱) معنوی (۲) لفظی۔ پھر عامل لفظی کی تین قسمیں ہیں (۱) حروف عاملہ (۲) افعال عاملہ (۳) اسمائے عاملہ۔ حروف عاملہ کی دو قسمیں ہیں (۱) حروف عاملہ دراسم (۲) حروف عاملہ در فعل مضارع۔

حروف عاملہ دراسم کی پانچ قسمیں ہیں (۱) حروف جر، یہ سترہ حروف ہیں (۲) حروف مشبہ بالفعل، یہ چھ حروف ہیں۔ (۳) لائے نفی جنس، یہ ایک حرف ہے (٤) مَا اور لا مشبہتان بلیس، یہ دو حروف ہیں۔ حروف عاملہ در فعل مضارع کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) حروف نواصب، یہ چار حروف ہیں (۲) حروف جوازم، یہ پانچ حروف ہیں۔

(4) چوتھا حصہ: افعال عاملہ کی سات قسمیں ہیں (۱) فعل لازمی (۲) فعل متعدی معروف (۳) فعل متعدی مجہول (٤) افعال ناقصہ، یہ سترہ افعال ہیں۔ (۵) افعال مقاربہ، یہ چار افعال ہیں۔ (٦) افعال مدح و ذم، یہ چار افعال ہیں۔ (۷) افعال تعجب، یہ دو افعال ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

فعل لازمی کے آٹھ معمولات ہیں (۱) فاعل (۲) مفعول مطلق (۳) مفعول فیہ (٤) مفعول معہ (٥) مفعول لہٗ (٦) حال (۷) تمیز (۸) مستثنیٰ۔

فعل متعدی معروف کے نو معمولات ہیں، آٹھ مذکورہ اور ایک مفعول بہ ہے۔ فعل متعدی مجہول کے وہی آٹھ معمولات ہیں جو فعل لازمی کے ہیں، فرق صرف یہ ہے کہ فعل متعدی مجہول، فاعل کی بجائے نائب فاعل کو رفع دیتا ہے۔

مفعول کے اعتبار سے فعل متعدی کی چار قسمیں ہیں (۱) متعدی بیک مفعول (۲) متعدی بدو مفعول، جن میں سے ایک پر اکتفاء جائز ہو (۳) متعدی بدو مفعول، جن میں سے ایک پر اکتفاء جائز نہ ہو (٤) متعدی بسہ مفعول

(5) پانچواں حصہ: اسمائے عاملہ کی گیارہ قسمیں ہیں (۱) اسمائے شرطیہ جازمہ (۲) اسمائے افعال بمعنی فعل ماضی (۳) اسمائے افعال بمعنی امر حاضر (٤) اسم فاعل (٥) اسم مفعول (٦) صفت مشبہ (۷) اسم تفضیل (۸) اسم مصدر (۹) اسم مضاف (۱۰) اسم تام (۱۱) اسمائے کنایات

عامل معنوی کی دو قسمیں ہیں (۱) ابتداء (۲) خلو

تابع کی پانچ قسمیں ہیں (۱) صفت (۲) تاکید (۳) بدل (٤) عطف بحرف (٥) عطف بیان۔ صفت کی پھر دو قسمیں ہیں (۱) صفت بحالہ (۲) صفت بحال متعلقہ۔ تاکید کی بھی دو قسمیں ہیں (۱) تاکید لفظی (۲) تاکید معنوی۔ اور بدل کی چار قسمیں ہیں (۱) بدل کل (۲) بدل بعض (۳) بدل اشتمال (٤) بدل غلط

حروف غیر عاملہ کی سولہ قسمیں ہیں (۱) حروف تنبیہ (۲) حروف ایجاب (۳) حروف تفسیر (٤) حروف مصدریہ (٥) حروف تحضیض (٦) حرف توقع (۷) حروف استفہام (۸) حرف ردع (۹) تنوین (۱۰) نون تاکید (۱۱) حروف زیادت (۱۲) حروف شرط (۱۳) لولا (۱٤) لام مفتوحہ (۱٥) ما بمعنی ماذام (۱٦) حروف عطف

مستثنیٰ کی دو قسمیں ہیں: (۱) مستثنیٰ متصل (۲) مستثنیٰ منقطع۔ پھر مستثنیٰ منہ کے مذکور ہونے اور نہ ہونے کے اعتبار سے مستثنیٰ کی دو قسمیں ہیں (۱) مستثنیٰ مفرغ (۲) مستثنیٰ غیر مفرغ۔ اور مستثنیٰ کے اعراب کی چار قسمیں ہیں (۱) نصب پڑھنا واجب ہو (۲) نصب پڑھنا اور ماقبل سے بدل بنانا دونوں جائز ہوں (۳) عامل کے مطابق اعراب پڑھنا واجب ہو (٤) جر پڑھنا واجب ہو۔

☆☆☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

مشکل الفاظ کی ترکیب

(1) سُبْحَانَ اللّٰہِ:

اگر کہیں سُبْحَانَ اللّٰہِ کا لفظ آجائے، تو یہ ترکیب میں فعل محذوف سبحت یا اُسَبِّح کا مفعول مطلق بنتا ہے۔ اصل میں سَبَّحْتُ سُبْحَانًا یا اُسَبِّحُ سُبْحَانًا تھا، پھر مصدر کو فاعل کی طرف مضاف کر کے فعل کو حذف کر دیا گیا۔

(2) قَوْلُهٗ تَعَالٰی۔ کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

اگر کہیں قَوْلُهٗ تَعَالٰی کا لفظ آجائے، تو اس کی ترکیب یوں ہوگی۔ قولُ مضاف، ہٗ ضمیر راجع بسوئے اللہ ذو الحال، تعالٰی فعل، ھُوَ ضمیر در و مستتر راجع بسوئے اللہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر بتقدیرِ قد جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر مجرور محلا مضاف الیہ، مضاف و مضاف الیہ ملکر قول، آگے جو آیت شریفہ ہوگی وہ اس کا مقولہ بنے گی۔

اگر کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی آجائے، تو ک حرفِ جار، مابعد اس کا مجرور ہوگا، جار مجرور ثابتٌ مقدر کے متعلق ہو کر خبر ہوگی۔ اور اس سے پہلے ھُوَ، مِثَالُهٗ یا مِثْلُهٗ مبتدأ محذوف ہوگا۔

اور اگر قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی کا لفظ آجائے تو ترکیب یوں ہوگی۔ قال فعل، لفظ اللہ ذو الحال، تعالٰی بتقدیرِ قد جملہ فعلیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، آگے آیت شریف مقولہ ہوگی۔

(3) لَابُدَّ

بُدَّ کے اصل معنی ہیں "چارہ کار" مثلاً لابُدَّ مِنَ الْجَوَابِ کا معنی ہے جواب سے بھی چارہ نہیں ہے۔ محاورۃً معنی ہے جواب ضروری ہے اس کی ترکیب یہ ہے لا نفی جنس، بد (مصدر مبنی برفتحہ) اس کا اسم ہے۔ من الجواب جار مجرور ملکر اس کی خبر ہے۔ اس کی عام طور پر مِنْ کے بعد آتی ہے، جو کبھی مذکور ہوتی ہے اور کبھی محذوف ہوتی ہے۔ اسی طرح لابدّ کے بعد کثر لام جارہ آتا ہے جیسے "لابُدَّ لِلْقَسَمِ مِنَ الْجَوَابِ" تو یہ مجرور لای نفی سے نہیں لگا بلکہ ظرف لغو ہو کر بُدّ مصدر کے متعلق ہوگا، خبر وہی ہوگی جو مِن کے بعد مذکور ہے۔

(4) فَقَطْ

اگر لفظ فقط کہیں آجائے تو (۱) اس پر فا ... ہے فقط اسم فعل بمعنی انتہ (یعنی رک جا) اسم فعل امر، انت ضمیر در و مستتر اس

besturdubooks.wordpress.com

کا فاعل ،فعل اپنے فاعل سے ملکر جزاء ہے شرط مقدر کیلئے ۔(۲) کبھی فَقَطْ کی فاء زائد ہوتی ہے ،اور قَطْ ، لاغیرُ کے معنی میں ہوتا ہے۔

(5) مَاقَبْلَهَا، مَابَعْدَهَا

اگر کہیں مَاقَبْلَهَا یا مَابَعْدَهَا کا لفظ آجائے تو اس کی ترکیب یوں ہوگی... مَا موصولہ بمعنی اَلَّذِیْ ،قَبْلَهَا یا بَعْدَهَا مضاف ومضاف الیہ ملکر فعل محذوف ثَبَتَ کیلئے مفعول فیہ، ثَبَتَ فعل ،هُوَ ضمیر درو مستتر راجع بسوئے مَا اس کا فاعل ،فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوگا۔تقدیر عبارت یوں ہے ''مَاثَبَتَ قَبْلَهَا یا مَاثَبَتَ بَعْدَهَا''

(6) حِیْنَئِذٍ، فَیَوْمَئِذٍ:

اگر کہیں فَحِیْنَئِذٍ یا فَیَوْمَئِذٍ آجائے ،تو ان کی ترکیب اس طرح ہوگی..... فَا تفریعیہ، حِیْنَ یا یَوْمَ مضاف ،اِذْ مضاف الیہ ہو کر پھر مضاف، کَانَ کَذَا جملہ محذوف، کَانَ فعل از افعال ناقصہ ،هُوَ ضمیر درو مستتر اس کا اسم ، کَذَا خبر ،کَانَ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا اِذْ کیلئے ، اِذْ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا حِیْنَ یا یَوْمَ مضاف کیلئے ، حِیْنَ یا یَوْمَ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا مابعد فعل کیلئے ،اگر فاء کے ساتھ ہو۔اور اگر فاء کے بغیر ہو تو ماقبل اور مابعد دونوں کیلئے مفعول فیہ بن سکتا ہے۔تقدیر عبارت یوں ہے ''فَحِیْنَ اِذْ کَانَ کَذَا . فَیَوْمَ اِذْ کَانَ کَذَا'' پھر کَانَ کَذَا جملہ کو حذف کر کے اس کی جگہ اِذْ مضاف پر تنوین عوض لے آئے۔

(7) عَلٰی هٰذَا الْقِیَاسُ:

اگر کہیں عَلٰی هٰذَا الْقِیَاسُ کا لفظ آجائے ،تو اس کی تین ترکیبیں ہو سکتی ہیں (۱) عَلٰی هٰذَا جار مجرور ملکر خبر مقدم، اور اَلْقِیَاسُ مبتدأ موخر ہو۔اس صورت میں اَلْقِیَاسُ مرفوع ہوگا۔(۲) اَلْقِیَاسَ فعل محذوف اَجْرِ کیلئے مفعول بہ،اور عَلٰی هٰذَا اسکا متعلق ہو۔یعنی عَلٰی هٰذَا اَجْرِ الْقِیَاسَ (اسی پر تو قیاس کو جاری کر) اس صورت میں اَلْقِیَاسَ منصوب ہوگا(۳) عَلٰی حرفِ جار، هٰذَا موصوف، اَلْقِیَاسِ صفت، موصوف وصفت ملکر مجرور، جار و مجرور ملکر خبر مقدم ہو،اور مابعد والا جملہ مبتدأ موخر ہو۔اس صورت میں اَلْقِیَاسِ مجرور ہوگا۔

(8) عَلٰی اَنَّا نَقُوْلُ:

اگر کہیں عَلٰی اَنَّا نَقُوْلُ کا لفظ آجائے ،تو اس میں دو ترکیبیں ہو سکتی ہیں (۱) عَلٰی حرفِ جار ،اَنَّ حرف مشبہ بالفعل ، نَا ضمیر اس کا اسم ،نَقُوْلُ فعل ،نَحْنُ ضمیر درو مستتر اس کا فاعل ،فعل اپنے فاعل سے ملکر اَنَّ کیلئے خبر ،اَنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر مجرور، جار مجرور ملکر ظرف لغو ماقبل والے فعل کا متعلق ہے (۲) جار مجرور ملکر ظرفِ مستقر ثابتٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے۔اور مبتدأ اَلتَّحْقِیْقُ محذوف ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

اس جیسی عبارت میں عَلا علاوہ کے معنی میں ہوتا ہے، اور یہ وہاں ذکر کیا جاتا ہے جہاں اس کا مابعد والا جواب، ماقبل والے جواب سے قوی تر ہو۔

(9) فَبِهَا:

فَبِهَا ہمیشہ جزاء کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ جیسے اِنْ جِئْتَنِیْ فَبِهَا وَاِلَّا اَضْرِبُکَ (اگر تو میرے پاس آئے تو ٹھیک، ورنہ میں تجھے ماروں گا) اس کی ترکیب اس طرح ہوگی... فا جزائیہ، باء حرف جار، ھا ضمیر راجع بسوئے خَصْلَةٌ حَسَنَةٌ مجرور، جار مجرور ملکر ظرف مستقر متعلق ہے مَقْرُوْنٌ یا مَقْرُوْنَةٌ مقدر کا، مَقْرُوْنٌ یا مَقْرُوْنَةٌ اپنے نائب فاعل هُوَ یا هِیَ ضمیر کے ساتھ ملکر خبر ہے مبتدأ محذوف هُوَ یا هِیَ ضمیر کیلئے، تقدیر عبارت یوں ہے "فَهُوَ مَقْرُوْنٌ بِالْخَصْلَةِ الْحَسَنَةِ" پھر مبتدأ وخبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر شرط کیلئے جزاء ہے۔

(10) اَلْبَتَّةَ:

اَلْبَتَّةَ کا لفظ اصل میں بَتَّ، یَبُتُّ (از نَصَرَ، بمعنی قَطَعَ) کا مصدر ہے۔ یہ لفظ وہاں ذکر کیا جاتا ہے جہاں شک وتردد کو ختم کرنا ہو اور یقین کے معنی پیدا کرنا مقصود ہو، یہ الف لام کیساتھ اور الف لام کے بغیر دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ ترکیب میں فعل محذوف بَتَّ کا مفعول مطلق بنتا ہے

(11) کَیْفَ:

اگر لفظ کَیْفَ کے بعد اسم ہو تو کَیْفَ خبر مقدم اور مابعد مبتدأ مؤخر ہوگا، جیسے کَیْفَ اَنْتَ۔ اور اگر اس کے بعد فعل ہو تو یہ اس کیلئے حال مقدم ہوتا ہے، جیسے کَیْفَ تَکْفُرُوْنَ بِاللّٰہِ۔ اور اگر اس کے بعد واؤ ہو تو کَیْفَ کے بعد جملہ محذوف ہوتا ہے، جیسے کَیْفَ وَلَوْ کَانَ۔

(12) مَاذَا:

اگر کہیں مَاذَا کا لفظ آجائے، جیسے " فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی" تو اس کی تین ترکیبیں ہوسکتی ہیں۔ (۱) مَا موصوف استفہامیہ بمعنی اَیُّ شَیْئٍ، ذَا اسم موصول، بعد والا فعل صلہ، موصول وصلہ ملکر مَا کیلئے صفت، موصوف وصفت ملکر ماقبل والے فعل کیلئے مفعول بہ ہوگا۔ (۲) مَاذَا مرکب استفہامیہ بمعنی اَیُّ شَیْئٍ موصوف، بعد والا فعل صفت، موصوف وصفت ملکر ماقبل والے فعل کیلئے مفعول بہ ہوگا۔ (۳) مَا استفہامیہ موصوف، ذَا زائدہ، بعد والا فعل صفت، موصوف وصفت ملکر ماقبل والے فعل کیلئے مفعول بہ ہوگا۔

یہ تمام ترکیبیں اس وقت ہیں اگر مَا سے پہلے یا بعد میں فعل متعدی ہو اور اسکا مفعول بہ موجود نہ ہو، اور اگر اس سے پہلے کوئی فعل

besturdubooks.wordpress.com

نہیں ہے اور بعد میں بھی کوئی فعل نہیں ہے، یا بعد میں فعل ہے لیکن وہ مفعول بہ میں عمل کر رہا ہے تو مَـاذَا مبتدا یا خبر بنے گا۔ جیسے " مَـاذَا قُلْتَهُ، مَاذَاالشَّيْئُ "

(13) لَاسِيَّمَا:

لاسِیَّمَا میں لا برائے نفی جنس ہے، سِیٌّ کا معنی ہے "مثل" اصل میں سِیْوٌ تھا، واؤ کو یاء سے تبدیل کر کے یاء کو یاء میں مدغم کر دیا اور ماقبل کے فتحہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا سِیَّما بن گیا۔ لاسِیَّمَا کا معنی ہے "اس کا کوئی مثل نہیں ہے" یعنی وہ بے مثال ہے، اور جو چیز بے مثال ہو وہ خاص ہوتی ہے لہٰذا لاسِیَّمَا کا بامحاورہ ترجمہ کیا جاتا ہے "خاص طور پر، یا خاص کر"

لاسِیَّمَا کی پانچ ترکیبیں کی جاتی ہیں۔ (۱) لا ئے نفی جنس، سِیَّ مضاف، مَازائدہ، مابعد مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ ملکر لا کا اسم، اور مَوْجُوْدٌ محذوف خبر ہو (۲) لائے نفی جنس، سِیَّ مضاف، مَا موصولہ بمعنی اَلَّذِيْ، مابعد والا جملہ خبر ہو مبتدا محذوف هُوَ ضمیر کیلئے، پھر مبتدا وخبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ ہو موصول کیلئے، موصول وصلہ ملکر مضاف الیہ ہو سِیَّ کیلئے، مضاف ومضاف الیہ ملکر لا کا اسم، اور مَوْجُوْدٌ محذوف خبر ہو۔ (۳) لائے نفی جنس، سِیَّ مضاف، مَا موصوفہ بمعنی شَيْئٌ، بعد والا جملہ خبر ہو مبتدا محذوف هُوَ ضمیر کیلئے، پھر مبتدا وخبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت ہو مَا موصوفہ کیلئے، موصوف وصفت ملکر مضاف الیہ ہو سِیَّ مضاف کیلئے، مضاف ومضاف الیہ ملکر لا کا اسم ہو، اور مَوْجُوْدٌ محذوف خبر ہو۔ (۴) لائے نفی جنس، سِیَّ مضاف، مَا موصولہ یا موصوفہ، مابعد منصوب ہو کر مفعول بہ ہو اَعْنِي فعل مقدر کیلئے، اَعْـنِـي فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ یا صفت ہو، موصول وصلہ یا موصوف وصفت ملکر مضاف الیہ ہو سِیَّ مضاف کیلئے، مضاف ومضاف الیہ ملکر لا کا اسم، اور مَوْجُوْدٌ محذوف خبر ہو۔ (۵) لاسِیَّـمَـا، خُصُوْصًـا کے معنی میں ہو کر فعل محذوف اَخُصُّهُ کیلئے مفعول مطلق ہو، اور مابعد والا جملہ مستقل جملہ ہو۔

(14) سَوَاءٌ كَانَ:

اگر کہیں سَـوَاءٌ کَـانَ کا لفظ آجائے تو اس کی تین ترکیبیں ہو سکتی ہیں (۱) سَـوَاءٌ، مُسْتَوٍ کے معنی میں ہو کر خبر مقدم، اور کَـانَ اپنے اسم اور خبر سے ملکر مبتدا مؤخر ہو۔ (۲) سَـوَاءٌ، مُسْتَوٍ کے معنی میں ہو کر مبتدا محذوف اَلْاَمْرَانِ کی خبر ہو (چونکہ سَوَاءٌ اسم مصدر ہے اس میں افراد، تثنیہ اور جمع برابر ہیں، اس لئے اس کا اَلْاَمْرَانِ کیلئے خبر بننا درست ہے) تقدیر عبارت یوں ہے "اَلْاَمْـرَانِ سَوَآءٌ" پھر یہ جملہ دال بر جزاء محذوف کہلاتا ہے اور مابعد والا جملہ بمنزلہ شرط کے ہوگا۔ (۳) سَوَاءٌ، مبتدا محذوف اَلْاَمْرَانِ کیلئے خبر ہو، اور مابعد والا جملہ مبتدا محذوف کا بیان ہو۔

besturdubooks.wordpress.com

(15) لَاغَیرُ:

اگر کسی جگہ لاغَیرُ کالفظ آجائے تو اس کی تین ترکیبیں کی جاتی ہیں (۱) لائے نفی جنس، غَیرُ مبنی علی الضم منصوب محلاً لا کا اسم، اور مَقُوْلٌ لَکَ محذوف خبر ہو (۲) لائے نفی جنس، غَیرَ مبنی علی الفتح منصوب محلاً لا کا اسم، اور مَقُوْلٌ لَکَ محذوف خبر ہو (۳) لامشبہ بلیس، غَیرٌ مرفوع تنوین کیساتھ لا کا اسم، اور مقولاً محذوف خبر ہو۔

(16) غالبًا:

اگر کہیں غَالِبًا کالفظ آجائے، تو اس کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں (۱) ماقبل والے فعل کے مصدر محذوف کیلئے صفت بنے گا، پھر موصوف وصفت ملکر ماقبل والے فعل کیلئے مفعول مطلق ہوں گے۔ (۲) زَمَانًا محذوف کیلئے صفت بنے گا، پھر موصوف وصفت ملکر ماقبل والے فعل کیلئے مفعول فیہ ہونگے۔ (۳) ماقبل والے فعل سے حال ہے۔ (٤) منصوب بنزع الخافض ہے۔ یعنی اصل میں فِی حرفِ جار کیلئے مجرور تھا تقدیر عبارت یوں تھی " فِی غَالِبِ الاِسْتِعمَالِ" پھر فِی کو حذف کر کے غَالِب کو منصوب کر دیا گیا، اور الاِسْتِعْمَالِ مضاف الیہ کو حذف کر کے مضاف پر تنوین داخل کر دیا تو غَالِبًا ہو گیا۔

(17) فَضْلاً:

فَضْلاً مصدر ہے لغوی معنی ہے "زیادتی، بقیہ" اور بامحاورہ ترجمہ ہے "چہ جائیکہ" جیسے زَیدٌ لَایَمْلِکُ دِرهَمًا فَضْلاً عَنْ دِینَارِ (زید درھم کا مالک بھی نہیں ہے، چہ جائیکہ وہ دینار کا مالک ہو)۔ اس کی تین ترکیبیں ہو سکتی ہیں۔ (۱) یہ فَضَلَ فعل محذوف کیلئے مفعول مطلق ہو، پھر فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبر یہ ہو کر ماقبل اسم نکرہ کیلئے صفت ہو۔ (۲) ماقبل اسم نکرہ سے حال ہو۔ (۳) ماقبل نکرہ کی صفت ہو۔

(18) هَلُمَّ جَرًّا:

اگر کہیں هَلُمَّ جَرًّا آجائے تو اسکی دو ترکیبیں ہو سکتی ہیں (۱) هَلُمَّ اسم فعل بمعنی اِیتِ، اور جَرًّا مفعول مطلق ہے فعل محذوف تَجُرُّ کیلئے، پھر تَجُرُّ فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبر یہ ہو کر حال ہے اِیتِ کی اَنْتَ ضمیر سے، اِیتِ فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہے۔ (۲) جَرًّا مصدر، اسم فاعل جَارًّا کے معنی میں ہو کر اِیتِ کی ضمیر سے حال ہو۔ ترجمہ یہ ہو گا "آجا، اس حال میں کہ کھینچتا ہے تو، کھینچنا"

besturdubooks.wordpress.com

(19) دَائِمًا، دَوَامًا:

اگر کہیں دَائِمًا کا لفظ آ جائے تو اس کی تین ترکیبیں ہو سکتی ہیں (۱) یہ زَمَانًا یا وَقْتًا محذوف کیلئے صفت بنتا ہے، تقدیر عبارت یوں ہے "زَمَانًا دَائِمًا یا وَقْتًا دَائِمًا" پھر موصوف وصفت ملکر ماقبل کیلئے مفعول فیہ بنتے ہیں (۲) ماقبل والے فعل یا شبہ فعل کا مصدر محذوف مان کر اس کیلئے صفت بنتا ہے، پھر موصوف وصفت ملکر ماقبل کیلئے مفعول مطلق بنتے ہیں (۳) ماقبل سے حال بنتا ہے۔

اور اگر دَوَامًا کا لفظ آ جائے تو وہ دَائِمًا کی تاویل میں ہوگا، کیونکہ دَوَامًا مصدر ہے اور مصدر صفت یا حال نہیں ہو سکتا۔ باقی ترکیب دَائِمًا کی ترکیب جیسی ہوگی۔

(20) کَذَا:

اگر کسی جگہ لفظ کَذَا آ جائے تو اسکی ترکیب میں دو احتمال ہیں (۱) یہ اسمائے کنایات میں سے ہو، اس صورت میں کَذَا ممیز اور مابعد تمیز ہوتا ہے، ممیز اور تمیز ملکر ماقبل کیلئے مفعول بہ بنے گا (۲) کَ حرفِ جار علیحدہ اور ذَا اسم اشارہ علیحدہ کلمہ ہو، پھر جار مجرور ملکر کسی فعل یا شبہ فعل کا متعلق ہو، اس وقت کَذَا تشبیہ کیلئے ہوتا ہے۔

(21) اَنِفًا:

اگر کہیں اَنِفًا کا لفظ آ جائے تو اس کی دو ترکیبیں ہو سکتی ہیں (۱) ظرفِ زمان ہونے کی وجہ سے ماقبل کیلئے مفعول فیہ ہو (۲) مُؤْتَنِفًا کے معنی میں ہو کر ماقبل سے حال ہو۔

(22) فَصَاعِدًا:

اگر کہیں فَصَاعِدًا کا لفظ آ جائے تو اس کی دو ترکیبیں ہو سکتی ہیں (۱) یہ فعل محذوف اِصْعَدْ کیلئے مفعول مطلق بنتا ہے، عبارت کی تقدیر یوں ہے اِصْعَدْ صَاعِدًا یعنی چڑھ تو، اس حال میں کہ تو چڑھنے والا ہے۔ (۲) صُعُوْدًا مصدر کے معنی میں ہو کر فعل محذوف اِصْعَدْ کیلئے مفعول مطلق بنتا ہے۔ اس میں فاء زائدہ یا عاطفہ ہے۔

(23) کَمَامَرَّ:

اگر کسی جگہ کَمَامَرَّ کا لفظ آ جائے تو اس کی ترکیب یوں ہوگی۔ کَ جارہ، مَا موصولہ، مَرَّ فعل، هُوَ ضمیر در و مستتر فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول وصلہ ملکر مجرور، جار و مجرور ملکر ظرفِ مستقر ثَابِتٌ مقدر کے متعلق ہو کر خبر، اور مِثْلُهٗ یا هُوَ ضمیر محذوف مبتدا، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تقدیر عبارت اس طرح ہے "هُوَ اَوْ مِثْلُهٗ کَمَامَرَّ"

besturdubooks.wordpress.com

(24) بِخِلافِ:

اگر کسی جگہ بِخِلافِ کا لفظ آجائے تو جار مجرور ظرفِ مستقر ہو کر ثَابِتٌ یا مُتَلَبِّسٌ کے متعلق ہو کر خبر ہوگی، اور هٰذَا الحُكْمُ مبتدا محذوف ہوگا اور عبارت کی تقدیر اس طرح ہوگی "هٰذَا الحُكْمُ ثَابِتٌ / مُتَلَبِّسٌ بِخِلافِ"

(25) خِلافًا:

اگر کہیں خِلافًا کا لفظ آجائے تو اسکی ترکیب میں دو احتمال ہیں (۱) فعل محذوف خَالَفَ یا يُخَالِفُ کیلئے مفعول مطلق ہوگا۔ (۲) مُخَالِفًا کے معنی میں ہو کر فعل محذوف قَالَ یا يَقُوْلُ کے فاعل سے حال ہوگا۔

(26) مَرْحَبًا:

مَرْحَبًا ظرف مکان کا صیغہ ہے، ترکیب میں یہ فعل محذوف رَحُبَتْ کیلئے مفعول فیہ بنتا ہے۔ تقدیر عبارت یوں ہے 'رَحُبَتْ مَرْحَبًا' یعنی آپ کشادہ جگہ تشریف لائے ہیں۔

(27) اَهْلاً وَسَهْلاً:

اَهْلاً اور سَهْلاً دونوں ترکیب میں فعل محذوف کیلئے مفعول بہ بنتے ہیں۔ اَهْلاً سے پہلے اَتَيْتَ اور سَهْلاً سے پہلے وَطِئْتَ فعل محذوف ہوتا ہے۔ تقدیر عبارت یوں ہے "اَتَيْتَ اَهْلاً وَّوَطِئْتَ سَهْلاً" (آپ اپنے گھر آئے ہیں اور آپ نے نرم زمین کو روندا ہے۔ یعنی آپ خوش خلق، نرم مزاج اور سخی لوگوں کے پاس آئے ہیں)

(28) مُطْلَقًا:

اگر کسی جگہ مُطْلَقًا کا لفظ آجائے تو اس کی دو ترکیبیں ہو سکتی ہیں (۱) اسم مفعول کا صیغہ ہو، اور ماقبل والے فعل سے حال ہو۔ (۲) مصدر میمی کا صیغہ ہو، اور فعل محذوف اَطْلَقَ کیلئے مفعول مطلق ہو۔

(29) مَعًا..مَعَهٗ:

مَعًا ظروف میں سے ہے اور لازم النصب ہے۔ ظرف زمان اور ظرف مکان دونوں میں استعمال ہوتا ہے، جیسے جِئْنَا مَعًا اَیْ فِیْ زَمَانٍ یعنی ہم ایک ہی وقت میں آئے۔ كُنَّا مَعًا اَیْ فِیْ مَكَانٍ یعنی ہم ایک ہی جگہ میں تھے۔

مَعًا کا استعمال دو طرح سے ہوتا ہے، کبھی یہ اضافت کے بغیر، تنوین کے ساتھ استعمال ہوتا ہے، جیسے مَعًا۔ اور کبھی مضاف ہو کر تنوین کے بغیر استعمال ہوتا ہے، جیسے مَعَهٗ۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ مَعَ مصاحبت کیلئے وضع کیا گیا ہے، اس کیلئے دو چیزوں کا ہونا ضروری

ہے۔اب اگر مع ان دو چیزوں کے درمیان آرہا ہے تو وہ دوسرے کی طرف مضاف ہوکر تنوین کے بغیر ہوگا، جیسے ''إِنَّ اللّٰـــهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ '' اس صورت میں یہ ترکیب میں مفعول فیہ بنے گا۔اور اگر دونوں چیزوں کے بعد آرہا ہے تو وہ بغیر اضافت کے تنوین کے ساتھ ہوگا، اس صورت میں اس کی ترکیب میں دو احتمال ہیں (۱) ماقبل کیلئے مفعول فیہ ہو (۲) مُجْتَمِعِيْنَ کے معنی میں ہوکر ماقبل سے حال ہو۔

(30) اَصلاً، رَأْسًا:

لفظ اصلاً ظرفِ زمان کے معنی میں ہوتا ہے لہٰذا یہ ماقبل کیلئے مفعول فیہ بنتا ہے۔اگر ماضی منفی کے بعد ہو تو یہ فَــقَــطُّ (ہرگز نہیں) کے معنی میں ہوتا ہے۔اور اگر مضارع منفی کے بعد ہو تو اَبَدًا (ہمیشہ) کے معنی میں ہوتا ہے۔جیسے مَــا فَــعَــلْــتُــهٗ اَصْلاً کے معنی ہیں مَافَعَلْتُهٗ وَقْتًا، اور لَا اَفْعَلُهٗ اَصْلاً کے معنی ہیں لَا اَفْعَلُهٗ حِيناً مِنَ الْاَحْيَانِ۔لفظ رَأْسًا میں بھی یہی تفصیل ہے۔

(31) اَلْآنَ، اَلْئِنَ:

اَلْآنَ اور اَلْئِنَ دونوں مبنی برفتحہ ہوکر ظرفِ زمان ہیں، اور ترکیب میں مفعول فیہ بنتے ہیں۔

(32) تَارَةً:

تارۃً بھی ترکیب میں ماقبل کیلئے مفعول فیہ بنتا ہے۔

(33) بَيْنَ:

بین کا معنی ہے ''درمیان'' یہ اسمائے ظروف میں سے ہے، اور لازم الاضافت ہے۔اگر منصوب ہو تو مفعول فیہ بنتا ہے۔

(34) دُوْنَ:

دُوْنَ کا معنی ہے ''سوا'' یہ بھی اسمائے ظروف میں سے ہوکر لازم الاضافت ہے، اگر منصوب ہو تو مفعول فیہ بنتا ہے۔

(35) اَبَدًا:

اَبَدًا ظرفِ زمان ہے، اگر منصوب ہو تو ترکیب میں مفعول فیہ بنتا ہے۔

(36) اَوَّلاً:

اَوَّلاً بھی ظرفِ زمان ہے، اگر منصوب ہو تو ترکیب میں مفعول فیہ بنتا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

(37) اَیْضًا:

اَیْضًا ہمیشہ فعل محذوف اٰضَ (بمعنی رَجَعَ) کیلئے مفعول مطلق بنتا ہے۔ تقدیرِ عبارت یوں ہے "اٰضَ اَیْضًا" اور یہ جملہ معترضہ بنتا ہے۔

(38) عُمُوْمًا، خُصُوْصًا، عَامَّةً، خَاصَّةً، صِدْقًا، حَقًّا، قَطْعًا، وَعْدًا:

مندرجہ بالا الفاظ اگر منصوب ہوں تو فعل محذوف کیلئے مفعول مطلق بنتے ہیں۔

(39) بِنَآءً:

اگر کہیں بِنَاءً کا لفظ منصوب آجائے تو وہ فعل محذوف کیلئے مفعول لہ بنتا ہے۔

(40) لَامُحَالَةَ:

مُحَالَةٌ، حَوْلٌ سے مصدر میمی ہے، بمعنی "پھرنا" اور لَامُحَالَةَ تاکید کیلئے آتا ہے، معنی ہے "ضروری، بہر حال" اس کی ترکیب یوں ہے لائے نفی جنس، مُحَالَةَ مبنی بر فتحہ ہو کر اس کا اسم، اور مَوْجُوْدٌ یا مِنْهُ خبر ہے، جو اکثر محذوف ہوتی ہے۔

(41) وَمِنْ ثَمَّ، وَمِنْ هٰهُنَا، وَمِنْ هُنَاكَ:

اگر کہیں مندرجہ بالا الفاظ آجائے تو ان کی ترکیب اس طرح ہوگی... مِنْ سببیہ حرفِ جار، ثَمَّ، هٰهُنَا، هُنَاكَ اسم اشارہ محلاً مجرور جار مجرور ملکر مابعد والے فعل یا شبہ فعل کے متعلق ہوں گے۔

(42) وَلِهٰذَا:

اگر کسی جگہ لِهٰذَا کا لفظ آجائے تو اس کی ترکیب اس طرح ہوگی... لام حرفِ جار، هٰذَا اسم اشارہ محلاً مجرور، جار مجرور ملکر ظرف لغو مابعد والے فعل یا شبہ فعل کے متعلق ہوں گے۔

(43) لَابَأْسَ:

اگر لَابَأْسَ کا لفظ کسی جگہ آجائے تو اس کی ترکیب یوں ہوگی... لائے نفی جنس، بَأْسَ اس کا اسم، اور خبر کبھی مذکور اور کبھی محذوف ہوتی ہے۔

(44) عَادَةً:

اگر کہیں عَادَةً کا لفظ آجائے تو وہ عموماً ماقبل کیلئے تمیز بنتا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

(45) جَمِيعًا:

اگر کہیں لفظ جَمِيعًا منصوب آجائے تو وہ عموماً ماقبل کیلئے حال بنتا ہے۔

(46) وَيْحَكَ:

جہاں وَيْحَكَ کا لفظ آجائے تو وہ اسم فعل بمعنی "أَتَأَسَّفُ عَلَيْكَ" ہوتا ہے۔

(47) وَحْدَهُ:

اگر کہیں وَحْدَهُ کا لفظ آجائے تو وہ مُنْفَرِدًا کے معنی میں ہو کر ماقبل سے حال بنتا ہے۔

(48) لُغَةً:

جہاں کہیں لُغَةً کا لفظ منصوب آجائے تو وہ عموماً ماقبل کیلئے تمیز بنتا ہے

(49) مِثْلُ ،نَحْوُ:

اگر لفظ مِثْلُ یا نَحْوُ کلام کے شروع میں آجائے تو یہ مابعد کی طرف مضاف ہوتے ہیں، پھر مضاف ومضاف الیہ ملکر محذوف نَحْوُهُ ،مِثْلُهُ،نَحْوُهَا یا مِثَالُهَا کی خبر بنتے ہیں۔

(50) مَثَلاً:

مَثَلاً کا لفظ فعل محذوف مَثَلْتُ کیلئے مفعول مطلق بنتا ہے۔

تـــمّـــت بـــالـــخـــيـــر

وَلِلّٰهِ الحَمْدُ اَوّلاً وَاٰخِرًا. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي ولاساتذتي ولمشائخي ولتلامذتي ولكاتبه ولِمَنْ سَعىٰ فِيْهِ

بِاِذْنِيْ سَعْيٍ. رَبِّ صَرِّفْ قُلُوْبَ الطَّالِبِيْنَ اِلَيْهِ وَاجْعَلْهُ لَهُم نَافِعًا. اٰمِيْن يَارَبَّ العٰلَمِيْنَ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

وَنَرْجُوْ مِمَّنْ نَفَعَهُ هٰذَا الْكِتَابُ بِالدُّعَاءِ لَنَا بِالْخَيْرِ

لِدُنْيَانَا وَاٰخِرَتِنَا